فرحت اشتیاق
www.allurdu.com

# دیا دل

دیر تک سونے کی اسے عادت نہیں تھی' رات میں خواہ کسی وقت بھی سوئی ہو' صبح اپنے مقررہ وقت پر ہی اس کی آنکھ کھل جایا کرتی تھی۔ اگرچہ کہ رات بھی وہ کون سا بہت بھرپور اور مکمل نیند سوئی تھی' گزشتہ پندرہ دنوں کی طرح کل رات بھی بستر پر لیٹ کر کروٹیں ہی بدلی تھیں' کبھی سوئی' کبھی جاگی' کبھی ڈر کر اٹھ بیٹھی۔ پھر بھی نئے سال کی اس پہلی صبح وہ اپنے مقررہ وقت پر ہی اس نامکمل

## مکمل ناول



اور ادھوری نیند سے بیدار ہو چکی تھی۔ لیکن بیدار ہو کر بھی وہ کرے کیا؟ یہاں اپنے اس گھر میں وہ بالکل تنہا ہے' بالکل اکیلی۔

وہ کس کے لیے بستر سے اٹھے' وہ کس کے لیے کمرے سے نکلے۔ جو تنہائی کمرے میں اس کے ساتھ ہے' وہی اس گھر کے ہر کونے میں بکھری ہوئی ہے۔

وہ پورا دن بھی اس بستر پر لیٹے کمرے میں مقید گزار دے تو کوئی اسے پوچھنے نہیں آئے گا کہ آج وہ اٹھ کیوں نہیں رہی۔ کہیں وہ بیمار تو نہیں' کہیں اس کے ساتھ کوئی اور مسئلہ تو نہیں۔

یہ خود ترسی تھی۔ یہ بدترین خود ترسی تھی۔ مگر وہ کیا کرتی۔ ان دنوں اس کا کہیں جانے آنے کا تو کیا اپنے کمرے تک سے نکلنے کو جی نہ چاہتا تھا۔ وہ روتی نہیں تھی۔ وہ کچھ سوچتی بھی نہیں تھی۔ پتا نہیں وہ کچھ محسوس کرتی بھی تھی کہ نہیں کہ اگر سوچنے اور محسوس کرنے لگتی تو شاید شدت غم سے پاگل ہو جاتی۔

عمر بھر اس سے بہت ناراض' بہت خفا اور بہت دور رہنے والی اس کی ماں اس بار "حقیقتاً" اس سے بہت دور چلی گئی تھی اسے بالکل تنہا' بالکل اکیلا اور بے امان چھوڑ کر۔ کینیڈا اپنی بہن کے پاس چلی گئی تھی۔

"وہ ان کی غصہ' ان کی ناراضی' ان کی اپنے سے ذہنی دوری سب سہنے کی عادی تھی مگر وہ یوں اس سے ناراض ہو کر' اسے اس کے حال پر چھوڑ کر کینیڈا خالہ کے پاس جا سکتی ہیں؟"

وہ ابھی بھی سوچنا شروع کرتی تو اسے یقین نہ آتا۔ کوئی ماں اتنی ظالم نہیں ہو سکتی' کوئی ماں اتنی سخت دل نہیں ہو سکتی کہ اپنی جوان بیٹی کو تنہا چھوڑ کر اس سے ناراض ہو کر خود دوسرے ملک جا بیٹھے۔

اس کے بالکل برابر والا گھر اس کے ماموں کا تھا۔ ممی اسے اکیلا چھوڑ کر جاتے وقت کچھ بھی نہیں کہہ کر گئی

www.allurdu.com

تھیں۔ وہ اسے خدا حافظ تک نہ کہہ کر گئی تھیں۔ انہوں نے اس کی طرف مڑ کر دیکھا تک نہیں تھا۔

وہ کیوں جارہی ہیں؟ وہ کتنے دنوں کے لیے جارہی ہیں؟ وہ کب آئیں گی؟ اور سب سے بڑھ کر اہم بات ان کی غیر موجودگی میں وہ گھر میں تنہا کس طرح رہے گی؟۔ ان کی جانب سے ایسی کسی بھی بات کا اس شدید ناراضی کے عالم میں کوئی ذکر نہیں ہوا تھا۔ لیکن اگر دل میں انہوں نے یہ سوچ کر خود کو اطمینان دلا دیا تھا کہ ان کے برابر والا گھر تو ان کے سگے بھائی کا ہے۔ جس بیٹی سے وہ ناراض ہو کر دور دیس جارہی ہیں۔ وہ اپنے اس ماموں کے گھر رہ لے گی۔ اگر انہوں نے ایسا سوچا تھا' وہ تب بھی ماموں کے گھر ہرگز نہیں گئی تھی۔

وہ کیوں کسی کے گھر جائے۔ وہ کیوں کسی کے گھر رہے' جب اس کی جنم دینے والی ماں کو اس کی پروا نہیں ہے۔ پھر وہ کسی دوسرے سے کوئی آس کیوں باندھے؟ وہ ساری دنیا سے خفا تھی' وہ ساری دنیا سے ناراض تھی۔ وہ تجمل ماموں کے کہنے اور معیز کے فون پر سمجھانے کے باوجود ماموں کے گھر نہ گئی تھی۔

وہ پندرہ دنوں سے اپنے گھر میں بالکل اکیلی رہ رہی تھی۔ وہ سارا دن اکیلی رہتی۔ وہ ساری رات اکیلی رہتی۔ ان کے اور ماموں کے گھر کے بیچ دیوار توڑ کر جو ایک گیٹ گھروں کے اندر ہی نکالا گیا تھا' اسے بھی وہ بند رکھتی۔

رات میں ایک ہلکے سے کھٹکے اور آہٹ تک سے وہ اٹھ بیٹھتی۔ خوف سے کانپتی رہتی مگر ماموں کے گھر نہ جاتی۔ اگر یہ ضد تھی تو ٹھیک ہے' یہ ضد ہی تھی۔ اگر ممی ضد دکھا سکتی ہیں' اسے اکیلا چھوڑ کر جاسکتی ہیں تو پھر وہ بھی ضد دکھا سکتی ہے۔ وہ بھی ان ہی کی بیٹی ہے۔

زہرا مامی کئی بار اسے سرکش اور خود سر قرار دے چکی تھیں بلکہ ان کے مطابق تو ممی کے اسے اکیلا چھوڑ کر جانے کی قصوروار بھی مکمل طور پر وہی تھی۔

ان کے ان تبصروں میں نیا کچھ بھی نہ تھا۔ وہ پہلے بھی کئی بار اسے ڈھکے چھپے لفظوں میں ان ہی القاب سے نوازا کرتی تھیں۔ اس کی زبان کی طراری سے خائف رہتی تھیں۔ اس لیے منہ پر صاف کچھ نہ کہہ پاتیں تو در پردہ طنز کے تیر ضرور برساتیں۔

مختلف بات اس بار یہ تھی کہ تجمل ماموں بھی اس ساری صورت حال کے لیے قصوروار اسی کو سمجھتے تھے۔

اسے ماں سے محبت نہیں' اسے ماں کے غموں کا کوئی احساس نہیں' کیسی بیٹی ہے وہ جو ماں کے دکھوں کا مداوا کرنے کے بجائے ان میں اضافے کا باعث بن رہی ہے۔

یہ کون سے دکھ تھے جن کا مداوا صرف دولت کے حصول کے ذریعے ہی ہو سکتا تھا۔ وہ پوچھنا چاہتی تھی مگر پوچھتی نہ تھی۔ کوئی فائدہ نہیں تھا کچھ کہنے کا۔ اسے کوئی بھی نہیں سمجھتا تھا۔

جب ماں ہی بیٹی کو نہ سمجھ رہی ہو تو کسی دوسرے سے کیا گلہ؟

معیز ان دنوں اپنے بزنس کے کام سے چائنا گیا ہوا تھا' اگر وہ یہاں ہوتا تو وہ اسی سے سب کچھ کہتی اور اپنے دل کا بوجھ ہلکا کرتی۔ لیکن اگر وہ یہاں ہوتا تو یہ سب ہوتا ہی کیوں؟ وہ ممی کو اتنی جذباتی اور امیچور حرکت بھی نہ کرنے دیتا۔ وہ یقیناً "انہیں کینیڈا جانے سے روک لیتا۔

انہوں نے معیز کو بیٹا بنایا ہوا تھا اور جس وقت وہ کسی ضد پر اڑی ہوتیں تو صرف معیز ہی اگر چاہتا تو انہیں اس ضد سے باز رکھ سکتا تھا۔

معیز اس کا کزن تھا' اس کا دوست تھا۔ اپنی پوری فیملی میں اگر کسی کے ساتھ اس کی دوستی اور ذہنی ہم آہنگی تھی تو وہ معیز تجمل ہی تھا۔ وہ اس کے انٹلیکٹ کو (Intellect) سمجھتا تھا اور اسے سراہتا بھی تھا۔

وہ نہ زہرا مامی کی طرح طنز کرتا' نہ تجمل ماموں کی طرح نصیحتیں نہ ممی کی طرح اس سے شاکی و بدگمان رہا کرتا۔

ڈیڈی کے انتقال کے بعد جب بتدریج ممی بھی اس سے ذہنی طور پر دور ہوتی چلی گئیں' تب معیز ہی وہ واحد شخص تھا جس نے ہمیشہ اسے سمجھا' اسے سنا' وہ اس سے کہہ سن کر ہمیشہ اپنے دل کا بوجھ ہلکا کرلیا کرتی تھی۔

صبح سویرے کی بیدار ہوئی آخر وہ ساڑھے گیارہ بجے بستر سے اٹھ گئی۔ یکم جنوری کی اس خوب سرد صبح ٹھنڈے پانی سے نہانے کے لیے خاصی ہمت درکار تھی مگر خود اذیتی کی جن کیفیتوں کا وہ شکار تھی' ایسے میں اسے ٹھنڈا پانی ہی اپنی تھکن اور بوجھل پن دور کرتا محسوس ہو رہا تھا۔

کافی دیر شاور کے نیچے کھڑی وہ ٹھنڈے پانی کو اپنے جسم پر بہاتی اپنے مردہ ہوئے اعصاب اور جسم کو توانائی پہنچانے کی کوشش کرتی رہی۔

نہانے کے بعد وہ بے دلی اور پژمردگی سے چلتی کچن میں



CamScanner

www.allurdu.com

آ گئی۔ اس نے کل دوپہر اور رات بھی کچھ نہ کھایا تھا اور اس وقت بھی کچھ کھانے کو اس کی طبیعت راغب نہیں تھی اسی لیے وہ اپنے لیے فقط ایک کپ چائے کا اہتمام کر رہی تھی۔ چائے کا کپ لے کر وہ کچن سے باہر نکل آئی۔

پورے گھر میں سناٹے اور ویرانی کا راج تھا صرف اس کے اپنے چلنے سے ایک معمولی سی آواز پیدا ہو رہی تھی اور وہ بھی اس مکمل خاموشی اور گہرے سناٹے کا مزید شدید احساس دلا رہی تھی۔

ممی پندرہ دن پہلے جب یہاں تھیں تب بھی دن کے اوقات میں وہ کبھی گھر پر نہ ہوا کرتی تھیں۔ ان کی صبح سے رات گئے تک کی بے شمار و بے حساب مصروفیات ہوا کرتی تھیں مگر تب ان کے مختلف گھریلو امور کے لیے مامور کیے کئی ملازم یہاں ضرور موجود تھے۔ ممی کے جانے کے بعد دسمبر کا مہینہ ختم ہونے سے پہلے ہی اس نے پورے مہینے کی تنخواہیں ہاتھ میں پکڑا کر ان سب کو فارغ کر دیا تھا۔ گھر میں صرف دو افراد اور ان کا بھی زیادہ وقت گھر سے باہر ہی گزرتا ہو پھر نوکروں کا یہ جم غفیر اکٹھا کرنے کی تک کیا تھی۔

وہ ممی کی موجودگی میں بھی اتنے ڈھیر ملازمین کے رکھے جانے پر بھی خوش نہ ہوئی تھی۔ اور اب ان کی غیر موجودگی میں تو اس بے مقصد فوج کو اپنے سر پر سوار رکھنے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔

وہ اب اپنے بل بوتے پر زندگی گزارے گی تو اپنے بل بوتے پر فی الحال وہ کئی کیا ایک نوکر بھی افورڈ نہیں کر سکتی۔ اسے کسی کی کسی دولت جائیداد سے کوئی سروکار نہیں۔ جس بات پر ممی اس سے ناراض ہو کر گئیں۔ وہ اب بھی اپنی اسی بات پر قائم خود کو ہر اعتبار سے حق پر اور درست مان رہی تھی۔ زندگی کی الجھی گتھیوں کو سلجھاتی وہ باہر لان میں آ گئی۔

گیٹ کے پاس رول ہوا آج کا تازہ اخبار گرا تھا۔ مگر یہ کیسا لطیفہ تھا کہ اسی کے ساتھ پچھلے کئی دنوں کے اخبار بھی اسی طرح رول ہوئے پڑے تھے۔

شاید چار یا پانچ دنوں سے اس نے یہاں سے اخبار اٹھائے ہی نہیں تھے۔ وہ کپ ہاتھ میں لیے گیٹ تک گئی اور سارے اخبار جو کچھ ایک بنڈل کچھ دوسرے ہاتھ میں سنبھال لیے۔ انہیں بے دلی سے لان چیئر پر ڈال کر وہ دوسری کرسی پر بیٹھ کر چائے کے گھونٹ لینے لگی۔

www.allurdu.com

اس کی بھوک پیاس بالکل مری ہوئی تھی۔ اس وقت بھی چائے کے گھونٹ حلق سے اتارتے اسے یہ نہیں محسوس ہو رہا تھا کہ کل پورا دن ایک لقمہ بھی حلق سے نہ اتار کر آج اسے ضرور کچھ کھالینا چاہیے۔

اس کی زندگی کی تمام الجھنوں کا حل کیا نکلے گا؟ زندگی اس طرح کب تک گزرے گی؟ اس کے پاس نہ کوئی دوست موجود تھا نہ ہمدرد، وہ کس کے پاس جائے، وہ کس سے مشورہ مانگے۔

خود کو زندگی میں اتنا تنہا، اتنا بے امان، اتنا غیر محفوظ اور اتنا اکیلا اس نے کبھی بھی محسوس نہ کیا تھا جتنا پچھلے پندرہ دنوں سے کر رہی تھی۔

شاید معیز لاہور میں ہوتا تو وہ اس سے ہمیشہ کی طرح اپنے دکھ سکھ اور دل کی باتیں کہہ لیتی۔ مگر کہہ دینے سے بھی کیا ہوتا۔ زندگی جن الجھنوں اور جن مشکلات میں گھری ہے۔ وہ تو ویسے ہی گھری رہتی۔

چائے کے کپ میں سے آخری گھونٹ لیتے اس نے برابر والے گھر کی طرف دیکھا۔ رات وہاں نیو ایئر پارٹی تھی۔ نئے سال کا جشن خوب زور و شور سے منایا گیا تھا۔ پوری رات وہاں سے شور شرابا، بہت تیز آواز میں بجتا میوزک، قہقہے باتیں، آوازیں سب یہاں تک بھی آتے رہے تھے۔

رات وہاں بہت ہنگامہ خیز انداز میں زندگی جاگی تھی اور اب دن کے ساڑھے بارہ بجے بھی وہاں زندگی گہری نیند سو رہی تھی۔

رات بھر جاگ کر نئے سال کا بھرپور انداز میں جشن منانے والے اب اپنی تھکن اتار رہے تھے۔

گھر کے افراد تو کیا اسے وہاں سے کسی ملازم تک کے چلنے پھرنے یا باتیں کرنے کی آواز نہ آ رہی تھی۔

کل رات، وقت کے وقت اسے بھی فون کر کے اس کی کزن ارم نے اس پارٹی میں شرکت کی بہت رسمی سی دعوت دی تھی۔ لیکن اگر یہ بہت پر اخلاق اور پرجوش بلاوا بھی ہوتا تو وہ تب بھی وہاں نہ جاتی۔

ان دنوں تو خیر وہ زندگی ہی سے بیزار ہو رہی تھی۔ مگر جب ایسا نہیں تھا تب بھی بسنت اور نیو ایئر نائٹ اور نیو ایئر پارٹیز جیسی لغویات کو اس نے ہمیشہ سخت ناپسند کیا تھا۔

کبھی امی گھر پر ایسی کوئی بے مقصد اور فضول پارٹی رکھتیں تو وہ دل پر کڑا ضبط کرتی بحالت مجبوری صرف ان کی ناراضی کے خوف سے اس میں شریک ہوا کرتی تھی۔

چائے کا خالی کپ میز پر رکھ کر وہ کرسی سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئی۔ اس کی آنکھوں کی سطح بالکل خشک اور ذہن بالکل خالی تھا۔

اس کا ملال اور یاسیت مایوسی میں اور مایوسی بے حسی میں بدل رہی تھی۔ وہ اتنی بے حس سی کیوں ہو رہی ہے؟۔ اسے خود پر جھنجلاہٹ ہوئی۔ وہ کھل کر روتی کیوں نہیں۔ ایک بار خوب کھل کر رو لے تو شاید اندر کا سارا غبار نکل جائے۔

اندر فون کی بیل بج رہی تھی اور وہ بے حسی سے بیٹھی کیاری میں کھلے نئے پھولوں کو دیکھ رہی تھی مگر فون پر جو کوئی بھی تھا، وہ اتنی جلدی ہمت ہارنے کو تیار نہ تھا۔ فون کی یہ مسلسل بجتی بیلیں اسے اپنی برداشت سے باہر ہوتی محسوس ہوئیں تو ناچار اٹھ کر اندر آئی۔

"ہیلو۔" خاصی بیزاری سے اس نے ہیلو کہا۔

وہ ان دنوں ایسی ہی چڑچڑی اور بدمزاج سی ہو رہی تھی۔

"میں ولی بول رہا ہوں۔" ہیلو ہائے اور سلام دعا کے بغیر یہ فقرہ اس کی سماعتوں سے ٹکرایا۔

"اوہ....." اس کے ہونٹ ناگواری سے بھرپور انداز میں سکڑے۔

وہ اس وقت دنیا کے کسی بھی فرد کی آواز سننے کو تیار ہو سکتی تھی، سوائے اس ایک شخص کے۔

اس کی زندگی کی ہر الجھن، ہر پریشانی اور ہر مصیبت کی وجہ یہی ایک شخص تھا۔ وہ اس سے نفرت کرتی تھی، وہ واقعی اس سے بے پناہ نفرت کرتی تھی۔ اس دنیا میں کسی چیز کی کمی نہ ہوتی۔ اگر ولی صہیب خان اس میں نہ ہوتا یا کم از کم وہ فارہ بہروز خان کی دنیا میں تو نہ ہوتا۔

"میں تم سے ملنا چاہتا ہوں۔" اس کے کچھ کہنے کا انتظار کیے بغیر وہ فوراً بولا۔

نئے سال کے اس پہلے دن جو سب سے پہلی آواز اس نے سنی، وہ اس شخص کی ہے، اس کے چڑچڑے پن اور غصے میں کئی گنا اضافہ ہوا۔

وہ فارہ ہی بات کر رہی ہے، کی تصدیق کے بغیر جو دو ٹوک اور حکمیہ سے لہجے میں اس سے جملہ بولا گیا۔ اس نے اس کی طبیعت کو مزید مکدر کر دیا۔

فون پر اس سے زندگی میں صرف ایک ہی بار بات ہوئی تھی، پھر بھی وہ مکار انسان اس کی آواز بخوبی پہچانتا تھا۔

"لیکن میں تم سے ہرگز ملنا نہیں....." اس نے انتہائی



CS CamScanner

www.allurdu.com

سخت لہجے میں کہنا چاہا مگر اس نے اس کے انکاری جملے کو مکمل نہیں ہونے دیا۔

"میں تم سے divorce (طلاق) کے سلسلے میں بات کرنا چاہتا ہوں۔ فون پر اتنی لمبی بات نہیں ہو سکتی۔ بہتر ہے، تم مجھ سے کہیں باہر ملو۔" وہ یک دم بالکل خاموش ہو گئی۔

یہ کال اگر غیر متوقع تھی تو یہ بات اس سے بھی بڑھ کر غیر متوقع۔

وہ اس کے سر پر ایک آسیب کی طرح تو پچھلے چھ سالوں سے مسلط تھا مگر گزرے چھ سات ماہ اس نے جتنی اذیت اور جتنی بے چینی میں گزارے تھے' ایسے میں اسے لگنے لگا تھا کہ یہ شخص کبھی اس کا پیچھا نہیں چھوڑے گا۔

وہ شخص ولی صہیب خان جتنا چالاک اور گھمنڈی انسان تھا' ایسے میں یہ ممکن ہی نہ تھا کہ وہ اس سے علیحدگی چاہتی اور وہ اسے چھوڑ بھی دیتی۔ وہ اس سارے مسئلے کو اپنی ناک اور انا کا مسئلہ بنا کر اسے ناکوں چنے چبوا سکتا تھا اور چبوا رہا تھا۔ اس کے منہ سے divorce (طلاق) کا لفظ سن کر وہ کتنی دیر تو بے یقینی سے ریسیور تھامے رہی۔ اسے اپنے کانوں پر یقین نہ آیا۔

"ٹھیک ہے' کہاں ملنا ہے۔" اسے ایسا لگنے لگا جیسے اس کی مایوسی اور پژمردگی یک لخت ہی کچھ کم ہوئی ہے۔

وہ کیا بات کرنے والا تھا' یہ بعد کی بات تھی۔ فی الحال تو یہی بہت غنیمت نظر آ رہا تھا کہ وہ اس معاملے پر بات کرنے کے لیے تیار ہے۔ اس کی جانب سے ولی صہیب خان تک خلع کا قانونی مطالبہ کب کا پہنچ چکا تھا مگر نجانے یہ مسئلہ کب تک لٹکا رہنا تھا۔

اسے کورٹ' کچہری' وکیل' جرح' الزامات' جوابی الزامات ہر چیز سے الجھن اور کوفت محسوس ہو رہی تھی۔ لوگوں کو تماشا دکھانے اور جگ ہنسائی کا کوئی فائدہ بھی تھا؟ لوگوں کو گفتگو کے لیے ایک چٹخارے دار موضوع ہاتھ آ جائے۔ ہمدردی کے بہانے لوگ مزا لینے آئیں۔

اس کی پہلے ہی سے مشکل زندگی کو مشکل تر بنائیں۔ کورٹ سے باہر' دنیا کو تماشا دکھائے بغیر اگر خوش اسلوبی سے یہ معاملہ طے ہو سکتا تھا تو اس سے بڑی خوشی اور اطمینان کی بات اس کے لیے کوئی ہو ہی نہیں سکتی تھی۔ وہ اسے یہ بتا کر کہ کہاں ملنا ہے اور کتنے بجے ملنا ہے' فون بند کر چکا تھا۔

ریسیور واپس رکھ کر وہ تیزی سے اپنے کمرے میں آ گئی۔ لباس تبدیل کرتے وہ خود کو آنے والی صورت حال کے لیے تیار کرنے لگی۔

☆ ☆ ☆

مقررہ ٹائم پر وہ اس ریسٹورنٹ کے باہر اپنی گاڑی پارک کر رہی تھی' جہاں اس نے اس سے ملنے کے لیے کہا تھا۔ اندر داخل ہوتے ہی وہ اسے سامنے ہی کی ایک میز پر بیٹھا نظر آ گیا۔ وہ اگر بالکل ٹھیک ٹائم پر وہاں آئی تھی تو وہ وقت سے پہلے وہاں موجود تھا۔

وہ اس کی میز کے سامنے آ کر رکی اور پھر مکمل خود اعتمادی کے ساتھ کرسی کھینچ کر اس کے عین سامنے بیٹھ گئی۔

اس غیر ملکی ریسٹورنٹ میں کئی نوجوان جوڑے اردگرد کی میزوں پر بیٹھے نظر آ رہے تھے۔ نئے سال کا پہلا دن ساتھ بتاتے' مستقبل کے حسین خواب بنتے' عہد و پیماں اور وعدے کرتے' سرگوشیوں میں کچھ دلنشین باتیں کرتے۔

خود پر ترس کھانا اسے کبھی بھی پسند نہیں رہا تھا مگر پھر بھی اپنے اردگرد ان محبت بھری سرگوشیوں میں مگن جوڑوں کو دیکھ کر اس کا دل نئے سرے سے آزردہ ہوا۔ ڈیڈی سے' اپنی تقدیر سے نئے سرے سے شکوے دل میں پیدا ہوئے۔

جس عمر میں لڑکیاں خواب دیکھنے اور خواب بننے شروع کرتی ہیں' اس عمر میں کسی اور نے نہیں' اس کے اپنے ڈیڈی نے اس مغرور اور متکبر انسان کو اس کے سر پر مسلط کر کے اسے خواب دیکھنے کے حق سے ہی محروم کر دیا تھا۔

اس کی اپنی بھی کوئی پسند' کوئی خواہش' کوئی خواب ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کچھ بھی سوچے بغیر اس شخص کو اپنی بیٹی کی زندگی کا مالک بنا ڈالا تھا۔

یہاں اس میز پر اس سامنے والی کرسی پر معیز بیٹھا ہوتا' کسی فکر اور کسی اندیشے کے بغیر وہ اس سے باتیں کر رہی ہوتی۔ بے فکری سے ہنس رہی ہوتی' قہقہے لگا رہی ہوتی۔

کاش زندگی اتنی ہی آسان ہوتی' کاش زندگی اتنی ہی ہماری خواہشوں کے تابع ہوتی۔ سر جھٹک کر خود کو اس خود ترسی سے باہر نکالتے اس نے سامنے اکڑ کر بیٹھے اس مغرور و گھمنڈی شخص کو دیکھا۔

ویٹر ان کی میز کی طرف آیا۔ اس سے اس کی مرضی

www.allurdu.com

پوچھے بغیر اس نے دو کپ کافی کا آرڈر کر دیا۔

وہ یہاں کچھ کھانے پینے اور دوستانہ گپ شپ کرنے آئی بھی نہیں تھی‘ وہ یہاں اپنی طلاق کی بات کرنے آئی تھی اور طلاق کبھی بھی دوستی اور محبت میں نہ تو دی جاتی ہے اور نہ لی جاتی ہے‘ اسی لیے جب کافی ان کے آگے سرو کر دی گئی‘ وہ تب بھی اس سے لاتعلق ہی بیٹھی رہی۔

آرڈر ہونے اور کافی آجانے کا وقفہ ان کے بیچ مکمل خاموشی میں گزرا تھا۔

وہ خود سے بات شروع کرنا نہیں چاہتی تھی‘ اس نے بلایا ہے‘ وہ کچھ کہنا چاہتا ہے تو پھر جو وہ کہنا چاہتا ہے‘ وہ اسے پہلے بغور سنے اور سمجھے گی‘ اس کے بعد کچھ بولے گی۔

وہ اس دوران بالکل خاموش اور اس سے بے نیاز و لاتعلق سا رہا تھا۔ کافی سرو ہو جانے کے بعد ہی وہ اس کی طرف متوجہ ہوا۔

"تم divorce (طلاق) چاہتی ہو۔" یہ سوالیہ یا تصدیق چاہنے والا فقرہ نہ تھا‘ یہ گویا کسی بات کا آغاز تھا۔

"میں تمہاری یہ خواہش پوری کرنے کے لیے تیار ہوں۔" ایک ڈرامائی سا وقفہ دے کر وہ اپنی کافی میں شکر ملانے لگا۔

سانس روک کر اس نے حیرت اور بے یقینی سے اسے دیکھا۔ وہ اتنی آسانی سے اسے چھوڑنے کے لیے تیار ہو جائے گا‘ یہ تو جیسے کوئی خیال و خواب کی بات تھی۔ ایسے ظالم اور متکبر لوگ کتنے انا پرست اور خود سر ہوتے ہیں۔

وہ جانتی تھی‘ خود چاہے وہ کسی بھی من پسند لڑکی سے جب دل کرتا شادی کر لیتا مگر اسے نجانے کب تک اپنے نام کے ساتھ لٹکا کر رکھنے والا تھا۔ اتنے بااثر لوگوں سے براہ راست مقابلے کے لیے تجمل ماموں نے بہت اچھے وکیل کا بندوبست کیا تھا۔

وہ خلع کے لیے اس کی طرف سے بہت اچھے اور بہت مضبوط دلائل دے گا مگر یہاں قانون‘ گواہ‘ جج‘ عدالتیں اور انصاف سب طاقت ور ہی کو فائدہ پہنچاتے ہیں جس کے پاس جتنی دولت ہے‘ جتنی طاقت ہے‘ جتنی حیثیت ہے‘ وہی اتنا کامیاب ہے۔

کون جانے ولی سے خلع کی صورت علیحدگی اسے کتنی خواری اٹھانے کے بعد اور خود پر‘ اپنے کردار پر کون کون سی تہمتیں لگوانے کے بعد کب جاکر نصیب ہو۔

"لیکن اس کے لیے میری ایک شرط ہے۔ یوں سمجھ لو‘ میں تمہارے ساتھ ایک ڈیل یا ایک ایگریمنٹ کرنا چاہتا ہوں۔ اگر تم میرے ساتھ یہ ڈیل یا ایگریمنٹ کرنا چاہو تو میں تمہیں ہر طرح یقین دلانے کے لیے تیار ہوں کہ تمہیں تمہاری حسب خواہش آزادی کا پروانہ دے دوں گا‘ نہیں تو تمہاری مرضی ہے۔ میں ظاہر ہے‘ تمہیں مجبور تو کروں گا نہیں۔"

اگر کوئی دھمکی اس کے لفظوں سے نہیں جھانک رہی تھی تو اس کی نگاہوں سے ضرور چھلک رہی تھی۔ "میں کب تک تمہیں لٹکا کر رکھ سکتا ہوں۔ میں کتنا تمہیں خوار و ذلیل کر سکتا ہوں۔ یہ تم اچھی طرح جانتی ہو۔" اس کی نگاہوں کا یہ دھمکاتا تاثر وہ پہچان سکتی تھی۔

طاقت کے زعم میں اکڑتے اس خود پسند انسان سے وہ کتنی شدید نفرت کرتی ہے‘ نفرت کی ان گہرائیوں کو وہ بھی ناپنا چاہتی تو ناپ نہ پاتی۔

"کیا ڈیل ہے؟" ڈرے یا گھبرائے بغیر اس نے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھا۔

وہ اٹھارہ سال کی فارہ بہروز خان نہیں تھی جو اپنے نکاح کے بعد کتنے مہینوں تک گھر سے نکلتے ہر بار یہ سوچ کر ڈر جایا کرتی تھی کہ کہیں بااثر خاندان سے تعلق رکھنے والا شوہر اسے اغوا نہ کروا لے‘ اسے زبردستی اٹھا کر نہ لے جائے۔ وہ آج ایک کوالیفائیڈ ڈاکٹر تھی۔

اپنے دشمن کی طاقت کا اسے بالکل ٹھیک طرح اندازہ تھا مگر وہ اس طاقت سے ڈر کر بزدلوں کی طرح تھر تھر کانپ نہیں رہی تھی۔ نہ اس کے ہاتھ کپکپا رہے تھے اور نہ اس کی آواز۔

"تمہیں تین مہینوں تک آغا جان کے پاس‘ ان کے ساتھ رہنا ہوگا۔ آج جنوری کی پہلی تاریخ ہے‘ اگر آج تم میرے ساتھ وہاں چلو تو آج سے لے کر 31 مارچ تک تمہیں وہاں ان کے ساتھ رہنا ہوگا۔ اگر تم ایسا کرنے پر آمادہ ہو تو یکم اپریل کو جو تم چاہتی ہو‘ وہ تمہیں مل جائے گا۔" بڑا پروفیشنل اور بزنس لائیک اسٹائل تھا ان جملوں کا۔ گویا واقعی یہاں ایک کاروباری ڈیل طے پا رہی تھی۔

یہ بات اس کے لیے غیر متوقع تھی۔ ڈیل کے لفظ پر وہ کچھ خاص چونکی نہیں تھی‘ اسے لگا تھا‘ وہ اس سے کہے گا۔ تم جائیداد میں اپنے سارے حق سے دستبردار ہو جاؤ‘ میں بدلے میں تمہیں طلاق دے دوں گا۔

وہ نہ حسینۂ عالم تھی‘ نہ دنیا کی آخری لڑکی جس کے عشق



CS CamScanner

www.allurdu.com

میں دو فا ہو رہا ہو۔ جتنے عرصہ سے طلاق اور خلع کی یہ کھینچا تانی ان دو گھرانوں کے درمیان چل رہی تھی' اگر کوئی غیرت مند مرد ہوتا تو کب کا اس لڑکی کو آزاد کرچکا ہوتا جو بالکل صاف اور واضح کہہ رہی تھی کہ اس کے ساتھ نہیں رہنا چاہتی۔

فارہ اسے ناپسند کرتی ہے' فارہ کی ممی اسے ناپسند کرتی ہیں' اس کے باوجود وہ آج تک اس رشتے کو نبھانے کے لیے دل و جان سے آمادہ ہے۔ اس نکاح کو زبردستی قائم رکھنے کی وجوہ میں سرفہرست یہی وجہ اس کی سمجھ میں آتی تھی کہ ایک تو وہ اس کے علیحدگی کے مطالبے کو غیرت اور انا کا مسئلہ بنا بیٹھا ہے اور دوسرا وہ جائیداد کی تقسیم نہیں چاہتا جس جائیداد کا وہ تنہا وارث بنا ہوا تھا۔ فارہ سے شادی کی صورت میں وہ سب اس کے پاس رہتی تھی اور علیحدگی کے نتیجے میں ظاہر ہے' وہ فارہ کے حصے کا مالک تو نہیں بن سکتا تھا۔

اس کی ممی نے خلع کے ساتھ ساتھ آغا جان کی جائیداد میں فارہ کے حصے کا بھی مطالبہ کر رکھا تھا اور اسے ذیل لفظ سے یہی شک ہوا تھا کہ وہ اس سے جائیداد سے دست برداری کا مطالبہ کرے گا اور یہ سوچتے ہی وہ خود کو ذہنی طور پر اس بات کے لیے تیار بھی کرچکی تھی کہ آغا جان کی جائیداد میں وہ اپنے ہر حق سے دست بردار ہو جائے گی۔

دولت' جائیداد اس کا مطلوب و مقصود نہ کبھی تھا اور نہ کبھی ہو سکتا تھا۔

یہ ولی صہیب خان یا روحی بہروز خان کا مقصد حیات تو ہو سکتا تھا مگر فارہ بہروز خان کا ہرگز نہیں۔ ولی کتنا بھی گھٹیا' کم ظرف اور پست ذہنیت کا انسان تھا' اس سے اسے اتنی تکلیف نہیں پہنچتی تھی جتنی اس اذیت ناک سوچ سے کہ اس کی اپنی ممی بھی دولت اور جائیداد کو اپنا ٹارگٹ اور گول بنا بیٹھی تھیں۔

چاہے آغا جان کو ہرانے کے لیے' انہیں جھکانے اور شکست دینے کے ہی لیے مگر وہ جائیداد میں حصے کا مطالبہ کر تو رہی تھیں۔

انا کی یہ ایک عجیب و غریب جنگ تھی ان کے اور آغا جان کے بیچ جس میں ہر خسارہ اور ہر نقصان اس کے حصے میں آرہا تھا۔ ممی اور اس میں بنیادی اختلاف اور جھگڑے و کشیدگی کا سبب ان کا یہ مطالبہ ہی تھا۔ اس کے طلاق کے مطالبے کو گمبھیر و پیچیدہ اس دوسرے مطالبے ہی نے کر کے رکھ دیا تھا۔

لیکن اب یہ ولی ذیل کا نام لینے کے بعد کہہ کچھ اور ہی رہا تھا۔ اس کی سوچ کے برعکس اور بہت مختلف بات۔

وہ اس کے ساتھ کوئی چال چل رہا ہے' دھوکا دہی اور مکاری پر مبنی یہ کوئی نیا آئیڈیا اس کے گھٹیا دماغ میں آیا ہے۔ وہ یہ سوچ رہی تھی اور وہ بغور اس کے چہرے کے اتار چڑھاؤ کا جائزہ لیتے اپنی بات کا ردعمل اس کے چہرے پر پڑھنے میں ـــــ محو تھا۔

"تم سچ بول رہے ہو میں کیسے یقین کرلوں؟ میرے تین مہینے وہاں رہنے سے تمہیں یا آغا جان کو کیا فائدہ حاصل ہوگا؟ اس ساری بات کا مقصد کیا ہے؟"

"تم مطلب اور مقصد کو چھوڑ دو' تمہیں وہاں جانا ہے۔ آغا جان کے ساتھ ایک بہت محبت کرنے والی پوتی بن کر رہنا ہے۔ اس دوران طلاق اور خلع کا ان کے سامنے نام بھی نہیں لینا۔ اگر تم ایسا کرنے پر راضی ہو تو میں آج سے ٹھیک تین مہینے بعد تمہاری ہر خواہش پوری کردوں گا۔" وہ اپنے مخصوص حاکمانہ اور مغرور انداز میں فوراً" بولا' دو ٹوک اور مستحکم لہجے میں۔

"اور اس بات کی کیا گارنٹی ہے کہ فرسٹ اپریل کو میں فول نہیں بنائی جاؤں گی؟ تمہیں کیا میں اتنی احمق نظر آتی ہوں کہ تم زبانی مجھ سے کوئی معاہدہ کروگے اور میں اس پر احمقوں کی طرح آنکھیں بند کرکے اعتبار کرتی تمہارے پیچھے چل پڑوں گی؟" اس مغرور انداز پر دل میں شدید نفرت محسوس کرتے' وہ طنزیہ اور استہزائیہ انداز میں بولی۔

"اتنی قابل اور عالم فاضل ڈاکٹر کو احمق سمجھنے کی غلطی میں کبھی بھی نہیں کرسکتا۔ تمہاری قابلیت اور ذہانت کا میں پہلے ہی سے معترف ہوں۔ تب ہی تو جانتا تھا کہ یہ بات ہوگی اور تب ہی یہ ایک قانونی دستاویز تیار کروا کر لایا ہوا ہوں۔" اس کا لب ولہجہ سنجیدہ اور بالکل پروفیشنل تھا۔

بولنے کے دوران وہ میز پر رکھے سیاہ رنگ کے لیدر بریف کیس کو کھٹکا کر اپنے سامنے کرکے' اس میں سے کچھ نکالنے لگا۔ وہ خاموشی سے اسے دیکھتی رہی۔ اس نے بریف کیس میں سے ہلکے پیلے رنگ کا ایک کاغذ نکال کر اس کے سامنے رکھ دیا۔

"اسے دیکھ لو' خوب اچھی طرح پڑھ لو' پڑھی لکھی اور خاصی ذہین لڑکی ہو' اتنا تو اسے ایک نظر دیکھ کر ہی جان لوگی

www.allurdu.com

کہ یہ میری طرف سے ایک عہد نامہ ہے اور اس کی قانونی حیثیت مسلم ہے۔ اس پر میرے دستخط کے علاوہ دو معتبر اور سینئر وکلاء کے دستخط بطور گواہ موجود ہیں۔

کوئی بھی معاہدہ یا Pact برابری کی سطح پر ہوتا ہے مگر ہمارے اس معاہدے میں اپر ہینڈ (Upper hand) میں تمہیں دے رہا ہوں۔ آج سے ٹھیک تین ماہ بعد یکم اپریل کو فارہ، بہروز کا ہر مطالبہ اسی کی طے کردہ شرائط پر پورا کرنے کا قانوناً "پابند ہوں گا۔ چاہے وہ مطالبہ طلاق کا ہو' رخصتی سے قبل کے حق مہر کا' جائیداد میں حصے کا یا ان کے علاوہ کسی اور بھی چیز کا' جب ہر مطالبہ کہہ دیا تو وہ ایک سے زیادہ کئی مطالبات بھی ہو سکتے ہیں۔

اول تو اس کی نوبت نہیں آئے گی لیکن اگر فرض کرلو کہ تین مہینوں بعد میں تمہارے مطالبات پورے کرنے کے وعدے سے مکر جاؤں تب تم اس تحریری شہادت کو ایک مضبوط دلیل اور ثبوت کے طور پر پاکستان بھر کی کسی بھی عدالت میں چلی جاؤ' فیصلہ تمہارے ہی حق میں ہوگا اور ویسے تم سمجھ سکتی ہو کہ ایسا میں چاہوں گا نہیں کہ اس میں میری سبکی ہے' اس لیے عدالت وغیرہ تک اسے لے جائے جانے کی نوبت آئے گی نہیں۔ میں از خود ہی تمہارے تمام مطالبات پورے کردوں گا۔ یہ کاغذ صرف تمہیں یقین دلانے کے لیے ہے۔"

اس نے ایک نظر اس کاغذ کو اور پھر ایک نظر سامنے بیٹھے شخص کو دیکھا۔

اسے جائیداد میں اپنا حصہ یا دوسری کسی بھی چیز کی کوئی ضرورت نہیں' وہ صرف اس سے طلاق چاہتی ہے' اسے کوئی غرض نہیں پڑی تھی جو اس شخص کو یہ وضاحتیں پیش کرتی۔ اگر وہ یہ سمجھتا ہے کہ وہ آغا جان کی جائیداد میں اپنا حصہ چاہتی ہے تو بے شک شوق سے سمجھتا رہے۔

وہ اکیلے میں ماں سے چاہے اس مسئلے پر جتنا بھی اختلاف کرلے مگر اس شخص کو تو یہ ہرگز بھی نہیں بتائے گی کہ جائیداد میں حصے کا مطالبہ اس کی ممی کا ہے' اس کا نہیں اور اس معاملے پر ان دونوں کے تعلقات میں خاصی کشیدگی پیدا ہو گئی ہے۔

وہ اسے دولت' جائیداد کا طلب گار سمجھے تو سمجھتا رہے' خود کون سا مختلف ہے اور خود کے کون سی باپ کی دولت ہے جس دولت جائیداد کا قانونی مالک وارث بنا بیٹھا ہے وہ جیسے اس کے دادا کی ہے' اسی طرح وہ فارہ بہروز خان کے بھی دادا ہی کی ہے۔ وہ جواب طلب نگاہوں سے دیکھتا' اس کے فیصلے کا منتظر تھا۔ یہ اس کا کوئی مکر ہو سکتا ہے' اس کے پیچھے اس کی کوئی گھناؤنی سازش' کوئی چال کارفرما ہو سکتی ہے' اس کا دماغ اسے سمجھا رہا تھا۔

وہ اس نکاح سے اتنی تنگ آچکی تھی' اتنی شدید ذہنی الجھن اور اذیت کا شکار تھی کہ اسے ختم کرنے کے لیے تین مہینے کیا' چھ مہینے بھی آغا جان کے پاس پشاور جا کر رہنے پر آمادہ ہو جاتی مگر یہ یقین تو ہوتا کہ اس سے سچ بولا جا رہا ہے' اسے کسی نئی سازش یا دھوکے کا شکار نہیں بنایا جا رہا۔

وہ کس سے پوچھے' وہ کس سے مشورہ کرے' اس کی زندگی کے فیصلے ہمیشہ دوسرے کرتے تھے' بات اس کی زندگی کی ہو رہی ہوتی اور اس میں اس کے علاوہ باقی ہر کوئی بولا کرتا تھا۔ اپنی زندگی کے متعلق کوئی فیصلہ وہ خود بھی کرسکتی ہے' شاید برسوں سے دوسروں کے فیصلے سنتے سنتے وہ یہ بھول ہی گئی تھی' تب ہی تو اس وقت جو فیصلہ کرنے کا مرحلہ پیش آیا تو بری طرح الجھنے لگی۔

کشمکش اور الجھن کا شکار ہوتے اس نے سامنے بیٹھے شخص کو دیکھا جو اس کے جواب کا ہنوز عجلت بھرے انداز میں منتظر تھا۔

"فیصلہ کرنے کے لمحے میں ہمیشہ اپنے دل کی آواز سنو۔" اس کے کانوں میں اپنے ڈیڈی کی آواز گونجی۔

ان کی برسوں پرانی یہ نصیحت جو انہوں نے اسے اسکول اور پڑھائی سے متعلق کسی فوری اور اہم فیصلے کی کرنے کے وقت کی تھی۔ تیرہ سال کی عمر میں ان کی یہ نصیحت اس کی سمجھ میں نہیں آئی تھی مگر وہ اس کے حافظے سے کبھی نکلی بھی نہیں تھی اور اس وقت نجانے کیوں ان کی یہ نصیحت اسے اچانک یاد آگئی تھی۔

شاید برسوں بعد یہ کوئی ایسا فیصلہ تھا جو وہ تنہا کرنے جا رہی تھی۔ اسے سمجھانے' مخلصانہ مشورہ دینے والا کوئی دوست' کوئی ہمدرد ان لمحوں میں اسے میسر نہ تھا اور شاید یہ فیصلے کے اس مشکل لمحے کی تنہائی ہی کا احساس تھا جو اسے اپنے ڈیڈی کی برسوں پرانی یہ بات یوں ایک دم اور بالکل اچانک یاد دلا گیا تھا۔

"اکثر بہت اہم فیصلے ہمیں بہت عجلت میں اور فوراً کرنے پڑ جاتے ہیں۔ جب بھی کوئی اہم فیصلہ درپیش ہو تو ہمارے دل اور دماغ میں جنگ سی چھڑ جاتی ہے۔ دل کچھ کہتا ہے اور دماغ کچھ اور۔ ایسے میں جو سب سے پہلی سوچ

www.allurdu.com

دل میں ابھرے' اس پر عمل کرنا چاہیے۔
دماغ انسان کو اندیشوں میں مبتلا کرکے بزدلانہ فیصلے کروانا چاہتا ہے' جبکہ دل حوصلے اور جرات کا سبق سکھاتا جو صحیح ہے وہ کرنے کو کہتا ہے۔" ڈیڈی نے ان جملوں کے ساتھ اور بھی بہت کچھ کہا تھا۔

"سمجھ لو کہ ہمارا دل ایک مشین ہے' اگر ہم نے اسے....." نجانے کیا کیا جو کچھ اسے یاد رہا' کچھ بھول گئی' کچھ سمجھا' کچھ بالکل نہ سمجھ سکی۔ کم از کم تیرہ سال کی عمر میں تو ان جملوں کا ایک لفظ نہ سمجھ سکی تھی اور نہ ہی ان کا مقصد اور مطلب اس پر واضح ہوا تھا مگر آج یہاں فیصلے کے اس مشکل لمحے کا تنہا سامنا کرتے اسے ڈیڈی کی یہ نصیحت اچانک ہی یاد آئی تھی اور بے ساختہ ہی وہ اس پر عمل بھی کرنے لگی تھی۔

اس کا دماغ اس مغرور و خودپسند شخص پر بھروسا کرنے سے انکاری ہے مگر اس کا دل..... وہ کیا کہتا ہے۔ وہ کیا کہہ رہا ہے؟ اس نے اپنے دل کی آواز سننے کی کوشش کی' اس سے مشورہ مانگنا چاہا۔

"تمہیں وہاں چلے جانا چاہیے۔" اس کا دل اس سے یہی کہہ رہا تھا۔

دل کی آواز سنتے وہ سوچنے لگی کہ آغا جان کے پاس چلے جانے میں کوئی نقصان تو نہیں۔ ان سے اس کے تمام شکوے' شکایتیں' ناراضیاں اور گلے جائز اور ہر اعتبار سے بالکل درست ہیں۔ پر ہیں تو وہ اس کے سگے دادا۔ ان کے پاس جانے پر آمادگی ظاہر کردینے کا یہ مطلب نہیں کہ وہ کسی غلط جگہ جانے کے لیے تیار ہو رہی ہے۔

وہ اچھے انسان نہیں۔ جانتی ہے وہ ظالم' جابر' مطلق العنان اور نہایت متکبر شخص ہیں۔ یہ بھی اس کے علم میں ہے' اس سے جس محبت کا وہ دم بھرتے ہیں' وہ خود پرستی و انا پرستی کے سوا کچھ نہیں۔ جو بیٹے کی موت کو اپنے فائدے کے لیے استعمال کرنے کی گھٹیا اور غیر اخلاقی حرکت کرسکتا ہے' وہ بہو کو نیچا دکھانے اور ذلیل و بے عزت کرنے کے لیے پوتی سے محبت و چاہت کے ہتھیار استعمال کرکے اسے ماں کے خلاف اکسانے کی حرکت کیوں نہیں کرسکتا؟

چلو مان لیا۔ آغا جان یہ موجودہ ڈرامہ' یہ سب معاہدہ وعابدہ کا کھیل محض ممی کو نیچا دکھانے کے لیے کر رہے ہیں یا ان کا دست راست ولی ان سے ایسا کروا رہا ہے۔

"تم طلاق اور خلع کا شور مچا رہی ہو اور میری پوتی تو مجھ سے اتنی محبت کرتی ہے کہ بخوشی میرے پاس میرے گھر آکر رہ رہی ہے۔"

ان کی انا ممی کے مقابل یہ سب کچھ کہہ کر بہت خوش ہوگی اور پھر بہت فیاضی دکھاتے وہ پوتی ہی کی محبت میں' اس کی خواہش کا احترام کرتے' اعلا ظرفی و محبت کا ثبوت فراہم کرتے اپنے پوتے سے اس کی جان بخشی کروا کر اپنی انا کو مزید اونچائی پر پہنچا دیں گے۔

لیکن اس سارے ڈرامے سے یہ تو بہرحال ہوگا کہ ولی صہیب خان سے اس کی جان بخشی واقعی ہو جائے گی۔

ولی اس کے پاس آغا جان کی اجازت سے یہ پلان لے کر آیا ہے یا یہ اس کے اپنے سازشی ذہن کی کرشمہ ساز سوچ ہے' وہ نہیں جانتی تھی لیکن یہ ضرور جانتی تھی کہ ممی اور آغا جان کے بیچ جو یہ عجیب و غریب اور تکلیف دہ انا کی جنگ چھ برسوں سے چھڑی ہے اور جس میں وہ دونوں ہی اسے اپنے اپنے ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہے ہیں' وہ اس سے بری طرح عاجز ہے' تنگ آچکی ہے' تھک چکی ہے۔

اور ان چھ سالوں میں سے جو پچھلے چھ سات مہینے گزرے ہیں' وہ تو اذیت اور تکلیف میں گزشتہ ہر اذیت سے بڑھ کر ثابت ہوئے ہیں۔ چھ سات مہینوں سے جو اذیت وہ سہہ رہی ہے' جس درد اور جس کرب سے وہ گزر رہی ہے' وہ ناقابل بیان حد تک تکلیف دہ' سخت اور کڑی ہے۔

اس کا اٹھنا' بیٹھنا' سونا' جاگنا' کھانا پینا' سکون' چین' آرام سب کچھ تباہ و برباد ہو چکا ہے۔

ممی تو محض پندرہ روز پہلے اسے چھوڑ کر گئی ہیں مگر ان کے جانے سے قبل بھی اس کی زندگی اسی بے سکونی اور بے اطمینانی میں گزر رہی تھی۔ وہ رات سوتی تو اول تو نیند ہی نہیں آتی اور اگر آجائے تو کئی اذیت بھرے احساس ساتھ لیے اس کی آنکھیں بند ہوتیں۔ صبح جاگتی تو نئے دن کی کوئی خوشگواری نہیں بلکہ مستقبل کے اندیشے و تفکرات اسے اپنی لپیٹ میں لے لیتے۔

چھ سال پہلے اس کی زندگی کا فیصلہ کچھ لوگوں نے اس سے اس کی مرضی پوچھنے کی زحمت کیے بغیر کردیا تھا اور آج بھی اس کی زندگی کا فیصلہ کچھ دوسرے لوگ ہی اپنی اپنی اناؤں کو سربلند رکھنے کی کوششوں کے ساتھ کر رہے تھے۔ اس کی زندگی کا ہر فیصلہ دوسروں کے ہاتھوں میں کیوں ہے؟

www.allurdu.com

وہ اپنی زندگی کا کوئی ایک فیصلہ تو خود بھی کر سکتی ہے۔

اسے ولی صہیب خان سے آزادی چاہیے' کسی بھی قیمت پر۔ چاہے ممی کی انا سرخرو ہو یا آغا جان کی' اسے مطلق پروا نہیں۔ جب وہ دونوں اپنے اپنے مفادات کے لیے اسے بے جان شے کی طرح استعمال کر سکتے ہیں تو وہ کیوں کسی کی پروا کرے۔

دماغ کی تمام تاویلوں' اندیشوں' تفکرات' تحفظات اور ڈراووں کو اس نے آنا"فانا" مسترد کر کے اپنے سامنے رکھا وہ کاغذ اٹھالیا۔

"ٹھیک ہے' مجھے منظور ہے۔"

وہ فیصلہ کر چکی تھی اور اب اسے مڑ کر پیچھے دیکھنا نہ کچھ سوچنا تھا۔

ولی چہرے پر کوئی تاثر لائے بغیر فورا" ہی ویٹر کو بل لانے کا اشارہ کر کے کرسی پر سے اٹھ گیا۔ کپ میں اس نے شکر ملائی ضرور تھی' پر کافی کا ایک گھونٹ بھی نہیں لیا تھا۔

"تمہیں ابھی میرے ساتھ چلنا ہوگا۔ تم گھر پر سے اپنا جو سامان لینا چاہتی ہو' ایک گھنٹہ کے اندر لے لو۔" اسی بے تاثر سے سنجیدہ انداز میں اس نے اسے معاہدے کی اہم ترین شق سے آگاہ کیا۔

اس کے چہرے پر سے کوئی بھی تاثر پڑھنا ناممکن تھا۔ وہ فارہ کی آمادگی پر خوش ہے' اپنی چالاکی پر نازاں و مغرور ہے۔ اس کے چہرے سے اس کی کوئی بھی اندرونی کیفیت بالکل ظاہر نہ ہو رہی تھی۔ وہ اپنی گاڑی میں بیٹھ کر واپس گھر آگئی اور وہ اس کے پیچھے اپنی گاڑی میں جسے ایک درمیانی عمر کا آدمی ڈرائیو کر رہا تھا۔

وہ باہر گاڑی میں بیٹھ کر اس کا انتظار کر رہا تھا اور وہ اندر تیز رفتاری سے اپنا ضروری سامان بیگوں اور سوٹ کیس میں ٹھونس رہی تھی۔ اس کام کے دوران مسلسل اس کے ذہن میں جو ٹینشن سوار تھی' وہ ممی کو فون کرنے کی تھی۔

پندرہ دن پہلے جب وہ گئی ہی اس سے شدید ناراض ہو کر تھیں تو وہ وہاں پہنچ کر یا بعد میں بھی اسے فون کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ رہ گئی فارہ خود تو اسے پہلے یہ یقین تو آجاتا کہ اس کی ماں اسے بالکل بے سہارا و تنہا چھوڑ کر چلی گئی ہے' تب وہ انہیں فون کرنے اور ان کی خیر و عافیت دریافت کرنے کا سوچتی بھی۔

ہاں ان کے ٹورنٹو پہنچنے کے بعد اس کی خالہ کا فورا" ہی فون ضرور آیا تھا' اسے ممی کی بخیریت آمد کی اطلاع دینے نہیں بلکہ ماں کی نافرمانی اور اس کا دل دکھانے پر خوب سخت سست سنانے۔ وہ انہیں بڑا جان کر چپ چاپ ان کی ساری پھٹکار خاموشی سے سن لیتی۔ اگر وہ اس ساری گفتگو میں اس کے ڈیڈی کا ذکر نہ لاتیں۔

"صحیح کہتے ہیں لوگ جس شخص سے کوئی خوشی' کوئی فیض نہ پہنچا ہو تو اس کی اولاد سے کسی فیض' کسی بھلائی کی توقع کوئی کیسے رکھے۔ جب تمہارے باپ نے میری بہن کو کوئی سکھ اور خوشی نہ دی تو تم بھی تو اسی کی اولاد ہو۔"

تب وہ خاموش نہ رہ پائی تھی۔

کوئی اس کے منہ پر اس کے ماں یا باپ کو کچھ کہے اور وہ خاموشی سے سن لے؟ وہ ایسی بیٹی نہ تھی' یہ ممی کی دی ہوئی شہ تھی کہ خالہ' ماموں' ممانی جس کا جو جی چاہے اس کے ڈیڈی کو کہہ دے مگر وہ ممی ہوں گی جو شوہر کے متعلق کوئی بھی بات اطمینان سے سن لیا کرتی ہوں گی۔ فارہ کو اپنے ڈیڈی سے چاہے' بہت سی شکایتیں ہوں مگر وہ کسی دوسرے کو یہ اجازت نہ دے سکتی تھی کہ وہ اس کے مرحوم باپ کی توہین کرے۔ اس نے پھر جواب میں خالہ کو اس بات کا خاصا سخت جواب دے کر ریسیور بہت زور سے کریڈل پر پٹخ دیا تھا۔

اس روز کے بعد اس کا ٹورنٹو کوئی رابطہ نہ ہوا تھا اور اب اس وقت اسے وہاں فون کرنا تھا۔ اس نے اپنے موبائل سے ممی کا موبائل نمبر ملایا۔ وہ خالہ یا کسی کزن سے نہیں ممی سے بات کرنا چاہتی تھی۔ وہ کہاں جا رہی ہے' یہ وہ انہیں خود بتانا چاہتی تھی مگر ممی نے اس کا نمبر دیکھ کر خود کال ریسیو نہ کی تھی' ان کے بجائے کال نورین خالہ ہی نے ریسیو کی تھی۔

"وہ سو رہی ہے۔" یقیناً وہ اس کی آواز سننے کی بھی روادار نہ تھیں مگر خالہ کو شاید یہ بات اسے بتاتے آج کچھ رواداری آڑے آہی گئی تھی' تب ہی مصلحت آمیز جھوٹ سے کام لیا گیا تھا۔

"آپ انہیں یہ بتا دیجئے گا کہ فارہ اپنے دادا کے پاس پشاور جا رہی ہے اور اب دو تین مہینے وہیں رہے گی۔ وہ اگر اس دوران مجھ سے رابطہ کرنا چاہیں تو وہیں کریں۔" ماں کے اس رویے پر اس کی آنکھیں یک دم ہی بھر آئی تھیں اور لہجہ بھی بھرانے لگا تھا۔

اس نے خود کو بھری دنیا میں بالکل تنہا' بالکل اکیلا محسوس کیا تھا۔ تب ہی یہ مختصر سا جملہ بول کر اس نے ان کا

www.allurdu.com

جواب بھی سُنے بغیر فوراً "خدا حافظ" کہہ کر رابطہ منقطع کر دیا تھا۔

اس کی ماں کو اپنی اکلوتی اولاد سے بڑھ کر اپنی انا کیوں عزیز ہے۔ وہ اسے سمجھتی کیوں نہیں۔ اس کی ماں ایسی کیوں ہے۔ ساری دنیا میں واحد رشتہ ایک ماں اور وہ اتنی بدظن' اتنی دور' اس قدر بدگمان' اس درجہ اجنبی۔

اس کی ماں ایسی نہیں تھی' وہ ہمیشہ سے ایسی نہیں تھی۔ اسے ایسا کس نے بنایا' وہ انسان جس کے پاس وہ آج جا رہی ہے۔" چند منٹ لگے تھے اسے اذیت و تکلیف دیتے ہر احساس سے باہر نکلنے میں۔

بے دردی سے آنکھیں رگڑ کر صاف کرتی وہ بہت تیز رفتاری سے سارا گھر جلدی جلدی لاک کرنے لگی

ایک اداسی بھری نگاہ اپنے گھر کے خالی در و دیوار پہ ڈالتی وہ گیٹ سے باہر نکلی۔ گیٹ کو تالا لگایا اور پھر پاس زمین پر رکھے سوٹ کیس اور دونوں بیگز اٹھا کر مستحکم اور فیصلہ کن انداز میں اعتماد کے ساتھ چلتی اس گاڑی میں آ کر بیٹھ گئی جس میں ولی صہیب خان سکون سے بیٹھ کر اس کا انتظار کر رہا تھا۔

☼ ☼ ☼

وہ آج زندگی میں تیسری بار اس عالیشان گھر میں آئی تھی' پہلی بار وہ دل میں خوف و ہراس لیے یہاں آئی تھی اور دوسری بار غموں کا کبھی نہ ختم ہونے والا احساس لیے درد' غم اور آنسو لیے۔

ڈیڈی کی میت کو ساتھ لیے اسے اپنا دوسری بار کا یہاں آنا یک بارگی یاد آنے لگا۔ اسے ڈیڈی یاد آنے لگے۔ آج ڈیڈی کیوں نہیں۔ وہ ہوتے تو وہ یوں تنہا تو نہ ہوتی پھر ممی بھی اب جیسی نہ ہوتیں اور پھر اس کی زندگی بھی بالکل مختلف ہوتی۔

یا اس کی آنکھیں رونا بھول گئی تھیں یا ایک ہی دن میں آج دوسری بار اس کی آنکھوں کی سطح گیلی ہونے لگی تھی۔ خود کو سرزنش کرتے اس نے فوراً" ہی اپنی اس کمزوری پر قابو پایا۔

اجنبیوں کے سامنے رونا' آنسو بہانا' اپنی کمزوری دکھانا' یہ اس کی سرشت میں نہ تھا اور اس وقت وہ ایک اجنبی ہی کے ساتھ تھی۔ دو سگے بھائیوں کی اولادیں ہونے کا جو رشتہ اس کے ساتھ ہے' اسے وہ اہم سمجھتی نہیں اور دوسرا جو نام نہاد کاغذی رشتہ ہے' اسے وہ مانتی نہیں اور جب وہ کسی بھی رشتے کو نہ اہم سمجھتی ہے نہ سرے سے مانتی ہے تو برابر کھڑا یہ شخص اجنبی ہی ہوا نا۔

جس طرح ان دونوں نے سارا سفر خاموشی سے طے کیا تھا' اسی طرح وہ دونوں طویل روش بھی خامشی سے عبور کرتے گھر کے مرکزی داخلی دروازے سے اندر داخل ہو گئے۔

یہ گھر کتنا بڑا' کتنا عالیشان اور محل نما ہے۔ وہ یہاں پہلی بار نہ آئی تھی جو آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر تعجب سے بلند چھتوں' بیش قیمت لکڑی کے منقش دروازوں' کھڑکیوں' قیمتی فانوسوں' فرنیچر' قالین اور دیگر نادر و نایاب اشیاء کو دیکھتی۔ وہ ان سب چیزوں پر بے نیازی سے بھری اچٹتی نگاہ تک ڈالے بغیر سر اٹھا کر بالکل سیدھ میں دیکھتی اس طرف چلتی رہی' جہاں وہ جا رہا تھا۔

ولی نے ایک کمرے کے آگے رک کر اس کا دروازہ آہستہ سے کھولا۔ اسے آنے کا اشارہ کرتا وہ اندر داخل ہوا۔ وہ اس سے ایک قدم کا فاصلہ رکھتی اس کمرے میں داخل ہوئی۔

چھ سالوں میں یہ کمرہ اور اس کا منظر کچھ بھی تو نہ بدلا تھا۔ سامنے وہ عالیشان بیڈ اسی طرح رکھا تھا اور اس پر وہ پر غرور شخصیت اسی طرح لیٹی تھی۔

چھ برس قبل بھی وہ یہاں اس بیڈ پر اسی طرح لیٹے تھے' بس فرق صرف اتنا تھا کہ تب ان کے پیروں کے قریب' پیر دباتے اس کے ڈیڈی بیٹھے ہوئے تھے۔ اپنی بیٹی اور بیوی سے بالکل لاتعلق' صرف آغا جان کے بیٹے بنے ہوئے۔

اور پھر یہیں اس کمرے میں اس بستر پر لیٹی اس شخصیت ہی نے ایک جابرانہ اور حاکمانہ فیصلہ فارہ بہروز خان کی زندگی کا کیا تھا' اسے اس کے ڈیڈی سے منوایا تھا اور ڈیڈی کے ذریعے وہ فیصلہ اس پر مسلط کروایا تھا۔

وہ کچھ بھی نہیں بھولی تھی۔ وہ واقعی کچھ بھی نہیں بھولی تھی۔ ڈیڈی کی اجنبیت' ان کی دوری' ممی کا غم و غصہ اور اپنی سراسیمگی' خوف' بے اختیاری و بے بسی اسے سب کچھ یاد تھا۔

وہ آنکھیں بند کیے لیٹے تھے اور ان کے بیڈ کے بالکل پاس کرسی ڈالے زرمینہ صہیب خان بیٹھی تھی۔ دروازہ بے آواز کھولا گیا تھا مگر پھر بھی اس نے نجانے کس احساس کے تحت گردن گھما کر دیکھا اس کی نظریں بھائی پر تو شاید پل

www.allurdu.com

بھر کو ہی ٹھہری تھیں 'اس کے بعد وہ اس کے چہرے پر آکر ٹھہر گئی تھیں۔

اسے دیکھ کر ان نگاہوں میں حیرت تو ابھری تھی مگر تنفر ابھری۔ نہ وہ اپنی جگہ سے اٹھی 'نہ ہی کچھ کہا۔ وہ بس نفرت بھری نگاہوں سے فارہ کو دیکھتی رہی۔ وہ ولی کے ساتھ چلتی بیڈ کے قریب آگئی۔

ولی نے آغا جان کو بغور دیکھتے زرمینہ سے اشارے میں پوچھا کہ آیا وہ سو رہے ہیں یا یونہی آنکھیں بند کر رکھی ہیں۔ اس کے جواب سے قبل ہی انہوں نے آنکھیں کھول دیں۔ شاید ان کی حسیات بہت تیز تھیں۔ تب ہی بغیر کسی آواز کے بھی انہیں کسی اور کی موجودگی کا احساس ہو گیا تھا۔ وہ ولی کے ساتھ ہی کھڑی ہوئی تھی اور انہوں نے اسے فوراً ہی دیکھ لیا تھا۔

"فارہ... فارہ آئی ہے.... ولی! یہ تمہارے ساتھ فارہ ہی ہے نا۔ یا میں...." ان کے لبوں سے بڑی نحیف اور کانپتی ہوئی آواز نکلی۔

ان کی آنکھیں حیرت 'بے یقینی اور خوشی کا تاثر ایک ساتھ ظاہر کر رہی تھیں اسے حیرت اور بے یقینی سے دیکھتے وہ اٹھ کر بیٹھنے کی کوشش کرنے لگے۔ ولی نے جلدی سے آگے بڑھ کر بیٹھنے میں انہیں مدد دی۔ ان کی کمر کے پیچھے تکیے اور کشن ٹیک کے لیے رکھ دیے۔

"تم کیسے آئیں بیٹا؟ کس کے ساتھ آئیں؟ کیا روحی بھی آئی ہے؟" فارہ بہت گہری نگاہوں سے انہیں دیکھ رہی تھی۔

ان کی حیرت کتنی سچی ہے' وہ اس کا جائزہ لے رہی تھی۔ یعنی اسے یہاں بلا کر ممی کو شکست دینے کا یہ منفرد آئیڈیا آغا جان کا نہیں' ولی کا اپنا ایجاد کردہ تھا اور وہ اس سے بالکل بھی' آگاہ نہیں تھے۔

دادا کی جائیداد کے والی وارث اور سیاہ و سفید کے مالک نے غالباً انہیں جیت کی خوشی فراہم کرنے کو یہ سارا پروگرام و منصوبہ طے کیا تھا۔

یہ بھانپ لینے کے بعد کہ چاہے وہ کتنا بھی عرصہ اسے اپنے نام کے ساتھ لٹکا کر رکھ لے' اسے اپنے ساتھ رہنے پر تو بھی آمادہ نہ کر پائے گا۔ تو کیوں نہ اس سارے معاملے کو کچھ اس انداز سے انجام تک پہنچایا جائے جس میں آغا جان کی اخلاقی فتح اور اس کی ممی کی شکست کا تاثر بھرپور انداز میں اجاگر ہو کر سامنے آئے۔

اسے چہرے پڑھ لینے کا کوئی بہت زیادہ دعوا تو نہیں تھا لیکن یہاں قدم رکھتے ہی زرمینہ اور آغا جان کے بے تحاشا حیرت لیے چہروں نے اسے یہ اچھی طرح بتا دیا تھا کہ ان میں سے کوئی بھی اس کی آمد سے آگاہ و واقف نہیں تھا۔ آغا جان اس کی سوچ اور اس کی نگاہوں سے رنجان اسے اپنے پاس بلا رہے تھے۔

"وہاں کیوں کھڑی ہو میری جان! ادھر آؤ۔ میرے قریب آؤ۔ میں یقین تو کر لوں میری فارہ میرے پاس آئی ہے۔" ان کے جھریوں زدہ چہرے پر بڑی والہانہ خوشی چھلک رہی تھی۔ یوں جیسے ان کا بس نہیں چل رہا خود اٹھ کر دوڑتے ہوئے اس کے پاس آجائیں اور اسے اپنے گلے سے لگالیں۔

پوتی کو اپنے پاس دیکھ کر بکھرتی یہ بے تحاشا خوشی اپنی جیت کی تھی یا بہو کو شکست دے دینے کی یا ان دونوں کی؟ وہ فیصلہ نہ کر پائی۔ ایک پل کچھ سوچا پھر وہ ان کے قریب آگئی۔

زرمینہ اس دوران کمرے سے نکل کر جا چکی تھی اور اب اس کی کرسی خالی تھی۔ وہ وہاں بیٹھنے لگی 'تب وہ بے ساختہ اس کا ہاتھ پکڑ کر بولے۔

"یہاں میرے پاس بیٹھو' میں اپنی بیٹی کو جی بھر کر دیکھنا اور پیار کرنا چاہتا ہوں۔" وہ ہچکچاتے ہوئے انداز میں ان کے بیڈ پر ان کے قریب بیٹھ گئی۔

وہ اپنے جھریوں زدہ کانپتے ہاتھوں میں اس کے ہاتھ پکڑے ہوئے تھے اور ایک ٹک اسے دیکھے جا رہے تھے۔

"یہ ولی لایا ہے نا تمہیں؟ بڑا بدتمیز ہے یہ لڑکا۔ مجھے بتا کر بھی نہیں گیا کہ میں فارہ کو لینے جا رہا ہوں۔ تم آرام سے بیٹھو' سفر میں تھک گئی ہو گی۔"

وہ اس سے محبت کرتے ہیں' وہ جانتی تھی۔ ہاں ان کی محبت کا اپنا ایک الگ انداز تھا۔ وہ جن سے محبت کیا کرتے تھے 'ان کی زندگی بھی خود جینے کی کوشش کرتے تھے 'انہیں ان کی زندگی کا ایک پل' ایک گھڑی اور ایک ساعت بھی اپنی خوشی اور اپنی مرضی سے جینے کی اجازت نہیں دیتے تھے۔

جن سے محمد بختیار خان محبت کا دعوا کرتے تھے 'ان کی آتی جاتی سانسیں بھی ان کی مرضی کے تابع ہوا کرتی تھیں۔ اگر دوسروں پر اپنے من چاہے فیصلے مسلط کرنے کا نام محبت ہے تو وہ اس سے محبت کرتے تھے۔ اگر بے تحاشا پیار اور

www.allurdu.com

دولت لٹانے کا نام محبت ہے تو وہ اس سے محبت کرتے تھے اور اگر دوسروں کی پوری زندگی خود جی لینے کا نام محبت ہے تو وہ اس سے محبت کرتے تھے۔

وہ خاموش بیٹھی ہوئی تھی اور اس کی پیہم خاموشی ماحول کو بہت اکورڈ بنا رہی ہے، وہ جانتی تھی' وہ جب یہاں آگئی ہے تو اب اسے کچھ بولنا بھی ہے۔ ان گزرے چھ سالوں میں ہر دو تین مہینے بعد جب بھی وہ اسے ایک مختصر سی فون کال کرتے تھے' تب وہ ان سے باادب لہجے میں پر تکلف اور رسمی سی باتیں کر لیا کرتی تھی۔

باتیں کیا کرتی تھی جو وہ پوچھتے تھے' اس کا جواب دے دیا کرتی تھی۔

جتنی شدید نوعیت کا جنگ و جدل سے بھرپور ماحول ان دو گھرانوں کے بیچ بالکل اعلانیہ اور کھلم کھلا پچھلے چھ سات ماہ سے چل رہا تھا۔ اس میں اس کی آمد کوئی عام سی اور روٹین کی بات نہ تھی مگر وہ اس سے اس کے آنے کی بابت کچھ بھی نہیں کہہ رہے تھے۔

"اسے اس کی ممی نے یہاں کیونکر آنے کی اجازت دے دی؟" جیسا بنیادی اور اہم ترین سوال بھی نہیں۔ وہ جیسے اسے دیکھ کر ہی بہت خوش ہو گئے تھے۔ ان کے جملے یہ ظاہر کر رہے تھے جیسے وہ یہ سمجھ رہے ہیں کہ وہ ان کی بیماری کا سن کر بھاگی بھاگی ولی کے ساتھ آگئی ہے۔

وہ بیمار ہیں' یہ ان کا کمزور و نحیف وجود بستر پر دراز دیکھ کر ہی اس کی سمجھ میں آگیا تھا لیکن یہ کوئی حیرت کی بات نہیں تھی۔ وہ چھ سال پہلے اسی گھر کے اسی کمرے میں جب زندگی میں پہلی بار ان سے ملی تھی' وہ تب بھی بیمار ہی تھے۔ وہ تب بھی یونہی بستر پر لیٹے ہوئے ہی تھے۔ اس نے ان سے ان کی طبیعت کی خرابی کا سرسری تذکرہ گزرے برسوں میں کئی بار سنا تھا۔

ولی انہیں ٹیک دلوا کر بٹھانے کے بعد سامنے صوفے پر جا کر بیٹھ گیا تھا۔ وہ بالکل خاموش تھا اور اس کا چہرہ اور نگاہیں جو سفر کے دوران تمام وقت بالکل بے تاثر رہے تھے' اب آغا جان کی سمت مرکوز اتنے بے تاثر نہیں رہے تھے۔ اسے یکسر فراموش کیے وہ یک ٹک آغا جان کو دیکھ رہا تھا۔

"آپ کی طبیعت کیسی ہے؟" اسے بولنے کے لیے یہی مناسب لگا کہ ان کی طبیعت پوچھ لے۔

"طبیعت ٹھیک ہے بیٹا! اس عمر میں چھوٹی موٹی تکلیفیں تو چلتی ہی رہتی ہیں۔ ہمارے سامنے کے بچے طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہیں تو ہماری تو اب عمر ہے۔ کبھی آنکھ دکھ رہی ہے تو کبھی داڑھ ہل رہی ہے' کبھی گھٹنے جواب دے جاتے ہیں تو کبھی دل گردے' جگر شرارتوں پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ بڑھاپا نام ہی بیماریوں کا ہے۔" اس کے چہرے کو محبت سے تکتے انہوں نے خوش دلی سے جواب دیا۔

اس کی نظریں ان کی بیڈ سائیڈ ٹیبل پر رکھی فریم شدہ تصویر پر جم گئی تھیں۔ چھ سال قبل پہلی بار جب وہ اس کمرے میں آئی تھی' تب یہ تصویر یہاں موجود نہیں تھی' اس لیے کہ یہ تصویر کھینچی ہی اسی دن گئی تھی۔

خوف زدہ و ہراساں نظریں جھکا کر زبردستی کی دلہن بنا کر بٹھائی گئی وہ خود اس کے برابر میں جینز' ٹی شرٹ میں ملبوس اس کا زبردستی کا دولہا' دولہا کے برابر دولہا کے کندھے کے گرد محبت سے بازو پھیلائے اداسی بھری مسکان چہرے پر سجائے اس کے ڈیڈی اور دلہن کے برابر میں بیمار کمزور اور لاغر آغا جان۔

آغا جان کے برابر سنگل صوفے پر بہت ناراض' بہت خفا' بہت غصے میں اس کی ممی اور ڈیڈی کے برابر کے سنگل صوفے پر آنکھوں میں ڈھیر سارے آنسو لیے زرمینہ۔

اس تصویر کے ساتھ ایسی کوئی بھی تو خوش گوار یاد نہ جڑی تھی جسے یاد کر کے وہ خوش ہو پاتی۔ وہاں کچھ اور تصاویر بھی تھیں۔ دو ایک دیوار پر آویزاں اور دو ایک یہاں وہاں مختلف جگہوں پر سجی۔

آغا جان کی اس کی دادی' اس کے ڈیڈی اور اس کے چچا صہیب خان کے ساتھ ان کی جوانی کے دنوں کی تصویر۔ آغا جان اور اس کی دادی بہت ینگ اور ڈیڈی اور صہیب خان چھوٹے چھوٹے بچے۔

اس کے ڈیڈی کے کنووکیشن کے دن کی سیاہ روب اور ڈگری ہاتھ میں لی تصویر اور صہیب خان کی کالج یا یونیورسٹی میں کوئی میڈل وصول کرتے وقت کی تصویر۔ وہاں ولی اور زرمینہ کی ان کے والدین کے ساتھ بھی بچپن کی ایک تصویر رکھی نظر آ رہی تھی۔

تصاویر سے نگاہیں ہٹا کر وہ دوبارہ ان کی طرف متوجہ ہو گئی جو اسے پیر اوپر کر کے آرام سے بیٹھنے کو کہہ رہے تھے۔ وہ کمبل پیروں پر ڈال لے' اسے سردی تو نہیں لگ رہی۔

وہ لاہور سے بذریعہ ہوائی جہاز پشاور آئی تھی' تب بھی

CamScanner

www.allurdu.com

انہیں ایسا لگ رہا تھا کہ وہ کہیں سفر سے تھک نہ گئی ہو۔ یوں جیسے اس نے لاہور سے پشاور تک کا راستہ پیدل طے کیا ہو۔

کسی جسمانی تھکن کا تو خیر اسے کیا شکار ہونا تھا۔ ہاں اعصابی، نفسیاتی اور ذہنی طور پر وہ کافی تھکی ہوئی تھی اور دباؤ میں بھی تھی۔

جس جگہ وہ آگئی تھی، وہاں آنا کوئی عام بات نہ تھی۔ لاکھ وہ خود کو پراعتماد اور بہادر ظاہر کر رہی تھی مگر اندر سے کچھ نروس تو تھی۔

"تم آکر فریش بھی ہوئیں یا یہ ولی تمہیں اٹھا کر سیدھا میرے پاس لے آیا؟ ولی! یہ زرمینہ کہاں ہے؟ کھانے کا ٹائم ہو رہا ہے۔ اس سے کہو صدو سے کھانا لگوائے۔"

وہ خاصے خوش اور پرجوش سے نظر آ رہے تھے۔ یوں جیسے کوئی بہت خاص الخاص اور غیر معمولی اہمیت کا حامل مہمان ان کے گھر آگیا تھا اور ان کا بس نہ چل رہا تھا کہ اس کی کس طرح خاطر مدارت کریں۔

"کھانا لگواؤ بیٹا! اور صدو سے پوچھو، کچھ ڈھنگ کی چیز اس نے پکائی بھی ہے کہ نہیں۔ میری بیٹی آئی ہے۔ اس کے شایانِ شان نہایت شاندار ڈنر ہونا چاہیے۔"

ولی، زرمینہ کو بلا کر لے آیا تھا اور یہ تمام کلام اسی سے ہو رہا تھا۔

"آپ ڈائننگ روم تک جانے میں تھک جائیں گے آغا جان! میں کھانا یہیں لگوا دوں؟" زرمینہ، بیٹی اور شایانِ شان ڈنر دونوں کے ذکر کو مکمل نظر انداز کرتی صرف کھانا لگوانے کی بات کے جواب میں بولی۔

فارہ، آغا جان کے بالکل برابر میں بیٹھی تھی مگر وہ یوں بات کر رہی تھی جیسے وہاں آغا جان کے علاوہ اگر کوئی ہے تو اسے نظر نہیں آ رہا۔

"لگوا لو لیکن پھر سب کا یہیں لگواؤ۔ میں آج اپنے بچوں کے ساتھ کھانا کھانا چاہتا ہوں۔ میرے تینوں پوتی، پوتا میرے دائیں بائیں موجود ہوں۔ ہم سب ساتھ بیٹھ کر کھانا کھائیں۔ ایک پرفیکٹ فیملی ڈنر۔" زرمینہ سر اثبات میں ہلاتی چلی گئی۔

تھوڑی ہی دیر میں ان کے کمرے میں صوفے کے سامنے رکھی لکڑی کی خوب صورت میز پر تمام کھانا چن دیا گیا تھا۔ وہ بیڈ سے ولی کی مدد کے سہارے اٹھے اور انہیں صوفے تک بھی کندھے کے گرد ہاتھ رکھ کر آہستہ آہستہ چلاتا وہی لایا۔ آج تو وہ سہارے سے چل رہے تھے ورنہ جب زندگی میں پہلی بار انہیں دیکھا تب وہ وہیل چیئر پر بٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے جاتے تھے۔ بیٹھنے کے بعد انہوں نے فارہ کو ہاتھ پکڑ کر اپنے برابر صوفے پر بٹھا لیا۔

"وہ دونوں شریر کہاں ہیں؟" آغا جان ابھی زرمینہ سے پوچھ ہی رہے تھے کہ ولی جو چند سیکنڈ قبل ہی کمرے سے باہر گیا تھا، واپس آگیا۔ اپنی گود میں دائیں بائیں دو خوب صورت بچوں کو اٹھائے ہوئے، انہیں گدگدا کر ہنساتا، کچھ بولتے ہوئے۔

زرمینہ کے غصے سے بھرے خوب پھولے ہوئے منہ پر اس منظر کو دیکھ کر لحظہ بھر کو مسکراہٹ ابھر کر معدوم ہوئی۔ زیادہ حیران ہونے یا سوچ بچار کی ضرورت نہیں تھی۔ یہ یقیناً زرمینہ کے بچے تھے۔

قریباً پانچ سال قبل اس کی شادی کا بلاوا جو آغا جان نے فون پر دیا تھا اور ولی کے ہاتھ شادی کا کارڈ مع لاہور ٹو پشاور ریٹرن ہوائی ٹکٹ کے بھجوایا تھا، اسے اچھی طرح یاد تھا۔

"زرمینہ کی شادی ہے۔ میں ولی کے ہاتھ کارڈ اور تمہارا اور روحی کا جہاز کا ٹکٹ بھجوا رہا ہوں۔ تم لوگ آؤ گے تو مجھے اور زرمینہ کو بہت خوشی ہوگی۔"

شادی میں تو خیر ان لوگوں کو کیا جانا تھا لیکن وہ بلاوا اسے یاد تھا اور تب کا اپنا افسوس بھی۔ ولی سے چار سال چھوٹی اور اپنی ہی ہم عمر لڑکی چاہے اس کا اس سے کوئی تعلق تھا یا نہیں لیکن اتنی کم سنی کی اس کی شادی پر اسے بہت افسوس ضرور ہوا تھا۔

پتا نہیں بے چاری کو کچھ پڑھنے لکھنے بھی دیا تھا آغا جان نے کہ نہیں۔ تب غالباً فارہ کے میڈیکل کے پہلے سال کا اختتام چل رہا تھا اور اتنا تو طے تھا کہ اگر اسے بھولے بھٹکے اسکول کالج کی شکل دیکھنے کی آغا جان نے اجازت دے دی تھی، تب بھی وہ اس وقت تک گریجویٹ تو ہرگز نہیں ہوئی ہوگی۔

اس خاندان میں عورتوں کو دبا کر اور محکوم بنا کر رکھنے کی روایت تھی۔ یہاں مردوں کو حاکمیت حاصل تھی۔ فیصلے وہ کریں گے اور عورتیں، بیوی، بیٹی، بہن، بہو اور پوتی وغیرہ وغیرہ کی مختلف حیثیتوں میں سر جھکا کر بغیر اف کیے انہیں قبول کریں گی۔



CamScanner

www.allurdu.com

اس خاندان میں بچپن کی منگنیوں اور نکاح و شادیوں کا بھی بہت رواج تھا۔ اس کے ڈیڈی کی بھی ایسی ہی بچپن میں منگنی کی گئی تھی جسے توڑنا بعد میں ان کا جرم بنا تھا۔ زرمینہ کی شادی کی اطلاع دیتے ہوئے آغا جان نے یہ بھی بتایا تھا کہ اس کی منگنی کچھ سال قبل اس کے والدین کی زندگی ہی میں ہو چکی تھی۔

اٹھارہ' ساڑھے اٹھارہ سال کی لڑکی کی اگر چند برس قبل بھی منگنی ہوئی ہوگی تو بھلا اس وقت کیا عمر رہی ہوگی اس کی؟ اور خود اس کا نکاح ـــ سترہ اٹھارہ سال کی عمر منگنیوں' نکاحوں اور شادیوں کی کوئی مناسب عمر تو نہیں ہوتی۔

ولی ان دونوں بچوں کو گود میں لیے آغا جان کے برابر صوفے پر بیٹھ گیا۔ ان دونوں بچوں کی عمروں کا زیادہ درست اندازہ وہ لگا نہیں سکی۔ دیکھنے میں لڑکی ذرا زیادہ صحت مند اور بڑی نظر آ رہی تھی۔ شاید ساڑھے تین چار سال کی اور لڑکا نسبتاً کچھ کمزور' دبلا اور چھوٹا لگ رہا تھا۔ زرمینہ ابھی تک بیٹھی نہیں تھی۔

ولی صوفے کے کونے پر بیٹھا تھا۔ اس کے برابر آغا جان تھے اور ان کے برابر فارہ۔ صوفے پر جو واحد جگہ بچی تھی' وہ فارہ کے برابر تھی اور وہ لڑکی اس سے اتنا بغض و عناد تو رکھتی ہی تھی کہ اس کے برابر میں نہ بیٹھ سکے۔ وہ مڑ کر بیڈ کے پاس سے اپنے لیے کرسی اٹھا لائی اور اس کرسی کو میز کے سامنے رکھ کر اس پر بیٹھ گئی۔

اس کا دل چاہا' وہ اسے بتا دے کہ زیادہ فکر مت کرو' میں کسی طویل قیام و طعام کے لیے یہاں ہرگز نہیں آئی جیسے تم مجھ سے بے زار ہو' ایسے ہی میں بھی تم لوگوں سے بے زار ہوں۔ ویسے نفرت و عداوت اپنی جگہ۔ اس لڑکی نے خود کو دو بچوں کے بعد بھی مین ٹین بہت اچھی طرح کر کے رکھا ہوا تھا۔

وہ اتنی ہی دبلی پتلی اور نازک سی تھی جیسے فارہ۔ نیلے رنگ کی کڑھائی والے شلوار قمیص کے ساتھ سر پر دوپٹہ لیے وہ اتنی ہی فریش' ینگ اور اسمارٹ لگ رہی تھی جتنی کوئی بھی غیر شادی شدہ لڑکی۔ اگر اس میں موجود خاندانی غرور و تکبر ہٹا کر اسے دیکھا جاتا تو وہ کافی زیادہ خوب صورت لڑکی تھی۔

پتا نہیں وہ یہاں مستقل رہتی تھی یا صرف ملنے آئی ہوئی تھی۔ اس نے لمحہ بھر سوچنے سے زیادہ اس بات پر کچھ خاص غور و تفکر کیا نہیں۔

ماں کو فارہ کے برابر بیٹھنا گوارا نہ تھا مگر بچی کے ساتھ ایسا کوئی مسئلہ نہ تھا۔ وہ ماموں کی گود سے اتر کر صوفے کی اس خالی جگہ پر آ کر بیٹھ گئی۔

پلاؤ میں سے بوٹیاں ہٹوا کر اس نے ماں سے صرف چاول اپنی پلیٹ میں ڈلوائے تھے اور اب ان چاولوں کو بڑے سلیقے اور مزے میں کھا رہی تھی جبکہ اس کے بھائی صاحب کے منہ میں زبردستی نوالے ٹھونسے جا رہے تھے۔ ولی خود کھانا کھاتے بھانجے کے منہ میں بھی نوالے زبردستی ڈال رہا تھا۔

"لالہ! یہ آپ کو کھانا نہیں کھانے دے گا۔ لائیں' اسے مجھے دے دیں۔" زرمینہ نے ولی سے کہا۔

"نہیں' ٹھیک ہے۔" نفی میں سر ہلاتے وہ بھانجے کے ساتھ مگن رہا۔

"تم نے اس کی عادتیں خراب کی ہوئی ہیں زرمینہ! بچہ اپنے ہاتھ سے اور خوشی و رغبت سے کھائے تو صحت بھی اچھی ہو۔ تب ہی دیکھ لو' یہ کتنا کمزور ہو رہا ہے۔" آغا جان کے سامنے ان کا پرہیزی کھانا موجود تھا اور وہ اسے اپنی پلیٹ میں ڈال رہے تھے۔

"میں کیا کروں آغا جان! یہ کچھ کھاتا ہی نہیں ہے۔ نوالے لے کر پورے گھر میں اس کے پیچھے بھاگوں' تب کہیں جا کر محترم کے پیٹ میں چند لقمے جائیں گے۔ دودھ' انڈے اور فروٹس سے وہ بے زار ہے کہ اللہ اللہ junk food میں پھر بھی کبھار دلچسپی لے لیں گے مگر صحت بخش تو کوئی چیز حلق سے نہیں اترتی۔"

یہ واقعی ایک پرفیکٹ فیملی ڈنر ہو سکتا تھا اگر اس میں وہ موجود نہ ہوتی۔ وہ یہاں آؤٹ سائڈر تھی۔ اسے مسلسل یہ احساس ہو رہا تھا کہ کسی بے تکلف سے گھریلو ڈنر میں وہ زبردستی شامل ہو گئی ہے۔

دادا' پوتا' پوتی' پوتی کے بچے' وہ یہاں کیا کر رہی تھی؟

"تم کچھ بھی نہیں لے رہیں بیٹا؟ کیا کھانا اچھا نہیں لگ رہا؟ تم رات کے کھانے میں کیا لیتی ہو' بتا دو' زرمینہ وہ بنوا کر لے آئے گی۔" اس نے اپنی پلیٹ میں تھوڑے سے چاول ڈالے ہوئے تھے اور انہیں چمچ سے یہاں وہاں گھما رہی تھی۔ آغا جان کے کہنے پر وہ فوراً چونکی۔

"میں لے رہی ہوں آغا جان! کھانا بہت مزے کا ہے۔" اس نے اپنی پلیٹ میں تھوڑا سا سالن اور سلاد بھی جلدی سے شامل کر لیا۔

CamScanner

دو مہینے قبل آپ جن لوگوں سے صاف صاف اور بالکل واضح ان کے منہ پر یہ کہہ چکے ہوں کہ آپ ان سے شدید نفرت کرتے ہیں اور ان کے ساتھ کسی بھی طرح کا کوئی تعلق نہیں رکھنا چاہتے پھر ان ہی کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانا، بے تکلف سے گھریلو قسم کے ماحول میں اسے یہ سب بہت عجیب اور خاصا آکورڈ لگ رہا تھا۔

دو مہینے قبل اس نے اپنے گھر کے ڈرائنگ روم میں ممی، تجمل ماموں اور معیز کی موجودگی میں آغا جان اور ولی کے منہ پر صاف صاف کہا تھا۔

"مجھے طلاق چاہیے۔ میں ولی صہیب خان کے ساتھ کسی بھی قیمت پر نہیں رہنا چاہتی۔"

آغا جان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر، بالکل بے خوف و خطر ہو کر اس نے ان کے پوتے اور ان کے جوڑے اس زبردستی کے رشتے دونوں کو ایک ساتھ اور بڑی شدت سے رد کر دیا تھا۔ اپنا فیصلہ سنا دیا تھا۔

یہ ایک کھلی سچائی اور واضح حقیقت تھی کہ وہ ولی صہیب خان سے اتنی ہی نفرت کرتی تھی جتنی اس کی ممی۔ وہ آغا جان کے جوڑے اس زبردستی کے رشتے سے اتنی ہی بے زار تھی جتنی اس کی ممی اور معیز کا ساتھ اگر کسی بھی سبب اسے نہ مل پاتا، اگر دنیا میں اس کے لیے آخری مرد ولی صہیب خان بچا ہوتا تو وہ ہمیشہ کنواری اور تنہا زندگی گزار لینے کو اپنے لیے منتخب کرتی۔

اس روز ان کے گھر آنے کے غالباً تین یا چار دن بعد آغا جان کی فون کال آئی تھی۔

"میری صحت ٹھیک نہیں میری زندگی کا کچھ پتا نہیں، فارہ سے ایک بار میری بات کرا دو۔" اس کے صاف صاف جواب دے دینے کے باوجود نجانے وہ اس سے کیا بات کرنا چاہتے تھے۔

کال ممی نے ریسیو کی تھی اور انہوں نے ان کی فارہ سے بات کروانے سے صاف انکار کر دیا تھا۔

"فارہ آپ سے بات نہیں کرے گی۔ اسے جو کہنا تھا وہ آپ سے بالکل صاف کہہ چکی ہے۔ اب براہ مہربانی یہاں فون کرنے کی زحمت نہ کریں۔"

وہ وہاں موجود تھی، تجمل ماموں اور زہرا مامی بھی وہاں بیٹھے ہوئے تھے۔ اس کی طرف سے خلع کا قانونی مطالبہ پہنچ جانے کے بعد اس کے منہ سے براہ راست اس رشتے سے انکار سن لینے کے بعد نجانے وہ اس سے مزید کیا کہنا چاہتے تھے۔

ممی نے ان کی بات پوری سنے بغیر لائن کٹ دی تھی۔ ہاں یہ ضرور ہوا تھا کہ پھر آغا جان کے ہاں سے کسی طریقے کا رابطہ لاہور ان کے گھر نہیں کیا گیا تھا۔ پہلے ان کا اور ولی کا اس کے گھر آنا اور پھر تین روز بعد ان کی فون کال اس کے بعد پھر یہاں سے ہر طرح مکمل خاموشی چھائی رہی تھی۔ مگر یہ خاموشی ایسی ہی تھی جیسی طوفان سے قبل کی خاموشی ہوتی ہے۔

پچھلے چھ سات مہینے اگر اس نے سخت اذیت اور مشکل میں گزارے تھے اور آج وہ یہاں موجود تھی۔ جن لوگوں سے وہ نفرت کرتی ہے ان ہی کے بیچ۔

واقعی انسان اپنے بارے میں، اپنی زندگی تک کے بارے میں بھی کوئی دعوا نہیں کر سکتا کوئی پیش گوئی نہیں کر سکتا، کیا آج صبح تک اس نے سوچا بھی تھا کہ آج رات کا کھانا وہ کہاں اور کس کے ساتھ کھا رہی ہوگی۔

آغا جان نے بہت تھوڑا سا کھانا کھایا تھا اور وہ زیادہ دیر صوفے پر بیٹھ بھی نہیں سکے تھے، ولی انہیں سہارا دے کر دوبارہ بیڈ پر لے گیا تھا۔ اسے تو کچھ کھانے کی رغبت ہی نہ تھی لیکن ولی اور زرمینہ بھی بہت تھوڑا سا کھا کر جلدی کھانا ختم کر چکے تھے۔ آغا جان نے فارہ کو دوبارہ اپنے پاس بلا کر بٹھا لیا تھا۔

"ابھی ہو نا میرے پاس؟ ابھی جاؤ گی تو نہیں نا؟"

ولی کی طرف اس کی پشت تھی اور ولی کی طرف دیکھے بغیر ہی اس نے ان کے سوال کا اثبات میں سر ہلا کر جواب دے دیا تھا۔

"لیکن تمہاری ہاؤس جاب؟ تمہارے کام کا حرج تو نہیں ہو گا بیٹا؟" انہوں نے متفکر سے لہجے میں اگلا سوال کیا۔ اس نے نفی میں سر ہلا دیا۔

"آغا جان! آج کے لیے اتنی باتیں کافی ہیں۔ آپ کو زیادہ بولنا نہیں ہے، پتا ہے نا آپ کو؟" زرمینہ اٹھ کر ان کے پاس آگئی اور تنبیہی لہجے میں اس طرح بولی جیسے انہیں نہیں اسے سنا رہی ہو۔

"اب یہاں سے دفع ہو جاؤ" یہ میرے آغا جان کے سونے اور آرام کرنے کا ٹائم ہے۔"

بعض باتیں کہی نہ جائیں، رویوں سے سمجھا دی جاتی ہیں۔ وہ یہاں سے اٹھ کر جائے کہاں؟ اس نے پل بھر سوچا۔

www.allurdu.com

"فارہ بھی تھک گئی ہو گی۔ اسے اس کا کمرہ دکھا دو۔ اپنے پورشن میں اکیلے شاید اسے ڈر لگے' ایسا کرو' بہروز کا کمرہ فارہ کے لیے ٹھیک کروا دو۔" انہوں نے نام لے کر کسی کو مخاطب نہیں کیا تھا مگر کہ یقیناً زرمینہ سے رہے تھے' اس نے جیسے ان کی کوئی بات سنی ہی نہیں تھی۔

وہ سائڈ ٹیبل کے پاس کھڑی ان کی دوائیں نکال رہی تھی۔ اور ان کی بات سن لینے کے بعد بھی اپنا یہی کام دل جمعی سے کرتی رہی۔ دوائیں نکالنے کے بعد وہ گلاس میں پانی ڈالنے لگی۔

"میں فارہ کے لیے کمرہ ٹھیک کروا کر آتا ہوں آغا جان!" ولی جو کھانے کے بعد سے صوفے ہی پر بیٹھا ہوا تھا۔ ایک نظر زرمینہ کو دیکھتا صوفے پر سے اٹھ کھڑا ہوا۔

اگلے سیکنڈ کمرے سے باہر تھا۔ دس پندرہ منٹ بعد وہ اندر آیا تو براہ راست اسی سے مخاطب ہوا۔

"آجاؤ فارہ!" اس کا لہجہ تکلفات کا حامل ہونے کے باوجود اخلاق لیے ہوئے تھا بالکل ایسا ہی جیسے آپ کسی مہمان کے ساتھ اختیار کرتے ہیں۔ یہ اخلاق بھی شاید اس ایگریمنٹ کا حصہ تھا۔

"جاؤ بیٹا! آرام سے جا کر سو جاؤ۔ اب ان شاء اللہ صبح ملاقات ہو گی۔ اس وقت یہ ہٹلر کی نانی مجھے زیادہ بولنے نہیں دے رہی۔ کل صبح ہم دادا' پوتی خوب ڈھیر ساری باتیں کریں گے۔"

بستر پر لیٹے سے انہوں نے اٹھنے کی کوشش کی تو وہ خود آگے بڑھ کر ان کے قریب جھک گئی۔ لیٹے لیٹے انہوں نے اس کا چہرہ اپنے دونوں ہاتھوں میں تھاما اور اس کے ماتھے کو بڑی محبت سے چوما۔

"میری بیٹی میرے پاس آگئی ہے' آج رات مجھے بہت سکون کی نیند آئے گی۔" وہ خاموشی سے ان کے پاس سے ہٹ گئی۔

زرمینہ دوا لیے ان کے قریب کھڑی تھی جبکہ ولی دروازے کے پاس کھڑا اس کا انتظار کر رہا تھا۔ وہ اس کے ساتھ کمرے سے باہر نکل آئی۔ الجھے ہوئے سے انداز میں وہ بہت آہستہ آہستہ چل رہی تھی۔ اس نے ولی کے ساتھ زینہ طے کیا' وہ ایک کمرے کے سامنے آکر رک گیا۔

"کسی چیز کی ضرورت ہو تو انٹر کام پر گل خان سے کہہ دینا۔" وہ دروازے سے واپس پلٹنے لگا تھا۔

"ایک منٹ ولی!" اس کے پکارنے پر وہ متعجب سے انداز میں مڑا۔ "آغا جان سمجھ رہے ہیں' میں ان کی بیماری کا سن کر تمہارے ساتھ آئی ہوں۔"

"اور انہیں سمجھتے بھی یہی رہنا چاہیے۔ تمہیں ان کے سامنے یہی ظاہر کرنا ہے کہ تم صرف ان کی بیماری کا سن کر سب کچھ بھلا کر یہاں آگئی ہو۔"

"اور تین مہینے بعد؟ ابھی انہیں یہ یقین دلا دوں اور تین مہینے بعد کیا کہوں گی ان سے؟" وہ اس حکمیہ لہجے و انداز پر بری طرح جھنجلائی۔

وہ جھوٹ بولنے اور محبت کے ڈرامے کرنے یہاں نہیں آئی تھی۔ کیا ان کی بیماریوں کے آڑ لے کر اسے کسی طرح کی جذباتی بلیک میلنگ کا شکار بنایا جانے والا تھا؟

"یہ تمہارا درد سر نہیں۔ تمہارا کام تین مہینے یہاں آغا جان کے پاس رہنا ہے۔ تین مہینے بعد کیا کہنا ہے اور کیا کرنا ہے یہ میرا کام ہے۔ تمہارے پاس میرا دیا ثبوت موجود ہے۔ پھر بھی تمہاری تسلی کے لیے آج پہلی اور آخری بار تمہیں یقین دہانی کروا رہا ہوں کہ تین مہینے سے اگلا ایک دن بھی تمہیں نہ یہاں رہنا پڑے گا اور نہ کسی ناپسندیدہ رشتے کو جوڑے رکھنا پڑے گا اور میں اپنے الفاظ سے پھرنے والا انسان نہیں ہوں۔" وہ اس کے بالکل قریب آکر سرگوشی نما آواز میں ایک ایک لفظ چبا چبا کر بولا۔

وہ پر اخلاق اور مہمان نوازی والا انداز جو آغا جان کے سامنے اختیار کیا گیا تھا اب ندارد تھا۔ اب انداز بارعب و حکمیہ ہونے کے ساتھ مکمل کاروباری و پروفیشنل نوعیت کا تھا۔

"اب اس موضوع پر تم مجھ سے ایک لفظ بھی نہیں کہو گی۔ جو بات میرے اور تمہارے بیچ ہے' وہ اب کسی بھی انداز میں دہرائی نہ جائے۔ یہ تمہیں میری پہلی اور آخری وارننگ ہے۔"

بہت سخت اور بے لچک لہجے میں وہ آواز دبا کر اس انداز میں بولا' گویا اسے یہ خدشہ ہو کہ کہیں اس کی آواز کسی اور تک نہ پہنچ جائے وہ فوراً ہی واپس مڑ گیا تھا۔

وہ اس کی بات مان کر یہاں کیوں آگئی؟ اس کے اندر یک دم ہی پچھتاوے سر ابھارنے لگے۔

"فیصلہ کرنے کے لمحے میں ہمیشہ اپنے دل کی آواز سنو۔" پہلی بار اس بات پر عمل کیا تھا اور پہلی ہی بار منہ کے بل گر پڑی تھی۔

وہ بے شک کسی بھی قیمت پر اس ناپسندیدہ ترین اور



CS CamScanner

www.allurdu.com

زندگی پر عذاب کی طرح مسلط رشتے سے جان چھڑا لینا چاہتی تھی مگر محبت کے جھوٹے ڈرامے کر کے ہرگز نہیں۔

اس کے معیار سے بہت کم تر درجہ کی بات تھی۔ یہ بڑی گھٹیا اور نیچ سی بات تھی۔ وہ اتنی جرات رکھتی تھی کہ جن سے نفرت کرتی ہو علی الاعلان ان سے اظہار نفرت کر سکے اور جن سے محبت ہو تو بہ بانگِ دہل اس کا بھی اعلان کر سکے۔

"تمہیں تین مہینے آغا جان کے ساتھ ایک بہت محبت کرنے والی پوتی بن کر رہنا ہے۔"

اسے ولی کے الفاظ یاد آئے۔ تب اس نے ان لفظوں پر اس سوچ کے پیش نظر زیادہ غور نہیں کیا تھا کہ یہ سب یونہی ایک دکھاوا اور جھوٹ ہے۔ دراصل تو آغا جان بھی اس سارے منصوبے سے واقف ہیں' ہاں اس کے ضرور لاعلمی کا ڈھونگ رچائیں گے۔ بہت بری طرح الجھی ہوئی اور مضطرب وہ کمرے میں آگئی۔

برسوں پہلے' اس کی پیدائش سے بھی بہت پہلے' کبھی یہ اس کے ڈیڈی کا کمرہ رہا تھا۔ یہاں وہی فرنیچر اور وہی سب سامان رکھا تھا جو برسوں پہلے اس کے ڈیڈی کے زیرِ استعمال رہا تھا۔

یہیں اسی کمرے میں ممی اور ڈیڈی کے بیچ جھگڑا ہوا تھا۔ وہ اس جھگڑے کی عینی شاہد تھی' خوف سے تھر تھر کانپتی اس جھگڑے کے دوران وہ بھی تو یہیں موجود تھی۔ یہی کوئی چھ' سوا چھ سال پہلے کی ایک شام تھی۔ یہاں اس بیڈ کے قریب ممی کھڑی تھیں۔

"کیا فارہ کا نکاح؟ بہروز! آپ ہوش میں تو ہیں؟" اور ان سے دو قدم دور ڈیڈی۔

"ہاں۔ اب ہی جا کر تو ہوش میں آیا ہوں۔ پوری زندگی باپ کی بہت نافرمانی کر لی' اسے بہت دکھ پہنچا دیے۔ بھائی سے ناجائز قربانیاں مانگ لیں اب کوئی ایک کام تو ان کی خوشی اور رضا سے بھی کر جاؤں۔" اور وہ خود اس بیڈ پر بیٹھی ان دونوں کو ہراساں نگاہوں سے دیکھ رہی تھی۔

ممی ڈیڈی پر چلا رہی تھیں' ناراض ہو رہی تھیں اور وہ چلا تو نہیں رہے تھے مگر وہ ممی پر خفا بہت ہو رہے تھے۔ بہت برہم لہجے میں ناگواری اور غصے سے بول رہے تھے۔ ممی اگر غصے سے چلا رہی تھیں تو وہ بالکل قطعی اور دو ٹوک انداز میں اپنا حکم سنا رہے تھے۔

"میں اپنی بچی کے ساتھ یہ زبردستی کبھی نہیں ہونے دوں گی۔ کیوں دوں میں اپنی بچی کا ہاتھ اس خاندان کے شخص کے ہاتھ میں۔ جس نے آج تک کبھی مجھے اس گھر کی بہو تسلیم نہیں کیا۔"

"اگر فارہ تمہاری بیٹی ہے تو میری بھی بیٹی ہے۔ میں بیٹی کا دشمن نہیں۔ بہت کچھ سوچ سمجھ کر میں نے یہ فیصلہ کیا ہے۔" ان دونوں کا جھگڑا سمٹنے کے بجائے بڑھتا جا رہا تھا۔ ابتدائی بحث و تکرار شدید غصے اور ناراضی میں تبدیل ہو چکی تھی۔

"بہروز! میں ایسا کبھی بھی نہیں ہونے دوں گی۔" وہ روتے ہوئے بہت زور سے چلائی تھیں۔

"بس۔" ڈیڈی نے ہاتھ اٹھا کر تنبیہہ کرنے والے انداز میں انہیں مزید کچھ بھی کہنے سے روک دیا تھا۔

"مجھے بحث نہیں چاہیے۔ جو فیصلہ میں کر چکا ہوں' میں اس سے تمہیں آگاہ کرنا تھا سو کر دیا۔ میں نے تم سے تمہاری رائے نہیں مانگی۔ میں فارہ کا باپ اپنی بیٹی کا نکاح اپنے بھائی صہیب خان کے بیٹے ولی صہیب خان کے ساتھ آج شام اب سے ایک گھنٹہ بعد کر رہا ہوں اور یہ میرا اٹل اور آخری فیصلہ ہے۔" سختی اور برودت لیا یہ حاکمانہ اور جابرانہ لہجہ اس کے ڈیڈی کا تو ہرگز نہیں تھا۔

ہاں شاید یہ آغا جان کا لہجہ تھا صرف پندرہ دن میں وہ ان کی زبان اور ان کا انداز سیکھ گئے تھے۔ اس حکمیہ اور سخت لہجے میں بولتے اس نے ڈیڈی کو کبھی بھی نہ سنا تھا۔

وہ تو خیر سترہ' اٹھارہ سال کی ناسمجھ اور ناتجربہ کار لڑکی تھی شاید بچی سمجھی جاتی تھی۔ اس سے کچھ کہنے سننے یا پوچھنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا مگر یہاں تو اس کی ماں کو بھی کسی رائے یا مشورے کے بغیر ایک سیدھا حکم سنا دیا گیا تھا۔ سخت اور قطعی لہجے میں۔ ممی روتے ہوئے کمرے سے چلی گئی تھیں۔

وہ ممی اور ڈیڈی کے بیچ تناؤ' بدگمانی اور جھگڑے کی فضا دیکھ کر بری طرح سہمی ہوئی بیٹھی رو رہی تھی۔ ایک دوسرے سے بے حد محبت کرتے وہ میاں بیوی آپس میں یوں جھگڑا کیوں رہے تھے۔ کاش کسی طرح وہ سب پہلے جیسا کر دے۔ اس کے ماں باپ کو لڑوانے والے محمد بختیار خان سے اسے نفرت ہو رہی تھی۔ اسے اس دن کا وہ ایک ایک پل یاد تھا۔

اس ایک دن نے اس کی زندگی کو کس قدر آزمائشوں

www.allurdu.com

میں جتلا کر دیا تھا۔ اس ایک دن نے اس کی زندگی کو پورا کا پورا بدل کر رکھ دیا تھا۔ اس کی آنکھیں آنسوؤں سے بھیگنے لگیں۔ یہاں اس کمرے میں وہ تنہا تھی' وہ رو سکتی تھی اور وہ رو رہی تھی۔

ڈیڈی کی زمانۂ طالب علمی کی ایک تصویر کو اٹھا کر اس پر ہاتھ پھیرتے اس نے اسے اپنے سینے سے لگا لیا۔

اور بیڈ پر آکر لیٹ گئی۔ تمام بتیاں بجھا کر' جب زندگی اندھیروں اور آندھیوں کی زد میں تھی تو کمرے میں نمائشی روشنی کس کام کی تھی۔

☼ ☼ ☼

اپنے ماں' باپ کی محبت بھری چھاؤں میں خوش باش اور بے فکری زندگی گزارتی' درد و غم کے معنوں سے ناآشنا' کم سن نو عمر فارہ بہروز خان کی زندگی اس روز تک خوشگوار اور بہترین تھی جب تک اس میں محمد بختیار خان' محمد صہیب خان اور ولی صہیب خان نام کے لوگ داخل نہ ہوئے تھے۔

اس کی اٹھارویں سالگرہ میں چار مہینے باقی تھے' وہ اے لیول کے امتحانات سے فارغ ہوئی ہی تھی کہ زندگی میں سب کچھ بدل گیا۔ اس کے ممی' ڈیڈی کی پسند کی شادی تھی جسے ان کے گھر والوں نے قبول نہ کیا تھا اور اس کے ڈیڈی نے باپ کے گھر کے امیرانہ ٹھاٹ باٹ سے منہ موڑ کر اپنی دنیا آپ بسائی تھی۔

اپنی اس امیر ددھیال کے قصے وہ کبھی کبھار ممی کی زبانی سنا کرتی جبکہ ڈیڈی کبھی اپنی فیملی سے متعلق ایک لفظ نہ بولتے تھے۔

یوں لگتا کہ جیسے ان کے سامنے ان کی فیملی کا نام بھی زبان پر لانا سنگین غلطی ہو گی۔ مگر پھر ایک روز ان سب لوگوں کا ان کے گھر میں ذکر ہوا اور وہ فارہ بہروز خان کی خوشگوار زندگی کا آخری دن تھا۔ ڈیڈی کے چھوٹے بھائی صہیب خان کا انتقال ہو گیا تھا۔

برسوں کی قطع تعلقی کے بعد آغا جان نے انہیں بھائی کی موت کی اطلاع بھجوائی تھی۔ وہ بھائی کے آخری دیدار اور اس کی تدفین میں شرکت کے لیے پشاور چلے گئے تھے۔ وہاں پندرہ روز قیام کے دوران انہوں نے صرف ایک بار لاہور اپنے گھر بیوی اور بیٹی کو فون کیا۔ وہ بھی صرف یہ بتانے کے لیے کہ وہ ابھی پشاور ہی میں کچھ روز اور رہیں گے کیونکہ ان کے والد بہت بیمار ہیں۔

فارہ اور ممی یہاں ان کے لیے پریشان ہوتی رہیں اور وہ وہاں رہتے رہے۔ پھر پندرھویں دن انہوں نے فون کر کے فارہ اور ممی دونوں کو اپنے پاس پشاور آنے کو کہا۔ انہیں ایئرپورٹ پر لینے آنے والا دراز قامت اور مضبوط جسامت والا اکیس بائیس سالہ لڑکا تھا جس کی نیلی آنکھیں بالکل اس کے ڈیڈی جیسی تھیں۔

وہ لڑکا چند گھنٹوں بعد اس کی زندگی پر کسی عذاب کی طرح مسلط ہونے والا ہے' وہ جانتی نہ تھی۔ اگر جانتی ہوتی تو شاید ایئرپورٹ سے آغا جان کے گھر آنے کے بجائے واپس لاہور کی فلائیٹ پکڑتی۔ ممی اور وہ آغا جان کے عالیشان اور محل نما گھر پہنچیں' جہاں بستر پر دراز' بیمار پڑے آغا جان سے ان دونوں کی زندگی میں پہلی ملاقات ہوئی۔

"آ گئے میرے بچے۔" وہ انہیں دیکھتے ہی فوراً بولے۔

"فارہ! اپنے دادا کے پاس نہیں آؤ گی؟ روحی بیٹا! تم وہاں کیوں رک گئیں؟ یہاں آؤ۔ کیا ابھی تک مجھ سے ناراض ہو؟ دیکھو تو صہیب کیسے مجھے چھوڑ گیا۔" وہ لیٹے لیٹے ہی ہاتھ کے اشارے سے انہیں اپنے پاس بلاتے ہوئے بولے۔

فارہ انہیں نہیں دیکھ رہی تھی' وہ اپنے ڈیڈی کو دیکھ رہی تھی' شاید ممی بھی ان ہی کو دیکھ رہی تھیں۔ پندرہ دن کی دوری کے بعد بھی وہ بیٹی یا بیوی کی طرف نہیں بلکہ اپنے باپ ہی کی طرف متوجہ تھے۔ ان کے پیر دباتے ہوئے' اسے اور ممی کو یکسر نظر انداز کرتے ہوئے۔ وہ اسے بہت بدلے ہوئے' بہت اجنبی اجنبی سے لگ رہے تھے۔ پھر کچھ ہی دیر بعد وہ اسے اور ممی کو ایک دوسرے کمرے میں لے آئے تھے اور وہاں ان کی زبانی سب بات سننے کے بعد پتا چلا تھا کہ اسے اور ممی کو یہاں بلوایا کیوں گیا ہے۔

وہ اس کا نکاح اپنے مرحوم بھائی کے بیٹے کے ساتھ فوراً کر دینا چاہتے تھے۔ جس بھائی سے وہ برسوں سے ملے نہیں تھے' اس کے جس بیٹے کو وہ پندرہ روز پہلے جانتے تک نہیں تھے' وہ اس کے ساتھ آناً فاناً بغیر کسی سے پوچھے' صلاح مشورہ کیے اپنی بیٹی کی زندگی وابستہ کرنے کا فیصلہ کر چکے تھے۔

ممی اور ڈیڈی کے بیچ شدید جھگڑے کے بعد جب ممی کمرے سے روتی ہوئی چلی گئیں تب ڈیڈی بیڈ پر اس کے پاس آ کر بیٹھ گئے۔ اس وقت انہوں نے ممی سے تند لہجے

www.allurdu.com

میں کہا تھا کہ وہ بیٹی کے دشمن نہیں اور کچھ سوچ کر ہی انہوں نے یہ فیصلہ کیا ہے اور وہ انہیں دیکھتے ہوئے سوچ رہی تھی کہ واقعی اس کے ڈیڈی اس کے دشمن کبھی نہیں ہو سکتے' وہ کبھی اس کے لیے کچھ برا نہیں سوچ سکتے' لیکن پھر آج' آج کیوں وہ اس کے لیے برا سوچ رہے ہیں۔

پر وہ اس کے ڈیڈی کہاں رہے تھے۔ وہ تو بالکل اجنبی لگ رہے تھے۔ وہ اتنے بدلے ہوئے' اتنے مختلف لگ رہے تھے کہ لگ رہا تھا جیسے وہ ڈیڈی کے اس ہم شکل سے پہلی بار مل رہی ہے۔

اس کے ڈیڈی تو اتنے نرم خو' صلح جو اور محبت کرنے والے انسان تھے۔ سختی' تلخی' غصہ اور حکم چلانا' یہ سب تو ان کی فطرت ہی میں نہ تھا۔ اس نے انہیں کبھی حکم چلاتے نہ سنا تھا' ان کے گھر میں آج کیا پکنا ہے سے لے کر گھر کے فرنیچر و دیگر سامان کی خریداری' چھٹیاں کہاں گزاریں' فارہ کی برتھ ڈے کیسے سیلیبریٹ کریں؟ فارہ کو عید کی شاپنگ کہاں سے کرائیں؟ جیسے معاملات تک بھی ممی اور ڈیڈی کی باہمی مشاورت سے طے پایا کرتے تھے اور اس روز اپنی اکلوتی بیٹی کی زندگی کا سب سے بڑا' سب سے اہم فیصلہ وہ اپنی بیوی' اپنی بیٹی کی ماں کی مرضی کے خلاف جبراً مسلط کر رہے تھے۔ یہ اس کے ڈیڈی نہیں تھے۔ یہ اس کے ڈیڈی ہو ہی نہیں سکتے تھے۔

"فارہ! تمہیں کیا لگتا ہے' تمہارے ڈیڈی تمہارے ساتھ کیا کبھی کچھ برا کر سکتے ہیں؟" اس کے برابر بیڈ پر آکر بیٹھتے ڈیڈی نے اس کا سر اپنے سینے سے لگاتے آہستگی سے پوچھا۔

ممی سے بات کرتے وقت جو سختی اور تلخی ان کی زبان اور آنکھوں میں تھی' اس سے بات کرتے وقت اس کی جگہ نرمی' محبت اور شفقت نے لے لی تھی۔

"فارہ! مائی سوئیٹ ہارٹ' تمہارے ڈیڈی نے زندگی میں بہت غلطیاں کی ہیں۔ اب ان کا کفارہ ادا کرنا چاہتے ہیں۔ کیا تم اپنے ڈیڈی کا ساتھ نہ دو گی؟ ان کی بات نہ مانو گی؟" وہ رو رہے تھے۔ اس نے بے اختیار سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔

وہ واقعی وہ ڈیڈی نہیں رہے تھے جنہیں وہ جانتی تھی مضبوط اعصاب کے مالک' بڑی سے بڑی بات پر ٹینشن میں نہ آنے والے اور آج وہ کیوں اس طرح رو رہے تھے۔ اگر ان کا چھوٹا بھائی مر گیا ہے تو اس کی موت کا یہی وقت مقرر ہو گا۔ بھائی کی موت میں ان کا کہاں قصور ہے؟ جسے وہ اپنی غلطی گردان رہے ہیں

برسوں بعد اس گھر میں آئے ہیں تو اتنے برسوں سے ان پر اس گھر کے دروازے اس گھر کے مالک نے بند کر رکھے تھے۔ ان کے باپ نے انہیں گھر بدری کی سزا دی ہوئی تھی۔ اپنا گھر وہ تو نہیں چھوڑ کر گئے تھے جسے اپنی غلطی قرار دے رہے تھے۔ تو کیا ممی سے پسند کی شادی' آغا جان کی حکم عدولی انہیں اپنا گناہ نظر آ رہی تھی؟

بھائی کی موت' آغا جان کی بیماری' برسوں بعد اپنے گھر میں واپسی پر اگر انہیں ممی سے شادی اپنی غلطی نظر آنے لگی تھی تو یہ ان کی وہ سوچ تھی' وہ احساسِ جرم و ندامت تھا' جو آغا جان نے بستر بیمار پڑ کر ان کے دل میں پیدا کیا تھا ورنہ پسند کی شادی نہ جرم ہے نہ گناہ۔

وہ بھی اس صورت میں جب مطلق العنان اور جابر شہنشاہوں کا سا مزاج رکھنے والا باپ آپ سے یہ چاہے کہ آپ اس کی طے کردہ کسی بچپن کی منگنی کو قبول کریں نہ کہ اپنی زندگی کا ساتھی خود چننے کی جسارت کر بیٹھیں۔ اور اگر یہ جسارت کر بیٹھیں تو آپ کو آپ ہی کے گھر سے نکل جانے کا حکم سنا دیا جائے۔

اپنی جائیداد سے آپ کو عاق کر کے سب کچھ چھوٹے بیٹے کے نام کر دیا جائے اور اپنی ضد پوری کرنے کے لیے اپنی انا کو سربلند رکھنے کے لیے چھوٹے بیٹے کی اپنی اس بھانجی سے فوراً شادی کروا دی جائے جس سے منگنی توڑنے کا گناہ آپ سے سرزد ہوا ہے۔

"یہ میرے مرنے والے بھائی کی خواہش تھی فارہ کہ تم اس کی بہو بنو اور ہمارا ٹوٹا رشتہ' اس مضبوط رشتے کی بدولت پھر سے جڑ جائے' ہمیشہ ہمیشہ کے لیے مضبوط ہو جائے۔" وہ روتے ہوئے اس کا سر سینے سے لگائے اس سے مخاطب تھے۔

ایک مرے ہوئے انسان کے لیے وہ اپنی زندہ جیتی جاگتی' کم عمر بیٹی کی زندگی بھینٹ چڑھانے کو تیار تھے۔ کسی مرے ہوئے انسان کی خواہش پر ایک زندہ انسان کی قربانی دی جا رہی تھی۔ اسے رونا آ رہا تھا' وہ رو رہی تھی۔

آغا جان جو بیٹے کی موت اور اپنی بیماری کو ہتھیار کی طرح اس کی ممی کے خلاف استعمال کر رہے ہیں۔ ایک کل کی لڑکی جو برسوں پہلے ان سے ان کا بیٹا چھین کر لے گئی تھی' اس لڑکی کو اس جسارت اور گستاخی کی سزا تو دینی ہی تھی۔ وہ بظاہر فارہ اور ممی دونوں کے ساتھ بہت اچھے بنے

CamScanner

www.allurdu.com

ہوئے تھے مگر کیا انہیں یہ نظر نہیں آ رہا تھا کہ جبراً جو رشتہ وہ ڈیڈی کے ذریعے مسلط کروا رہے ہیں، ممی اس پر خوش نہیں، فارہ اس پر خوش نہیں۔

ممی اور ڈیڈی کے جھگڑے کے ایک گھنٹے بعد اسے ایک سرخ جوڑا اور کئی طرح کے بھاری بھرکم زیورات پہنا کر جو آغا جان نے اپنی سیف سے نکال کر دیے تھے اور جو سارے کے سارے ان کے خاندانی اور بہت قیمتی زیورات تھے، اسے زبردستی دلہن بنا کر ولی صہیب خان کے برابر بٹھا دیا گیا تھا۔

مختصر سے مہمان تھے، صرف خاص خاص اور قریبی رشتے دار و احباب کوئی دھوم دھام اور ہنگامہ نہ تھا کہ پندرہ دن قبل اس گھر میں ایک موت ہو چکی تھی۔ فیصلہ ہو چکا تھا، فیصلہ سنایا جا چکا تھا اس کا کام تو فقط اب صرف گردن اقرار میں ہلا کر سامنے رکھے کاغذوں پر دستخط کرنا تھا۔

خود پر اترے جبر کے اس لمحے کے لیے وہ ڈیڈی اور آغا جان کو کبھی معاف نہیں کر سکے گی، کانپتے ہاتھوں سے نکاح نامے پر دستخط کرتے اس نے سوچا تھا۔

"آغا جان! مجھے اجازت دیں، میں لاہور میں اپنے سارے ادھورے بکھرے کام سمیٹ لوں، ملازمت سے استعفیٰ دے دوں، روحی، اپنا اور فارہ کا سارا سامان پیک کر لے، بس پھر ہم واپس یہیں آ جائیں گے۔ ہم اب ہمیشہ آپ کے ساتھ رہیں گے آغا جان! آپ سے وعدہ کرتا ہوں، اب زندگی بھر آپ کو چھوڑ کر کہیں نہیں جاؤں گا، آپ کے قدموں میں ساری زندگی گزار دوں گا۔"

تیسرے دن جب ڈیڈی نے لاہور واپسی کی بات کی تب آغا جان آنکھوں میں آنسو لے آئے تھے اور ڈیڈی نے فوراً انہیں اپنی واپسی کی وجہ سے آگاہ کر کے ہمیشہ کے لیے یہاں واپس آ جانے کا یقین بھی دلا دیا تھا، جبکہ آغا جان اس کے اور ممی کے ساتھ اچھا بننے کا ڈرامہ کرتے رہے تھے۔

"روحی بیٹا! سارے گلے اور رنجشیں اور پچھلی ہر بات بھول جاؤ۔ تم میرے لیے میری بہو نہیں میری بیٹی ہو۔"

وہ لوگ ہمیشہ کے لیے پشاور واپس جانے کے لیے لاہور لوٹ آئے تھے۔ تین دن پہلے کے شدید جھگڑے کے بعد سے ممی اور ڈیڈی میں بات چیت مکمل بند تھی۔ جس طرح ان تین دنوں میں ممی نے ان سے کوئی بات نہ کی تھی، اس طرح سارے راستے بھی نہ کی تھی اور لاہور واپس آ کر ممی شدید غم و غصے میں گھری اپنے گھر میں قدم رکھنے کے بجائے بالکل برابر والے گھر میں جو ان کے سگے بھائی کا تھا چلی گئی تھیں۔

ڈیڈی کو جس طرح ان کی ناراضی اور غصے کی کوئی پرواہ نہ تھی، اسی طرح انہیں ان کے ناراض ہو کر بھائی کے گھر چلے جانے سے بھی کچھ فرق نہ پڑا تھا۔ ممی کی ناراضی سے لاتعلق و بے نیاز وہ فارہ کو ساتھ لیے اپنے گھر میں آ گئے تھے۔ ہاں وہ کچھ بجھے بجھے اور خاموش سے ضرور تھے، وہاں پشاور میں آغا جان، اور اپنے بھتیجے، بھتیجی کے ساتھ بہت زیادہ باتیں کرنے والے ڈیڈی یہاں آتے ہی بالکل چپ چپ سے ہو گئے تھے۔

وہ اسی اداسی بھرے بجھے ہوئے انداز میں لاؤنج میں فارہ کے ساتھ بیٹھے اس سے کچھ دیر باتیں کرتے رہے تھے۔ پشاور میں بھی اچھے تعلیمی اداروں کی کوئی کمی نہیں، وہ فارہ کو میڈیکل کی تعلیم وہاں سے دلوائیں گے، وہ وہاں پڑھنے میں بھی اتنا ہی انجوائے کرے گی جتنا یہاں کرتی ہے، نئی سہیلیاں بنانے میں کچھ وقت ضرور لگے گا مگر بہت جلد وہ وہاں بہت اچھی طرح خود کو ایڈجسٹ کر لے گی، جیسی چند باتیں تھوڑی دیر بعد وہ اس کے پاس سے کھڑے ہو گئے۔

"فارہ بیٹا! اپنا سارا ضروری سامان پیک کر لو۔" وہ اس سے یہ جملہ کہتے اپنے کمرے میں چلے گئے تھے۔ وہ اپنے کمرے میں تھے اور وہ مضطرب اور پریشان لاؤنج میں بیٹھی تھی۔

ممی اور ڈیڈی کے اس جھگڑے میں وہ کس کا ساتھ دے۔ ممی ناراض ہو کر تجمل ماموں کے گھر چلی گئی ہیں، وہ پشاور آغا جان کے گھر مستقل رہائش اختیار کرنے کسی قیمت پر نہیں جائیں گی۔ یہ بالکل واضح تھا اور ڈیڈی اب وہاں جانے کے علاوہ کہیں اور رہائش اختیار کریں گے نہیں، ان دونوں میں سے کس کا ساتھ دے گی؟ کس کی بات مانے گی، کس کی حکم عدولی کرے گی؟ ماں یا باپ میں سے کسی ایک کا انتخاب یہ کس طرح ممکن تھا، یہ کس طرح ہو سکتا تھا؟ وہ بہت الجھن اور بے چینی کے عالم میں گم صم سی بیٹھی تھی، اس دوران دوپہر سے شام، شام سے رات اور رات سے اگلی صبح ہو گئی۔

نہ ممی تجمل ماموں کے گھر سے واپس آئیں اور نہ ڈیڈی اپنے کمرے سے باہر نکلے۔ اب کیا ہونے والا تھا، زندگی اب نجانے کیا رخ دکھانے والی تھی مگر یہ تو واضح نظر آ رہا تھا

www.allurdu.com

کہ زندگی اب دوبارہ کبھی پہلے جیسی نہ ہو پائے گی اور واقعی زندگی پھر دوبارہ کبھی پہلے جیسی ہو بھی نہ پائی تھی۔

صبح جب کافی دیر ہو گئی اور ڈیڈی اپنے کمرے سے باہر نہ نکلے تب وہ ان کے کمرے کے دروازے پر آگئی۔ دستک کا کوئی جواب نہ تھا' وہ دروازہ کھول کر اندر داخل ہوئی تو وہاں ڈیڈی کا صرف جسم تھا' ان کی روح ایک دوسری دنیا کی طرف پرواز کر چکی تھی۔ ان کی رائٹنگ ٹیبل پر ان کے ہاتھوں کا ٹائپ شدہ وہ استعفیٰ رکھا تھا جس پر ان کے دستخط تھے۔

اسی دن کی تاریخ تھی جس کی صبح کو وہ اس دنیا میں موجود ہی نہ تھے کہ اگر زندہ رہتے تو آج انہیں یہ استعفیٰ اپنے آفس جا کر دینا تھا۔ اس استعفیٰ کے ساتھ کمرے میں الماریوں میں سے بھی تمام سامان نکال کر سوٹ کیسوں اور بیگز میں بھر کر رکھا ہوا تھا۔

کچھ وہ سامان بھی تھا جسے پیک کرنے کی شاید انہیں مہلت نہ مل پائی تھی' وہ سب کارپیٹ' صوفوں اور بیڈ پر بکھرا پڑا تھا' یہ ساری پیکنگ یہی ظاہر کر رہی تھی کہ وہ دوپہر سے رات تک یہی کام کرتے رہے تھے' اپنے آغا جان کے پاس واپس جانے کی تیاری کرتے رہے تھے۔ ڈاکٹر کا کہنا تھا کہ رات کے آخری پہر کسی وقت ان کا انتقال ہوا تھا۔ نجانے کس کس ناکردہ گناہ کا بوجھ اپنے دل پر لیے وہ یوں خاموشی سے رخصت ہو گئے تھے۔

کل دوپہر لاؤنج میں اس کے پاس سے اٹھنے والے ڈیڈی اب دوبارہ کبھی اس کے پاس نہ آئیں گے' اس سے بات نہ کریں گے۔ وہ صدمہ سے بدحواس ہو گئی تھی' وہ پاگلوں کی طرح دیواروں سے سر ٹکراتی دھاڑیں مار مار کر رو رہی تھی۔ ڈیڈی سے اپنے اس جبری نکاح اور ممی سے جھگڑا کرنے پر وہ دل ہی دل میں ناراض تھی اور وہ اسے منائے بغیر ہی چلے گئے تھے۔

اب وہ کس سے ناراض ہو؟ کس سے شکوہ کرے؟ ڈیڈی سے شدید ناراض اور بدگمان' بھائی کے گھر چلی جانے والی ممی سر پر بیوگی کی چادر لیے صدمے سے بدحال اپنے گھر واپس آگئی تھیں۔ ان کی ہنستی مسکراتی زندگی میں آگ لگا دینے والے' ان سے ان کا سہاگ چھین لینے والے' ان کی بچی کو یتیمی کا دکھ دینے والے محمد بختیار خان کو وہ کبھی معاف نہیں کریں گی' وہ روتے ہوئے چیخ چیخ کر کہہ رہی تھیں۔

پھر آغا جان وہاں آ گئے تھے' وہ ڈیڈی کی میت پشاور لے جانا چاہتے تھے' ممی انہیں اس بات کی اجازت کبھی بھی نہ دیتیں مگر تجمل ماموں کے سمجھانے بجھانے پر وہ بحالت مجبوری اس بات کے لیے آمادہ ہوئی تھیں۔ ڈیڈی کی آخری رسومات پشاور میں ان کے آبائی گھر میں ادا کی گئی تھیں' انہیں ان کی ماں اور بھائی کے پہلو میں سپرد خاک کر دیا گیا تھا۔

تجمل ماموں نے ممی اور فارہ کو سنبھالا تھا' وہ لوگ تدفین کے بعد وہاں ایک پل نہ رکے تھے۔ ان کی زندگی اجڑ گئی تھی' ان کا گھر بکھر گیا تھا' ممی سے ان کا سہاگ چھن گیا تھا' فارہ کے سر سے باپ کا سایہ اٹھ گیا تھا' محمد بختیار خان سے شدید نفرت لیے ممی اور فارہ واپس لاہور اپنے گھر آگئی تھیں۔ ڈیڈی کے انتقال کے مہینہ بھر بعد آغا جان' ولی کے ساتھ ان کے گھر آئے تھے۔

وہ اسے اور ممی کو اپنے گھر اپنے ساتھ لے جانے آئے تھے۔ ممی نے ان کے ساتھ جانے سے قطعی انکار کر دیا تھا پھر بھی وہ اصرار کیے جا رہے تھے۔

"میں نے تمہیں بحیثیت بہو قبول نہ کر کے ضد اور ہٹ دھرمی دکھائی تھی۔ میں اعلا ظرف نہ تھا بیٹا! تم اعلا ظرف ہو جاؤ۔ اپنے گھر چلو۔ تمہارا گھر تمہارا منتظر ہے۔ تم وہاں کی بہو ہو۔" وہ ممی سے محبت جتا رہے تھے' فارہ پر والہانہ چاہت نچھاور کر رہے تھے۔

اس سے اس کے باپ کو چھین کر' ممی سے ان کے شوہر کو جدا کروا کر اب وہ یہاں کیا لینے آئے تھے' کیوں یہ جھوٹی محبتیں جتا رہے تھے' وہ انہیں دیکھتے ہوئے دل میں شدید غم و غصہ محسوس کرتے ہوئے سوچ رہی تھی۔

ممی نے ان کے ساتھ جانے سے قطعی اور واضح الفاظ میں انکار کر دیا تھا پھر بھی وہ ہمت نہ ہار رہے تھے۔ وہ مسلسل انہیں ساتھ لے جانے پر آمادہ کرنے کی کوشش کرتے کئی ماہ سے ان کے گھر آ رہے تھے' فون پر فون کر رہے تھے۔

فارہ کو ان سے اور ان سے جڑی ہر شے سے نفرت ہوتی اسے ولی صہیب خان سے نفرت ہوتی' جو لاہور آمد پر ہر بار ان کے ساتھ ہوتا اور اسے یہ یاد دلاتا کہ مرنے سے پہلے ہی وہ لوگ اس کے ڈیڈی کو اس سے چھین چکے تھے' ممی سے چھین چکے تھے۔

ان دنوں ممی' آغا جان اور ولی کے بار بار کے اپنے گھر کے چکروں سے سخت خوف زدہ ہو گئی تھیں۔ کہیں آغا

www.allurdu.com

جان اس نکاح کو مضبوط دلیل بنا کر حق جتا کر فارہ کو زبردستی اپنے ساتھ لے جانے کی کوشش نہ کریں۔ فارہ بھی گھر سے باہر قدم رکھتے ہوئے خوف محسوس کرتی تھی کہ کہیں ممی کے مسلسل انکار سے ضد میں آ کر آغا جان اسے ولی کے ذریعے اغوا نہ کروالیں۔ اسے زبردستی پشاور نہ لے جائیں۔

وہ راتوں کو خوف کے مارے اٹھ کر بیٹھ جایا کرتی۔ دکھوں اور خوف سے بھرے ان دنوں میں میڈیکل کالجز میں داخلے شروع ہو گئے تھے اور داخلے شروع ہوتے ہی آغا جان ولی کو ساتھ لیے ایک بار پھر ان کے گھر پر موجود تھے۔ یہ کہتے کہ ممی پشاور جانے پر آمادہ نہیں تو ٹھیک ہے وہ فارہ کا یہیں میڈیکل کالج میں داخلہ کروا دیتے ہیں اور یہ بھی کہ ان کی بہو اور پوتی اب مکمل طور پر ان کی ذمہ داری ہیں لہٰذا فارہ کے تعلیمی اخراجات ہوں یا ان کے گھریلو اخراجات' وہ سب پورا کرنا اب ان کے ذمہ ہے۔

ممی 'ابتدا میں اس سب سے انکاری ہوئی تھیں' انہوں نے پیسے کے حوالے سے بھی آغا جان سے کوئی تعلق رکھنے سے انکار کردیا تھا۔ مگر پھر تجمل ماموں نے انہیں سمجھایا تھا کہ وہ اس ضد اور اکڑ میں اپنی بیٹی کو اس کے جائز اور قانونی حق سے محروم کر رہی ہیں۔

محمد بختیار خان کی دولت' جائیداد پر کیا صرف صہیب خان اور اس کے بچوں کا حق ہے۔ فارہ کا بھی اس پر پورا پورا حق ہے بلکہ صہیب خان کے بچوں سے زیادہ ہی ہے کہ آغا جان نے برسوں اس کے ڈیڈی کو ان کے ہر جائز اور قانونی حق سے محروم رکھا تھا۔

آغا جان فارہ کی پڑھائی کا خرچا اٹھائیں یا ان کے گھریلو اخراجات کی ذمہ داری لیں تو یہ کوئی احسان نہیں بلکہ صرف ان کا فرض ہے۔ آخر کار ممی' تجمل ماموں کی بات مان گئی تھیں' پھر ان کے تجمل ماموں کی موجودگی ہی میں آغا جان سے بہت طویل مذاکرات ہوئے تھے۔ اور پھر اس سے اگلے روز آغا جان اسے میڈیکل کالج کے داخلہ فارم دلوانے اور اس کے نام ایک بینک اکاؤنٹ کھلوانے اسے اپنے ساتھ لے گئے تھے۔

ولی ہمیشہ کی طرح ان کے ساتھ تھا۔ انہوں نے اسے داخلہ فارم دلوایا خود ساتھ بیٹھ کر اس کے ساتھ بھروایا۔ وہ اس کے ساتھ انتہا سے زیادہ محبت اور شفقت سے پیش آ رہے تھے' وہ صرف ممی کے کہنے پر ان کے ساتھ آئی تھی مگر ان کی محبتوں کا یہ مظاہرہ اس کے دل کو کچھ عجیب سی کیفیت سے دوچار کر رہا تھا۔

"جس روز تم ڈاکٹر بن جاؤ گی ناں فارہ! بہروز کی روح بہت خوش ہوگی۔ تمہیں ڈاکٹر بنانے کی اسے بہت خواہش تھی۔" پھر وہ اسے اپنے ساتھ بینک لے آئے تھے۔

وہ اس کا اور ولی کا ایک جوائنٹ اکاؤنٹ کھلوا رہے تھے اور اس عمل کی اسے یہ توجیہہ دے رہے تھے کہ ایک اکیلے آدمی کے مقابلے میں جوائنٹ اکاؤنٹ زیادہ بہتر رہتا ہے اور پھر ابھی وہ بہت چھوٹی بھی ہے' بینکنگ سے متعلق معاملات تنہا سنبھالتے شاید گھبرا جائے۔

وہ اس وقت تو کچھ بھی نہ سوچ سکی تھی کہ ان کی محبتوں کے حصار میں جکڑ گئی تھی مگر گھر آ کر اس نے جب سنجیدگی سے سوچا تو خیال آیا کہ اگر جوائنٹ اکاؤنٹ ہی کھلوانا تھا تو وہ اپنا اور فارہ کا جوائنٹ اکاؤنٹ کھلوا سکتے تھے یا اس سے بھی بہتر تھا کہ ممی کا اس کے ساتھ اکاؤنٹ کھلوا دیتے اور سب سے بڑی بات کسی نئے اکاؤنٹ کے کھلوائے جانے کی ضرورت ہی کیا تھی۔

ممی کا اپنا پہلے ہی سے ایک بینک اکاؤنٹ موجود ہے اگر وہ بہو اور پوتی کو اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں' خود کو ان کا سرپرست قرار دیتے ہیں تو وہ ممی کے اس اکاؤنٹ میں ہر ماہ ان کے اخراجات کے لیے رقم ڈلوا دیا کرتے۔ بہو کے ہوتے پوتی کو فوقیت دے کر کیا وہ ممی کو ان کی اوقات یاد دلانے کی کوشش کر رہے تھے' انہیں ذلیل و بے عزت کرنا چاہتے تھے۔

"پوتی میرا خون ہے اور تم بالکل غیر' میری نگاہوں میں تمہاری کوئی حقیقت نہیں۔" وہ اس روز کے بعد بھی مسلسل اس سے ملتے رہے تھے' اس کے داخلے سے متعلق تمام امور ولی کے ذریعے انجام دلواتے رہے تھے۔

اس کا میڈیکل کالج میں داخلہ' پانچ لاکھ روپیہ رکھنے والا بینک اکاؤنٹ جس میں مزید پیسہ ڈلوائے جانے کا وعدہ کیا گیا تھا اور ان کی اس کے لیے بک کروائی نئے ماڈل کی گاڑی' وہ ان محبتوں اور پیسوں کی برسات سے متاثر ہو جاتی اگر اسے اپنی ماں کی کوئی پروا نہ ہوتی یا وہ ایک خود غرض بیٹی ہوتی۔

اس کی ماں کو ذلیل کر کے کیا وہ سمجھتے تھے کہ اس کی محبت جیت لیں گے؟

اس کا داخلہ کروا دینے کے بعد وہ واپس چلے گئے تھے اور پھر وہ خود تو نہیں آتے تھے البتہ ان کی فون کالز اس کے پاس



CamScanner

www.allurdu.com

ہر دو تین مہینے بعد ضرور آتی تھیں، جن میں اس کی خیریت پوچھی جاتی، پڑھائی کا احوال دریافت کیا جاتا، کچھ چاہیے تو نہیں اور ادھر ادھر کی کچھ مختصر گفتگو ہوتی۔

وہ ان سے تہذیب و شائستگی سے مگر بہت فاصلہ رکھ کر بات کرتی۔ جتنا وہ پوچھتے صرف اتنا جواب دیتی۔ ان فون کالز کے ساتھ وہ ہر ماہ اس کے اکاؤنٹ میں خطیر رقم ڈلوایا کرتے۔

وہ کالج جاتی تھی مگر پڑھائی سے اس کا دل اچاٹ سا ہو گیا تھا۔ وہ پہلے سی زندہ دل اور ہنسنے ہنسانے والی لڑکی بھی نہ رہی تھی۔ وہ خود کو بڑی مشکلوں سے کتابوں، پڑھائی اور کالج میں گم کرنے کی کوشش کرتی۔ یہ سوچ کر کہ اسے ڈاکٹر بنانا اس کے ڈیڈی کا ایک بہت بڑا خواب تھا۔

یہ خواب کبھی اس کا بھی تھا مگر اب وہ صرف ڈیڈی کے خوابوں کو پورا کرنے کے لیے دن، رات پڑھتی اور محنت کرتی۔ ممی ڈیڈی کے انتقال کے بعد سے جو بیمار رہنے لگی تھیں تو ان کی طبیعت سنبھلتی ہی نہ تھی۔

وہ پہروں اداس اور خاموش بیٹھی رہتیں، وہ گھنٹوں روتی رہتیں۔ وہ ان کی بیٹی تھی، وہ ان کے دکھوں کو سمجھ سکتی تھی۔ ساری زندگی اپنے جس شوہر کا ساتھ انہوں نے اتنی محبت اور پوری وفاداری سے نبھایا، وہ اس کی زندگی کے آخری لمحوں میں اس کے قریب کیوں نہیں تھیں؟

ان کا شوہر ان سے خفا، کچھ کہے سنے بغیر کیوں اس دنیا سے چلا گیا۔ کیا وہ اچھی بیوی نہیں تھیں؟ کیا وہ شوہر کی وفادار نہ تھیں؟ پھر ان کے حصے میں یہ کبھی نہ ختم ہونے والا دکھ اور پچھتاوا کیوں آیا؟ کس کے سبب آیا؟ کس کی وجہ سے آیا۔ صرف اور صرف ایک شخص۔

ممی یا کمرہ بند کر کے روتی رہتیں یا ایک دم اتنی بیمار پڑ جاتیں کہ تجمل ماموں اور معیز انہیں لیے ہسپتال بھاگتے۔ وہ خوف زدہ اور پریشان جب اپنی روتی اور بیمار ماں کو دیکھتی تو فون پر خود سے محبتیں جتاتے دادا سے اسے مزید شکایتیں اور گلے پیدا ہو جاتے۔ دکھوں سے بھرے ان روز و شب میں تجمل ماموں اور ان کی فیملی نے ان کا بہت ساتھ دیا تھا۔

اس کے ایک ماموں اور ایک ہی خالہ تھیں۔ خالہ شادی ہو کر برسوں سے کینیڈا میں مقیم تھیں، یہاں واحد قریبی رشتہ دار تجمل ماموں ہی تھے۔ انہوں نے اور اس کے ڈیڈی نے برسوں پہلے برابر برابر واقع یہ دو پلاٹ ایک ساتھ خرید کر ان پر آگے پیچھے ہی اپنے اپنے گھر بنوا کر یہاں رہائش اختیار کر لی تھی۔

ڈیڈی کے انتقال کے بعد بہن اور بھانجی کی تنہائی اور اکیلے پن کو دیکھتے تجمل ماموں نے دونوں گھروں کے بیچ کی دیوار میں ایک حصہ تڑوا کر اس میں ایک چھوٹا سا گیٹ لگوا دیا تھا جو ہر وقت کھلا رہتا، تاکہ وہ اور ممی خود کو تنہا محسوس نہ کریں اور انہیں تحفظ کا احساس بھی رہے۔

وہ دادا کا تجمل ماموں کے ساتھ موازنہ کیا کرتی۔ تجمل ماموں اور معیز جو ممی کی ایک آواز پر ان لوگوں کے پاس موجود ہوتے تھے، وہ ہر لمحہ ان کی خبر گیری کو موجود رہا کرتے تھے۔

معیز تقریباً" ہر رات اپنے گھر کا اپنا کمرہ چھوڑ کر ان کے گھر سونے آجاتا، اس کے ہونے سے تحفظ کا احساس ہوتا تھا۔ کسی مرد کے سہارے کے بغیر وہ ماں بیٹی تنہا کیسے جئیں گی، ممی اکثر اس بات پر روتیں، اللہ سے شکوے کرتیں کہ اس نے انہیں بیٹی کے ساتھ ایک بیٹا بھی کیوں نہ دیا۔

ان کی ایسی ہی باتوں پر معیز بارہا انہیں یقین دلاتا کہ وہ ان کا بیٹا ہے اور وہ انہیں زندگی میں کبھی بیٹے کی کمی محسوس نہیں ہونے دے گا۔ وہ ممی کے لیے بھتیجے سے بیٹا بن گیا تھا۔ وہ ان کا احترام بھی کرتا اور ہر مشکل میں ان کے ساتھ کھڑا بھی ہوتا۔

ممی کا تارک الدنیا ہو جانا، ان کی گوشہ نشینی، بیماری اور ان کے بے حساب آنسو ان سب کے ساتھ ممی کے مزاج میں گزرتے وقت کے ساتھ مزید کچھ اور تبدیلی بھی آگئی۔ وہ حد سے زیادہ حساس اور زود رنج ہو گئی تھیں، وہ معمولی باتوں پر چڑ جاتیں، ناراض ہو جاتیں، رونا شروع کر دیتیں اس کی کسی چھوٹی سی بات پر بھی جو انہیں ناگوار گزرتی چیخنا چلانا شروع کر دیتیں، اس سے خفا ہو جاتیں اپنا بی پی بڑھا لیتیں۔

ان سے اختلاف رائے تو کیا وہ کسی عام سے گھریلو معاملے پر اظہار رائے ہی کی جرات کر بیٹھتی تو وہ غصے میں آجاتیں، اس پر چلانے لگتیں۔ وہ اپنے دادا کی دولت سے متاثر ہے اور انہیں چھوڑ کر دادا کے پاس چلی جانا چاہتی ہے۔ وہ ہر دم اس پر شک کیا کرتیں، اس سے مشکوک رہا کرتیں کہ وہ انہیں اکیلا چھوڑ کر دادا کے پاس چلی جائے گی۔

وہ انہیں اپنی محبت کا کیسے یقین دلائے، وہ اکثر اکیلے میں

www.allurdu.com

روتی رہتی- ممی کو انتہائی سخت غصہ آنے لگا تھا اور ان کے غصے کو اگر کوئی قابو کر پاتا تو صرف معیز- انہیں اگر کوئی بات کوئی سمجھا پاتا تو صرف معیز' فارہ اپنی ہر بات اور ہر کیفیت ممی تک پہنچانے کے لیے معیز سے مدد لیتی- وہ اس کی مدد کرتا- ممی سے دوری' اپنے گھر کی تنہائی' کسی دوست' کسی ہمدم' کسی رشتے کی شدید کمی کے ان ہی ماہ و سال میں اس کی معیز سے دوستی ہو گئی-

اپنے سے سات سال بڑے ماموں زاد کزن سے وہ دل کی باتیں کرنے لگی- وہ ڈیڈی کی زندگی میں صرف اس کا کزن تھا مگر ان کے بعد تنہائیوں اور آزمائشوں کے سالوں میں اس کا دوست بن گیا- وہ اپنی ہر پریشانی' ہر مشکل اور ہر الجھن اس سے شیئر کرنے لگی- ممی تک کوئی بات پہنچانی ہے تو معیز کا سہارا لیتی اور خود کو کوئی مشورہ درکار ہے تو معیز سے رجوع کرتی-

وہ اس سے سات سال بڑا تھا' اس لیے جب وہ انیس بیس سال کی امیچور عمر سے گزر رہی تھی تب وہ تعلیم مکمل کر کے اپنا کریئر بنا چکا تھا' خود کو اسٹیبلش کر چکا تھا-

وہ اس کے خاندان کا سب سے لائق اور قابل لڑکا تھا- معاشیات اور شماریات میں ڈگریز لینے کے بعد بھی اس کا تعلیمی سفر ختم نہ ہوا تھا' وہ ہر آن کچھ نہ کچھ نیا سیکھنے میں مصروف رہا کرتا تھا-

آغا جان کا باقاعدگی سے پیسے بھجوانا اور دو' تین ماہ بعد کی فون کال ان دو معمولات سے ہٹ کر انہوں نے اس کے نکاح یا رخصتی کے حوالے سے کبھی کچھ نہ کہا تھا- مگر وہ اس نکاح کو یاد کر کے روز اول ہی کی طرح ڈر جایا کرتی تھی- آگے کیا ہوگا' اسے شدید خوف محسوس ہوتا-

اس سے بات بے بات ناراض رہنے اور غصہ کرنے والی ممی کو بھی اس بات کی بے حد فکر رہتی کہ فارہ کے مستقبل کا ہوگا کیا؟ وہ اپنی بیٹی محمد بختیار خان کے خاندان میں نہیں دیں گی- یہ تو طے تھا-

فارہ کی طلاق یا خلع ایک بالکل طے شدہ بات تھی مگر انہیں اس بات کی فکر لاحق ہوتی کہ طلاق کا داغ لگنے کے بعد ان کی بیٹی کا مستقبل ہوگا کیا؟

اس کی شادی کہاں ہوگی؟ کیسے ہوگی؟ ایسے ہی ایک موقع پر جب ممی اس کے مستقبل کے حوالے سے سخت پریشان اور آزردہ ہو رہی تھیں تب تجمل ماموں نے انہیں تسلی دی تھی کہ وہ فارہ کے مستقبل کی طرف سے بے فکر رہیں' فارہ کو وہ اپنی بہو بنائیں گے اور ان کی خواہش سے بھی بڑھ کر یہ خود معیز کی خواہش ہے-

ممی نے بے حد خوشی کے ساتھ تجمل ماموں کے دیے معیز کے اس رشتے کو قبول کر لیا تھا- فارہ اس بات پر حیران بھی ہوئی تھی اور خوش بھی- وہ معیز کے لیے کزن اور دوست سے بھی بڑھ کر کچھ خاص مقام حاصل کر گئی ہے یہ تو اس کے کہے بنا ہی وہ سمجھتی تھی مگر یہی بات تجمل ماموں کے ذریعے باضابطہ ممی تک پہنچ جانا اور اس کا قبول بھی کر لیا جانا-

وہ خوش ہونا چاہتی تھی کیونکہ معیز میں وہ تمام خوبیاں موجود تھیں جو کوئی بھی لڑکی اپنے شریک سفر میں چاہ سکتی ہے' مگر وہ کیسے خوش ہوتی- پرواز کی خواہش سے پہلے ہی اس کے پر کاٹ دیے گئے تھے' خوشی کا احساس پانے سے پہلے ہی اس سے خوشیاں چھین لی گئی تھیں-

اگر ولی صہیب خان کا خوف کسی آسیب کی طرح اس کے وجود پر مسلط نہ ہوتا تو وہ بے خوف و خطر معیز کے خواب دیکھتی' خوشیوں کے خواب دیکھتی مگر اب' تو خواب دیکھتے بھی ڈر لگتا تھا- کیا ولی صہیب خان کبھی اس کا پیچھا چھوڑے گا؟ کیا کبھی وہ اس جبر کے رشتے سے نجات حاصل کر پائے گی؟- وہ سوچتی اور بہت روتی-

گھر کا سربراہ نہ رہے تو گھر کا شیرازہ کس طرح بکھرتا ہے' وہ اپنے گھر کو دیکھتی تو بہت اداس ہوتی- بہت کڑھتی- ڈیڈی کے بعد بتدریج تبدیل ہوتا ان کے گھر کا ماحول اس کے میڈیکل کے آخری سالوں کے آتے آتے مکمل طور پر تبدیل ہو گیا تھا-

ممی نے زہرا مامی کے ساتھ ایک این جی او جوائن کر لی تھی وہ سوشل ورک میں مصروف رہنے لگی تھیں' گھر کو مکمل طور پر نوکروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا تھا- ڈیڈی کی زندگی میں جس گھر میں سوائے صبح سے رات تک کام کرنے والی ایک اکلوتی ملازمہ کے کوئی نوکر نہ تھا' ممی نے وہاں نوکروں کی فوج جمع کر ڈالی تھی-

آغا جان کے جس پیسے کو ابتدا میں وہ ہاتھ لگانا بھی حرام سمجھتی تھیں اور وہ صرف فارہ کی تعلیم یا پھر انتہائی ناگزیر گھریلو اخراجات کے لیے استعمال ہوتا تھا' انہوں نے اسے بے دریغ خرچ کرنا شروع کر دیا تھا- وہ ہر دوسرے دن اس سے چیک کٹواتیں- کبھی پچیس ہزار' کبھی پچاس ہزار کبھی ستر' کبھی اسی اور کبھی لاکھ-



CamScanner

www.allurdu.com

کبھی گھر کا سارا فرنیچر بدل دیا تو کبھی تمام قالین ' کبھی سارے پردے ' کبھی گھر پر کوئی پارٹی رکھ لی تو کبھی کسی فائیو اسٹار ہوٹل میں دوست احباب کو گیٹ ٹو گیدر ارینج کر ڈالی۔

کبھی کسی رشتے دار یا دوست کو تحفے میں کچھ قیمتی چیز دے دی تو کبھی کہیں ڈونیشن دے آتیں اور کبھی ان کی مرضی انہوں نے کہاں خرچ کیا' وہ فارہ کو بتانے کی پابند تو نہیں۔ سادہ و گھریلو سی عورت سے بدل کر وہ امیر طبقے کی بلکہ نو دولتی طبقے کی نمائندہ بے حساب پیسے کی نمائش کرنے والی عورت بن گئی تھیں۔

یوں لگتا تھا جیسے وہ پانی کی طرح اس پیسے کو لٹا کر اسے تباہ و برباد نہیں کر رہیں بلکہ محمد بختیار خان کو تباہ و برباد کر ڈالنا چاہتی ہیں۔ روز روز کی ان بڑے بھاری رقوم کے چیک کاٹنے پر ایک بار وہ ممی سے تھوڑا سا اختلافی انداز گفتگو اختیار کر بیٹھی تو انہوں نے وہ واویلا مچایا' وہ چیخیں' چلائیں اور روئیں کہ اسے اپنے اعتراض پر شرمندہ و نادم ہونے اور پچھتانے کے سوا کچھ نہ سوجھا۔

"میرا شوہر نہیں رہا' محتاج ہو گئی ہوں اپنی اولاد کی۔ بختاور خان نے مجھے ایسا لاچار بنا دیا ہے کہ آج مجھے اپنی ہی بیٹی کے آگے ہاتھ پھیلانا پڑتا ہے اور پھر یہ بختیار خان کی پوتی کی مرضی ہے کہ وہ ماں کو پیسہ دے یا نہ دے۔" رو رو کر اور باقاعدہ ہاتھ جوڑ کر معافیاں مانگتے وہ اسی وقت اپنا ATM کارڈ نکال کر لائی تھی اور اسے پن کوڈ سمیت ممی کے حوالے کر دیا تھا۔

تجمل ماموں' زہرا مامی' معیز کوئی کتنا بھی کہتا رہے کہ یہ پیسہ تمہارا حق ہے' بالکل جائز حق' یہ کوئی احسان یا بھیک نہیں پھر بھی وہ اپنی تعلیم ضروریات کے لیے اس پیسے کو استعمال کرنے کے علاوہ کسی انتہائی شدید اور ناگزیر ضرورت ہی کے تحت اپنے اکاؤنٹ سے خوب سوچ سمجھ کر اور بس ضرورت ہی کے مطابق رقم نکالا کرتی تھی مگر اس کے باوجود بھی ممی ہر مہینے اکاؤنٹ "تقریباً" "تقریباً" خالی کر دیا کرتی تھیں۔

ممی پر افسوس' ترس اور ہمدردی کے بعد اب اسے ان پر غصہ آنے لگا تھا' جھنجھلاہٹ ہونے لگی تھی۔

اس کے فائنل ایئر ہی کے دوران معیز نے اسے باقاعدہ پرپوز کیا تھا۔ اس نے یہ بھی کہا تھا کہ اب وہ میچور ہو چکی ہے' اس کی تعلیم بھی مکمل ہونے والی ہے لہٰذا اب یہاں سے کسی اچھے وکیل سے مشورہ کیے جانے کے بعد جلد ہی وہاں پر طلاق کا مطالبہ کر دیا جائے گا۔ معیز کا پرپوزل خوشی کی بات تھی مگر اس کی طلاق؟ گزشتہ چار سالوں میں اس کے نکاح یا رخصتی کے متعلق کچھ نہ کہنے والے آغا جان اب اس کے فائنل ایر کے دوران اکثر باتوں باتوں میں ایسی کوئی بات ضرور کہہ جاتے جو اس کی رخصتی اور شادی سے متعلق ہوتی۔

فارہ یہ شادی کرنا بھی چاہتی ہے یا نہیں' یہ جاننے کی زحمت گوارا کیے بغیر وہ اس کی اور ولی کی شادی کی باتیں کیا کرتے۔ زبردستی کا نکاح اور زبردستی کی شادی۔ واقعی آغا جان کی محبت مطلق العنانی والی محبت تھی۔ ان کے من چاہے اور زبردستی مسلط کردہ فیصلوں کو قبول کیے جاؤ اور بدلے میں ان کی محبت پائے جاؤ۔

شادی دل کی خوشی کا نام ہے یا زبردستی مسلط کردہ کسی ناپسندیدہ رشتے کو نبھانے کا؟ وہ آنے والی قیامت جواب بہت نزدیک آچکی تھی کو سوچ سوچ کر خوف زدہ ہوتی' خود کو دباؤ میں محسوس کرتی' ہر وقت ٹینشن میں رہتی' اس صورت حال کا منفی اثر اس کی پڑھائی پر یہ پڑا کہ بے تحاشا محنت کے باوجود فائنل ایئر میں اس کا ویسا رزلٹ نہ آیا جس کی اسے امید تھی اور جس کی اس نے دن' رات لگ کر محنت کی تھی۔ اس کا اکیڈمک کیریئر' اس کا پروفیشنل کیریئر سب ایک شخص کے سبب تباہ ہوتا نظر آ رہا تھا۔

اسے اس شخص ولی صہیب خان سے کچھ اور بھی شدید نفرت ہونے لگی تھی۔ اس کے رزلٹ کا پوچھنے آغا جان کا فون آیا تھا اور یہاں ممی نے تجمل ماموں اور معیز کے مشورے سے ایک بہت اچھے وکیل سے رابطہ کر لیا تھا۔

یہی وجہ تھی کہ جب وہ اس کے پاس ہو جانے کا سن کر اس کے لیے کئی بیش قیمت تحائف لے کر ان کے گھر کئی برسوں بعد آئے تب ممی نے اس روز ان سے اعلانیہ فارہ کی طلاق کا مطالبہ کر دیا۔

پانچ سالوں بعد اگر وہ یہ سمجھ رہے تھے کہ اپنی دولت کی خیرہ کن چمک دمک دکھا کر اور محبتیں جتا کر ان کی اور فارہ کے فیصلے کو تبدیل کروا لینے میں کامیاب ہو جائیں گے تو آج اپنی تمام خوش فہمیاں دور کر لیں۔

فارہ اور اس کی ماں کا پانچ سال بعد بھی وہی فیصلہ ہے جو پانچ سال پہلے تھا۔ ممی کے اگر الفاظ نہیں تو لہجہ ضرور یہی سب کہہ رہا تھا۔



CamScanner

www.allurdu.com

اور پھر اس روز سے ممی اور آغا جان کے بیچ چھڑی غیر اعلانیہ سرد جنگ باقاعدہ اور باضابطہ اعلانیہ جنگ میں تبدیل ہو گئی تھی۔ ممی کی جارحانہ پالیسیوں کے جواب میں آغا جان کا انداز دفاعی حکمت عملی رکھنے والا تھا۔

"اچھا رخصتی کچھ عرصہ کے لیے موخر کر دیتے ہیں۔ فارہ کا ہاؤس جاب ہو جائے۔ اگر وہ پوسٹ گریجویشن میں انٹرسٹڈ ہے تو وہ کر لے' رخصتی چند سالوں بعد۔" جیسی میٹھی میٹھی' صلاح صفائی والی باتیں۔

طلاق کے مطالبے کے ساتھ ہی ممی نے ان سے جائیداد میں فارہ کے حصے کا مطالبہ بھی کر دیا تھا۔ طلاق کی بات درست تھی مگر جائیداد؟ اسے اس شخص ولی صہیب خان سے کوئی رشتہ نہیں رکھنا تھا' یہ طے تھا مگر اسے کسی جائیداد میں بھی کوئی دلچسپی نہ تھی۔ جائیداد کے اس مطالبے پر اس کا ممی سے اختلاف ہوا تھا۔

"کہہ دو میں غلط ہوں۔ تمہارے آغا جان صحیح ہیں۔"

"جانا چاہتی ہو تو چلی جاؤ اپنے دادا کے پاس۔ کروالو ان کے پوتے سے رخصتی۔"

"چھین لی اس ظالم انسان نے مجھ سے میری بیٹی۔ کر دیا اسے ماں سے باغی۔" وہ ان کے ان عجیب و غریب الزامات و ناراضیوں سے خائف ہو کر مجبوراً" چپ تو ہو گئی تھی مگر یہ بات اس کے دل کو بالکل بھی اچھی نہیں لگ رہی تھی۔

اپنی زندگی اور گھر کی الجھنوں کا انتہائی منفی اثر اس کی ہاؤس جاب میں خراب ترین کارکردگی کی صورت سامنے آ رہا تھا۔ وہ ہر روز کسی نہ کسی سینئر ڈاکٹر سے خود کو نااہل' غیر ذمہ دار اور غیر پیشہ ورانہ رویے کا حامل سن کر آتی۔

یہاں سے شدومد سے طلاق کا مطالبہ اور وہاں سے مسلسل ٹال مٹول' اس کا اضطراب اور بے چینی ہر گزرتے دن کے ساتھ بڑھتا جا رہا تھا۔ ممی اور آغا جان اپنی اپنی انا کی جنگ لڑ رہے ہیں' اس کے دل میں یہ خیال پختہ ہوتا چلا جا رہا تھا۔ وہ ان دونوں کے لیے بیٹی یا پوتی نہیں بلکہ ان کی انا' ان کی ضد اور ان کی جیت ہے۔ وہ جس کی طرف ہو جائے گی وہی جیت جائے گا۔

اس کے اندر ان دونوں کے لیے شدید ناراضی اور خفگی پیدا ہونے لگی تھی۔ ان کے طلاق کے مطالبے کو وہاں سنجیدگی سے نہ لیا جاتا دیکھ کر آخر کار مجبوراً" ان لوگوں کو خلع کی طرف جانا پڑا۔

اسے اس کا رخصتی سے قبل کا آدھا حق مہر جو کہ طلاق کی صورت میں مذہبی لحاظ سے اسے لازمی ملنا تھا' اس سے دستبرداری کے بعد مجبوراً" خلع کا مطالبہ کرتے ممی اب جائیداد میں فارہ کے حصے کے مطالبے سے تو ایک انچ پیچھے ہٹنے کو تیار نہ تھیں۔

اس کے وکیل کی طرف سے خلع کا قانونی مطالبہ ان تک پہنچنے کی دیر تھی آغا جان' ولی کے ساتھ اگلے ہی روز ان کے گھر موجود تھے۔ آغا جان کی وہی صلح صفائی والی میٹھی میٹھی باتیں اور ولی کا اشتعال اور غصہ۔

"فارہ کو بلائیں۔ مجھے اس سے بات کرنی ہے۔" ممی جو آغا جان کو کافی ٹھیک ٹھاک سنا رہی تھیں ولی نے ان کی بات کاٹ کر بہت گستاخی سے کہا تھا۔

"فارہ کے بڑے یہاں موجود ہیں' تمہیں جو کچھ کہنا ہے ان سے کہو۔" ممی کے بجائے معیز نے اسے جواب دیا تھا۔ وہ معیز کی بات کے جواب میں حقارت اور تنفر سے فوراً" بولا تھا۔

"اپنے پرسنل معاملات میں کسی تھرڈ پرسن کی شرکت میں پسند نہیں کرتا۔ تمہارے والد بزرگوار کو میں فارہ کے ماموں ہونے کے ناتے یہاں برداشت کر سکتا ہوں مگر تمہاری یہاں موجودگی کا تو سرے سے کوئی جواز ہی نہیں ہے اور ویسے میں یہاں کسی بڑے سے نہیں اپنی بیوی سے ملنے آیا ہوں۔ آپ لوگ اسے یہاں بلائیں گے یا میں اندر جا کر خود اس سے مل لوں۔"

ولی کی اس بدتمیزی پر ممی اسے ڈرائنگ روم میں بلا لائی تھیں' وہ خود آ کر اپنا جواب ان دونوں دادا پوتے کو دے دے تاکہ انہیں تسلی ہو سکے اور پھر وہیں آ کر اس نے آغا جان سے پہلی بار بالکل صاف اور واضح اس رشتے سے انکار کر دیا تھا۔

"مجھے طلاق چاہیے۔ میں ولی صہیب خان کے ساتھ کسی بھی قیمت پر نہیں رہنا چاہتی۔" یہ الفاظ ادا کرتے ہی وہ وہاں سے واپس آ گئی تھی۔

اس کا خیال تھا کہ اپنے دل کی بات آغا جان تک پہنچا کر اس کی بے چینی و اضطراب ختم ہو جائے گا مگر ان تک اپنا انکار پہنچا دینے کے بعد تو اس کی بے چینی' اضطراب' اور بے قراری مزید کئی گنا بڑھ گئی تھی۔ اس کی راتوں کی نیند غائب ہو گئی تھی' اس کا رہا سہا چین' سکون اور آرام سب کچھ بالکل ختم ہو گیا تھا۔ اس کی زندگی پہلے اگر بدتر تھی تو اب بدترین ہو گئی تھی۔ ان کے گھر سے جا کر تیسرے دن



CamScanner

www.allurdu.com

آغا جان کا فون آیا تھا۔

"میری صحت ٹھیک نہیں' میری زندگی کا کچھ پتا نہیں۔ فارہ سے میری بات کرادو۔" وہ ممی سے بولے تھے۔

وہ وہاں موجود تھی' ممی اگر ان کی اس سے بات نہیں کروانا چاہتی تھیں تو وہ خود بھی ان سے بات کرنے سے کترا رہی تھی۔ وہ ان سے کیا بات کرے گی' کیا کہے گی۔ یہاں سے طلاق کا مطالبہ کیے جانے کے بعد آغا جان نے اسے اس کے موبائل پر تین چار بار کال کی تھی جو اس نے نمبر دیکھ کر ریسیو ہی نہ کی تھی۔

وہ ولی سے شادی کے لیے راضی نہیں' یہ جاننے کے باوجود وہ اسے اس شادی کے لیے راضی کرنے کی کوشش کریں گے' اس سے محبت کا اظہار کریں گے' وہ ان کے پاس ہمیشہ کے لیے آکر رہ جائے یہ ان کی شدید خواہش ہے جیسی باتیں کہیں گے اور وہ جواب میں کیا کہہ پائے گی۔

اپنے زبردستی کے نکاح اور ڈیڈی کی اتنی تکلیف دہ انداز میں موت کے لیے وہ آغا جان کو کبھی معاف نہیں کر سکتی تھی مگر وہ اس کے دادا تھے' اس کے ڈیڈی کے والد' وہ ان سے کوئی گستاخی یا بدتمیزی تو ہرگز نہیں کرسکتی تھی اس لیے بہتر یہی تھا کہ ان کی کالز نہ اٹینڈ کی جائیں۔

اس کی بے کلی اور بے قراری میں ہر گزرتے دن کے ساتھ اضافہ ہو رہا تھا ممی کی ریسیو کی اس آخری فون کال کے بعد ان کی کوئی کال نہ آئی تھی۔ ممی نے نہ کبھی اس کی سنی تھی اور نہ سننے پر آمادہ تھیں ہاں اس نے معیز سے یہ ضرور کہا تھا کہ وہ ممی کو سمجھائے' انہیں بتائے کہ فارہ کو جائیداد میں اپنا حصہ نہیں صرف طلاق چاہیے۔ وہ اس جھگڑے کو مزید الجھا کیوں رہی ہیں۔

معیز نے بجائے ممی کے اسے سمجھانا شروع کیا تھا۔ وہ آخر ولی صہیب خان نام کے اس گھمنڈی انسان کے آگے کیوں جھک رہی ہے' کیوں اپنے ہر حق سے دستبردار ہو رہی ہے۔ پہلے ہی وہ خلع کا مطالبہ کرکے اپنے حق مہر سے دستبردار ہو چکی ہے' اب اس لالچی اور دولت پرست انسان کو جو اسے طلاق دیتا ہی صرف اس لیے نہیں کر اسے جائیداد میں ہزارا گوارا نہیں کیوں جائیداد سے دستبرداری کا اعلان کرکے جیت کی ایک اور خوشی فراہم کر رہی ہے۔

طلاق اور خلع کے مطالبے کے باوجود وہاں سے پابندی سے اس کے اکاؤنٹ میں پیسہ ڈلوایا جا رہا تھا' غالباً اس پر اپنی اچھائی' بڑائی اور اعلا ظرفی ثابت کرنے کے لیے اور ممی ATM کے ذریعے اس میں سے بے دریغ پیسہ نکلوا نکلوا کر آدھے ہی مہینے میں اکاؤنٹ میں محض چند ہزار روپوں کا بیلنس چھوڑ رہی تھیں۔ اسے اپنی ممی پر شدید افسوس ہوتا۔ اس کی ماں کی غیرت اور خودداری کہاں جا سوئی ہے۔ جن سے اتنی شدید نفرت ہے' جن سے ہر رشتہ توڑ دینے کا مصمم عزم ہے۔ ان کا پیسہ استعمال کرتے کیا ان کی انا اور غیرت نہیں جاگتی؟

پھر اس روز جب اس کے اکاؤنٹ میں جمع کروائے گئے تازہ ترین پیسوں میں سے ممی نے ہمیشہ کی طرح دھڑا دھڑ پیسے نکلوا کر یہاں وہاں خرچ کرنا شروع کیے تب اس کا ممی پر افسوس خود پر سخت غصے میں تبدیل ہو گیا۔

ممی نے روتے اور طعنے دیتے جو بھی کہا تھا اسے ATM کارڈ ان کے حوالے کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ ایک بار دے کر اب واپس مانگنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ وہ اس روز اپنا بیلنس پتا چلنے پر اپنا ATM کارڈ ممی کے سپرد کرنے والی جذباتی حرکت پر بے انتہا پچھتائی۔

وہ اس کا اور ولی کا جوائنٹ اکاؤنٹ تھا۔ وہ ہر مہینہ پیسہ ڈلواتے وقت جب بیلنس دیکھتا ہو گا تو اس کے متعلق کیا سوچتا ہو گا۔ اسے ولی کے سامنے اپنے کسی امپریشن کے بننے یا بگڑنے کی پروا نہیں تھی۔ وہ اسے جو مرضی سمجھتا ہو مگر پھر بھی اس کی انا کو یہ گوارا نہیں تھا کہ اس کا دشمن اسے بے غیرت اور خودداری سے عاری سمجھے خرچ وہ پیسہ ممی کرتی ہیں مگر اس میں شامل تو وہ بھی سمجھی جاتی ہو گی۔

اس روز اس نے اپنی اے ٹی ایم سروس منقطع کرادی تھی۔ اس نے سوچا تھا کہ وہ ممی کو کوشش کرکے تحمل اور بردباری سے ایسا کرنے کی وجوہات سے ضرور آگاہ کرے گی مگر ایسا کچھ بھی ہونے کی نوبت ہی نہ آسکی تھی۔ ممی نے شاید اس روز پیسہ نکلوانے کی کوشش کی تھی اور ناکامی کی صورت یہ جان گئی تھیں کہ اس نے اپنی اے ٹی ایم سروس کا خاتمہ کرا دیا ہے' تب ہی وہ ہسپتال سے گھر پہنچی تو ممی شدید غصے کے عالم میں اس کی منتظر تھیں۔

وہ معاملے کو سنبھالنے' ممی کا غصہ ٹھنڈا کرنے اور انہیں سمجھانے کی کی کوشش کر رہی تھی کہ زہرا ماسی کی آمد نے اس کی ہر کوشش پر پانی پھیر دیا۔

www.allurdu.com

بیچ کا وہ گیٹ کافی عرصہ سے اس کے لیے عذاب بنا ہوا تھا' زہرا ممانی یا اس کا کوئی بھی کزن وقت بے وقت جب موڈ ہوتا ان کے گھر اٹھ آتا' ایک تو ان کے اپنے گھر کی پرائیویسی متاثر ہوتی جو اسے بدمزہ کرتی۔ دوسرے زہرا مامی کی موقع بے موقع آمد اور ان کے گھریلو معاملات میں غیر ضروری اور بے جا مداخلت۔

اپنے گھر کے ذاتی معاملات میں اسے ان کی ضرورت سے زیادہ مداخلت کھلتی تھی مگر تجمل ماموں اور پھر معیز کی وجہ سے وہ مصلحتاً" خاموشی اختیار کر لیا کرتی انہوں نے۔

"فارو ماں سے ایسے بات کرتے ہیں۔"

"ماں وہ ہے تمہاری یا تم اس کی؟ اب تم اسے بتاؤ گی کہ صحیح کیا ہے؟" جیسی باتیں کر کے جلتی پر تیل چھڑکنے کا کام کیا تھا۔

ممی تو پہلے ہی غصے سے بے قابو تھیں' ان ہمدردانہ جملوں کے بعد تو پھر وہ کسی صورت کچھ سننے اور سمجھنے پر آمادہ نہ تھیں۔ مزید قصور اس سے یہ سرزد ہو گیا کہ وہ ممی کے جائیداد کے مطالبے کے متعلق ناپسندیدگی بلکہ اپنی مخالفت ظاہر کر بیٹھی اور یہ اس کی کھلی نافرمانی اور بغاوت تھی۔

ان کی ہر غلط بات پر سر جھکانا فرماں برداری اور غلط پر کچھ بولنے کی جسارت بغاوت تھی۔ پھر اس کے ساتھ انہوں نے وہی سلوک کیا جو باغیوں کی سرکوبی کے لیے کیا جاتا ہے۔

دو ڈھائی سال قبل انہوں نے نورین خالہ کے کہنے پر کہ بڑی عمر کے افراد کو کینیڈا کی امیگریشن نوجوان کے مقابلے میں آسانی سے مل جاتی ہے لہٰذا وہ بھی امیگریشن کے لیے اپلائی کریں' اپنی درخواست داخل کی تھی۔ وہ سب ایک کھیل جیسا تھا۔ ممی نے محض تفریحاً" امیگریشن کے لیے اپلائی کر دیا تھا۔ مگر خوش قسمتی سے انہیں ڈیڑھ دو برس کے اندر ہی کامیابی نصیب ہوئی اور وہاں کی امیگریشن مل گئی تھی۔

وہ پانچ ماہ قبل ممی کا کینیڈین ایمبیسی میں ہونے والا انٹرویو اور اس میں کامیابی' ان کا میڈیکل' ان کی کینیڈا کی امیگریشن سب کچھ بھول چکی تھی۔

اس کے خیال سے وہ سب ممی کی ایک تفریح تھی بس یونہی کہ موڈ بنے پر وہ شاید بہن سے ملنے اور کینیڈا گھومنے پھرنے وہاں چلی جاتیں مگر وہ اپنی کینیڈا کی اس تفریحی امیگریشن بیٹی کو سزا دینے کے لیے استعمال کریں گی ایسا تو اس کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا۔ پانچ ماہ سے اپنی اس امیگریشن کا کوئی ذکر بھی نہ کرنے والی ممی نے اپنی گستاخ اور باغی بیٹی کو سزا دینے کے لیے فوراً" کینیڈا جانے کا فیصلہ کر لیا تھا۔

وہ ٹورنٹو اپنی بہن کے پاس جا رہی تھیں۔ انہیں فارہ سے ہمیشہ یہ خطرہ لاحق رہا تھا کہ وہ انہیں چھوڑ کر اپنے دادا کے پاس چلی جائے گی مگر اس کے دل میں تو کبھی معمولی سا شک بھی پیدا نہیں ہوا تھا کہ اس کی ماں اسے بالکل اکیلا چھوڑ کر' اس سے ناراض ہو کر بھی کہیں جا سکتی ہے۔

یہ ایک ماں کی اپنی باغی بیٹی کے لیے تجویز کردہ سزا تھی "اب تم جانو اور تمہاری زندگی۔"

☼ ☼ ☼

اس کا خیال تھا کہ پوری رات کروٹیں بدل بدل کر گزار دے گی اور اسے نیند نہیں آئے گی۔ ان دنوں جب رات کی تنہائیوں میں اکیلے پن کے دکھ اور خوف کو ساتھ لیے اپنے گھر میں نیند نہیں آتی تھی تو اس جگہ تو آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ یہ جگہ تو مرکز و منبع تھا اس کے تمام دکھوں' خوفوں اور ٹینشن کا مگر سوچتے الجھتے بے تحاشا روتے نجانے رات کے کس پہر اس کی آنکھ لگ گئی تھی۔

ایسی گہری نیند کہ جس کروٹ وہ سونے لیٹی تھی اسی کروٹ جاگی بھی۔

بند پردوں اور کھڑکیوں کے اس پار ایک نیا دن طلوع ہو چکا ہے' پردوں کی جھریوں سے ہلکا ہلکا جھانکتا اجالا خبر دے رہا تھا۔ شاید گزشتہ کئی راتوں کی ادھوری' نامکمل نیند اسے یوں غافل کر گئی کہ وہ بے فکری سے سو گئی۔ اپنے دونوں بیگ اور سوٹ کیس اسے سامنے رکھے نظر آ رہے تھے' وہ بیڈ سے اٹھی۔

سوٹ کیس میں سے اپنا ایک جوڑا نکالا اور فریش ہونے باتھ روم میں گھس گئی۔ نہا کر لباس تبدیل کر لیا' بال سکھا لیے' ہنا لیے کٹے ہوئے بالوں کو بنا تانا لیا تھا' انہیں کیچر میں جکڑ لیا۔ اب پردے کھول کر کھڑکی سے باہر جھانکتے وہ سوچ رہی تھی کہ کیا کرے۔

اس گھر سے اس کا ایسا تعلق نہ تھا کہ بے تکلفی سے گھومنا شروع کر دے۔ اس کے کمرے کی کھڑکی سے گارڈن پورا کا پورا بہت واضح نظر آ رہا تھا' صبح کا صاف

www.allurdu.com

شفاف منظر' ہرے بھرے پیڑ' پتے پھول' پھلوں سے لدے درخت' اس قدرتی منظر کی یہ رعنائی اس کے دل و دماغ کو سکون بخشنے لگی۔

وہ رات کے مقابلے میں اس وقت خود کو زیادہ پرسکون اور زیادہ بہتر محسوس کر رہی تھی۔ اپنے یہاں آنے کے فیصلے پر پچھتانے اور الجھنے کے بجائے اس وقت وہ یہ سوچ رہی تھی کہ صحیح یا غلط جب وہ یہاں آنے کا فیصلہ کر کے یہاں آچکی ہے تو اب اسے باوقار انداز میں اپنے اس فیصلے کو نبھانا چاہیے۔

وہ آغا جان سے کوئی جھوٹ نہیں بولے گی' فی الحال ولی کے ساتھ طے کی اپنی بات نبھاتے خاموش رہے گی مگر ان تین مہینوں کے آخر تک آتے آتے وہ آغا جان کو یہ ضرور باور کرادے گی کہ جو رشتہ برسوں پہلے انہوں نے جوڑا تھا' وہ اس سے ناخوش ہے اور اس کا خاتمہ چاہتی ہے۔ لڑائی جھگڑے اور بدمزگی کے ساتھ نہیں بلکہ خوش اسلوبی کے ساتھ۔ وہ اس کے دادا ہیں' اس کے بزرگ اور اس کے لیے قابل احترام بھی ہیں اور وہ ہمیشہ ان کے ساتھ اپنے تعلق کو قائم بھی رکھے گی' ان سے ملا بھی کرے گی اگر وہ اس رشتے کو باوقار اور مہذبانہ انداز میں ختم ہونے دیں۔

اگر یہ سارا معاملہ خوش اسلوبی سے حل ہو جائے تو یہ تین مہینے کوئی لمبا عرصہ نہیں۔ دروازے پر دستک دی گئی تھی۔

اس نے دروازہ کھولا تو سامنے ایک ملازمہ کھڑی تھی' با ادب سے انداز میں اسے ناشتہ لگ جانے کی اطلاع دینے۔

کمرے سے نکل کر سیڑھیاں اترتی وہ نیچے آگئی۔

ڈائننگ روم کس طرف تھا۔ اسے معلوم تھا' اس گھر میں دوسری بار کے آنے پر تو نہیں۔ ہاں پہلی بار آمد پر وہ کئی مرتبہ اس جگہ کھانا کھانے ڈیڈی کی ہمراہی میں آچکی تھی۔

ڈائننگ روم میں داخل ہونے پر اسے وسیع و عریض میز کے سامنے ولی' زرمینہ اور اس کی بیٹی بیٹھے نظر آئے۔

زرمینہ اسے آتا دیکھ لینے کے باوجود نہ دیکھنے کا تاثر دیتی اپنی بیٹی کی طرف متوجہ رہی۔ فارہ یہاں آچکی ہے' وہ میز سے کچھ دور رک گئی ہے اور یہ میزبانی اور اخلاق کا تقاضا ہے کہ اسے ناشتے کی میز پر بیٹھنے کی دعوت دی جائے' وہ اپنے کسی بھی طرح کے مینرز سے قطعاً عاری نظر آرہی تھی۔

"آؤ فارہ!" زرمینہ کے سامنے والی کرسی پر بیٹھے ولی نے اس سے سنجیدگی سے کہا۔

وہ خاموشی سے آکر ایک کرسی پر بیٹھ گئی۔

کچن سے گرم گرم آملیٹ کی پلیٹ لا کر میز پر وہ رکھتی ملازمہ نے جسے وہ لوگ گل صدو کے نام سے پکار رہے تھے' ولی کے اشارہ کرنے پر میز پر موجود ناشتے کے لوازمات میں سے کئی اشیاء فارہ کے آگے رکھ دیں۔

سنجیدہ تاثرات کے ساتھ ان لوازمات کو دیکھے بغیر اس نے کیتلی اٹھا کر ایک کپ میں چائے ڈالی اور آہستہ آہستہ اس کے سپ لینے لگی۔ میز پر موجود وہ تینوں افراد ایک دوسرے سے کوئی بات نہیں کر رہے تھے۔ رات آغا جان موجود تھے اور اپنی گفتگو سے ماحول کو خوشگوار بھی بنائے ہوئے تھے تب ان لوگوں کے ساتھ کھانا کھانا اتنا مشکل لگ رہا تھا اس وقت تو دل چاہ رہا تھا یہاں سے اٹھ کر بھاگ جائے۔

ان کے بیچ نفرتوں کے رشتے تھے اور نفرتوں کو دل میں رکھتے ساتھ بیٹھ کر کھانا پینا امتحان تھا اس کے اعصاب کے لیے۔

ولی اپنی پلیٹ پر نظریں مرکوز کیے آملیٹ کھانے میں اور زرمینہ اپنے برابر والی کرسی پر بیٹھی بیٹی کو ناشتہ کروانے میں مصروف تھی۔ اس بچی کی معصومانہ و بچکانہ باتوں کے سوا ڈائننگ روم میں مکمل خاموشی تھی اور اس خاموشی میں وہاں رکھے فون کی بیل ذرا زیادہ ہی زور سے گونجی تھی۔

"ہیلو۔" ولی نے اٹھ کر کال ریسیو کی تھی۔

"تمہارا فون ہے۔" دوسری طرف جو کوئی بھی تھا اس کی بات سن کر کچھ بھی جواب دیے بغیر یہاں تک کہ ہولڈ کیجیے تک بھی کہے بغیر ریسیور ایک سائڈ میں رکھتے ولی نے اسے اطلاع دی۔

اس کا چہرہ بالکل بے تاثر تھا' وہ اندازہ نہیں لگا پائی کہ یہ کال کس کی ہو سکتی ہے۔ ڈائننگ ٹیبل پر پیچھے خوب صورت سی چھوٹی میز پر رکھے فون کے درمیان چند قدموں سے زیادہ کا فاصلہ نہ تھا۔

"فارہ! میرے خدا' تم کہیں پاگل تو نہیں ہو گئی ہو؟" وہ معیز تھا۔ اس کے ہیلو کے جواب میں وہ تقریباً چلاتے ہوئے بولا۔

"پھوپھو نے مجھے فون پر بتایا کہ تم ان کی اجازت کے بغیر پشاور چلی گئی ہو تو مجھے یقین نہیں آیا۔ مجھے لگا کہ ضرور انہیں کوئی غلط فہمی ہو گئی ہے۔ لیکن اس وقت یہاں اس



CamScanner

www.allurdu.com

گھر میں تمہاری آواز سن کر میری سمجھ میں نہیں آ رہا کہ تمہیں کیا کہوں۔ میں رات بھر اتنا بے چین اور پریشان رہا ہوں۔ تمہارا سیل فون کہاں ہے؟ میں نے اس پر تمہیں کانٹیکٹ کرنے کی کس قدر کوشش کی ہے۔" وہ ایک سانس میں بولے چلا گیا۔

کل اس سے فون پر بات کرنے کو راضی نہ ہوتی ماں کو اس کی اتنی پروا تو تھی کہ اس کی تازہ ترین 'بغاوت' سے چند گھنٹوں کے اندر اندر ہی معیز کو چاچا نا میں مطلع کر دیا گیا تھا۔ ایک تلخ اور دکھ بھرا تاثر اس کی آنکھوں میں در آیا۔ یہ پروا اس کی تھی یا اپنی انا کی شکست کی' اس نے سوچا نہیں کہ سوچنے کا کچھ فائدہ نہ تھا۔

معیز کی ناراضی بھری باتوں کا جواب دینے سے پہلے اس نے مڑ کر ایک نظر ولی اور زرمینہ کو دیکھا۔ ولی اپنی نظریں پلیٹ پر مرکوز رکھے بالکل پہلے کے سے بے تاثر انداز میں ناشتہ کر رہا تھا جبکہ زرمینہ لاتعلقی کا تاثر دینے کے باوجود اسے دیکھ رہی تھی۔ ان لوگوں کی موجودگی میں وہ معیز سے کیا کہے۔

"سیل فون میرے پاس ہی ہے۔ آغا جان بیمار ہیں' اس وجہ سے مجھے ایمرجنسی میں ولی کے ساتھ یہاں آنا پڑ گیا۔" وہ ہر ممکن حد تک آواز ہلکی رکھ کر بولی۔

اس نے معیز کو یہ نہیں بتایا کہ کل اپنے گھر سے نکلتے وقت اس نے موبائل آف کر کے اپنے بیگ میں رکھ لیا تھا۔ وہ جب یہاں آنے کا فیصلہ کر چکی تھی تو پھر اسے تجمل ماموں ہوں یا زہرا مامی یا نورین خالہ کسی کی بھی نصیحتوں سے پر اور لیکچر دیتی فون کالز کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔

"فضول باتیں مت کرو آغا جان بیمار ہیں۔ تمہارے کب سے وہاں ایسے تعلقات ہو گئے جو بیماریوں کا سن کر دوڑ پڑو۔ اس طرح کسی سے بھی کچھ پوچھے اور کہے سنے بغیر تم وہاں چلی کس طرح گئیں۔ پھوپھو اور میں لاہور میں نہیں تھے لیکن ممی اور پاپا تو وہاں تھے۔ تم نے پوچھنا یا اجازت لینا تو دور' انہیں بتایا بھی نہیں اور یہاں آ گئیں۔ تم سے اس حماقت کی مجھے بالکل امید نہیں تھی فارہ۔" وہ انتہا سے زیادہ جھنجلایا ہوا لگ رہا تھا۔ وہ جواباً" خاموش رہی۔

"تمہارا وہاں خلع کا جھگڑا چل رہا ہے' میں نہیں مان سکتا کہ تم وہاں اپنی خوشی سے گئی ہو۔ تم مجھے سچ سچ بتاؤ فارہ! تمہیں اس سورما نے ڈرایا دھمکایا تو نہیں ہے۔ کہیں تم اس کی کسی بھی طرح کی دھمکیوں سے ڈر کر تو وہاں نہیں چلی گئیں؟ اگر ایسا ہے تو مجھے صرف ہاں کہہ دو' باقی سب پھر میں دیکھ لوں گا۔ مجھے پتا ہے' وہ پیچھے کہیں آس پاس ہی موجود ہے۔ تمہیں ڈرنے کی بالکل ضرورت نہیں ہے۔ وہ لوگ زبردستی تمہیں وہاں رکھ ہی نہیں سکتے۔" وہ اس کے لیے حد درجہ تشویش اور فکر میں مبتلا لگ رہا تھا۔

اب وہ ولی اور زرمینہ کی موجودگی میں اس سے کیا کہے۔ وہ محتاط سے انداز میں آواز کو پہلے سے بھی زیادہ دھیما اور پست کر کے اس سے بولی۔

"ایسی کوئی بات نہیں ہے معیز! آپ بالکل غلط سمجھ رہے ہیں۔ آپ پلیز مطمئن رہیں' میں بالکل ٹھیک ہوں۔"

"اگر ایسی بات نہیں ہے تو تم فوراً" لاہور واپس جاؤ۔ میں شام میں لاہور تمہارے گھر پر فون کروں گا اور وہاں میری کال تم ریسیو کرو گی۔" معیز نے غصیلے لہجے میں کہتے 'خدا حافظ' کہے بغیر۔ ریسیور پٹخ دیا۔ وہ جیسے اس کی اس بے وقوفانہ حرکت پر اس سے شدید ناراض ہو گیا تھا۔

"رات آغا جانی کا بی پی چیک کر لیا تھا؟" ریسیور بڑی بے دلی سے کریڈل پر رکھتے اس نے ولی کی آواز سنی' جائے کے سب لیتا وہ زرمینہ سے مخاطب تھا۔

"جی لالہ! رات بھی دیکھا تھا اور ابھی صبح جوس لے کر گئی تھی تب بھی چیک کیا تھا۔ وہی 90 اور 60 ہے۔" ٹیلی فون کی میز سے کھانے کی میز تک واپس آتے اس نے ان دونوں بھائی بہن کی بات چیت سنی۔

غالباً" اسے باور کرایا جا رہا تھا کہ اس فون کال کی ان کے نزدیک کوئی اہمیت نہیں' بلکہ ان کے نزدیک تو اس کی بھی کوئی اہمیت نہیں۔ کرسی پر واپس بیٹھ کر اپنی چائے کے بے رغبتی سے سپ لیتی وہ معیز کو سوچ رہی تھی۔ کل کتنے غیر متوقع انداز میں ولی اس سے ملا' جتنی غیر متوقع اور حیرت انگیز بات اس سے کی' اس سب کے دوران وہ وقتی معیز کو بالکل فراموش کر گئی تھی۔

اب کسی وقت بالکل تنہائی میں وہ اس سے فون پر بات کرنا چاہتی تھی۔ ولی نے اسے کسی کو بھی کچھ بتانے سے منع کیا تھا۔ وہ اس سے کیے وعدے کی پابند تو تھی مگر پھر بھی وہ معیز سے بات کر کے اس کا غصہ اور ناراضی ختم کرنا چاہتی تھی۔

وہ ذہین اور معاملہ فہم ہے اور اس کے لیے بت

www.allurdu.com

کیرنگ بھی۔ ممی کے اسے چھوڑ کر کینیڈا چلے جانے کا الزام دوسروں کی طرح معیز نے اس پر عائد نہیں کیا تھا وہ فارہ کو سمجھتا ہے اور وہ اسے اگر کچھ سمجھانا چاہے گی تو وہ سمجھ لے گا۔ وہ اپنے ایک اچھے دوست کو خود سے ناراض تو ہرگز نہیں رہنے دے گی۔

☼ ☼ ☼

"السلام علیکم۔" اس کے لیے مکمل اجنبی ایک خاصا ہینڈسم مرد ڈائننگ روم میں داخل ہوا تھا' سلام کی اس بلند آواز پر اپنی سوچوں سے چونک کر نکلتے اس نے اسے دیکھا۔

"وعلیکم السلام۔ آؤ عباد بیٹھو۔" ولی نے کرسی پر سے کھڑے ہو کر بڑی خوش دلی بے تکلفی اور گرم جوشی سے نووارد کا استقبال کیا۔ استقبال کا یہ محبت بھرا انداز ظاہر کر رہا تھا کہ آنے والا کوئی بہت ہر دل عزیز اور خاص الخاص بندہ ہے۔ آنے والا ہے کون؟ اسے سمجھنے میں چند سیکنڈز بھی نہیں لگے۔

زرمینہ کے برابر بیٹھی اس کی بیٹی کرسی پر سے فوراً" ہی بابا کہتی آنے والے کی طرف دوڑ کر گئی تھی۔ بیٹی کو گود میں اٹھا کر پیار کرتا وہ ولی کی طرف بڑھا' اس سے ہاتھ ملا کر وہ ڈائننگ ٹیبل کے آگے رکھی ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔

زرمینہ کے اکڑے ہوئے مغرورانہ تاثرات کے حامل چہرے پر شوہر صاحب کو دیکھ کر کچھ تھوڑی بہت مسکراہٹ اور نرمی نمودار ہوئی تھی۔

"میں کل بھی آیا تھا۔ تم تھے نہیں۔"

"ہاں کل میں۔" اسے جواب دیتے دیتے ولی' فارہ کی طرف متوجہ ہوا۔

آنے والا پہلے ہی فارہ کو کافی حیرت بھری نگاہوں سے دیکھ رہا تھا۔ کرسی پر بیٹھنے سے پہلے تک تو نہیں مگر بیٹی کو گود میں لے کر کرسی پر بیٹھتے کے ساتھ ہی اس کی نگاہ فارہ پر پڑی تھی اور وہ سر جھکائے ہوئے' لاتعلقی سے میز کو گھورنے کے باوجود جانتی تھی کہ وہ بندہ مسلسل اور ایک ٹک اسی کو دیکھ رہا ہے' غالباً" اس کی اس حیرت اور اچنبھے کو بھانپتے ہی ولی کو تعارف کروانے کا خیال آیا تھا۔

"میں تم لوگوں کا تعارف کرانا تو بھول ہی گیا۔ یہ عبادالرحمن ہمارا کزن بھی ہے اور زرمینہ کا شوہر بھی اور عباد! یہ فارہ۔"

عبادالرحمن خالی عبادالرحمن نہ تھا' اس کے تعارف میں باقی سب کچھ بتایا جانا بھی ضروری تھا۔ ہاں وہ صرف فارہ تھی۔ اس کی شہرت کے شاید یہاں ڈنکے بجے ہوئے تھے۔ ایک مشہور اشتہار کی طرح فارہ۔ نام ہی کافی ہے۔" کہہ دیا جائے۔

لاتعلقی و بے نیازی کا چولا اتار کر اسے اس تعارف کے بعد اس بندے کی طرف دیکھنا پڑا۔

پتا نہیں وہ پہلے سے اس کے متعلق کیا کیا جانتا تھا یا کیا کیا اس کی اس اکھڑ بیوی نے اسے بتا رکھا تھا' یقیناً" کچھ اچھا اور مثبت تو بتایا نہیں گیا ہو گا بہرکیف اسے رسمی انداز میں سلام دعا تو کرنا تھی۔ وہ فارہ کے سلام کے جواب میں خوش اخلاقی سے مسکرایا۔

"میں آپ سے پہلے بھی مل چکا ہوں۔ لیکن آپ کو شاید یاد نہیں ہو گا۔" شاید یہ حوالہ اس کے نکاح کے دن کا تھا۔ وہ خود پر جبر کر کے قصداً" مسکرائی۔

جو بھی تھا' وہ بندہ مہذب بھی نظر آ رہا تھا اور خوش اخلاق و ملنسار بھی' میاں بیوی ایک دوسرے کی اتنی ضد۔

"بہت اچھا کیا فارہ! آپ نے کہ آپ یہاں آ گئیں۔ آغا جان کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔" فارہ کو دیکھ کر جو حیرت اس کے چہرے پر نمودار ہوئی تھی' وہ اس پر قابو پا چکا تھا۔

اتنے جنگ و جدل کے بعد یہ لڑکی یہاں کیسے آ گئی۔ یہ شاید وہ بعد میں اکیلے میں اپنی بیوی سے پوچھے گا۔

"حذیفہ کہاں ہے؟" وہ زرمینہ سے مخاطب ہوا۔

"سو رہا ہے۔ آپ ناشتہ کریں گے؟"

"نہیں' ناشتا میں کر کے آیا ہوں۔ ہاں چائے اگر پلا رہی ہو تو پلا دو۔ بس کھڑے کھڑے آغا جان کو دیکھنے آیا ہوں۔ دیکھتے ہی پھر آفس بھاگوں گا۔" زرمینہ اس کے لیے چائے نکالنے لگی اور وہ ایک مرتبہ پھر فارہ کی طرف متوجہ ہوا۔

"آغا جان آپ کو بہت یاد کر رہے تھے۔ کل بھی جب میں آیا تھا تو سارا وقت وہ مجھ سے آپ ہی کی باتیں کرتے رہے۔"

اس کی نگاہیں زرمینہ کی طرح الزام دیتی ہوئی تو نہیں تھیں مگر یہ ضرور بتا رہی تھیں کہ آغا جان کی بیماریوں کا سبب کہیں نہ کہیں وہی ہے۔ آخر یہ سب لوگ اسے یہ کیوں باور کرانا چاہتے ہیں کہ ایک شخص جس سے وہ جب زندگی میں پہلی بار ملی تھی تب بھی اسے بستر ہی پر پڑا دیکھا تھا



CamScanner

www.allurdu.com

'وہ اگر آج صاحب فراش ہے تو اس کے سبب۔ وہ بہت بری طرح جھنجلائی۔

عباد کو چائے دے کر زرمینہ کچن میں چلی گئی۔ وہ اپنا چائے کا کپ کب کا خالی کر چکی تھی مگر مروتاً" بیٹھی ہوئی تھی جبکہ عباد اب بڑی سنجیدگی سے ولی کے ساتھ محو گفتگو تھا۔ وہ کسی ڈاکٹر کے متعلق ولی کو بتا رہا تھا۔ آغا جان کا جو علاج چل رہا ہے' وہ تو چل ہی رہا ہے لیکن ایک سیکنڈ opinion (مشورہ) کے لیے اگر کسی دوسرے ماہر ڈاکٹر سے بھی ان کا تفصیلی معائنہ کرالیا جائے تو کیا حرج ہے۔ ان کے بیچ بہت دوستی اور انڈر اسٹینڈنگ ہے یہ ان دونوں کے بات کرنے کے انداز سے صاف ظاہر ہو رہا تھا۔

زرمینہ کچن سے ایک ٹرے لے کر نکلی تھی۔

"زرمینہ! آغا جان کا ناشتہ فارہ لے جائے گی۔" ولی اپنی گفتگو کو درمیان میں روک کر زرمینہ سے بولا جس کے چہرے پر یک دم ہی ناگواری سے بھرپور تاثر پھیل گیا

بھائی کا قطعیت بھرا انداز دیکھ کر وہ کچھ کہہ تو نہیں سکی مگر اس کا غصہ اور جھنجلاہٹ اس کے چہرے سے صاف عیاں تھا۔ وہ کب سے یہاں سے اٹھنے کا کوئی بہانا چاہ رہی تھی' اسے یہ تجویز اتنی بھائی کہ جھٹ کرسی پر سے اٹھ کر زرمینہ کے ہاتھ سے ٹرے لے کر فوراً" ڈائننگ روم سے نکل گئی۔ اس جگہ اور اس ماحول سے نکلتے ہی اس نے سکون کا سانس لیا۔

"آہا آج تو مزے آگئے محمد بختیار خان کے۔ ڈاکٹر فارہ بہروز خان کے ہاتھوں کا بنا ناشتہ مل رہا ہے انہیں۔" وہ جاگے ہوئے تھے' اسے دیکھتے ہی کمزور سی آواز میں خوش دلی سے بولے۔

ان کے چہرے پر مسکراہٹ پھیلی تھی۔ خوشیوں سے بھری مسکراہٹ۔

"یہ میں نے نہیں زرمینہ نے بنایا ہے آغا جان۔" اس نے ٹرے سائڈ کی میز پر رکھتے فوراً" تصحیح کی۔

اس نے کل دیکھا تھا کہ وہ خود اٹھ کر بیٹھ نہیں سکتے اس لیے اٹھ کر بیٹھنے میں انہیں مدد دی۔ وہ بیٹھ چکے اور اس نے ناشتے کی ٹرے ان کے سامنے رکھ دی تب انہوں نے اسے بھی ہاتھ پکڑ کر اپنے پاس بیڈ پر بیٹھنے کو کہا۔

بیٹھنے کے بعد اس نے انہیں دیکھا تو وہ بہت بھرپور سے انداز میں مسکراتے نظر آئے۔ اسے ان کی بوڑھی اور بیمار آنکھیں کسی شرارت سے مسکراتی نظر آئیں۔

"اگر تمہاری شکل بہروز سے نہ ملتی ہوتی تب بھی جاننے والا کوئی بھی شخص تم سے مل کر فوراً" بتا دیتا کہ تم بہروز کی بیٹی ہو۔ ضدی' اکھڑ اور چہرے پر یہ اونچی ناک صرف دکھانے کے لیے نہیں بھی ہوتا بلکہ اصل میں معاملے میں ناک اور انا کے مسئلے حائل ہوتا۔ اب اگر ہم نے نہیں بنایا تو ہم ناشتہ بنانے کا کریڈٹ کیوں لیں چاہے ہمارے اس کریڈٹ لے جانے سے دادا کو خوشی حاصل ہوتی ہے کہ پوتی دادا کے لیے ناشتہ بنا کر لائی ہے تو ٹرے اٹھا کر لانے کا کریڈٹ بھی نہیں لیں گے۔" ان کے کہنے کا انداز ایسا تھا کہ وہ یک دم ہی جھینپ سی گئی۔

کوئی اس کی کسی حرکت' کسی عادت کو اس طرح جانچ کر اسے ڈیڈی کے مماثل قرار دے سکتا ہے؟

وہ اسے کل سے بڑے مختلف لگ رہے تھے' بلکہ اسے ہمیشہ سے مختلف لگ رہے تھے۔ وہ ان سے ان برسوں میں جتنی بار بھی ملی' ان سب سے مختلف۔ بیمار نظر آنے کے باوجود وہ بہت خوش' بہت مطمئن اور کافی زندہ دل سے لگ رہے تھے۔

"تم نے ناشتہ کر لیا؟" ناشتہ شروع کرنے سے پہلے انہوں نے اس سے پوچھا۔ اس نے سر اثبات میں ہلا دیا مگر وہ اصرار کر کے بولے۔

"تھوڑا سا میرے ساتھ بھی کھالو۔ یہ بیماروں والا بد مزہ سا پرہیزی ناشتہ کیا کرو گی۔ یہ بسکٹ لے لو۔"

انہوں نے سائڈ ٹیبل پر رکھا بسکٹس کا ایک ٹن کا ڈبہ اٹھا کر اسے پکڑا دیا۔ جس میں کئی طرح کے بسکٹس موجود تھے۔ وہ بسکٹ کھانے لگی۔

پتا نہیں کب سے اس نے کچھ نہیں کھایا تھا اور اب اسے واقعی بھوک لگ رہی تھی۔

"تم میرے پاس یہاں آئیں' تمہارا بہت شکریہ بیٹا!" اس نے سر اٹھا کر بے اختیار انہیں دیکھا۔

"کل حیرت میں اتنا تھا کہ کچھ کہہ ہی نہ سکا۔ روحی ناراض ہوئی ہو گی ناں تمہارے یہاں آنے پر؟ اس کی اجازت سے آئی ہو یا اجازت کے بغیر؟" ایک پل کے لیے تو اس کی سمجھ میں نہ آیا کیا کہے۔ وہ دلیہ کھاتے بغور اسے دیکھ رہے تھے۔

"میں ممی کو بتا کر آئی ہوں آغا جان!" اسی وقت عباد ولی اور زرمینہ کمرے میں داخل ہوئے۔

"پوتی کو دیکھتے ہی آغا جان تو بالکل تندرست ہو گئے۔"

www.allurdu.com

عباد انہیں سلام کرنے کے بعد شوخی و شرارت سے بولا۔

"ہاں میری یہ پوتی میرے لیے میری ملٹی وٹامن کی ٹیبلیٹ کیپسول اور انجکشن سب کچھ ہے۔ اسے دیکھتے ہی جسم کی ساری کمزوری غائب ہو گئی اور بیماری کا تو پتا نہیں چل رہا کہ کبھی تھی بھی کہ نہیں۔" عباد کے ساتھ ان کی شوخ و شریر گفتگو چل رہی تھی۔

ولی صوفے پر بیٹھا ان دونوں کو دیکھ زیادہ رہا تھا اور بول بہت کم رہا تھا اور زرمینہ کل ہی کی طرح آغا جان کو زیادہ بولنے سے منع کرتی' دوا کھلاتی' بی پی دیکھتی بڑی مصروف سی تھی۔ آدھا گھنٹہ وہاں بیٹھ کر جب عباد جانے کے لیے اٹھا اور اسے رخصت کرنے زرمینہ اور ولی بھی ساتھ چلے گئے تب وہ اس سے آہستگی سے بولے۔

"بیٹا! آج کسی وقت ممی کو فون کر لینا۔ ان سے کہنا' ناراض نہ ہوں' میں جلدی واپس آجاؤں گی۔" اتنی دیر میں اسے لگا تھا کہ جو بات ان کے بیچ ادھوری رہ گئی ہے' وہ اسے بھول گئے ہوں گے' مگر ایسا نہیں تھا۔

اسے لگا اب وہ ممی کا ذکر نکالتے' ان کے خلاف کچھ کہتے اس کی طلاق کے مسئلے پر کچھ کہیں گے۔ شاید اپنی بیماری کو وجہ بنا کر جذباتی انداز اختیار کر کے اسے اس کا خلع کا مطالبہ واپس لینے کو آمادہ کرنا چاہیں گے۔ اپنی بیماریوں کو ہتھیار کی طرح دوسروں کو جذباتی شکست دینے کے لیے استعمال کرنا تو انہیں بخوبی آتا تھا۔ وہ ایسی کسی بات پر کیا کہے گی' وہ یہ سوچ رہی تھی مگر وہ ممی کے اتنے ذکر کے بعد موضوع تبدیل کر چکے تھے۔

وہ اب اس سے یہ کہہ رہے تھے کہ اگر وہ ان کی بیماری کا سن کر ولی کے ساتھ جلدی جلدی میں یہاں آئی اور اپنی ضرورت کی سب چیزیں نہیں لا سکی ہے تو وہ زرمینہ سے کہہ دیتے ہیں' وہ اسے شاپنگ کرا لائے گی۔ وہ دونوں ڈرائیور کے ساتھ بازار چلی جائیں۔

وہ اس سے یہ بھی کہہ رہے تھے کہ وہ جب تک یہاں ہے' بالکل بے تکلفی اور پورے حق کے ساتھ رہے۔ خود کو مہمان نہ سمجھے۔ یہ گھر جتنا ولی اور زرمینہ کا ہے' اتنا ہی اس کا بھی ہے وہ اس گھر کی مالک ہے نہ کہ مہمان اور اجنبی' وہ زندگی میں دوسری بار اس طرح ان کے ساتھ بالکل تنہا بیٹھی تھی۔

پہلی بار تب بیٹھی تھی جب وہ اس کا میڈیکل کالج میں داخلہ کروانے گئے تھے۔ اس کے ساتھ فارم لینے کے لیے

www.allurdu.com

آتے انہوں نے ولی کو کہیں کسی کام سے بھیج دیا تھا اور پھر جب وہ فارم خرید چکی تب وہ اس سے بولے تھے۔

"ولی تو ابھی آیا نہیں ہے۔ چلو' ہم یہیں بیٹھ کر فارم فل کر لیتے ہیں۔" آج وہ کھڑے کھڑے کئی لوگوں کو داخلے کے فارم بھروا دیتی تب میڈیکل کالج میں داخلے کا وہ فارم اسے بے انتہا مشکل اور پیچیدہ لگا تھا۔ وہ اسے لے کر ایک بنچ پر بیٹھ گئے تھے۔

آنکھوں پر ریڈنگ گلاسز لگائے انہوں نے اس کا فارم بھروانا شروع کیا تھا تب اپنے نکاح' ڈیڈی کے انتقال اور پھر انہیں پشاور اپنے ساتھ لے جانے کے لیے ان کی دو تین بار آمد کے علاوہ۔ یعنی کل چار یا پانچ دفعہ سے زیادہ وہ ان سے ملی نہیں تھی اور ان کے فارم فل کروانے اور روانی سے انگریزی بولنے پر اسے ان کے تعلیم یافتہ ہونے کا احساس ہوا تھا۔

تب اسے یہ جان کر زیادہ دکھ ہوا تھا کہ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود وہ اتنے جابر اور دوسروں پر اپنے فیصلے مسلط کر دینے والے انسان ہیں۔ گارجین کے طور پر انہوں نے ہر جگہ اپنا نام لکھوایا تھا اور جہاں کہیں فارم پر سرپرست کے دستخط چاہیے تھے وہاں انہوں نے دستخط بھی کیے تھے۔ انہوں نے ہر جگہ بڑے سنبھل سنبھل کر دستخط کیے تھے۔ ان کے ہاتھوں میں خفیف سی لرزش تھی' ایسی لرزش جیسی کسی بہت بیمار اور کمزور ہاتھوں میں ہوتی ہے۔ بڑے نرم و شیریں' محبتوں میں ڈوبے لہجے میں وہ اس سے باتیں کرتے رہے تھے۔

"میری خواہش تھی' تم میڈیکل کی تعلیم پشاور سے حاصل کرتیں' میرے ساتھ' میرے پاس رہتیں' لیکن خیر جو میرے رب کی مرضی۔"

وہ ان سے ہدایات لیتی فارم فل کر رہی تھی اور وہ یہ دیکھنے کے ساتھ کہ فارم صحیح بھرا جا رہا ہے یا نہیں' اس کے ساتھ باتیں بھی کرتے جا رہے تھے۔

"داخلہ تو تمہارا ان شاء اللہ ہو ہی جائے گا۔ اب میڈیکل کالج سے بڑے شاندار انداز میں تمہیں ایم بی بی ایس کر کے نکلنا ہے۔ جس روز تم ڈاکٹر بن جاؤ گی ناں فارہ! بہروز کی روح بہت خوش ہو گی۔ تمہیں ڈاکٹر بنانے کی اسے بہت خواہش تھی۔" تب اس نے بہت چونک کر سر اٹھا کر انہیں دیکھا تھا۔

اس کے اسکول' کالج کا ہر فارم ڈیڈی اسے پاس بیٹھ کر بھروایا کرتے تھے وہ اس وقت ان کی شدید کمی محسوس کرتے حد درجہ دل گرفتہ تھی' اس کی آنکھوں میں بار بار آنسو بھی آ رہے تھے' آغا جان کے لبوں سے ڈیڈی کا نام سنتے ہی اس نے نظریں اٹھا کر انہیں دیکھا۔ اسے ان کی آنکھوں میں بھی نمی نظر آئی اور پتا نہیں کیوں لیکن اس کا دل چاہا' وہ ان کے سینے پر سر رکھ کر ڈیڈی کو یاد کر کے بہت سا روئے' بہت آنسو بہائے۔

جو اس کے باپ کی موت کا سبب بنا' وہ اس کے سینے پر سر رکھ کر رونا چاہتی ہے' اپنی اس عجیب و غریب خواہش کو بمشکل دبا کر خود کو جھڑکتی وہ اسی طرح بیٹھی رہی۔ پھر اپنی آنکھوں کی نمی پر قابو پاتے انہوں نے اس سے بھرے جانے والے فارم کو دوبارہ چیک کرنے کو کہا تھا۔ اور جب فارم بھر کر وہ ان کے ساتھ بینچ پر سے کھڑی ہوئی تب وہ اس سے بولے تھے۔

"اب ہم بینک چلیں گے۔ وہاں تمہارا اکاؤنٹ کھلوانا ہے۔ جوائنٹ اکاؤنٹ ہو گا تمہارا ولی کے ساتھ' لیکن عملاً اسے آپریٹ تم ہی کرو گی۔ چیک بک بھی تمہارے ہی پاس رہے گی۔ یہ مت سمجھنا کہ اس میں موجود پیسے بس صرف تمہاری پڑھائی اور گھر کے روزمرہ کے اخراجات کے لیے ہیں۔ تمہارا جیسے دل چاہے ان پیسوں کو خرچ کرنا۔ ممی سے بھی کہنا وہ ان پیسوں کو استعمال کیا کریں۔ اس کے علاوہ اور بھی کبھی پیسے چاہییں ہوں یا کوئی بھی مسئلہ ہو' فوراً" مجھے فون کرنا۔ جو بھی چیز چاہیے ہو جو بھی بات ہو' جو بھی پریشانی ہو' جیسے بہروز سے کہتی تھیں ایسے ہی مجھ سے کہنا۔ میں نے تمہارے لیے ایک گاڑی بھی بک کروائی ہے۔ گھر پر جو گاڑی ہے' وہ ممی کے استعمال کے لیے چھوڑ دینا۔ تم کالج دوسری گاڑی میں جایا آیا کرنا۔

ممی سے پوچھ لینا اگر وہ مان جائیں تو میں ڈرائیور بھی بھجوا دوں گا۔ ورنہ پھر یہیں سے کوئی ڈرائیور تمہارے لیے تمہاری ممی رکھ لیں گی۔ میں بس یہ چاہتا ہوں کہ میری وفا کی کسی ضرورت میں کوئی کمی نہ آئے۔" پھر اکاؤنٹ کھلوانے کے بعد وہ اسے گھر واپس چھوڑنے آئے تب ممی سے بولے تھے۔

"روحی بیٹا! تم میرے پاس آکر نہیں رہنا چاہ رہیں' کوئی بات نہیں۔ بس مجھے اتنی اجازت دے دو کہ کبھی کبھار فون پر تم لوگوں سے بات کر لیا کروں۔" ممی نے بعد میں یہ بات مجتبیٰ ماموں کو بتائی تو وہ بولے۔

CamScanner

www.allurdu.com

"کوئی حرج نہیں' فارہ کے ان سے بات کرنے میں۔ فارہ ان کی پوتی ہے' اگر وہ اس سے رابطہ رکھنا چاہتے ہیں' فون پر بات کرنا چاہتے ہیں تو کرنے دو۔ تم بھلے نہ بات کرو۔"

"رابطہ رکھنے دوں؟ بات کرنے دوں؟ آج ایک دن فارہ ان کے ساتھ گئی تھی تو آ کر مجھ سے کہہ رہی تھی کہ آغا جان اسے آج بہت مختلف لگے ہیں۔ پہلے میرا خیال تھا' وہ زور زبردستی سے فارہ کی شادی کی کوشش کریں گے مگر جو پلان انہوں نے بنایا ہے' وہ تو میری سوچ سے بھی کہیں بڑھ کر ہے۔ زور زبردستی سے وہ میری بیٹی کا دل تو نہیں جیت سکیں گے ناں؟

اپنا پیسہ کھلے ہاتھوں سے خرچ کر کے اور خوب محبت جتا کر وہ میری بیٹی کا دل اور اس کا اعتماد جیت لینا چاہتے ہیں تاکہ وہ ان کی طرف داری کرتے میرے مقابل کھڑی ہو سکے۔ جیسے انہوں نے میرے شوہر کا دل مجھ سے پھیر کر اسے مجھ سے دور کیا تھا ایسے ہی وہ میری بیٹی سے کروائیں گے۔ مجھ سے ان کی نفرت اور انتقام کی آگ اس وقت تک ٹھنڈی نہیں ہو گی جب تک وہ میری بیٹی کو میری مخالفت میں نہ کھڑا کر دیں۔" تب ممی کی باتیں چھپ کر سنتی وہ بہت بری طرح شرمندہ ہوئی تھی۔

آغا جان کی لگاوٹ' بھری میٹھی میٹھی باتیں' اور اس پر خرچ کیا جانے والا ڈھیر سارا روپیہ' وہ کتنی آسانی سے ان کی باتوں میں آنے لگی تھی' یہ تک بھلا کر کہ انہوں نے اکاؤنٹ اس کے نام کھلوا کر ممی کو بے عزت کیا ہے۔

اس کی ان کے ساتھ بالکل تنہا وہ پہلی اور آخری ملاقات تھی۔ پھر اس کی میڈیکل کی تعلیم کے دوران وہ کبھی لاہور آئے نہیں تھے محض فون پر رابطہ رکھتے تھے اس کے رزلٹ کا سن کر جب وہ لاہور ان کے گھر آئے۔ اس کے بعد جب بھی آئے تو ہر بار ان کی ملاقات میں ممی' جبل ماموں' زہرا مامی' معیز اور ولی سب موجود ہوا کرتے تھے۔

اتنے برسوں بعد آج وہ زندگی میں دوسری بار ان کے ساتھ یوں اتنے قریب اور تنہا بیٹھی تھی۔ آج وہ اٹھارہ سال کی ناسمجھ و کم سن فارہ بہروز خان نہ تھی جو کسی کی بھی چکنی چپڑی میٹھی میٹھی باتوں میں آجائے مگر پھر بھی اس وقت وہ اپنے دل میں وہی کیفیت پیدا ہوتی محسوس کر رہی تھی جو چھ سال پہلے داخلہ فارم بھرتے وقت اس بینچ پر بیٹھ کر کی تھی۔ اس کے دل میں ان کے سینے پر سر رکھ کر رونے کی خواہش بڑی شدت سے مچل رہی تھی۔ یوں لگ رہا تھا جیسے اس کے اندر آنسوؤں کا ایک سمندر ہے' جو بہہ نکلنے کو بے قرار ہے۔ وہ اپنی اس عجیب و غریب اور نہ سمجھ میں آنے والی کیفیت سے ہراساں ہوئی۔

وہ کیا جادوگر ہیں' انہیں کیا لوگوں کو اپنے زیر اثر کرنا' ہپناٹائز کرنا آتا ہے۔ وہ کیا کوئی جادوئی اسم پڑھ کر پھونکتے ہیں کہ ان کے مقابل بیٹھا بندہ پھر ان کے سوا ساری دنیا سے لاپروا ہو جاتا ہے۔ انہوں نے ڈیڈی کے ساتھ بھی تو ایسا ہی کوئی جادوئی عمل کیا تھا۔

ڈیڈی یا تو ان سے اتنے ناراض تھے کہ زندگی بھر کبھی ان کا نام تک اپنے لبوں پر نہ لائے اور جب ان سے ملے تو چند ہی دنوں میں اتنے بدل گئے کہ نہ اس کے ڈیڈی رہے نہ ممی کے شوہر بس صرف محمد بختیار خان کے بیٹے رہ گئے۔

کمرے کا دروازہ بڑے دھماکہ خیز انداز میں کھول کر زرمینہ کی بیٹی اندر آئی تھی' چونک کر اسے دیکھتے وہ اپنی عجیب و غریب جذباتی کیفیت سے باہر نکلی۔ جتنے دھماکے سے وہ اندر آئی تھی ایسے ہی اچھلتے انداز میں وہ بیڈ پر آلتی پالتی مار کر اس کے اور آغا جان کے سامنے آ کر بیٹھ گئی۔

"فرمایئے بڑی بی کیسی ہیں آپ؟" آغا جان تکیوں سے کمر ٹکا کر بیڈ پر نیم دراز تھے۔ نیلی جینز جس کے ایک پائنچے پر باریک ڈوری بنی ہوئی تھی' اس کے اوپر گہرا گلابی رنگ خوب موٹا سویٹر اور سر پر سویٹر کا ہم رنگ اونی ٹوپا پہنے وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔

گول مٹول' خوب صحت مند سی تو وہ ویسے ہی تھی' سردی کے سبب جو اتنے ڈھیر سارے لوازمات پہن رکھے تھے ان سے اور بھی موٹی موٹی لگ رہی تھی۔ فارہ دلچسپی سے اس بچی کو دیکھنے لگی۔ اس کے سرخ سرخ گال ہولے سے کھینچنے کو بھی دل چاہا۔

"اس کی باتیں سنو بھی۔ ایسی پکی' نانیوں' دادیوں جیسی باتیں کرتی ہے۔" آغا جان اسے بتانے لگے۔

"کیا نام ہے تمہارا؟"

"عشنا عبادالرحمٰن۔" اس نے بڑی معصومانہ سی سنجیدگی سے جواب دیا۔

اس نے اپنے سامنے رکھا بسکٹوں کا ڈبہ اس کے سامنے کیا' اس نے فوراً ہی بے تکلفی سے ایک بسکٹ اٹھالیا۔

"تم بڑی ہو بھائی سے؟"

www.allurdu.com

"نہیں میں اور حذیفہ Twins ہیں۔ وہ کھاتا نہیں ہے نا۔ اس لیے بڑا نہیں ہوتا۔" اس نے فوراً ہی آغا جان کی بات کی تصدیق کرتے بچپن کا ثبوت بھی فراہم کردیا۔

"دیکھا۔ کیا کہا تھا میں نے تم سے۔" آغا جان بلند آواز سے قہقہہ لگا کر ہنسے، وہ بھی بے اختیار کھلکھلا کر ہنس پڑی۔

نجانے کتنے مہینوں بعد آج وہ یوں ہنسی تھی۔ اپنی ہنسی اسے خود اجنبی بھی لگی اور بہت اچھی بھی مگر اس کی یہ طویل عرصہ بعد کی ہنسی ولی کو دیکھتے ہی فوراً غائب ہو گئی۔

ڈینمز، کاٹن شرٹ، سوئیٹر والے عام حلیے کے برعکس اس وقت وہ خاصی فارمل قسم کی تیاری میں تھا۔ دائیں ہاتھ میں بریف کیس پکڑے وہ کمرے میں داخل ہوا۔ اندر کے منظر کو دیکھ کر اگر اسے کوئی حیرت یا تعجب ہوا بھی تھا، تب بھی اس نے اسے ظاہر نہیں کیا۔ اسے دیکھتے ہی اس نے چہرے پر سے مسکراہٹ کا ہر نشان ہٹا کر سنجیدگی طاری کرلی۔

وہ اس پر اور عشنا پر ایک سرسری —— نگاہ ڈالتا آغا جان کے پاس آگیا اور ان کے قریب جھک کر بولا۔

"آغا جان! میں جا رہا ہوں۔" اس نے ان کے دائیں ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لے کر چوما، وہ بڑی محبت اور چاہت سے انہیں دیکھ رہا تھا۔

ان کی طرف دیکھتے ہر بار اس کے چہرے کا بے تاثر اور خشک سا انداز گہری محبت میں بدل جاتا تھا۔ وہ اس سے اور اپنی بھانجی سے مکمل طور پر لاتعلق آغا جان کی طرف متوجہ تھا۔

"جاؤ بیٹا۔" انہوں نے اس کی پیشانی چومی۔

"اور میری فکر میں زیادہ ہلکان ہونے اور پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ میں خوب مزے میں ہوں، دو دو ڈاکٹرز میری خدمت کرنے کو موجود ہیں۔" وہ ہنستے ہوئے اس سے بولے۔

وہ جواباً ہنسا نہیں بلکہ سنجیدگی سے سر ہلاتا ان کے پاس سے ہٹ گیا۔

وہ جس تیز رفتاری اور عجلت میں اندر آیا تھا اسی سے فوراً چلا بھی گیا۔

"بہت فکر رہتی ہے اسے میری۔ آفس چلا بھی جائے تو پیچھے دس دس بار فون کرکے میری خیریت پوچھے گا۔ فون پر میری ہلکی سی کھانسی کی آواز بھی سن لے تو سب کام چھوڑ کر بھاگا بھاگا گھر آجائے گا۔" اگر یہ جملے اس نیت سے کہے جا رہے تھے کہ ولی صہیب خان کے لیے اس کے میں کوئی سوفٹ کارنر پیدا ہو جائے گا تو یہ ایک بے کار بے مقصد کوشش تھی۔

"بہت چھوٹی عمر میں بڑی بھاری ذمہ داریاں پڑ گئی میرے بچے پر۔ نوجوانی کا بے فکری کا زمانہ گزارنے کا موقع بھی نہ مل سکا، وقت سے پہلے بڑے بھاری بوجھ اور ذمہ داریاں اٹھانا پڑ گئیں اسے۔" وہ اپنے بچے کا ذکر ابھی کرنے کے موڈ میں نہیں تھے۔ ان کے ہنستے مسکراتے چہرے پر ایک دم ہی اداسیاں پھیل گئی تھیں۔

"بائیس سال کی عمر اتنی بھاری ذمہ داریاں اٹھانے کی نہیں ہوتی۔ میں تو پہلے بھی کاروباری اور زمینوں کے معاملات کم ہی دیکھا کرتا تھا، سب ذمہ داریاں صہیب اٹھائے ہوئی تھیں۔ میں تھوڑی دیر کے لیے دفتر چلا گیا یا پر بیٹھے بیٹھے ہی زمینوں کا حساب کتاب دیکھ لیا مگر صہیب نے یوں اچانک جا کر تو میری کمر ہی توڑ دی۔ کوئی کام سنبھا تو دور میں تو خود کو سنبھالنے لائق بھی نہیں رہا۔

بہروز نے صہیب کے سوئم والے دن قبرستان سے آتے مجھ سے کہا تھا "آغا جان! آپ کا ایک بیٹا چلا گیا تو کیا ہوا، دوسرا بیٹا تو زندہ ہے۔" اس نے مجھ سے یہاں سا کاروبار اور سارا کام سنبھالنے کا وعدہ کیا تھا۔ اس نے ولی زرمینہ کو سینے سے لگاتے یہ بھی کہا تھا کہ وہ اپنے بھائی ان بچوں کو کبھی باپ کی کمی محسوس نہیں ہونے دے "آج سے میں سمجھوں گا" میری صرف ایک بیٹی نہیں میرے تین بچے ہیں۔" اور ہوا کیا؟ مجھ سے اتنے وعدے کرنے والا وہ کسی بھی وعدے کو نبھانے کے لیے زندہ ہی رہا۔" اپنی آنکھوں کی نمی اس سے چھپانے کے لیے انہوں نے آنکھیں بند کرلیں اور ایک دو منٹ تک خاموش ہی رہے۔

عشنا کھیلتی کودتی کمرے سے جا چکی تھی۔ کمرے میں اس وقت صرف وہ دونوں ہی تھے۔

"آمنہ اور صہیب کی زندگی ہی میں ولی امریکہ گیا ہوا تھا پڑھنے۔ وہ وہاں سے گریجویشن کرچکا تھا، لاء اسکول میں اس کا پہلا سال اختتام پر تھا جب صہیب کا انتقال ہوا تو وہ سب چھوڑ چھاڑ کر پاکستان واپس آگیا۔

صہیب کے بعد بہروز بھی نہ رہا تو وہ اس فکر میں واپس گیا ہی نہیں کہ یہاں بزنس کون سنبھالے گا، زمینوں کے

CamScanner

www.allurdu.com

معاملات کون دیکھے گا۔ بعد میں ' میں نے بہت کہا کہ بچے یہاں سب کام ہوتے رہیں گے تم اپنی پڑھائی پوری کرو۔ مگر وہ واپس جانے کے لیے تیار ہی نہ ہو تا تھا۔ بڑی مشکلوں سے میرے بہت کہنے سننے اور ناراض ہونے پر وہاں گیا بھی تو بس اپنا لاء میں گریجویشن مکمل کر کے واپس آ گیا۔

"اسے Taxation میں ماسٹرز کے لیے ورجینا لاء اسکول سے اسکالرشپ آفر ہوئی تھی۔ میں نے بہت سمجھایا کہ ایسے موقع زندگی میں روز روز نہیں ملتے Taxlawyer بننا' Taxation میں اعلا ڈگری لینا تو تمہارا خواب تھا' کیوں اپنے کیریئر کو اپنے ہاتھوں تباہ کر رہے ہو مگر اس نے پھر میری ایک نہ مانی۔ کہنے لگا آپ کی خاطر میں نے اپنا لاء میں گریجویشن پورا کر لیا' بس اب مجھے یہاں سے کہیں جانے کے لیے مجبور نہ کریں۔"

اسے یاد تھا کہ جب وہ میڈیکل کے دوسرے سال میں تھی تب اس سے آغا جان نے فون پر ولی کے امریکہ اس کی ادھوری تعلیم مکمل کرنے جانے کا تذکرہ کیا تھا اور دو سال بعد ایک اور فون کال میں یہ ذکر بھی کیا تھا کہ مزید اعلیٰ تعلیم اور شاندار کیریئر کے بہترین مواقع چھوڑ کر وہ پاکستان واپس آگیا ہے۔

وہ اس ذکر سے نہ تب متاثر ہوئی تھی نہ اب۔ بطور Tax Lawyer شاندار کیریئر' ورجینا لاء اسکول کی اسکالرشپ' وال اسٹریٹ کے دلکش بلاوے' ڈالرز کی خیرہ کن چمک دمک' عروج' کامیابیاں' یہ سب یہاں اس کروڑوں کی جائیداد سے زیادہ پرکشش تو نہیں ہو سکتے تھے' ان سب کی قربانی دے کر' ٹھکرا کر' انہیں چھوڑ کر واپس پاکستان آکر اس نے کس پر احسان کیا تھا؟

جس کروڑوں کی جائیداد کا وہ تن تنہا وارث بنا ہوا تھا' اس کی ذمہ داریاں سنبھال کر' دیکھ بھال کر کے وہ کس پر احسان کر رہا تھا۔ کاروبار' زمینوں' اور باغات کی دیکھ بھال' اور تمام امور کی ذمہ داریاں سنبھال کر بوڑھے دادا کا دل بھی جیت لیا' سب کچھ اپنے نام بھی کروا لیا' اور آپ کی خاطر کیریئر چھوڑ آیا ہوں کے احسان تلے انہیں دبا بھی لیا۔

وہ ان کا دست راست تھا۔ آغا جان اگر بادشاہ تھے تو وہ ان کا وہ ولی عہد جس نے ان کی زندگی ہی میں سارے اختیارات اپنے نام کروا رکھے تھے۔ اسے دولت' جائیداد سے کوئی مطلب غرض نہ تھی لیکن اتنا تو بہرحال اس کے علم میں تھا کہ آغا جان نے اپنی وصیت تیار کی ہے یا نہیں اور باقاعدہ کوئی چیز کسی کے نام کی ہے یا نہیں مگر ولی صہیب خان کو یہ قانونی حق ضرور دے رکھا ہے کہ جہاں جہاں محمد بختیار خان کے دستخط ہو سکتے ہیں' وہاں وہاں ولی صہیب خان کے دستخط سے بھی کام ہو سکتا ہے۔

ان کا ہر کاروباری معاملے' جائیداد سے متعلق امور' روپے پیسے کا لین دین اور تمام کے تمام بینک اکاؤنٹس میں ان کے ساتھ جو دوسرے دستخط ہو سکتے تھے' چل سکتے تھے اور چل رہے تھے وہ صرف اور صرف ولی صہیب خان کے تھے۔ اب وہ اس سے اس بات پر کیونکر متاثر ہو سکتی تھی کہ اس نے اپنے قیمتی تعلیمی سال اس کاروبار' جس کا وہ مالک و مختار بنا بیٹھا ہے کی ذمہ داریاں سنبھالنے میں ضائع کیے۔

اس کی ان قربانیوں کو وہ قربانیاں اس وقت مانتی جب وہ اپنا کیریئر اور کامیابیاں چھوڑ کر ایک بے تحاشا امیر کبیر دادا کے لیے نہیں بلکہ ایک غریب' بے آسرا و بے سہارا دادا کے لیے واپس آیا ہوتا۔

(دوسری اور آخری قسط آئندہ ماہ)


خواتین ڈائجسٹ کے شائع کردہ

چار نئے اور خوبصورت

ناول

- دل، دیا، دہلیز، رفعت سراج 600 روپے
- وہ خبطی سی دیوانی سی آمنہ ریاض مریم عزیز 400 روپے
- جو چلے تو جاں سے گزر گئے ماہا ملک 150 روپے
- ساگر، دریا، بادل، بوند رضیہ جمیل 250 روپے

قیمت پیشگی منی آرڈر یا بینک ڈرافٹ سے بھجوائیں

ڈاک خرچ اور پیکنگ فری

منگوانے کا پتہ

- مکتبۂ عمران ڈائجسٹ 37 اردو بازار کراچی
- لاہور اکیڈمی 205 سرکلر روڈ لاہور




CamScanner

www.allurdu.com

۴

# دوسری قسط

"آغا جان! آج لنچ میں کیا لیں گے آپ؟" زرمینہ کمرے میں داخل ہوئی تھی۔

"پشاوری بیف تکہ' خوب سارے گھی میں پکا کڑھائی گوشت' خوب تیز مسالوں اور نمک والے چپلی کباب اور میٹھے میں دیسی گھی کی خوشبوؤں سے مہکتا اخروٹ کا حلوہ۔"

انہوں نے بڑی روانی سے اپنا لنچ کا مینیو اس کے گوش گزار کیا اور ساتھ ہی شرارتی نگاہوں سے زرمینہ کو دیکھا ایسے جیسے جانتے تھے وہ اس بد پرہیزی کا سن کر ہی اپنا دل تھام لے گی۔

"ہائے ہائے کیا دن تھے جب محمد بختیار خان ایسے مزے مزے کے کھانے کھایا کرتے تھے۔ اب تو نصیب میں بد مزہ پرہیزی کھانے لکھ دیے گئے ہیں۔" شرارتی مسکان ہنوز لبوں پر لیے انہوں نے ایک سرد آہ بھری۔

"تو زرمینہ عباد الرحمن! قصہ کچھ یوں ہے کہ آپ جو مرضی ہو اور جو دل چاہے کھلا دیں بغیر گھی اور نمک کے ہر سالن ایک سا ہی لگتا ہے۔" زرمینہ شاید ان کے ان کمنٹس پر کوئی بے تکلفانہ تبصرہ کرنا چاہتی تھی اس نے لب کھولے مگر پھر اس کی موجودگی کے سبب سنجیدہ ہی کھڑی رہی۔

"میرے لیے کچھ بھی بنا لو بیٹا! ہاں صدو سے کہنا' لنچ میں کوئی نہ کوئی چائنیز ڈش ضرور بنا لے۔ یہ جو میری پوتی صاحبہ ہیں نا' انہیں پھیکے سیٹھے بد مزہ' چینی کھانے بہت پسند ہیں۔" وہ اس کی طرف اشارہ کرتے زرمینہ سے بولے وہ فارہ کی طرف دیکھے بغیر محض سر ہلاتی کمرے سے فوراً واپس چلی گئی۔

اس نے انہیں اپنی پسند ناپسند تو کبھی نہیں بتائی تھی۔ ان سے اس کی فون پر ہمیشہ بہت ناپی تلی اور پر تکلف گفتگو ہوئی تھی اور اسے نہیں یاد تھا کہ اس نے کبھی انہیں کھانے پینے کی اپنی پسند ناپسند سے آگاہ کیا ہو۔

"مجھے بہروز نے بتایا تھا۔ صہیب کے انتقال پر جب تم اور روحی بھی یہاں آگئی تھیں' پھر اس رات بہروز نے مجھے تمہاری بہت باتیں بتائی تھیں۔" وہ اس کی حیرت بھانپتے فوراً بولے۔

وہ اس دن کو یاد کرنا نہیں چاہتی تھی' اس لیے نہ کچھ بولی اور نہ خود کو مزید کچھ سوچنے دیا۔

"بیٹا! زرمینہ کے کسی رویے کا برا مت ماننا۔ تھوڑا جذباتی اور غصے کی تیز ہے مگر دل کی بہت اچھی ہے۔ میری دونوں کی دونوں پوتیاں ایسی ہی ہیں۔ ضدی' جذباتی' غصے

www.allurdu.com

کی چیز، تھوڑی سی مغرور مگر دل کی بہت اچھی۔"

انہوں نے شاید یہ جان لیا تھا کہ اس وقت اس گھر میں موجود یہ دو لڑکیاں ایک دوسرے کے خلاف شدید نفرت اور عداوت رکھتی ہیں اور ان کے تعلقات رسم دنیا کا لحاظ رکھتے سرسری، رسمی یا اوپری انداز میں بھی ہرگز اچھے نہیں۔ وہ جواباً "خاموش رہی۔ مگر دل میں اس نے یہ ضرور سوچا کہ جس دوسری پوتی کا ذکر ہے وہ، وہ خود ہے اور اسے زندگی میں پہلی بار کسی نے ضدی اور جذباتی قرار دیا تھا اور ساتھ ہی یہ بھی بتایا تھا کہ وہ دل کی بہت اچھی ہے۔

اپنے متعلق اس نے اچھے بھی اور برے بھی کئی طرح کے کمنٹس سن رکھے تھے مگر ضدی اور جذباتی اسے کسی نے پہلی بار کہا تھا۔ اس کے دل کی اچھائیاں بھی شاید کسی نے پہلی بار دریافت کی تھیں۔ اس کے متعلق سب سے اچھے کمنٹس معیز دیا کرتا تھا۔ وہ اسے سادہ، مخلص، خوش اخلاق، ذہین اور صاف گو قرار دیا کرتا تھا۔ ان میں ذہین اور مخلص وہ تھی۔ سادہ والی خوبی ذرا مشکوک سی تھی اور خوش اخلاق تو وہ ہرگز نہیں تھی۔

یہ وہ خوبی تھی جو معیز اس میں زبردستی دریافت کر کے لاتا تھا۔ وہ خوش اخلاق صرف ان لوگوں کے ساتھ ہوتی تھی جو اسے اچھے لگتے تھے اور جو اچھے نہ لگتے پھر وہ مروتاً" رسماً" "اخلاقاً" "مصلحتاً" یا دنیاداری کے لیے بھی ان سے اخلاق نہ برتا کرتی تھی۔ اچھے لفظوں میں اسے صاف گو، دل کی صاف، جو دل میں وہی چہرے اور زبان پر، منافقت سے عاری وغیرہ کہا جا سکتا تھا اور برے الفاظ میں بدلحاظ، منہ پھٹ، بداخلاق، بے مروت اور بدتمیز۔

اس خوبی کے ساتھ وہ نڈر اور بے خوف بھی تھی، جو اس کے دل میں ہے وہ زبان پر لاتے کبھی ہچکچاتی نہیں تھی۔ لوگ مصلحت سے کام لیتے ہیں اور وہ ہر بات صاف صاف لوگوں کے منہ پر بول کر دوست کم اور دشمن زیادہ بنا لیا کرتی تھی۔ اسے احساس ہوا آغا جان، زرمینہ اور اس کی عادات کو ایک سا بالکل درست قرار دے رہے ہیں۔

اس گھر میں وہ شاید کسی کو بھی اچھی نہیں لگتی مگر یہ جرأت صرف زرمینہ عبادالرحمٰن ہی میں ہے کہ وہ منہ پر اس سے نفرت اور بےگانگی کا اظہار کر سکے۔ جو اسے پسند نہیں، وہ اس کے ساتھ مصلحتاً بھی کیوں اخلاق برتے۔ جو اس گھر میں اس کے ساتھ سب سے برا رویہ اختیار کیے ہوئے تھا وہ اس کے متعلق پہلی مرتبہ کچھ مثبت سوچ رہی تھی۔

اور جو بھی ہے زرمینہ عبادالرحمٰن منافق تو نہیں۔

"ویسے تو ضد، غصہ، غرور اور اکڑ ہماری خاندانی صفات ہیں مگر تم دونوں بہنوں میں یہ ذرا زیادہ ہی شدت سے پائی جاتی ہیں۔ نوجوانی میں میں بھی ایسا ہی تھا، بہروز بھی ایسا ہی تھا، ہاں صہیب تھوڑا مختلف تھا، اس میں لحاظ مروت اخلاق، تدبر اور معاملہ فہمی ذرا زیادہ تھی۔ وہ اپنی ماں پر پڑا تھا اور بہروز مجھ پر۔ تمہاری دادی، صہیب اور ولی ایک طرح کے اور میں، بہروز، تم اور زرمینہ ایک طرح کے۔ خون کا اثر ہے۔ تم دونوں بہنوں کا ان خوبیوں میں نہ کمال ہے نہ قصور۔" آغا جان بڑے پرلطف سے انداز میں مزید گویا ہوئے۔

زرمینہ کے لیے بہن کا لفظ اس نے ذرا مشکلوں سے ہضم کیا جن بدنام زمانہ صفات اور عادات کو وہ ڈیڈی کے خاندان کے ساتھ جوڑتی اور ان سب میں بکثرت موجود قرار دیتی تھی، آغا جان بڑے اطمینان سے انہیں فخریہ قبول کرتے یہ بتا رہے تھے کہ وہ بھی ان ہی خاندانی و موروثی صفات کی مالک ہے۔

لنچ تک وہ یونہی ان کے ساتھ بیٹھی رہی۔ وہ بولتے بولتے تھکنے لگے تو بیڈ پر لیٹتے اس کے ہاتھ میں اخبار پکڑا دیا

ادارہ خواتین ڈائجسٹ کے معروف ناول

- دل پھولوں کی بستی ——— [illegible] ——— 400/-
- جو چلے تو جاں سے گزر گئے ——— [illegible] ——— 150/-
- وہ جھلی سی دیوانی سی ——— [illegible] ——— 400/-
- طائر لاہوتی ——— رفعت سراج ——— 550/-
- ایمان امید اور محبت ——— عمیرہ احمد ——— 180/-
- خواتین کا گھریلو انسائیکلو پیڈیا ——— 600/-

خوبصورت سرورق، آفسٹ پیپر، خوبصورت چھپائی، مضبوط جلد

شائع ہو گئے ہیں

مکتبہ عمران ڈائجسٹ 37، اردو بازار کراچی

لاہور میں:
- لاہور اکیڈمی
- سلطان نیوز ایجنسی
- عظیم اینڈ سنز
- اسلامیہ کتب خانہ

اشرف بک ایجنسی

مہران نیوز ایجنسی

www.allurdu.com

کہ انہیں پڑھ کر سنائے۔

"مار دھاڑ اور خون خرابے کی خبریں نہ سنانا' کھیلوں کی خبریں سنا دو یا شوبزنس کے چٹپٹے قصے سنا دو۔" وہ لوگ دوپہر کا کھانا شروع کرنے والے تھے کہ ولی کا فون آگیا۔ وہ آغا جان سے بات کر رہا تھا۔

"وکیل صاحب! تسلی رکھیے۔ ایک ڈاکٹر میرے دائیں بیٹھی ہے اور ایک بائیں۔" ولی نے نجانے کیا کہا تھا' جس پر وہ ہنستے ہوئے بولے تھے۔

"اس مہنگائی کے دور میں لوگوں کو ایک ڈاکٹر بمشکل دستیاب ہوتا ہے میرے پاس تو دو' دو ہیں اور وہ بھی تھوڑی بہت دیر کے لیے نہیں بلکہ راؤنڈ دا کلاک۔" اسے کبھی بھی اس بات کا اندازہ نہیں ہوا تھا کہ وہ اتنے خوش اخلاق اور خوش مزاج ہیں۔

"خبردار جو میری پوتیوں کی قابلیت پر کوئی شبہ کیا ہو تو۔ آپ نے پریکٹس نہ کی اگر کرتے تو کتنے بڑے وکیل ثابت ہوتے' یہ ایک زمانہ جانتا ہے اور میری پوتیاں' ذہین' قابل' لائق' فائق۔"

سامنے بیٹھی زرمینہ بیٹے کے منہ میں نوالے ٹھونسنے میں مصروف تھی' مگر اس کے چہرے پر پھیلے مغرورانہ تاثرات بتا رہے تھے کہ وہ اپنا ذکر مسلسل اور متواتر اس کے ساتھ لفظ پوتیوں کی صورت ہونے پر ہرگز ہرگز خوش نہیں ہے۔

کل بھی اور آج بھی اس نے زرمینہ کو جس ماہرانہ سے انداز میں آغا جان کا بی پی چیک کرتے' نبض دیکھتے' دوا دیتے اور خالص ڈاکٹرانہ انداز میں نیند صحیح آئی' بھوک صحیح لگی وغیرہ وغیرہ وغیرہ جیسے سوالات کرتے سنا تھا' ان سے اسے ایسا ہی کچھ لگا تھا۔

اسے یاد آیا' آغا جان نے ایک آدھ بار زرمینہ کی مشکل پڑھائی اور کالج جانے آنے کا ذکر کیا تو تھا مگر اس نے دھیان دے کر سنا نہیں تھا۔ شادی کے بعد میڈیکل کی مشکل پڑھائی اور ساتھ میں بچوں کی ذمہ داری بھی۔ اسے نہ چاہتے ہوئے بھی اپنی اس ہم عمر عم زاد کو ایک اور تعریفی سرٹیفکیٹ عطا کرنا پڑا۔ دشمن میں بھی اگر کوئی خوبی ہے تو اس کا اعتراف کر لینا چاہیے کہ یہی بڑائی اور اعلا ظرفی کا ثبوت ہے۔ فون پر ولی سے مختصر سی گفتگو کرنے کے بعد آغا جان بھی کھانے میں شریک ہو گئے تھے۔

وہ بیڈ پر بیٹھے ہوئے کھانا کھا رہے تھے اور فارہ' زرمینہ اور دونوں بچے بھی وہیں قریب ہی کل رات کی طرح صوفے اور میز پر کھانا کھا رہے تھے۔ کھانے کے بعد زرمینہ نے انہیں زبردستی لٹوا دیا تھا اور ان کے مزید گفتگو پر پابندی عائد کر دی تھی۔ فارہ بھی اپنے کمرے میں آگئی تھی۔

وہ معیز کو فون کرنے کے متعلق سوچ رہی تھی۔ کہ وہ دونوں بچے بے تکلفی سے دروازہ کھولتے اس کے کمرے میں آگئے۔

تین چار سال کے بچوں کو آپ کوئی بات نہیں کہہ سکتے اسے مسکراہٹ چہرے پر لا کر ان کا استقبال کرنا پڑا۔ سب ہی بچے اتنی متجسس فطرت کے مالک ہوتے ہیں یا یہی جیمز بانڈ و شرلاک ہومز کے نانی' دادا تھے۔ وہ طے نہیں کر پائی بہرحال وہ اپنے نانا کے گھر آئی اس نئی مہمان سے تعارف چاہتے تھے۔

ان کی اماں کو پتا چل جائے کہ ان کے بچے دشمن کے علاقے میں داخل ہو گئے ہیں تو غالباً" زمین آسمان ایک کر دیں گی۔ تعارف کا مرحلہ تو چند سیکنڈوں میں نمٹ گیا تھا۔ وہ کس کنڈر گارٹن میں پڑھ رہے ہیں بھی فوراً" بتا دیا گیا تھا' اب بھائی صاحب اسے کمانڈر انکل' ڈرٹو اور ڈرنی کے قصے سنا رہے تھے اور بہن صاحبہ پاور پف گرلز میں سے بلوسم زیادہ اچھی ہے یا ببل سمجھانے میں مصروف تھیں۔

وہ سب ٹینشنز بھول کر اس بچکانہ ماحول کو انجوائے کر رہی تھی۔

☼ ☼ ☼

"دل کی بیماری بڑی وفادار ہے' ایک بار زندگی میں شامل ہو جائے پھر عمر بھر ساتھ نبھاتی ہے اور ہم ٹھہرے وفاداری کی قدر کرنے والے' سو ناز اٹھا رہے ہیں اس کے۔" آغا جان کے کمرے میں داخل ہوتے اس نے سنا۔ وہ کسی سے خاصے پر لطف سے انداز میں محو گفتگو تھے۔

سردیوں کے دن جتنے چھوٹے تھے ایسے میں شام ہونے کا پتا بھی نہیں چلا تھا۔ خاصی تیزی میں دن گزرا اور شام ڈھلنے لگی تھی۔ مغرب سے قبل انہوں نے اسے اپنے کمرے میں بلوایا تھا اور اب وہ وہاں آئی تو وہاں زرمینہ اور ولی تو موجود تھے ہی' نگران کے ساتھ سامنے صوفے پر ایک سرخ و سفید خاصی صحت مند سی خاتون بیٹھی نظر آئی تھیں۔

www.allurdu.com

ان کے عظیم الشان جثے کے برابر زرمینہ ہمیشہ سے بھی زیادہ دھان پان اور دبلی لگ رہی تھی۔ وہ دونوں بالکل برابر بیٹھی تھیں جبکہ ولی ذرا الگ رکھے سنگل صوفے پر بیٹھا تھا اور آغا جان بیڈ پر ٹیک لگائے بیٹھے تھے۔ ولی شاید ابھی ابھی آیا تھا' اس کے لباس میں سے کوٹ اور ٹائی غائب ہو چکے تھے مگر تھا وہ صبح والے ہی لباس میں۔

"آؤ بیٹا۔" اسے دروازے پر رکتا دیکھ کر آغا جان نے فوراً کہا "ان سے ملو' کسی زمانے میں یہ میری بھتیجی عاشی ہوا کرتی تھی۔ اب زرمینہ کی ساس مسز عائشہ خٹک ہیں۔"

تعارف کے اس انداز پر ہکابکا سی ہوتے اس نے سامنے بیٹھی خاتون کی طرف دیکھا جو آغا جان کی بات کا برا مانے بغیر با آواز بلند قہقہہ لگا کر ہنسی تھیں۔ ان کی صحت کی طرح قہقہہ بھی نہایت شاندار اور بلند و بالا ہی تھا۔

"جب اس کی نئی نئی شادی ہوئی تھی' یہ اپنی ساس کی برائیاں اور چغلیاں مجھ سے آکر کیا کرتی تھی۔ اب اس کی برائیاں زرمینہ مجھ سے کرتی ہے۔ یہ ساسیں بہوؤں کو اتنا تنگ کرتی کیوں ہیں کہ پھر وہ بے چاریاں اپنے چاچا اور دادا کے پاس ان کی شکایتیں لے کر پہنچیں۔" زرمینہ ان جملوں پر مسکرا رہی تھی جبکہ ولی اتنا سنجیدہ تھا جیسے آغا جان امریکہ' ایران پر حملہ کرنے والا ہے یا نہیں پر اظہار خیال کر رہے ہوں۔

فارہ احمقوں کی طرح گردن اٹھائے کبھی آغا جان کو اور کبھی زور زور سے ہنستے ان خاتون کو دیکھ رہی تھی۔

"ہم ساس بہو کو لڑوانے کی آپ کی ہر سازش ان شاءاللہ ہم دونوں مل کر ناکام بنا دیں گے۔" انہوں نے اپنا بھاری بھرکم ہاتھ زرمینہ کے گرد رکھ کر اسے اپنے مزید قریب کر لیا تھا۔

"بیٹھ جاؤ بیٹا! یہ ہمارے چچا محترم بے چارے عادت سے مجبور ہیں۔ تم حیران مت ہو۔ اور سناؤ کیسی ہو؟ پشاور کیسا لگ رہا ہے؟ یہاں دل لگا؟" وہ اب اس کی طرف متوجہ ایک سانس میں کئی سوال کر گئی تھیں۔

اگر زرمینہ کی بد اخلاقی موروثی و خاندانی تھی تو عباد کی خوش اخلاقی بھی موروثی و خاندانی ہی ہے' اسے اس کی والدہ سے مل کر چند منٹوں ہی میں اندازہ ہو گیا۔

گو وہ آغا جان کے برابر بیڈ پر بالکل خاموش بیٹھی تھی۔ سلام کرنے اور ان کی خیریت پوچھنے والے سوال کا جواب دینے کے بعد وہ پھر ایک لفظ بھی نہیں بولی تھی۔ مگر ان کی اور آغا جان کی مسلسل ہوتی نوک جھونک اور چھیڑ چھاڑ اسے ان کی خوش اخلاقی اور بہو کی فیملی کے ساتھ خوشگوار تعلقات کا پتا دے رہی تھی۔

وہ آغا جان کی خیریت دریافت کرنے اور عیادت کرنے آئی ہوئی تھیں مگر آغا جان انہیں مسلسل یہ کہہ کر چھیڑ رہے تھے کہ عیادت اور خیریت تو محض بہانے ہیں' در حقیقت تو وہ اپنے پوتی پوتا سے ملنے آئی ہیں جو ان دنوں اپنی ننھیال میں رہ رہے ہیں۔ اکیلے آغا جان کے ساتھ بیٹھنے کی بات دوسری تھی مگر ان کی فیملی کے دیگر افراد کے ساتھ بیٹھنا اسے جتنا ان ایزی اور آکورڈ لگ سکتا تھا لگ رہا تھا۔ وہ چہرے سے کچھ ظاہر نہیں کر رہی تھیں مگر بغور اس کا مشاہدہ تو ضرور کر رہی ہوں گی۔

"اچھا تو یہ ہے وہ ملکۂ حسن جو کروڑوں کی جائیداد کے وارث ولی صہیب خان' رد کر کے' خلع کا مطالبہ اور جائیداد میں اپنا حق مانگ رہی ہے۔"

ان کی تواضع کافی' ڈونٹس' سینڈوچز وغیرہ سے کی گئی تھی۔ انہیں کھانے کے لیے بھی بصد اصرار روکا جا رہا تھا مگر وہ معذرت کرتی اٹھ گئیں ۔۔۔ آغا جان کی دوا اور آرام لیٹ نہ ہو' اس لیے کھانا کچھ دیر بعد ہی لگا لیا گیا تھا۔

کل کی طرح صوفے پر بیٹھ کر' آغا جان کے کمرے ہی میں۔ زرمینہ' فارہ کو نظر انداز کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا رہتے ہوئے۔ آج کل جیسی بالکل خاموش رہنے کی پالیسی ترک کر کے آغا جان اور ولی کے ساتھ باتیں کر رہی تھی۔

آج آغا جان کی خیریت دریافت کرنے کس کس کا فون آیا اور پھر اس کس کس سے جڑی' کبھی پہلے کی کوئی بات' کوئی واقعہ۔ ولی صرف سر ہلانے یا سننے کا تاثر دیتے کھانا کھا رہا تھا مگر آغا جان ان تمام باتوں میں خوب دلچسپی لے رہے تھے۔

"بیٹا! ابھی مجھے نیند نہیں آ رہی۔ میں کچھ دیر فارہ کے ساتھ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔" کھانے اور دوا کے بیچ مناسب وقفہ رکھتے جب زرمینہ انہیں دوا دے چکی اور کل کی طرح فوجیوں والے اسٹائل میں انہیں سلانے اور اسے یہاں سے بھگانے کا غیر اعلانیہ انداز اختیار کرنا چاہا تب آغا جان زرمینہ سے بولے۔

وہ کوئی اختلافی بات کہنے والی تھی' وہ اپنے پیارے دادا کو ایک دشمن کے ساتھ رات میں اکیلا چھوڑنے کے حق میں

www.allurdu.com

نظر نہیں آ رہی تھی مگر اب کے کسی اختلافی فقرے اور اعتراض سے پہلے ولی صوفے پر سے اٹھتا ہوا قطعیت سے بولا۔

"چلو زرمینہ! عشنا کو نیند آ رہی ہے۔ اسے جا کر سلاؤ۔"

"لیکن لالہ۔" وہ دونوں بھائی بہن بالکل قریب کھڑے تھے اور وہ ہولے سے یہ لفظ منمنائی تھی۔

ولی نے جواباً" بغیر کچھ کہے صرف اسے گھورا تھا۔ کس قدر سخت اور غصے بھری نگاہوں سے۔

"جو میں نے کہا ہے' وہ کرو' لیکن' اگر اور مگر کیے بغیر۔"

عورتوں کو دبا کر رکھنا ان پر حکم چلانا تو اس خاندان کے مردوں کی فطرت ہے۔ باوجود اس کے کہ وہ لڑکی اس کی مخالفت میں کھڑی تھی پھر بھی فارہ کو ولی کا حکمیہ انداز سخت زہر لگا۔

زرمینہ فوراً" ہی کمرے سے نکل گئی تھی اور اس کے پیچھے حذیفہ اور عشناء کو ساتھ لیے ولی۔ کمرے میں صرف وہ اور آغا جان رہ گئے تب اس نے سکون کا سانس لیا۔ وہ طنز' نفرت' حقارت' دشمنی' پراسراریت' کسی بھی انداز سے نہیں دیکھتے' اس گھر میں کم از کم ان کے ساتھ اکیلے بیٹھ کر کھل کر سانس لی جا سکتی ہے' بغیر کوئی دباؤ اور پریشانی محسوس کیے۔ وہ پہلے ہی سے بیڈ پر ان کے برابر بیٹھی تھی مگر اس نے ٹانگیں نیچے لٹکا رکھی تھیں۔

"اوپر ہو کر آرام سے بیٹھ جاؤ۔" وہ بیڈ پر نیم دراز تھے' وہ پاؤں اوپر رکھ کر بیٹھی تو وہ مزید بولے۔

"اتنی دور نہیں۔ میرے پاس آ کر بیٹھو۔ آنکھیں کمزور ہیں۔ اتنی دور سے تو تم مجھے صاف نظر بھی نہیں آ رہیں۔"

وہ ان کے مزید قریب ہو گئی تو انہوں نے خود پر پڑا کمبل اس پر بھی ڈال دیا۔ اسے ہاتھ پکڑ کر اپنے بالکل نزدیک کر لیا۔

وہ ان کے شانے پر سر رکھنا نہیں چاہتی تھی مگر انہوں نے اس کے گرد بازو پھیلا کر اس کا سر اپنے شانے پر رکھ لیا۔ وہ ان کے اتنے قریب تھی' وہ ان کے بازوؤں کے حصار میں تھی' وہ ان کی خوشبو محسوس کر رہی تھی' وہ ان سے دور ہٹنا چاہتی تھی۔ وہ ہٹ نہیں پا رہی تھی۔ انہوں نے اسے زبردستی پکڑا ہوا نہیں تھا۔

ان کے بیمار اور کمزور وجود سے وہ ایک سیکنڈ میں معمولی سی بھی طاقت استعمال کیے بغیر دور ہٹ سکتی تھی' مگر وہ ہٹ نہیں رہی تھی۔

اگر وہ جادوگر تھے تو ایک جادوئی حصار اس کے گرد قائم کر چکے تھے۔ رات کی اس خاموشی اور تنہائی میں سر... نائٹ بلب اور لیمپ کی مدھم مدھم سی روشنی میں یہ جا... دائرہ اسے زیادہ ہی طاقت ور اور بااثر محسوس ہو رہا تھا۔

ایک ہاتھ انہوں نے اس کی کمر کے گرد رکھا تھا... دوسرے ہاتھ سے وہ ہولے ہولے اس کے چہرے... نقوش پر ہاتھ پھیر رہے تھے۔

"فارہ! تمہاری شکل بالکل بہروز جیسی ہے۔ ویسی ہی... ستواں ناک' ویسی ہی چوڑی پیشانی اور یہ جو تمہار... تھوڑی کا ڈمپل ہے ناں یہ تو بالکل ہی اس کی طرح ہے۔" انہوں نے اس کے ڈمپل پر اپنی شہادت کی انگلی رکھی تھی۔

"تمہارے پاس سے بہروز کی خوشبو آتی ہے فارہ... لگتا ہے وہ زندہ ہو کر پھر میرے پاس آ گیا ہے۔"

اسے لگا وہ رو رہے ہیں۔ انہیں اس کے پاس سے... کی خوشبو آ رہی تھی اور اسے ان کے پاس سے ک... خوشبو آ رہی تھی؟ ان دو لوگوں کو جو باہم ایک کرتا تھا... دونوں کے وجود میں اپنی خوشبو رکھتا تھا۔ ان کی رگوں... لہو بن کر دوڑتا تھا۔

ایک کا بیٹا' ایک کا باپ' اسے پتا ہی نہیں تھا وہ ر... ہے۔ اس کی آنکھوں سے ایک تواتر سے آنسو گر... کے کرتے کو نم کر رہے ہیں۔ ان کے شانے پر سے... اس نے ان کے سینے میں چہرہ چھپا لیا۔

رات اگر انسان کو کمزور کم ہمت اور بزدل بناتی ہے... سے جذباتی اور احمقانہ حرکتیں کرواتی ہے تو ایسا ہی کچھ...

"فارہ! میں تم سے بہت محبت کرتا ہوں اور کچھ... نہیں بس صرف اس کا یقین کر لو بیٹا! تم میرے بیٹے کی... نشانی ہو' میں تمہیں کھونا نہیں چاہتا۔ بے شک... پاس مت رہو' مجھ سے ملو بھی نہیں مگر صرف میری محبت کا... یقین کر لو اگر تمہیں اپنی محبت کا یقین نہیں دلا سکا تو... سے مر بھی نہیں سکوں گا میرے لیے موت کو آسان کر... فارہ۔" وہ بہت آہستہ آواز میں بول رہے تھے' ان کی... کے آنسوؤں کا پتا دے رہا تھا۔

"بیٹا! میں تم سے اپنی جان سے زیادہ پیار کرتا ہوں۔" اس کے آنسو پہلے سے بھی زیادہ شدت سے بہنے لگے تھے' اس کی تھوڑی پر سے انگلی ہٹا کر وہ دوبارہ اس کے چہرے پر ہاتھ پھیرنے لگے تھے۔ وہ اس کے آنسو صاف کر رہے تھے' وہ اس طرح اس کے چہرے کے ایک ایک... کو محسوس کیے جا رہے تھے۔

www.allurdu.com

اسے اپنے چہرے پر گردش کرتی ان کمزور 'بوڑھی انگلیوں کا لمس ان کے وجود سے اٹھتی ایک مانوس سی خوشبو۔

وہ اس پل صرف اس قربت 'اس محبت کی گرمی کو محسوس کر رہی تھی۔ حقیقت اور خواب سب آپس میں گڈمڈ سے تھے۔

جو حقیقت تھی۔ وہ خواب جیسی تھی اور جو خواب تھا 'وہ حقیقت جیسا پھولوں کا ایک کنج تھا 'اتنے پھول 'اتنے پھول 'اتنے پھول۔ وہ جگہ پھولوں سے بھری پڑی تھی۔ قدم جہاں پڑیں راہوں میں پھول ہی پھول دکھائی دیں۔

اور پھولوں کے اس کنج میں اسے ڈیڈی نظر آئے تھے۔ بہت خوش 'مسکراتے ہوئے "ڈیڈی" کتنے دنوں بعد آج اس نے انہیں دیکھا ہے۔ وہ دیوانہ وار بھاگتی ان کے پاس آئی۔ وہ اسے دیکھ کر پہلے سے بھی زیادہ مسکرائے کچھ کہے بغیر انہوں نے اسے اپنی بانہوں کے حلقے میں لے لیا۔

وہ اسے پیار کر رہے تھے۔ کبھی اس کی پیشانی چومتے' کبھی رخسار 'کبھی ہاتھ۔ وہ جگہ دنیا نہیں تھی۔ وہ جنت تھی۔ جنت ایسی ہی تو ہوتی ہے۔ ڈیڈی کے سینے پر سر رکھے 'ان کے بازوؤں کو اپنے گرد محسوس کرتے وہ ان سے یہ کہہ ہی نہیں پائی کہ میرے ساتھ واپس ہماری دنیا میں چلیں۔ اپنی جنت چھوڑ کر کوئی واپس جانا چاہتا ہی نہیں ہے۔

کوئی احساس تھا 'کوئی مدھم سی سرگوشی جو اس کے گرد ہو رہی تھی۔ وہ کسمسائی 'اس نے کروٹ بدلی۔ وہ بازو کہاں گئے جو اس کے گرد تھے 'اسے اپنی پناہوں میں لیے' بے چین ہو کر اس نے آنکھیں کھولیں۔

کمرے میں روشنی تھی 'کسی ٹیوب لائٹ 'بلب یا فانوس کی نہیں 'دن کے اجالے کی۔ آغا جان کی کمر کے گرد ہاتھ رکھ کر انہیں سہارا دیے کرولی باتھ روم کی طرف لے جا رہا تھا۔ وہ حقیقت اور خواب دونوں کی گرفت میں تھی۔

اس نے آج ڈیڈی کو خواب میں دیکھا ہے۔ اسے یقین نہیں آیا۔ ان کے انتقال کے بعد کتنی راتوں 'کتنے مہینوں اور کتنے سالوں سے وہ خواہش کرتی آئی تھی 'دعا مانگتی آئی تھی کہ ڈیڈی کو خواب ہی میں دیکھ سکے۔

اور آج اتنے برسوں بعد جب مایوس ہو کر وہ یہ دعا مانگنا چھوڑ چکی تھی تب۔

آغا جان باتھ روم میں چلے گئے تھے 'انہوں نے دروازہ صرف بند کیا تھا اسے لاک نہیں کیا تھا۔ ولی باتھ روم کے دروازے کے ساتھ کھڑا تھا۔ فارہ کی طرف اس کی پشت تھی۔ مگر شاید اس کی نگاہوں کا اسے احساس ہوا تھا تب ہی گردن گھما کر ایک پل کو اس کی طرف دیکھا تھا۔

سنجیدہ آنکھیں 'خاموش چہرہ جن پر کوئی تاثر رقم نہیں تھا۔ نہ دوستی نہ دشمنی۔ بالکل بے تاثر اور سپاٹ۔ اجنبی 'اجنبی 'لاتعلق سی نگاہ اس پر سے ہٹا کر وہ دوبارہ دروازے کی طرف دیکھنے لگا تھا۔ تکیے پر پڑا دوپٹہ اٹھا کر اوڑھتے ہوئے وہ کمرے سے نکل گئی۔

ادھر ادھر کہیں نگاہ ڈالے بغیر وہ سیڑھیاں چڑھتی سیدھی اپنے کمرے میں آ گئی۔ صبح کے دس بج رہے تھے۔ وہ اتنی دیر تک سوتی رہی۔ اسے یقین کرنے میں خود تامل ہوا۔

وہ صبح سویرے اٹھنے والوں میں تھی 'رات کسی وقت بھی سوئی ہو مگر اس طلسم کدے میں جہاں سب کچھ ہی بدلا ہوا تھا وہاں ایک عادت کے بدلنے پر کیا تعجب کیا جا سکتا تھا۔

منہ 'ہاتھ دھو کر اس نے لباس تبدیل کیا 'بال بنائے' ویلوٹ کے سیاہ سوٹ کے اوپر کڑھی ہوئی سیاہ شال لپیٹ کر وہ اپنے کمرے سے باہر تھی۔

اس کا رخ پھر آغا جان کے کمرے کی طرف تھا۔ لاؤنج میں اسے زرمینہ 'صدو اور کسی دوسری ملازمہ سے پشتو میں کچھ بولتی نظر آئی۔ دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا ضرور پر کہا ایک لفظ نہیں۔

دروازہ کھول کر وہ بے دھڑک اندر گھسی۔ آغا جان بیڈ پر بیٹھے تھے۔ ان کے ہاتھ میں چائے کا کپ تھا 'سائڈ ٹیبل پر رکھی ناشتے کی ٹرے بتا رہی تھی 'وہ ابھی ابھی ناشتے سے فارغ ہوئے ہیں۔

کل صبح انہوں نے کس وقت ناشتہ کیا تھا اور آج....؟ اس کی نیند نہ خراب ہو 'اس لیے وہ جاگ جانے کے باوجود اس کے پاس بیٹھے رہے 'اپنا ناشتہ 'اپنی دوا 'اپنے سارے معمولات ڈسٹرب کر لیے۔

بیڈ پر انہوں نے اپنے پاؤں بالکل سیدھے پھیلائے ہوئے تھے اور ان کے پیروں کے پاس بیڈ پر ولی بیٹھا ہوا تھا۔ وہ ان کے پیروں کے ناخن کاٹ رہا تھا۔

ان کے پیروں کے نیچے 'بیڈ شیٹ کے اوپر ایک چھوٹا سا چوکور کپڑا بچھا تھا 'جس پر کٹے ہوئے ناخن گرتے جا رہے تھے۔

اس نے دروازہ کھلنے پر گردن گھما کر دیکھا ضرور مگر پھر

www.allurdu.com

دوبارہ اپنے کام میں مصروف ہو گیا۔

"آجاؤ میری ننھی پری!" وہ اسے دیکھ کر بہت بھرپور انداز میں مسکرائے۔

چائے کا کپ انہوں نے ٹرے میں رکھ دیا تھا اور اپنے دونوں ہاتھ اس کی طرف پھیلا کر اسے اپنے پاس بلایا تھا۔ اگر ولی یہاں نہ ہوتا تو وہ واقعی اس وقت دوڑ کر ان کے پاس آتی۔

تب ہی ان کا ملازم گل خان اندر آیا۔ وہ کسی کے آنے کی اطلاع دے رہا تھا۔

"اوہو۔" آغا جان نے قدرے تاسف سے سر ہلایا' پھر اسے بتانے لگے۔

"حجام آیا ہے میری حجامت بنانے۔" وہ اپنے جملے پر خود ہی ہنسے۔ "ولی کہہ رہا تھا۔ جاپان کی لوک کہانیوں میں جو بونوں کے کردار ہوتے ہیں ناں۔ جتنے لمبے ان کے قد ہیں' اس سے بھی لمبی داڑھی' زمین کو چھوتی ہوئی' آپ کی داڑھی بالکل ویسی ہی لگنے لگی ہے۔ ویسے ہر اتوار ولی میرا یوم صفائی مناتا ہے۔"

گل خان سے بیڈ کے قریب ایک کرسی رکھوا رہا تھا اور اس گفتگو سے لاتعلق تھا' یوں جیسے جس ولی کی بات ہو رہی ہے' وہ یہ نہیں کوئی اور ہے۔

کرسی رکھوا لینے کے بعد اس نے گل خان سے حجام کو اندر لے آنے کو کہا۔ اب یہاں اس کی موجودگی کا نہ جواز تھا اور نہ یہ مناسب بات تھی۔

"میں ذرا اپنے یوم صفائی سے فارغ ہو لوں پھر تفصیلی بات چیت کرتے ہیں ہم دونوں۔" اسے واپس پلٹتا دیکھ کر آغا جان بولے۔ وہ سر ہلاتی واپس مڑی تو وہ جلدی سے بولے۔

"فارہ! بیٹا ناشتہ کر لو۔ گل خان! یہ صدو کہاں ہے' فارہ کو ناشتہ بنا کر دے۔" ولی انہیں بیڈ سے اٹھا کر کرسی پر بٹھا رہا تھا اور وہ اس کے ناشتے کی فکر میں تھے۔

"آغا جان! فارہ یہاں مہمان نہیں ہے۔ یہ اس کے دادا کا گھر ہے۔ اس کا جو کھانے کا دل چاہے گا' کچن میں خود جا کر کسی بھی ملازمہ سے اپنے لیے بنوا لے گی۔" ولی نے رسانیت سے کہا۔ یہ جملے اسے بولنے چاہیے تھے مگر اس کی خاموشی کے سبب آغا جان کو اطمینان دلانے کی خاطر بولنے اسے پڑے تھے۔

"آغا جان! میں ناشتہ کر لوں گی۔ آپ فکر مت کریں۔"

آہستگی سے کہتی وہ فوراً کمرے سے باہر نکل آئی تھی' اب لامحالہ اسے کچن کی طرف جانا ہی تھا۔

"آغا جان بے چارے پرہیزی کھانے کھا کھا کر تنگ آ گئے ہیں۔ اُبلے اُبلے' پھیکے' بے رنگ سے کھانے پکا پکا کر میری طبیعت اکتا گئی تو ان بے چاروں کی انہیں مسلسل کھاتے کیا حالت ہوتی ہو گی۔ چکنائی' نمک اور ریڈ میٹ پر ان کے لیے پابندی ہے تو جو چیزیں allowed ہیں' ان ہی میں کچھ جدت' کچھ ذائقہ اور کچھ انفرادیت پیدا کر لی جائے۔ بس آج اس کوشش میں لگی ہوں۔ اسکم (Skim) ملک میں' چینی بھی ذرا کم ہی رکھتے یہ کھیر بنا رہی ہوں اور یہ مچھلی بھی فرائی نہیں کروں گی بلکہ اوون میں بالکل معمولی سا کارن آئل لگا کر رکھ دوں گی۔" کچن میں داخل ہوتے اس نے زرمینہ کی آواز سنی۔

پہلی بار پتا چلا تھا کہ جب یہ ہنٹر والی اور پھولن دیوی نہیں بنی ہوتی تو خاصے اچھے لہجے اور آواز کی مالک ہے۔

آغا جان اردو بڑی شستہ اور نستعلیق بولتے تھے' یوں جیسے سیدھے علی گڑھ یونیورسٹی سے تشریف لا رہے ہوں مگر اس کے باوجود ان کے لہجے میں پشتو کی ہلکی بہت معمولی سی آمیزش ہوتی تھی' ایسی آمیزش جو سننے والے پر بڑا خوشگوار سا تاثر ڈالتی تھی مگر ولی اور زرمینہ کی اردو بالکل صاف اور کسی بھی دوسری زبان کی آمیزش سے مبرا ہوتی تھی۔

اندر داخل ہونے پر پتا چلا کہ یہ گفتگو عباد کے ساتھ ہو رہی تھی جو کچن ٹیبل کے آگے رکھی کرسی پر بیٹھا حذیفہ کے منہ میں پراٹھے کے نوالے بھی ٹھونس رہا تھا اور اپنے سامنے پھیلا انگریزی اخبار بھی پڑھ رہا تھا اور بیوی کی گفتگو بھی مناسب ہوں' ہاں' اچھا' واقعی اور نہیں جیسے الفاظ کے ساتھ سن رہا تھا۔

یہ الفاظ غالباً بیوی کی تسلی و تشفی کے لیے استعمال ہو رہے تھے۔ "میں تمہاری گفتگو پورے دھیان سے سن رہا ہوں۔" "پتا نہیں یہ بیویاں' شوہروں کو سکون سے اخبار کیوں نہیں پڑھنے دیتیں۔"

زرمینہ ککنگ رینج اور کاؤنٹر کے گرد متحرک تھی' پھرتی آغا جان کا لنچ تیار کرنے میں مصروف تھی۔

"السلام علیکم فارہ۔" عباد نے سلام میں پہل کی تھی۔

"وعلیکم السلام کیسے ہیں آپ؟" خالی عباد کہنا بے تکلفی لگ رہی تھی۔

CamScanner

www.allurdu.com

صاحب لگنا مناسب نہیں لگ رہا تھا اور بھائی کہنا زبردستی کا رشتہ جوڑنا لگ رہا تھا مگر عباد کے خوش اخلاقی والے انداز کے جواب میں وہ ہلکا سا مسکرائی ضرور تھی، زرمینہ کی گھورتی، غصیلی نگاہوں کی پروا کیے بغیر۔

"الحمد للہ، بالکل ٹھیک ہوں۔ آپ خیریت سے ہیں؟" عباد کے خیریت پوچھنے کا جواب دے کر وہ فوراً صدو سے مخاطب ہوئی۔

اپنا ناشتہ کمرے میں لانے کے لیے کہا اور پھر حاضرین کچن خاص کر کچن کی مالک پر نگاہ ڈالے بغیر جلدی سے کچن سے باہر نکل آئی۔

ناشتہ کے بعد وہ آغا جان کے کمرے میں آئی۔ بے دھڑک اندر داخل ہونے کے بجائے اس بار اس نے ہلکی سی دستک دی تھی۔

اندر آغا جان نہیں تھے۔ صرف ولی تھا۔ اس نے حیرت سے پورے کمرے میں نگاہیں دوڑائیں۔

"آغا جان نہا رہے ہیں۔" اسے ان کی تلاش میں نگاہیں گھماتے دیکھ کر ولی سنجیدگی سے بولا۔ اس نے باتھ روم کے دروازے کی طرف دیکھا، وہ صرف بھڑا ہوا تھا، لاکڈ نہیں تھا اور ولی قریب ہی کرسی ڈالے بیٹھا تھا۔ وہ بغیر کچھ کہے واپس جانے کے لیے مڑنے لگی تو وہ سنجیدہ لہجے میں اس سے بولا۔

"رات تمہارے ماموں کا فون آیا تھا۔" وہ بے اختیار ٹھٹک کر رکی، چونک کر بغور اسے دیکھا، وہ اسے یہ اطلاع فراہم کرنے کے بعد دوبارہ باتھ روم کے دروازے کو دیکھنے لگا تھا بالکل لاتعلق انداز میں۔

وہ یہ بھی اندازہ نہیں لگا پائی کہ تجمل ماموں اور اس کے بیچ کیا گفتگو ہوئی ہو گی۔ یقیناً کوئی خوشگوار بات تو ہرگز نہیں ہوئی ہو گی اور یہ فون آیا کب تھا؟ اطلاع دینا تو یہ ظاہر کر رہا ہے کہ جب وہ سو چکی تھی تب آیا تھا۔

پہلے تو کبھی نہیں ہاں اس کے خلع کے اعلانیہ مطالبے کے بعد جب ولی، آغا جان کے ساتھ لاہور ان کے گھر آیا تھا تو تجمل ماموں اور معیز سے اس کی کافی زیادہ تلخ کلامی ہوئی تھی۔ وہ تجمل ماموں اور خاص کر معیز سے خار کھاتا بلکہ نفرت کرتا ہے۔ وہ بہت اچھی طرح جانتی تھی۔

اسے یہ بھی معلوم تھا کہ ولی اس کی اور معیز کی دوستی اور بے تکلفی سے بہت اچھی طرح آگاہ ہے۔ ابتدا میں ولی نے ایک بار اسے فون کال کی تھی۔

"میں ولی بول رہا ہوں فارہ..... کیسی ہو؟" بظاہر لہجے میں کوئی دھمکی اور ڈرانے والی بات شامل نہیں تھی پھر بھی وہ ڈر گئی تھی۔

تب وہ میڈیکل کے پہلے سال میں تھی، اس کے نکاح کو زیادہ وقت نہیں گزرا تھا اور ان دنوں واقعی وہ اتنی ڈرپوک سی تھی کہ اسے لگا کرتا تھا جیسے اس کا زبردستی نکاح پڑھوایا گیا ہے، ایسے ہی کسی دن وہ زبردستی اسے اٹھا کر اپنے ساتھ لے جائے گا۔

"میں تم سے کوئی بات نہیں کرنا چاہتی۔" اپنا خوف اس پر ظاہر کیے بغیر بظاہر بہادری کا مظاہرہ کرتے اس نے نفرت سے یہ جملہ کہہ کر لائن کاٹ دی تھی۔

پھر ایک بار وہ اسے اپنے ہاسپٹل کے داخلی راستے پر کھڑا نظر آیا تھا۔ یہ غالباً تب کی بات تھی جب آغا جان نے اسے ایک فون کال میں یہ بتایا تھا کہ ولی ان کے بہت کہنے کے باوجود بھی امریکہ سے پڑھائی چھوڑ کر واپس آیا ہے۔ اس کا میڈیکل کا چوتھا سال تھا اور کالج کے ساتھ ساتھ ہاسپٹل میں بھی ان کا خوب رگڑا لگا کرتا تھا۔ تھکی ہاری وہ وہاں سے نکل رہی تھی۔ معیز اسے لینے آیا ہوا تھا۔ اس روز فارہ کی برتھ ڈے تھی اور معیز اسے کہیں باہر کھانا کھلانے لے جا رہا تھا۔ تب تک وہ اب جتنی بہادر اگر نہیں ہوئی تھی تو ابتدا جیسی ڈرپوک بھی نہیں رہی تھی تب ہی اسے کھڑا دیکھ لینے کے باوجود اس کی موجودگی کو نظر انداز کرتی معیز کے ساتھ باہر پارکنگ میں آ گئی تھی۔

اور تیسری بار میں جب اس نے ولی پر اپنی ناپسندیدگی اور بے زاری ثابت کی وہ اس کے فائنل ایئر کے آخری دنوں کی بات تھی۔ وہ پشاور سے لاہور کیا کرنے آیا ہوا تھا فارہ کے علم میں نہ تھا۔ مگر اس روز معیز کے ساتھ ایک چائنیز ریسٹورنٹ میں ڈنر کرتے اس نے وہاں دو تین افراد کے ساتھ ولی کو کھانا کھاتے دیکھا تھا۔

اپنی بے حد مشکل اور تھکا دینے والی پڑھائی سے وہ کچھ وقت نکال کر فریش ہو سکے۔ خود کو ریلیکس کر سکے یہی سب سوچتے معیز کبھی کبھار اسے لانگ ڈرائیو، لنچ، ڈنر وغیرہ کے لیے لے جایا کرتا تھا۔ اس روز بھی ایسا ہی ایک دن تھا اور یہ تب کی بات تھی جب معیز باقاعدہ اور باضابطہ طور پر اس سے شادی کی خواہش کا اظہار کر چکا تھا۔ ولی ان دونوں سے کافی دور ایک میز پر بیٹھا تھا مگر جس

www.allurdu.com

نگاہوں سے وہ انہیں دیکھ رہا تھا' انہیں دیکھ کر لگ رہا تھا۔ وہ ابھی اپنی میز پر سے اٹھے گا اور دندناتا ہوا سیدھا اس کے سر پر آ کھڑا ہو گا۔ اس پر حق جتائے گا' کوئی سین کری ایٹ کرے گا۔

وہ کھانے اور اپنے ساتھ آئے افراد سب کو نظر انداز کیے کافی دیر فارہ اور معیز کی میز کی طرف دیکھتا رہا۔ بہت غصے سے' یوں جیسے اگلے ہی پل وہ اس کے پاس آئے گا اور اسے ہاتھ پکڑ کر کھینچتا ہوا لے جائے گا۔

اس نے اسے میز سے یکدم ہی اٹھتے دیکھا تو اپنی تمام تر بہادری کے باوجود لوگوں میں تماشا بننے کے خیال سے ہراساں ہو گئی۔ مگر وہ ان کی میز کی طرف آنے کے بجائے نہایت تیز رفتاری سے چلتا ریسٹورنٹ سے باہر نکل گیا تھا۔ اسے ریسٹورنٹ سے جاتے دیکھ کر اس نے سکون کا سانس لیا تھا۔

اس پل اس سوچ نے اسے بہت سکون پہنچایا تھا کہ وہ ولی کے سامنے بہت اچھی طرح یہ بات اسٹیبلش کر چکی ہے کہ کسی کو اپنی زندگی میں اگر وہ اپنی خوشی و رضامندی سے شامل کرے گی تو وہ ولی صہیب خان نہیں معیز تجمل ہو گا۔

تجمل ماموں کے فون کا سن کر اسے کئی گھنٹوں بعد جا کر یہ یاد آیا کہ کل اسے معیز کو فون کرنا تھا' اس کی ناراضی دور کرنی اور اسے اعتماد میں لینا تھا۔

کل رات سے صبح ابھی جب تک کہ ولی نے تجمل ماموں کے فون کا ذکر نہیں کیا تھا' فون کرنے والی بات تو دور اسے تو سرے سے معیز ہی یاد نہیں آیا تھا اور یہ کیسی حیرت کی بات تھی۔

معیز نے اسے کل شام تک لاہور پہنچنے کا الٹی میٹم دیا تھا اور وہ شام اور رات سب گزار کر اگلی صبح بلکہ دوپہر کر چکی تھی۔

گھڑی ساڑھے بارہ بجا رہی تھی اور وہ بجائے یہ سوچنے کے کہ معیز اس سے کتنا شدید ناراض ہو گیا ہو گا۔ یہ سوچ رہی تھی کہ اب تک یقیناً" آغا جان نہا چکے ہوں گے۔

اس بار ان کے کمرے تک جب وہ آئی تو گل خان سے یہ تصدیق کر لینے کے بعد کہ وہ نہا چکے ہیں' اپنے کمرے میں موجود ہیں اور بالکل اکیلے ہیں۔

"تشریف لائیے ڈاکٹر فارہ بہروز خان۔" وہ اسے دیکھ کر بھرپور اور شرارتی انداز میں مسکرائے۔ بہت طویل اور پرانی بیماری کے سبب ان کے حد درجہ کمزور اور پیلا ہٹیں لیے چہرے پہ یکدم ہی جیسے کئی چراغ جل اٹھے تھے۔

صرف اس کا چہرہ بھی کسی کو ایسی خوشی فراہم کر سکتا ہے؟

انہوں نے سفید کرتا شلوار کے اوپر ڈارک براؤن رنگ کا خوب موٹا سوئیٹر پہن رکھا تھا اور اس کے اوپر ہلکے براؤن رنگ کی گرم مردانہ شال بھی کندھوں اور سینے کے گرد پھیلا رکھی تھی۔ ان کے بال جو ہلکے ہلکے بڑھے محسوس ہو رہے تھے۔ ان کی کٹنگ ہو چکی تھی' سفید داڑھی جو صبح تک کچھ بے ترتیب سی نظر آ رہی تھی۔ خط بننے کے بعد چہرے پر بجی چہرے کی نورانی چمک بڑھا رہی تھی۔

انہوں نے آنکھوں پر سے گلاس اتار کر اخبار بھی ایک طرف رکھ دیا اور اسے اپنی طرف اتنا بغور دیکھتا پا کر شرارتی انداز میں بولے۔

"لگ رہا ہوں نا ہینڈسم؟" وہ بے اختیار مسکرائی۔

"تم نے مجھے بہت دیر میں دیکھا بچے! اب تو یہ کھنڈرات بچے ہیں۔ تمیں چالیس سال پہلے دیکھتیں تو کہتیں۔ آغا جان آپ کے آگے ہالی ووڈ کا ہر ڈیشنگ' ہینڈسم ہیرو پانی بھرتا نظر آتا ہے۔" وہ کھلکھلا کر ہنستی بیڈ پر ان کے پاس آ کر بیٹھ گئی۔

آج انہوں نے اسے بیڈ پر نہیں بلایا تھا۔ وہ از خود وہاں آئی تھی۔ انہوں نے اس کے شانوں کے گرد محبت سے بازو پھیلا کر اپنی گرم شال اس کے کندھوں پر بھی ڈال دی۔

"کیا ٹائم ہو گیا؟" انہوں نے وال کلاک پر نگاہ ڈالی۔

"ایک بجنے میں بیس منٹ ہیں۔ ابھی بہت ٹائم ہے۔" انہوں نے جیسے خود کلامی کی پھر اس کے طرف دیکھ کر کہنے لگے۔

"ناشتہ دیر سے کیا ہے ناں۔ میں نے زرمینہ سے کہا تھا۔ ڈھائی تین بجے سے پہلے کھانا نہیں کھاؤں گا۔ چلو' تب تک میں تمہیں ایک خاص جگہ دکھا کر لے آتا ہوں۔"

"خاص جگہ؟" اس نے تعجب سے انہیں دیکھا۔

"ہاں' ایک بہت خاص جگہ ہے۔ جو میں نے خاص تمہارے لیے بنوائی ہے۔ صرف تمہارے لیے نہیں روحی کے لیے بھی۔ بہروز کا نام چاہو تو شامل کر لو۔ جب میں نے اسے بنوانے کا سوچا تھا تب وہ زندہ تھا مگر جب وہ مکمل ہو رہا



CamScanner

www.allurdu.com

شروع ہوئی تب وہ ہم سب سے بہت دور جاچکا تھا۔"

وہ ایک پل کے لیے کچھ اداس ہوئے پھر فوراً ہی اپنی کیفیت پر قابو پاتے اس سے کہنے لگے۔

"چلو جلدی سے چلتے ہیں۔ ابھی کھانے میں بھی وقت ہے اور اس وقت کوئی ملنے بھی نہیں آیا ہوا' ورنہ اتوار کے دن ملنے اور خیریت پوچھنے آنے والوں کا رش ہی لگا رہتا ہے۔" اس کے گرد سے ہاتھ ہٹا کر وہ فوراً بیڈ سے اٹھنے لگے۔ بہت پرجوش اور بہت زیادہ ایکسائٹیڈ ہوئے۔

"آپ سے چلا نہیں جائے گا آغا جان! ابھی آپ آرام کریں۔ میں بعد میں دیکھ لوں گی جو آپ دکھانا چاہ رہے ہیں۔"

"مجھ سے چل لیا جائے گا بیٹا! تم بعد میں جا کر دیکھو گی تو مجھے خوشی نہیں مل سکے گی۔ مجھے خوشی تو اس وقت ہوگی جب میں خود تمہیں وہاں لے کر جاؤں اور اپنی بہت شوق اور محبت سے بنوائی ایک ایک چیز تمہیں خود دکھاؤں۔"

"آغا جان! زیادہ چلنا اور تھکنا آپ کے لیے مناسب نہیں ہے میں پھر بھی۔"

"میں تمہارے سہارے سے چل لوں گا فارہ! زیادہ دور تھوڑی جانا ہے' یہ جو میرے کمرے کا یہ دوسرا دروازہ ہے' یہ ادھر جھیل کے پاس کھلتا ہے' وہاں سے بس چند قدموں کا فاصلہ ہے۔ یہ ولی تو مجھے زیادہ ہی چھوئی موئی بناتا ہے' ایسے بُرے حالات بھی نہیں۔ میں چل پھر سکتا ہوں۔" وہ اس کا جملہ کاٹ کر بہت عجلت میں بولے۔

ان کے بوڑھے چہرے پر بچوں جیسی خوشی اور ایکسائٹمنٹ بکھری ہوئی تھی مگر وہ پھر بھی متامل سی تھی۔

"اچھا' مجھے وہیل چیئر پر لے چلو۔" انہوں نے اس کا تامل اور ہچکچاہٹ دیکھ کر کمرے کے دوسرے کونے میں رکھی وہیل چیئر کی طرف اشارہ کیا۔

"فارہ! یہ میری بہت سالوں پرانی خواہش تھی۔ میری زندگی کی سب سے بڑی آرزو۔ میرے' بہروز کی فیملی میرے گھر آباد ہو سکے۔ میں نے تم لوگوں کے لیے گھر کے اندر ہی ایک الگ پورشن بنوایا تھا' تمہیں یاد ہے' بہروز مجھ سے آخری بار مل کر گیا کہہ کر گیا تھا۔ وہ واپس میرے پاس آجائے گا ہمیشہ کے لیے۔

تم لوگوں کو الگ رہنے کی عادت تھی' اسی لیے میں نے اسی روز ایک آرکیٹکٹ سے رابطہ کیا تھا۔ بہروز اسی رات ہمیں چھوڑ گیا تھا۔ مگر مجھے تمہارے اور روحی کے لیے تو یہ پورشن تعمیر کروانا ہی تھا۔ سو اس کی تعمیر فوراً کروائی تھی۔

میری زندگی کی سب سے بڑی خواہش یہ تھی فارہ! کہ تم اور روحی یہاں آکر آباد ہو جاؤ۔ میرے بچے اپنے گھر لوٹ آئیں اور اگر یہ ممکن نہیں تو مجھے بس اتنی سی خوشی مل جائے کہ میں نے جو کچھ تم لوگوں کے لیے بنوایا' وہ خود لے جا کر تمہیں دکھا سکوں' تمہیں ان کمروں' راہداریوں اور دالانوں میں چلتا پھرتا دیکھ کر اس منظر کو اپنی آنکھوں میں بسا سکوں۔ فارہ! میں تمہارے ساتھ وہاں جانا چاہتا ہوں یہ میری زندگی کا سب سے خوب صورت اور سب سے یادگار لمحہ ہوگا فارہ! مجھے بس اتنی سی خوشی دے دو بیٹا۔ بس اتنی سی خوشی۔" وہ اب مزید کیا کہہ سکتی تھی۔ انہوں نے اسے کسی اعتراض اور انکار کے قابل ہی نہیں رکھا تھا۔

وہ آنکھوں میں آس اور امید لیے اسے دیکھ رہے تھے۔ وہ اٹھی اور کمرے کے دوسرے کونے سے وہیل چیئر کھسکا کر ان کے پاس لے آئی۔ ان کے چہرے پر بے ساختہ سی خوشیوں کے کئی رنگ بکھر گئے تھے۔ وہ اتنے خوش لگ رہے تھے۔ جیسے انہیں ہفت اقلیم کی دولت مل گئی ہو۔

اس نے انہیں سہارا دینے کو ہاتھ آگے بڑھایا مگر وہ اس کے سہارے کے بغیر خود ہی کھڑے ہو کر وہیل چیئر پر بیٹھ گئے۔

"دیکھو' کہا تھا ناں میں نے تم سے' اتنا زیادہ کمزور اور بیمار بھی نہیں ہوا ہوں میں۔ یہ ولی کو عادت ہے ڈرامے کرنے کی۔" وہ ڈاکٹر تھی' دو روز سے یہاں انہیں مسلسل دیکھ رہی تھی اور بخوبی اندازہ لگا سکتی تھی کہ ولی کتنے ڈرامے کرتا ہے۔

وہ وہیل چیئر پر صحیح سے بیٹھ گئے اور اس نے ان کی چادر اچھی طرح ان کے گرد لپیٹ دی' پھر ابھی وہ وہیل چیئر چلانا شروع بھی نہیں کرپائی تھی کہ ہاتھ میں کارڈلیس لیے ایک ملازم اندر آیا۔

"آپ کا فون ہے۔" مؤدب سے انداز میں اسے کارڈلیس تھما کر وہ فوراً باہر چلا گیا تھا۔

"ہیلو۔" ذہن میں اندازے قائم کرتے کہ یہ کال کس کی ہو سکتی ہے اس نے کارڈلیس کان سے لگایا۔

"فارہ! تم میرے کہنے کے باوجود گھر واپس کیوں نہیں گئیں۔ رات بابا نے فون کیا تو اس بدتمیز اور بے ہودہ انسان نے ان کی تم سے بات نہیں کرائی۔ پھوپھو

www.allurdu.com

ناراض ہیں تم سے، کچھ احساس ہے تمہیں؟ اور میں یہاں اپنے دس مسئلوں کے ساتھ تمہاری وجہ سے بری طرح پریشان اور ڈسٹرب ہوں۔ تم مجھے سچ بتاؤ فارہ! کیا تم کسی دباؤ میں ہو؟ کیا وہ تمہیں زور زبردستی سے کوئی دھمکی دے کر، کسی بات سے ڈرا کر یہاں لایا ہے؟ ہم اتنے بے اختیار اور لاچار نہیں ہیں فارہ! کوئی اندھیر نہیں مچی جو وہ تمہیں ڈرا دھمکا سکے۔ تم مجھے صرف ایک ہاں بولو، میں نے اپنے دوست ایس پی یاسین لغاری سے ساری بات کل رات ہی کرلی ہے۔ ہم قانون کی مدد لیں گے اور تم آج ہی واپس لاہور میں ہوگی۔

میں پاکستان میں ہوتا تو اب تک یہ سارا تماشا کب کا نمٹ چکا ہوتا، کوشش کر رہا ہوں کہ آج یا کل واپس آجاؤں۔ تم بس مجھے میرے سوال کا جواب دے دو۔" وہ پھر سلام دعا اور خیر و عافیت کے بغیر ایک دم شروع ہو چکا تھا۔

وہ بے حد غصے میں بھی تھا اور اس کے لیے فکر مند اور پریشان بھی۔ اس کا غصہ اور فکر دونوں اس کے لفظوں اور لہجے سے عیاں تھے۔ اس نے سامنے وہیل چیئر پر بیٹھے آغا جان کو دیکھا اور پھر چلاتے، جھنجلاتے متفکر معیز کو سنا۔

معیز اس کا دوست تھا، وہ اس کا پرپوزل بھی قبول کر چکی تھی اور وہ اس کے لیے اہم بھی تھا مگر سامنے وہ بوڑھا شخص جو وہیل چیئر پر بیٹھا اس کا انتظار کر رہا تھا، اسے احساس ہوا وہ اس کے لیے معیز سے زیادہ اہم ہے۔

"مجھے تجمل ماموں کے فون کا میسج مل گیا تھا۔ رات میں سو چکی تھی۔ اس لیے ان سے بات نہ کر سکی، آج ضرور ان سے اور ممی سے فون پر بات کرلوں گی اور آپ کو کسی دوست سے مدد لینے کی بھی کوئی ضرورت نہیں، میں یہاں بالکل ٹھیک ہوں۔ اچھا میں اس وقت تھوڑی مصروف ہوں، ہم بعد میں بات کریں گے اللہ حافظ۔" آغا جان، سے یہ اشارہ کرتے ہی رہ گئے تھے کہ وہ آرام اور اطمینان سے کسی جلدی اور عجلت کے بغیر فون پر بات کر لے مگر ان کے اشاروں کو نظر انداز کرتی خدا حافظ کہہ کر فون بند کر چکی تھی۔

"بیٹا! ایسی کوئی جلدی تو نہیں تھی جانے کی۔ تم آرام سے بات کرلیتیں۔" وہ کارڈلیس میز پر رکھ کر ان کے پاس آگئی۔

"کس کا فون تھا؟ تمہارا موڈ ایک دم سے آف کیوں ہو گیا؟" انہوں نے فکر مندی سے اسے دیکھا۔

"معیز کا" اسے لگ رہا ہے، ولی مجھے یہاں زبردستی اغوا کر کے لے آیا ہے۔ آغا جان! ہم لوگوں کی زندگی نارمل کیوں نہیں۔ میں اپنے سگے دادا کے پاس اگر اپنی مرضی سے بھی آؤں تو سب کو یہی کیوں شک ہوتا ہے کہ مجھے ڈرایا، دھمکایا یا اغوا کیا گیا ہے؟" وہ اپنے دل میں آئی باتیں بہت کم کسی سے کہا کرتی تھی مگر اس وقت معیز کا فون سن کر جو سوچ اس کے دل میں ابھر رہی تھی، وہ اسے آغا جان سے کہہ اٹھی تھی۔

آغا جان کے خوشیوں بھرے چہرے پر اس کے اس سوال نے اداسیاں بکھیر دیں۔ اسے کوئی جواب دینے کے بجائے وہ بالکل خاموش ہو گئے تھے۔

ان کے کمرے کا یہ پچھلا دروازہ اس نے دیکھا بارہا تھا مگر یہ کہاں کھلتا ہے وہ آج پہلی بار دیکھ رہی تھی۔

باہر نکلنے پر گھاس کا ایک قطعہ نظر آیا تھا اور ایک مصنوعی جھیل بھی، جو بے حد خوب صورت تھی۔ اور جہاں وہ جھیل ختم ہو رہی تھی وہاں جدید طرز تعمیر کا حسین شاہکار اس گھر کا وہ پورشن جو آغا جان نے ان لوگوں کے لیے آج سے چھ برس قبل تعمیر کروایا تھا۔ اس پورشن میں داخل ہونے کا سفید لوہے کا گیٹ، پھولوں کی بیلوں سے ڈھکا ہوا تھا۔

"گیٹ کھولو۔" اس نے وہیل چیئر وہاں لا کر روکی تو آغا جان اس سے بولے۔ اس نے کنڈی کھولی اور ان کی وہیل چیئر اندر لے جانے کے لیے دوبارہ پیچھے مڑی تو دیکھا کہ آنکھوں میں نمی لیے وہ مسکراتے ہوئے اسے دیکھ رہے ہیں۔

"فارہ! اس ایک پل کا میں نے برسوں انتظار کیا ہے۔ اب اگر میں مر بھی گیا تو مجھے زندگی سے کوئی شکوہ نہیں ہو گا۔" وہ بہت عجیب کیفیات میں گھری خاموشی سے وہیل چیئر چلاتے اندر جانے لگی۔ تب آغا جان ہی کی چھ برس قبل کی ایک آواز اس کی سماعتوں میں گونجی۔

"میں اپنی غلطی مانتا ہوں روحی بیٹا! میں نے تمہیں بطور بہو قبول نہ کر کے ضد اور ہٹ دھرمی دکھائی تھی۔ میں اعلا ظرف نہ تھا تم اعلا ظرف ہو جاؤ۔ مجھے معاف کر دو۔ تمام زیادتیوں کو بھلا کر اپنے گھر چلی چلو۔ تمہارا اصلی گھر تو وہی ہے ناں۔ تم وہاں چلو گی تو میرے بہروز کی روح بھی کتنی خوش ہوگی۔"

CS CamScanner

www.allurdu.com

اسے یک بارگی چھ سال پہلے کے وہ سب لمحے یاد آگئے۔ جب جب وہ اسے اور ممی کو اپنے ساتھ لے جانے آئے تھے۔

"بیٹا! تمہاری ممی ہم سے بہت ناراض ہیں۔ انہیں سمجھاؤ۔ ان سے کہو آغا جان کو معاف کردیں۔ تم لوگوں کا گھر تم لوگوں کے بغیر بہت ویران ہے۔ ممی سے کہو اپنے گھر کو آکر آباد کردیں۔" انہوں نے چھ برس قبل بھرائی ہوئی آواز میں بڑی شکستگی، رنجیدگی اور التجا کرتی آواز میں فارہ سے کہا تھا۔

"ابھی تم بہت غصے میں ہو۔ مجھ سے سخت خفا بھی ہو، روحی بیٹا! میں پھر آؤں گا۔ تمہارا گھر تمہاری اور فارہ کی راہ تک رہا ہے۔" وہ عجیب کھوئے کھوئے، الجھے بکھرے انداز میں اس خوب صورت جگہ کے در و دیوار کو دیکھ رہی تھی۔

وہ پورا حصہ خاموش اور غیر آباد تھا۔ مگر وہاں کے لان کی خوشنما حالت یہ بتا رہی تھی کہ یہاں کی پابندی سے دیکھ بھال اور صفائی ستھرائی کروائی جاتی ہے۔ لان کے سامنے دو اسٹیپس تھے، پھر لکڑی کا مضبوط اور خوب صورت دروازہ جو رہائشی حصے میں کھلتا تھا۔ اس نے وہیل چیئر اوپر چڑھائی وہ تب تک سکون سے ٹیک لیے کھڑے رہے، پھر انہیں دوبارہ وہیل چیئر پر بٹھا کر وہ اندر لے آئی۔

یہ ڈرائنگ روم ہے، یہ ٹی وی لاؤنج، یہ کچن، یہ اس کی ممی کا بیڈ روم، یہ فارہ کا کمرہ اور یہ فارہ کا اسٹڈی روم۔ اس کے لیے بنے اس اسٹڈی روم میں رائٹنگ ٹیبل، کمپیوٹر، بک شیلف وغیرہ سب کچھ موجود تھا۔ کمپیوٹر کورز سے ڈھکا ہوا اور بک شیلف میں سب ہی میڈیکل دسائنس کی ڈھیر ساری کتابیں۔

اسٹڈی روم کی دیواروں پر انسانی جسم کے کئی اعضاء اور ہڈیوں وغیرہ سے متعلق رنگین ڈایاگرام، چارٹس وغیرہ یہ ظاہر کر رہے تھے کہ یہ میڈیکل کے کسی طالب علم کی اسٹڈی ہے۔ میڈیکل کی وہ طالبہ ڈاکٹر بن بھی گئی اور یہ ویران اسٹڈی اس انتظار ہی میں رہی کہ اس کی مالکن یہاں آکر بیٹھے گی، پڑھے گی اسے آباد کرے گی۔

سب جگہیں فرنشڈ تھیں، سب جگہ قالین، پردے اور دیگر سارا سامان موجود تھا۔ یہاں تک کہ کچن بھی پورا سیٹ تھا۔

سارے کمرے دیکھ لینے کے بعد وہ ان کے ساتھ دوبارہ لاؤنج میں آگئی۔ وہ وہیل چیئر ہی پر بیٹھے تھے اور وہ ان کے برابر صوفے پر۔

"رات میں نے خواب میں بہروز کو دیکھا تھا۔" وہ آہستگی سے بولے۔ اس نے بری طرح چونک کر انہیں دیکھا۔

"وہ پہلے بھی خواب میں کئی بار نظر آیا مگر بجھا ہوا، اداس، اداس، لیکن کل وہ بہت خوش لگ رہا تھا۔" وہ بے اختیار صوفے سے اٹھ کر ان کے سامنے آکر کارپٹ پر بیٹھ گئی۔ اس کے ہاتھ ان کے گھٹنوں پر تھے اور وہ آنکھوں میں حیرت لیے انہیں دیکھ رہی تھی۔

"فارہ! ابھی تم مجھ سے اپنی زندگی کے نارمل نہ ہونے کا سبب پوچھ رہی تھیں۔ بات یہ ہے بیٹا! کہ اپنے بچوں کی زندگیوں کو ابنارمل بنانے میں، انہیں آزمائشوں اور امتحانوں میں ڈالنے میں ہم بڑے بہت قصوروار ہوتے ہیں۔ ہماری زندگیاں بہت سیدھی سادی اور نارمل ہو سکتی تھیں اگر میں بہروز کی پسند کو قبول کر لینے کو اپنی انا کا مسئلہ نہ بناتا۔ کوئی قیامت تو نہ آجاتی اگر میں اس کی خود بخوشی وہاں شادی کروا دیتا جہاں وہ کرنا چاہتا تھا۔ میں انا پرست تھا، ضدی تھا اور وہ، بہروز مجھ سے بڑھ کر انا پرست، ضدی۔ میں نے کہا میں تمہیں جائیداد سے عاق کرتا ہوں۔ اپنی زندگی سے بے دخل کرتا ہوں، میرا صرف ایک بیٹا ہے صہیب، تم سے میں اپنا ہر رشتہ توڑ رہا ہوں اب زندگی میں کبھی مجھے اپنی شکل بھی مت دکھانا تو وہ میرے پاس سے، اپنے گھر سے ایسا گیا کہ پھر کبھی لوٹ کر آیا ہی نہیں۔ واقعی کبھی مجھے اپنی شکل نہ دکھائی، میں نے صرف اسی پر اکتفا نہ کیا، بلکہ ضد میں آکر فوراً ہی صہیب کی وہیں شادی کروادی جہاں بہروز منگنی توڑ کر گیا تھا۔ حالانکہ وہ اپنی ایک کلاس فیلو کو پسند کرتا تھا لیکن وہ صہیب ہم دونوں باپ، بیٹے کی طرح ضدی اور انا پرست نہیں تھا۔ زندگی میں اس کی اپنی بھی کوئی پسند، کوئی خواہش ہے، یہ مجھے جتائے بغیر بھائی جس لڑکی سے منگنی توڑ کر گیا تھا، اس نے میرے کہنے پر اپنی اسی کزن سے شادی کر لی۔

روحی اگر آج تک مجھ سے خفا ہے، بدگمان ہے تو شاید اس میں اس کا اتنا قصور بھی نہیں۔ میں نے اسے اپنی بہو تسلیم کرنے میں اتنی دیر لگادی کہ شاید تب تک وہ اپنے دل کے دروازے مجھ پر بند کر چکی تھی۔" وہ آنکھوں میں نمی لیے آہستہ آہستہ بول رہے تھے۔

اس نے انہیں ہمیشہ بہت غلط اور بہت برا سمجھا تھا،



CamScanner

www.allurdu.com

لیکن آج جب وہ خود اپنی برائیاں اور غلطیاں قبول کر رہے تھے تب اس کا دل چاہ رہا تھا ان سے کہے۔ آپ اتنے غلط نہیں جتنا خود کو کہہ رہے ہیں' آپ اتنے برے ہر گز نہیں' جتنا خود کو ثابت کرنا چاہ رہے ہیں۔ سب ہی ماں باپ اولاد سے فرماں برداری کی توقع کرتے ہیں۔ ان پر اپنا حق سمجھتے ہیں۔

''ہم دو انا پرستوں کے بیچ صہیب پل کا کام کرتا تھا۔ وہ کبھی مجھے سمجھاتا کہ آغا جان! بھائی کو واپس بلا لیں' اسے معاف کر دیں' وہ کبھی بہروز کے پاس پہنچتا کہ بھائی اپنے گھر واپس چلو۔ آغا جان ناراض ہیں تو کیا' تمہاری شکل دیکھتے ہی سارا غصہ و ناراضی بھول جائیں گے۔ میں کہتا تھا میں اس کا باپ ہوں' میں اس کے آگے کیوں جھکوں' کیا اسے اتنی بات سمجھ میں نہیں آتی کہ ماں باپ غصے میں کچھ برا بھلا اگر اولاد کو کہہ بھی دیں تو ان کا دل سے وہ مطلب ہر گز نہیں ہوتا۔''

''کیا اسے اتنی سی بات سمجھ نہیں آتی کہ ہزار ناراضیوں کے باوجود میں اس کی راہ تکتا ہوں۔ اس کی جدائی میں دل کا روگ لگا بیٹھا ہوں۔''

اور بہروز کہتا تھا۔ آغا جان نے مجھے وہاں سے نکالا تھا۔ جب تک وہ خود نہیں بلائیں گے' میں ہر گز نہیں جاؤں گا۔ ہم باپ بیٹے کے بیچ برسوں یہ انا کی جنگ چلی' صہیب ہم دونوں کو سمجھا سمجھا کر ہار گیا مگر ہم میں سے کوئی اپنی ضد چھوڑنے پر تیار نہ ہوا۔'' بولتے بولتے وہ ایک پل کے لیے خاموش ہوئے۔

اپنے لہجے کی کپکپاہٹ پر قابو پایا' آنکھوں کی نمی کو پیچھے دھکیلا پھر اس کی طرف دیکھتے دوبارہ اسی مدھم اور کمزور سی آواز میں بولنے لگے۔

''میری ضد' انا اور غصے کے سبب بہروز اپنے اکلوتے بھائی تک سے بدگمان ہو گیا تھا۔ اسے لگتا تھا کہ اس کی منگیتر آمنہ سے شادی کر کے صہیب نے میری نظروں میں خود کو زیادہ اچھا اور فرماں بردار بیٹا ثابت کرنے کی کوشش کی ہے اور اسے میری نظروں سے مزید گرانا چاہا ہے وہ بھائی کو دولت' جائیداد کا لالچی سمجھنے لگا تھا۔

میں نے بہروز کو عاق کر کے سب کچھ صہیب کے نام جو کر ڈالا تھا۔ سچ تو یہ ہے کہ میرے دونوں بیٹے بڑے خود دار اور غیرت مند تھے۔ ان میں سے کوئی بھی دولت' جائیداد کا لالچی اور خود غرض نہیں تھا۔ ان محبت کرنے والے بھائیوں کے درمیان غلط فہمیوں کا سبب میری ضد بن گئی۔

بہروز اس سے ملنا پسند نہیں کرتا تھا' پھر بھی وہ بڑی پابندی سے گاہے گاہے اس سے ملنے لاہور جاتا رہتا تھا۔ اسے اس کے گھر واپس آنے کے لیے آمادہ کرنے کی کوششیں کرتا رہتا تھا۔ وہ میرے غصے سے خائف ہو کر مجھے بتاتا نہیں تھا مگر میں جانتا تھا وہ بہروز سے ملتا رہتا ہے۔

وہ ایک روز تم سے بھی مل کر آیا تھا' شاید تمہارے اسکول۔ وہ تمہاری ایک تصویر بھی کھینچ کر ساتھ لے آیا تھا۔

آغا جان! یہ دیکھیں۔ آپ کی پوتی' میری بھتیجی' کتنی پیاری ہے یہ گڑیا۔'' میں نے اس تصویر کی طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھا تھا کہ دیکھتے میری انا حائل ہو رہی تھی مگر وہ میرا بیٹا میری رگ رگ سے واقف تھا۔

وہ میری لاتعلقی و بے گانگی کے اظہار کے باوجود اس تصویر کو میرے کمرے میں چھوڑ گیا تھا۔ اور پتا ہے فارہ! وہ مجھے بالکل صحیح طرح جانتا تھا۔ اس کے جانے کے بہت دیر بعد' رات میں اپنے کمرے میں بالکل اکیلے میں نے تمہاری اس تصویر کو اٹھا کر دیکھا تھا۔

اسے بہت دیر تک محبت سے چومتا رہا تھا۔ اسکول یونیفارم میں نو' دس سال کی وہ بچی میری پوتی تھی' میرا خون۔ وہ تم سے میری محبت کا پہلا دن اور پہلا لمحہ تھا فارہ! اور تم سے مجھے متعارف کروانے والا میرا وہ بیٹا جو مجھے بہت اندر تک جانتا تھا۔ تمہاری وہ تصویر آج بھی میرے پاس ایک بہت قیمتی یاد کی طرح رکھی ہے فارہ! اس سے تمہاری اور صہیب دونوں کی یادیں جڑی ہیں۔''

''آپ نے میری تصویر کیوں کھینچی ہے؟'' بہت پیچھے کی وہ ایک گرم دوپہر' بچپن کی وہ ایک بھولی بسری یاد' وہ تو اس دن کو غیر اہم جان کر بھول چکی تھی۔ آج آغا جان نے ذکر کیا تو اسے جیسے ایک دم ہی وہ دن یاد آ گیا۔

وہ 5th گریڈ میں تھی' اسکول سے چھٹی کے وقت وہ باہر نکل رہی تھی تب اس نے ایک اجنبی کو بغور اپنی طرف دیکھتا اور اپنے پاس آتے دیکھا تھا۔ اس نے یہ بھی دیکھا تھا کہ اس شخص نے ہاتھ میں لیے کیمرے سے اس کی تصویر اتاری تھی۔ اس شخص نے جھک کر اسے پیار کیا تھا اور اسے ڈھیر ساری چاکلیٹس دینی چاہی تھیں۔

''ممی منع کرتی ہیں۔''

''ممی کو پتا نہیں چلے گا یار! تم راستے میں کھا لینا۔'' وہ اس کے معصومانہ سے انکار اور ساتھ ساتھ چاکلیٹس کو



CamScanner

www.allurdu.com

للچائی نگاہوں سے دیکھنے کو انجوائے کرتے ہوئے بولا تھا۔

"آپ کیا بچوں کو اغوا کرنے والے ہیں؟" وہ اپنی سمجھ کے حساب سے معصومیت سے بولی تھی۔

"بچوں کو نہیں صرف تمہیں۔ ایک روز تمہیں اغوا کر کے اپنے ساتھ لے جاؤں گا اور تمہارے اکڑو ڈیڈی دیکھتے رہ جائیں گے۔" وہ اس کے سادگی بھرے بچکانہ استفسار کے جواب میں قہقہہ لگا کر ہنسا تھا۔

اور پھر اس کے دونوں گالوں پر پیار کرتا۔ وہ جس گاڑی سے اتر کر اس کے پاس آیا تھا' اس میں بیٹھ کر وہاں سے واپس چلا بھی گیا تھا۔ بچپن کی وہ یاد' وہ چاکلیٹس دینے اور والہانہ پیار کرنے والا اجنبی' اس کے چچا تھے' اس کے سگے چچا صہیب خان۔

"اپنے انتقال سے کچھ عرصہ پہلے وہ بڑی شدت سے یہ بات کہنے لگا تھا کہ میں فارہ کو اپنی بہو بناؤں گا۔ بھائی نہ مانا تو اسے زبردستی اٹھا کر ساتھ لے آؤں گا۔ چچا بھی سرپرست ہوتا ہے' اس کا بھی حق ہوتا ہے۔ آغا جان! آپ اور بھائی لاکھ رشتوں کو توڑنے کی کوشش کرلیں' میرے جیتے جی یہ ٹوٹیں گے نہیں۔ میں انہیں کبھی ٹوٹنے دوں گا نہیں۔"

وہ ان دنوں اکثر اداس لہجے میں یہ بھی کہنے لگا تھا "آغا جان! آپ باپ بیٹے کے جھگڑے نے مجھ سے میرا بھائی' میرا سب سے پیارا دوست چھین لیا۔ وہ مجھ سے اتنا متنفر ہو گیا ہے۔ اسے تو اب یہ یقین بھی نہیں رہا کہ میں صہیب خان کبھی اس کا سب سے اچھا دوست بھی رہا ہوں۔" ان دونوں بھائیوں میں بچپن سے بہت دوستی' بہت محبت تھی فارہ؟

ان کی عمروں میں بس سال بھر کا ہی فرق تھا۔ اس لیے وہ ہمیشہ پڑھے بھی ایک ہی کلاس میں' اسکول اور کالج تک وہ دونوں بھائی ہمیشہ ساتھ پڑھے' ان میں بہت انڈراسٹینڈنگ' بہت پیار تھا۔ مگر میرے ایک ضدی فیصلے نے بڑے بھائی کو چھوٹے سے حد درجہ بدگمان کروا دیا تھا۔

اپنے انتقال سے ایک ہفتہ پہلے وہ لاہور' بہروز سے ملنے گیا تھا۔ ویسے ہی جیسے ہمیشہ ملنے چلا جایا کرتا تھا۔ اس روز اس نے بہروز سے یہ کہا تھا کہ میں فارہ کو اپنی بہو بنا کر اپنے ساتھ لے جاؤں گا اور جن رشتوں کو تم توڑ دینے پر تلے ہو میں انہیں پہلے سے زیادہ مضبوط کردوں گا۔ اس کی یہ باتیں مجھے بہروز نے اس کے انتقال کے بعد بتائی تھیں۔

بہروز تو ایک ہفتہ پہلے اپنے دفتر میں ملنے آئے بھائی سے ہمیشہ کی سی لاتعلقی و بے گانگی سے ملتے وقت جانتا نہیں تھا کہ یہ بھائی سے اس کی آخری ملاقات ہے۔ اگر جانتا ہوتا تو وہ بہت پیارا تھا' بہت اچھا' بہت محبت کرنے والا۔ اس کے دفتر سے اٹھتے صہیب نے اس سے کہا تھا۔

"اب کی بار میں نے ایسی ترکیب سوچی ہے کہ تم ساری ضد بھلا کر دوڑتے ہوئے پشاور آؤ گے۔" بہروز نے اس کی بات بغیر دھیان دیے سنی تھی۔

"اگر میں مر جاؤں پھر تو گھر آؤ گے ناں؟" وہ بالکل صحت مند اور تندرست تھا پھر پتا نہیں اس نے ایسی بات بہروز سے کیوں کہی تھی' شاید یونہی اس کے منہ سے نکل گئی تھی' شاید اس کے وجدان نے اس سے کہلوائی تھی' کون جانے وہ ایسی بات بہروز سے کیوں کہہ کر آیا تھا۔

مگر یہ سچ ہے کہ اس بات کے صرف ایک ہفتے بعد صہیب کا انتقال ہو گیا تھا۔ نہ بیمار پڑا نہ کچھ۔ بس معمولی سی طبیعت خراب ہوئی اور وہ جیسے ہنستا کھیلتا ہی ہمیں چھوڑ گیا۔ اسے جیسے سمجھ میں آگیا تھا کہ ہم دونوں باپ بیٹا اپنی ضدیں اتنی آسانی سے چھوڑیں گے نہیں۔ اس کے لیے اسے ہی کچھ کرنا پڑے گا۔

میں نے اپنی برسوں کی ضد توڑتے بہروز کو فون کیا تھا۔ "بہروز! تمہارا بھائی چلا گیا۔ میں ٹوٹ رہا ہوں' مجھ میں طاقت نہیں۔ بھائی کو اس کی آخری منزل تک پہنچانے آجاؤ بیٹا۔"

فارہ کو وہ فون کال یاد تھی۔ وہ وہیں ڈیڈی کے پاس تو بیٹھی تھی۔ اس نے دیکھا تھا۔ ڈیڈی نے وہ کال ریسیو کی تھی اور پھر اس نے یہ بھی دیکھا تھا کہ وہ ریسیور ہاتھ میں لیے بالکل گم صم ساکت بیٹھے کے بیٹھے رہ گئے تھے۔

تب وہ نہیں جانتی تھی پر آج سمجھ سکتی تھی ڈیڈی کی فیلنگز۔ اس کال کو سن کر ان کے کانوں میں کیا جملہ گونج رہا ہوگا۔

"اگر میں مر جاؤں پھر تو گھر آؤ گے ناں؟"

"اب کی بار میں نے ایسی ترکیب سوچی ہے کہ تم ساری ضد بھلا کر دوڑتے ہوئے پشاور آؤ گے۔" اور وہ دوڑتے ہوئے ہی پشاور جا رہے تھے۔

اسے یاد تھا اپنا ضروری سامان بیگ میں رکھتے ڈیڈی کے ہاتھ بری طرح کانپ رہے تھے۔ وہ رو نہیں رہے تھے پھر بھی ایسا ہی لگ رہا تھا جیسے وہ رو رہے ہوں' جیسے ان کے اندر کہیں آنسو ہی آنسو گر تے چلے جا رہے ہوں۔ وہ پشاور

www.allurdu.com

ساتھ ان کے دل میں کتنے پچھتاوے کتنے سارے دنوں
چلے گئے تھے۔ تب اسے لگا تھا ڈیڈی اتنے سارے دنوں
کے لیے انہیں چھوڑ کر چلے گئے اور پلٹ کر کوئی خبر بھی
نہیں لی اور آج وہ سوچ رہی تھی ڈیڈی نے وہ غم سا کس
طرح ہو گا۔ ان کے دل کے اوپر کیا گزر رہی ہو گی جب
انہوں نے اس بھائی کو کفن میں لپٹے دیکھا ہو گا جو ان کی لا
تعلقی و بے گانگی کی پروا کیے بنا دوڑا دوڑا ان کے پاس جایا
کرتا تھا۔

غم کے ساتھ ساتھ ان کے دل میں کتنے پچھتاوے، کتنے
افسوس اور کتنی آہیں ہوں گی۔ وہ خود پر، اپنی ضد پر کس
قدر خفا ہوں گے۔ اور اسے لگا تھا ڈیڈی بدل گئے ہیں، وہ
صرف آغا جان کے بیٹے بن گئے ہیں، آغا جان نے انہیں پتا
نہیں ایسا کیا کہہ دیا ہے کہ وہ 'وہ ڈیڈی' نہیں رہے ہیں۔

"میں نے بہروز کو سمجھانا چاہا تھا فارہ! کہ اتنی عجلت میں
نکاح کا فیصلہ درست نہیں۔ مگر وہ کہتا تھا یہ میرے مرنے
والے بھائی کی آخری خواہش تھی، اس کی مجھ سے آخری
خواہش۔ عمر بھر اس کی ایک نہیں سنی، مرنے سے پہلے جو
ایک خواہش وہ مجھ سے کر گیا تھا۔ میں اسے تو پورا کر
دوں۔"

تمہارا اور روحی کا رشتہ ہو جائے، ہمارے ٹوٹے رشتے اس
ایک رشتے کی بدولت پھر جڑ جائیں۔ یہ میری بھی خواہش
تھی، مگر میں یہ بھی جانتا تھا۔ روحی اس کے لیے راضی
نہیں ہو گی، اس لیے بہروز کو سمجھانا اور روکنا چاہا تھا۔ مگر وہ
ضدی اس بات پر بھی ضد پر اڑ گیا تھا۔

پتا نہیں کیوں مگر مجھے ایسا لگتا ہے فارہ! کہ شاید بہروز کو
بھی صہیب کی طرح اس کے وجدان نے خبر دے دی تھی
کہ وہ اب زیادہ جیے گا نہیں، شاید اپنی موت سے پہلے وہ
بھائی کی یہ آخری خواہش پوری کر جانا چاہتا تھا۔ اس لیے
تھوڑے ضدی انداز میں اپنا فیصلہ روحی سے منوایا تھا۔

تمہیں مجھ سے بہت شکایتیں ہیں فارہ! مگر بیٹا میرا یقین
کرو، یہ نکاح میری کوئی ضد یا میرا فیصلہ نہیں، بہروز کا فیصلہ
تھا۔ یا یوں کہہ لو کہ یہ ان دونوں بھائیوں کا فیصلہ تھا جو طے
کر بیٹھے تھے کہ پندرہ دن کے اندر آگے پیچھے ہی ہمیں اس
دنیا سے، آغا جان کی زندگی سے رخصت ہو جانا ہے۔ میں
نے صرف بہروز کی ضد مانی تھی، اس نے روتے ہوئے مجھ
سے کہا۔ میں اسے اس کے بھائی کی یہ آخری خواہش
پوری کرنے دوں اور میں اس کے آنسوؤں سے ہار گیا تھا۔

"فارہ! تمہارے ڈیڈی نے زندگی میں بہت غلطیاں کی
ہیں۔ اب ان کا کفارہ ادا کرنا چاہتے ہیں۔ کیا تم اپنی ڈیڈی
ساتھ نہ دو گی؟ ان کی بات نہ مانو گی؟"

اور اسے لگتا تھا آغا جان نے ڈیڈی کو ممی سے متنفر
دیا ہے۔ وہ اس روز اپنے ڈیڈی کی فیلینگز کو سمجھ
نہیں پائی تھی۔

"یہ میرے مرجانے والے بھائی کی آخری خواہش
فارہ کہ تم اس کی بہو بنو اور ہمارا ٹوٹا رشتہ اس رشتے
ذریعے پھر سے جڑ جائے۔"

تب نہیں پر آج وہ بری طرح رو رہی تھی اس انسان
موت پر، جس کے لیے اس نے زندگی بھر بھی
فیلنگز محسوس نہیں کی تھیں۔ نہ محبت نہ نفرت
ایک غیر اہم اور انجان شخص تھا۔ اس کا چچا صہیب
اس سے بہت محبت کرنے والا۔

اسے اس شخص کا اپنے گالوں پر پیار کرنے کا وہ
انداز یاد آیا۔ خون کی کشش کیا ہوتی ہے۔ خون کا رشتہ
معمولی رشتہ تو نہیں ہوتا۔ اس کی آنکھوں سے
پہلے مرجانے والے اپنے چچا کے لیے آج آنسو بہ
تھے۔

آغا جان کی آنکھوں سے متواتر آنسو گر رہے تھے
اسے دیکھتے ٹھہرے ٹھہرے سے لہجے میں دھیمی اور
آواز میں بولے جا رہے تھے۔

"فارہ! میں یہ نہیں چاہتا کہ اس نکاح کے لیے
قصوروار اور ذمہ دار ٹھہرانا چھوڑ کر تم صرف اپنے
قصوروار ٹھہرانے لگو، اس سے ناراض ہو جاؤ۔
ڈیڈی سے ناراض مت ہونا، اس لیے کہ تمہاری
بدگمانی دور کرنے وہ اب بھی تمہارے پاس آ نہیں
اگر اس سے ناراض ہو تو بھی اپنی ناراضی ختم کر کے
معاف کر دو۔"

وہ بھی تو نہیں پوچھ سکی تھی ڈیڈی سے ان کے
حال۔ لاہور اپنے گھر واپس آ کر جب وہ اس کے پاس
ہوئے تھے۔ شاید وہ اس وقت اس سے کچھ کہنا چاہ
شاید وہ اس وقت ممی سے بھی کچھ کہنا چاہتے تھے
انہیں سمجھے اور ان کے احساسات کو جاننے کی کوشش
بغیر ناراض ہو کر چلی گئی تھیں۔

وہ ان کی زندگی کے آخری چند گھنٹے تھے۔ وہ ان کی
کی آخری دوپہر تھی کہ اگلی دوپہر اسی گھر میں اسی
میت رکھی تھی، پشاور لے جائے جانے کے لیے

www.allurdu.com

تیار۔

”ہمیں جن سے محبت کا بہت دعوا ہوتا ہے‘ غم کے لمحوں میں‘ آزمائشوں کی گھڑیوں میں ہم ان کا حوصلہ‘ ان کا سہارا کیوں نہیں بن پاتے۔“

جب انہیں ہماری ضرورت ہوتی ہے‘ وہ ہم سے محبت اور اعتبار پانے کے آرزومند ہوتے ہیں تب ہم انہیں تنہا کیوں چھوڑ دیتے ہیں؟ کیا ان کی زندگی کے ان آخری گھنٹوں میں‘ ان سے بہت محبت کا دعوا کرنے والی ممی کو ان کے ساتھ نہیں ہونا چاہیے تھا؟ کیا ان کی محبت کا دم بھرنے والی بیٹی کو ان کے قریب نہیں ہونا چاہیے تھا؟

جب وہ زندگی کی بازی ہار رہے تھے جب وہ زندگی کی آخری سانسیں لے رہے تھے تب نہ وہ بیوی ان کے قریب تھی نہ بیٹی۔ اکھڑتی سانسوں کے ساتھ ان کی بند ہوتی بجھتی آنکھوں نے کتنی حسرت ویاس سے اپنے اردگرد اپنی بیوی اور بیٹی کو تلاشا ہوگا۔

بیٹا! یہ رشتہ اگر قائم رہتا تو یقیناً“ یہ میرے لیے بہت خوشی کی بات ہوتی۔ لیکن اگر تم اس رشتے سے خوش نہیں تو میں بھی خوش نہیں۔ تمہاری خوشی سے بڑھ کر تو میرے لیے کچھ اہم نہیں بیٹا! یہ رشتہ میری خوشی ضرور تھا مگر میری ضد ہرگز نہیں۔

میری انا‘ میری ضد قصہ پارینہ ہیں جان عزیز۔ میں انا پرست اور ضدی تھا فارہ! مگر اب نہیں ہوں۔ صہیب جاتے جاتے مجھے اور بہروز کو یہ سمجھا گیا تھا کہ انا کی جنگ میں جیتتا کوئی نہیں اور ہارتے سب ہیں۔

کیا صہیب کے مرنے پر جب میں نے بہروز کو فون کر کے یہاں بلایا تو اس نے یہ سوچا ہوگا کہ میں جیت گیا‘ آخر کار جھکنا تو آغا جان ہی کو پڑا اور کیا بہروز کو فون پر بھائی کے انتقال کی اطلاع دے کر گھر بلاتے میں نے یہ سوچا تھا کہ صہیب کی وجہ سے میں ہار گیا۔ نہیں فارہ نہیں۔

تمہارا اور ولی کا رشتہ نہ میری انا اور ضد تھا اور نہ ہے۔ اسی انا کے زعم میں‘ میں نے اپنا بیٹا اور بہروز نے اپنا بھائی کھو دیا تھا۔ روحی کے ساتھ انا اور ضد کی کوئی جنگ لڑ کر میں تمہیں کھونے کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔

یہ رشتہ تو بہت بعد کی بات تھی بہت الگ بات۔ میری بنیادی ترجیح‘ میری اولین خواہش‘ میری آخر شب کی دعا تو فقط اتنی تھی بیٹا کہ میری بہو اور میری پوتی اپنے گھر واپس لوٹ آئیں۔ جو گھر ان کا حوالہ‘ ان کی شناخت ہے‘ وہ اسے

اپنا لیں‘ قبول کر لیں۔ خونی‘ شرعی اور محرم رشتوں کے ہوتے تم دونوں وہاں تنہا رہو چاہے‘ اس میں تم دونوں کی خوشی ہی کیوں نہ شامل ہو میرا دل اسے گوارا نہیں کرتا تھا۔

روحی کو لگتا تھا میں اس سے اس کی بیٹی کو چھین لینا چاہتا ہوں‘ اسے مجھ سے شکوہ تھا کہ میں نے اسے ہرانے کی دُھن میں اس سے اس کے شوہر کو دور کر دیا تھا۔

میں اسے کبھی یہ نہ سمجھا سکا کہ بہروز مرنے سے پہلے بدلا نہیں تھا‘ اسے میں نے یا کسی نے بھی ورغلایا نہیں تھا۔ وہ بس بھائی کی اچانک موت کے صدمے کے زیر اثر تھا‘ وہ اس غم سے باہر نہیں نکل پا رہا تھا۔

یہ مشیّتِ ایزدی تھی کہ وہ دو ہفتے اس کی زندگی کے آخری دو ہفتے ثابت ہوئے۔ اگر وہ زندہ رہتا تو اپنے بارے میں تم دونوں کی ہر غلط فہمی خود دور کر دیتا اپنے پیار‘ اپنی محبت اور اپنی توجہ سے۔

میں روحی کو یہ سب سمجھانا چاہتا تھا‘ اس کے شکوک‘ بدگمانیاں اور ناراضیاں دور کروانا چاہتا تھا۔

اس لیے جو جو شرائط وہ میرے سامنے رکھتی گئی۔ میں مانتا گیا۔

اس نے کہا میں اسے اور فارہ کو پشاور لے جانے کی بات پھر کبھی نہیں کروں گا‘ میں نے کہا ٹھیک ہے۔ وہ طلاق کی بات کرتی تھی‘ میں نے کہا فارہ ابھی بہت چھوٹی ہے‘ پڑھ رہی ہے‘ اس وقت نکاح یا طلاق سے متعلق کوئی بھی بات کرنا مناسب نہیں۔ اس کا ذہن ابھی باپ کی موت کا صدمہ قبول نہیں کر پایا‘ ابھی اسے کوئی نئی الجھن اور پریشانی نہ دو۔ اس نے کہا ٹھیک ہے‘ فی الحال وہ نکاح یا طلاق کی کوئی بات نہیں کرے گی مگر پھر میں بھی اس رشتے کے حوالے سے خاموشی اختیار کیے رکھوں گا۔

اس نے مجھ سے کہا کہ میں اگر خود کو سرپرست اور ذمہ دار قرار دیتا ہی ہوں تو صرف فارہ کا دوں‘ اس کا نہیں۔ میں سرپرست‘ نگران اور ذمہ دار صرف اپنی پوتی کا ہوں‘ وہ میرا ایک پیسہ بھی لینا حرام سمجھتی ہے۔ لہٰذا مجھے اس بات کی کبھی اجازت نہیں دے گی کہ میں اس کے اکاؤنٹ میں پیسے ڈلواؤں‘ میں نے اس کی بات مانتے تمہارا الگ اکاؤنٹ کھلوا دیا۔

وہ تمہارے ساتھ صرف سرپرستی کے نظریے کے تحت بھی اس اکاؤنٹ کی جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈر بننے پر راضی نہیں ہوئی۔ اس نے مجھ پر یہ پابندی بھی لگا دی کہ میں ان



CamScanner

www.allurdu.com

پانچ سالوں کے دوران اپنی پوتی سے کبھی ملنے نہیں آؤں گا' ہاں فون کبھی کبھار کر سکتا ہوں۔ میں اس کا یہ خوف' یہ بدگمانی دور کر دینا چاہتا تھا کہ میں اس سے اس کی بیٹی کو چھیننے یا اس پر تسلط قائم کرنے کی کسی کوشش میں لگا ہوں' اس لیے اس کی ہر شرط اور ہر خواہش مانتا چلا گیا۔

میری بہو' میری پوتی میری ذمہ داری تھیں' میں ان کا سرپرست تھا' انہیں تحفظ نہ دے پاتا' انہیں اپنے گھر کی چھت نہ دے پاتا تو روز قیامت بہروز کا سامنا کیسے کرتا؟

"آغا جان! بس یہ تھی آپ کی محبت' میری بیوی' میری بیٹی خوار ہوتی رہیں اور آپ نے کبھی ان کی پروا تک نہ کی؟" روتے روتے ان کی آواز پہلے سے بھی دھیمی ہو گئی تھی۔

وہ بہت کھینچ کھینچ کر سانس لے رہے تھے' یوں جیسے کوئی بہت وزنی بوجھ ان پر رکھا ہو یا وہ کسی اونچائی پر چڑھ رہے ہوں اور شدید نقاہت اور کمزوری محسوس کر رہے ہوں۔

"فارہ! بیٹا یہ مت سمجھنا۔ میں تمہیں تمہاری ماں کے خلاف کرنا چاہتا ہوں۔ میں تم سے یہ سب کبھی نہ کہتا اگر مجھے اپنی زندگی کا بھروسہ ہوتا۔

میری صحت ٹھیک نہیں ہے بیٹا! کب بلاوا آجائے پتا نہیں اور میں اس حال میں مرنا نہیں چاہتا کہ میرے بہروز کی واحد نشانی' میرا خون' میری پوتی مجھ سے خفا اور بدگمان ہو۔ تم سمجھتی ہو کہ میں اس سے محبت کے دعووں میں سچا نہیں محض ایک انا پرست انسان ہوں۔ فارہ! تم' ولی اور زرمینہ میرے لیے کیا ہو' میں لفظوں میں اظہار نہیں کر سکتا۔ میری آتی جاتی سانسیں میرے دل کی دھڑکنیں سب تم تینوں کے ساتھ جڑی ہیں۔ میں تم تینوں میں اپنے بیٹوں کو دیکھتا اور محسوس کرتا ہوں۔

تم بس میری محبت کا یقین کر لو بیٹا! اس نکاح کے بارے میں سوچے بغیر' تمہارے اس نکاح کو...... میں خود میں ولی سے کہوں گا وہ تمہیں۔ جو تم چاہو گی وہی ہو گا۔" ان کے لبوں سے لفظ ٹوٹ ٹوٹ کر نکل رہے تھے۔ کھینچ کھینچ کر گہرے گہرے سانس لیتے جیسے انہیں آکسیجن کی شدید کمی محسوس ہو رہی تھی۔

روتے ہوئے اس نے سر اٹھا کر انہیں دیکھا۔ انہیں سانس لینے میں شدید دشواری کا سامنا تھا' لب بھینچ کر وہ جیسے کوئی بہت ہی شدید تکلیف' کوئی بہت ہی کڑا درد سہنے کے عمل سے گزر رہے تھے۔ انہیں پسینے آ رہے تھے' ان کے چہرے کا رنگ بالکل فق ہو رہا تھا۔

"آغا جان۔" اس کے لبوں سے بے ساختہ ایک اور ہراساں سی پکار نکلی۔

"میں ٹھیک ہوں۔" آنکھیں کھول کر درد ضبط سے برداشت کرتے وہ قصداً" اور بدقت مسکرائے تسلی دینے کے لیے انہوں نے خود ہی اپنے کرتے کی جیب کی طرف ہاتھ لے جانا چاہا تھا' مگر وہ اس سے پہلے ان کی جیب سے دوا نکال چکی تھی۔

جلدی سے کھول کر اس نے ایک گولی ان کی زبان نیچے رکھوائی اور ساتھ ہی سامنے دیوار پر لٹکی گھڑی کو دیکھ ٹائم نوٹ کیا۔

"آپ ٹھیک ہیں آغا جان؟ آپ کیا محسوس کر رہے ہیں؟" انہیں وہیل چیئر سے سہارا دے کر بڑی مشکلوں سے اٹھاتے وہ صوفے پر آرام دہ حالت میں بٹھالینے میں کامیاب ہو گئی اور ان کی نبض دیکھی۔

ان کے بائیں بازو میں شدید درد پھیل رہا ہے یہ ان کی مٹھیاں بھینچنے کے انداز سے پتا چل رہا تھا۔

"سینے پر بہت بوجھ سا ہے بیٹا!" ان پر شدید نقاہت' بے چینی اور گھبراہٹ طاری تھی۔ ان کا ساکت سا ہو رہا تھا۔

تین منٹ گزرنے پر وہ طبیعت میں بہتری کے آثار کر ان کی زبان کے نیچے دوسری گولی رکھوا چکی تھی۔ نے ان کی نبض پھر دیکھتے بغور ان کے کرب و اذیت ڈوبے چہرے کو اور بے جان سے ہوتے جسم کو دیکھا۔ محسوس کر رہے ہیں۔ وہ بتا بھی نہیں پا رہے تھے۔ وہ ہوئی وہاں سے نکلی۔

جس دروازے سے کچھ دیر قبل وہ ان کے ساتھ باہر تھی' اس سے ان کے کمرے میں داخل ہوئی۔ ان کی سائڈ ٹیبل پر ایک طرف بی پی اپریٹس رکھا تھا اس نے اسٹیتھو اسکوپ سمیت اٹھایا' پین کلر کا پتا اور پانی کی ایک بوتل لی اور بہت تیز رفتاری سے کمرے کا دروازہ کر لاؤنج میں آئی' جہاں وہ تینوں ابھی بھی اسی طرح باتیں کر رہے تھے۔

"ولی!" خود پر بمشکل کنٹرول رکھتے اس نے اسے آواز دی۔ وہ تینوں ایک ساتھ اس کی طرف متوجہ ہوئے۔ اس کے لہجے میں کچھ تو ایسا ضرور تھا جو وہ تینوں یک دم صوفے پر سے بھی بے اختیار کھڑے ہوئے تھے۔

"آغا جان کی طبیعت خراب ہو رہی ہے۔" وہ اطلاع

www.allurdu.com

دے کر رکی نہیں بلکہ اُلٹے قدموں واپس وہیں بھاگی۔
وہ تینوں اس کے ساتھ بھاگے‘ ولی اس سے آگے نکل آیا تھا مگر کمرہ خالی دیکھ کر چونک کر رکا‘ وہ تب تک دوسرے دروازے سے باہر نکل چکی تھی۔ ولی اسی طرف دوڑا‘ پیچھے عباد اور زرمینہ بھی تھے۔

"کہاں ہیں آغا جان؟ تم انہیں ان کے کمرے سے باہر لے کر کس کی اجازت سے گئیں؟ تمہیں نہیں پتا‘ معمولی سے کام اور حرکت سے وہ تھک جاتے ہیں‘ انہیں انجائنا کا اٹیک ہو جاتا ہے۔" زرمینہ اسے اس پورشن میں داخل ہوتا دیکھ کر چلائی۔ وہ اسے جواب دیے بغیر اندر لاؤنج میں آگئی۔

ولی اس کے ساتھ وہاں داخل ہوا تھا۔ ولی نے انہیں آواز دی‘ انہیں چھو کر دیکھا‘ انہوں نے ایک پل کے لیے آنکھیں کھولیں پھر بند کرلیں۔ وہ اسی طرح آنکھیں بند کیے گہرے گہرے‘ اکھڑتے ہوئے سانس لے رہے تھے۔

ان کے چہرے پر چند منٹوں کے اندر انتہا سے زیادہ کمزوری‘ سرخی اور تپش پیدا ہو چکی تھی۔ وہ ان کا بی پی دیکھنے فوراً" ان کے پاس جانے لگی مگر زرمینہ نے ایک جھٹکے سے بی پی اپریٹس‘ اس کے ہاتھوں سے کھینچ لیا اور اسے دھکا دے کر دور ہٹا دیا۔

"خبردار جو تم نے میرے آغا جان کو ہاتھ لگایا۔" وہ روتے ہوئے اس پر چلائی۔

وہ بہت بری طرح رو رہی تھی‘ اس کے بری طرح کانپتے ہاتھوں سے تو اپریٹس ہی صحیح سے نہیں تھاما جا رہا تھا۔ دھکیلے جانے کے بعد وہ‘ اس سے ایک قدم پیچھے ہی کھڑی تھی‘ اس نے خاموشی سے زرمینہ کے ہاتھ پیچھے ہٹائے۔ بازو بند کس کر صحیح سے باندھا۔ اسٹیتھو اسکوپ کان سے لگایا اور ان کا بی پی چیک کرنے لگی۔ ولی اور عباد آغا جان کے بالکل پاس کھڑے کبھی اسے اور کبھی آغا جان کو دیکھ رہے تھے۔

ولی نے زرمینہ کے کندھے پر ہاتھ رکھا ہوا تھا مگر وہ بہت بری طرح روئے چلی جا رہی تھی۔ تین تین منٹس کے وقفے سے وہ انہیں پانچ ٹیبلیٹس دے چکی تھی‘ دوبارہ نبض دیکھی تھی‘ بی پی دیکھا تھا‘ طبیعت میں بہتری نہ پا کر ایک پین کلر بھی دے دی تھی۔

مگر وہ اسی طرح تکلیف میں تھے‘ وہ اسی طرح درد کی شدت محسوس کر رہے تھے‘ ان کا جسم ٹھنڈا پڑنے لگا تھا‘ ان کی کمزوری ہر لحظہ بڑھتی ہی نظر آرہی تھی۔

اب ان کا فوراً" ECG ہونا بہت ضروری تھا۔ انہیں فوراً" کسی اچھے ہاسپٹل لے جایا جانا اب لازمی تھا۔ اس نے اپنے برابر کھڑے ولی کی طرف دیکھا‘ اسے اس سے یہ بات کہنے کی ضرورت نہیں پڑی شاید اس وقت وہ خود بھی انہیں ہاسپٹل لے جانے ہی کا فیصلہ کر رہا تھا تب ہی خاصی عجلت میں عباد سے بولا۔

"عباد! گاڑی نکالو‘ میں آغا جان کو لاتا ہوں۔" وہ حد درجہ سنجیدہ تھا۔ عباد سر ہلاتا وہاں سے تیز رفتاری سے باہر کی طرف دوڑا۔

ولی نے بڑی احتیاط اور آرام سے آغا جان کو وہیل چیئر پر بٹھایا اور باہر نکلا‘ وہیل چیئر بڑی احتیاط سے چلاتا ہوا۔ زرمینہ روتے ہوئے اس کے پیچھے بھاگی تھی‘ وہ بھی ان دونوں کے ساتھ ہی باہر آگئی تھی۔

"زرمینے! آغا جان کی رپورٹس لے کر آؤ۔" اس نے بری طرح روتی زرمینہ سے کہا۔

وہ زار و قطار روتے بس خوف زدہ نگاہوں سے آغا جان کی طرف دیکھتی رہی۔ اس نے جیسے ولی کی بات دھیان سے سنی بھی نہیں تھی۔ مایوسی سے بمن پر ایک نگاہ ڈالتا وہ فارہ سے بولا۔

"آغا جان کے بیڈ سائیڈ ٹیبل کے اوپر — والی دراز میں براؤن رنگ کی ایک فائل رکھی ہے وہ لے آؤ‘ اس کے نیچے کچھ دوسری رپورٹس اور ایکسریز بھی ہیں‘ وہ بھی لے آؤ۔" وہ بھاگتے ہوئے کمرے میں آئی‘ جو جو کچھ ولی نے کہا تھا۔ وہ سب نکالا اور باہر پورچ میں آگئی۔

گاڑی اسٹارٹ کیے عباد اسی کا انتظار کر رہا تھا۔ آغا جان کا سر اپنی گود میں رکھے ولی پیچھے بیٹھا تھا اور زرمینہ بھی آغا جان کے دونوں ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں لیے پیچھے ہی بیٹھی تھی۔

وہ ان کے ہاتھوں کو چومتی اس طرح روتی جا رہی تھی۔ فارہ وہ فائل اور دوسرے خاکی لفافے ہاتھ میں لیے اگلی سیٹ پر عباد کے برابر بیٹھ گئی۔ اس کے اعصاب شل ہو رہے تھے‘ اس کا دل بھی زرمینہ کی طرح ہسٹرک ہو کر رونے کو چاہ رہا تھا مگر خود پر قابو رکھتے‘ خود کو یہ یاد دلاتے کہ وہ ایک ڈاکٹر ہے‘ وہ ڈاکٹر جس پر اس کے دادا کو فخر ہے‘ خود کو سنبھال رہی تھی۔

"لوگوں کو ایک ڈاکٹر بمشکل دستیاب ہوتا ہے۔ میرے

www.allurdu.com

پاس تو دو' دو ہیں اور وہ بھی راؤنڈ دا کلاک۔"

"خبردار جو میری پوتیوں کی قابلیت پر کوئی شبہ کیا ہو تو۔ میری پوتیاں ذہین' قابل' لائق فائق۔"

ہاسپٹل تک پہنچنے کے اس راستے میں ان کی میڈیکل ہسٹری سے آگاہ ہونا چاہتی تھی تاکہ ان کے کارڈیالوجسٹ سے بہتر انداز میں بات کر سکے۔ اس نے وہ موٹی فائل کھولی۔ اس میں تاریخ کے اعتبار سے آغا جان کی تمام رپورٹس ترتیب سے لگی تھیں۔ تین روز قبل ہونے والے ان کے ای سی جی اور ہفتہ قبل ہونے والے ایکو کی رپورٹس سب سے اوپر ہی لگی ہوئی تھی۔ وہ انہیں ایک نظر دیکھتی صفحے پلٹنے لگی' ترتیب سے کئی ای سی جی تھے' خون کی کئی رپورٹس تھیں۔

وہ ایک ای سی جی کو دیکھ کر چونک گئی تھی۔ اس نے اس طرح ای سی جی پر درج تاریخ اور وقت پڑھا۔ ۶ نومبر شام چھ بج کر پندرہ منٹ نومبر 6 نومبر۔

"مجھے طلاق چاہیے۔ میں ولی صہیب خان کے ساتھ کسی بھی قیمت پر نہیں رہنا چاہتی۔" آغا جان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر انہیں اور ان سے وابستہ ہر چیز کو رد کرنے والا وہ دن' کیا تاریخ تھی اس روز۔

زیادہ سوچنے کی ضرورت نہیں تھی' اسے یاد تھا۔ دو مہینے پہلے کی وہ صبح چھ نومبر کی صبح تھی۔ بہت سادہ سی بات تھی' بہت عام سی' چھ نومبر کی صبح اس نے انہیں اور ولی صہیب خان کو اپنے گھر پر ذلیل و بے عزت کیا تھا' دوسروں سے کروایا تھا اور چھ نومبر کی شام انہیں ہارٹ اٹیک ہوا تھا۔

اور یہ ہاسپٹل کی ڈسچارج شیٹ تھی۔ چھ نومبر کو دل کے دورے کے سبب ہاسپٹل داخل ہونے والے محمد بختیار خان وہاں سے بیس نومبر کو ڈسچارج ہوئے تھے۔

"بیٹا! میری صحت ٹھیک نہیں۔ میری زندگی کا کچھ پتا نہیں۔ فارہ سے ایک بار میری بات کرا دو۔" یہ نو نومبر کی رات تھی۔

چھ نومبر کو اتنے شدید ہارٹ اٹیک کا شکار ہونے والا ۹ نومبر کو کہاں ہو گا؟ آئی سی یو میں؟ سی سی یو میں اور فارہ بہروز خان صوفے پر بیٹھی تھی' بے نیاز و لاتعلق۔ اس کی ماں آئی سی یو یا سی سی یو سے التجا کرتے اس بوڑھے انسان پر چلا رہی تھی۔

"فارہ آپ سے بات نہیں کرے گی۔ اسے جو کچھ کہنا تھا وہ آپ سے صاف صاف کہہ چکی ہے۔ آپ کے خاندان سے جڑ کر اس کی ماں کو کون سا سکھ نصیب ہو گیا جو وہ خود کو قربان کر ڈالے۔ وہ آپ سے کہہ چکی ہے کہ اسے آپ سے اور آپ کے پوتے سے کوئی تعلق نہیں رکھنا۔ اگر آپ کو جگ ہنسائی اور اپنی عزت کا خیال ہے تو کہیے اپنے پوتے سے خاندانی اور مہذب ہونے کا ثبوت پیش کرتے میری بیٹی کو طلاق دے دے۔

یا اگر واقعی آپ کو اپنی پوتی سے اتنی ہی محبت ہے جتنی آپ فرما رہے ہیں تو اسے جائیداد میں اس کا جائز اور قانونی حق دے کیوں نہیں دیتے۔" وہ سکون سے بیٹھی رہی تھی اور اس کی ماں اس بوڑھے انسان پر خوب چلا کر فون بند کر چکی تھی۔

"کیا فرما رہے تھے بزرگوار؟" تجمل ماموں نے طنزیہ انداز میں ممی سے پوچھا تھا۔

"میری طبیعت ٹھیک نہیں۔ میری زندگی کا کچھ پتا نہیں۔ فارہ سے ایک بار میری بات کرا دو۔ ہونہہ! ساری زندگی اپنی بیماریوں اور مرنے کے ڈراوے دیتے آئے ہیں اور زندہ خیر سے اب تک ہیں۔ پہلے بیٹے کی موت اور اپنی بیماری کو ہتھیار بنا کر میرے شوہر کو میرے خلاف کیا' میری بیٹی کا زبردستی نکاح پڑھوایا اور اب بیماریوں کے ڈرامے کر کے فارہ سے اپنا من چاہا فیصلہ کروا کر اسے میرے خلاف لے جانا چاہتے ہیں۔" ممی نفرت سے بولی تھیں۔

"ابھی تین روز پہلے تو یہاں سے ہو کر گئے ہیں۔ مجھے تو بالکل بھلے چنگے دکھائی دے رہے تھے۔ اپنی عمر کے لحاظ سے بالکل تندرست۔ اب اس بڑھاپے میں نوجوانوں جیسی صحت تو ان کی ہونے سے رہی۔" زہرہ مامی کا لہجہ ہتک آمیز اور انتہائی تمسخرانہ تھا۔

اس کے کانوں میں آغا جان کی کچھ دیر پہلے کی باتیں گونج رہی تھیں۔ اگر زمین اور آسمان کے بیچ کوئی جگہ ایسی تھی' جہاں وہ اپنا یہ سنگدل اور ظالم وجود چھپا سکتی ہو تو وہ وہاں عمر بھر کے لیے چلی جانا چاہتی تھی۔

"تم میرے پاس یہاں آئیں' تمہارا بہت شکریہ بیٹا!" وہ بوڑھا انسان کوئی شکوہ' گلہ اور شکایت کیے بغیر اس شقی القلب' گھٹیا' پنچ اور پست لڑکی کا شکریہ ادا کر رہا تھا جو یہاں بوڑھے بیمار دادا سے ملنے نہیں بلکہ ایک ایگریمنٹ' ایک معاہدے کے تحت آئی تھی۔

"تم علیحدگی چاہتی ہو۔ میں تمہاری یہ خواہش پوری کرنے کے لیے تیار ہوں۔" وہ محبتوں کی عینک لگا کر اسے

www.allurdu.com

دیکھتے تھے‘ اس لیے اس کا گھٹیا پن اس کی پست ذہنیت انہیں نظر نہیں آتی تھی‘ مگر ولی صہیب خان کو نظر آتی تھی۔

وہ بوڑھا بیمار دادا جو اس کی راہ تک رہا ہے‘ اسے اپنی محبت کا یقین دلانے کو مچل رہا ہے‘ وہ اس کی بیماری‘ بے چینی اور بے بسی سن کر بھی وہاں نہیں جائے گی‘ وہ گھٹیا اور بے غیرت لڑکی جو بات سن کر وہاں جانے کو آمادہ ہو سکتی تھی‘ اس نے وہی بات اس سے کہی تھی‘ اپنی انا‘ اپنی ضد اور اپنی عزت نفس کو پس پشت ڈال کر۔

اس لیے کہ وہ اس کے گھٹیا پن اس کی سنگدلی اور بے حسی سے بخوبی آگاہ تھا۔ دادا کی بیماری کا سن کر وہ کبھی یہاں آتی؟ کبھی بھی نہیں۔

وہ بوڑھا انسان بیمار تھوڑی تھا۔ وہ تو بیماریوں کے ڈرامے کیا کرتا تھا‘ اپنی موت سے ڈرا کر لوگوں سے من چاہے فیصلے کروایا کرتا تھا۔ وہ محبتیں لٹانے والا دادا اپنی اس پوتی کی اصلیت جان لے۔ یہ جان لے کہ وہ اس کی محبت میں نہیں‘ بلکہ طلاق کے لالچ میں آئی ہے‘ اس سے رشتے جوڑنے نہیں بلکہ ہر رشتہ توڑنے آئی ہے تو کیا گزرے گی اس کے بیمار و کمزور دل پر؟

اسے اپنے وجود سے گھن آئی۔

جب اس کا بوڑھا بیمار دادا مرنے کو پڑا تھا‘ تب وہ اسے خلع کے نوٹس بھجوا رہی تھی‘ جب وہ اسے اس کے موبائل اور گھر کے نمبروں پر کال کر کر کے تھکتا‘ بستر پر نڈھال پڑا اس کی راہ دیکھ رہا تھا تب وہ اپنے گھر میں اپنی خود ساختہ محرومیوں اور غموں کا ماتم کر رہی تھی۔

وہ تو نئے سال کے اس پہلے دن ولی صہیب خان کی فون پر آواز سننے کی بھی روادار نہ تھی۔ لفظ طلاق نے اسے اس کی بات سننے پر آمادہ کیا تھا۔

"ولی! فارہ کہاں ہے؟" اس نے گاڑی کی پچھلی سیٹ سے ان کی بہت ہلکی آواز سنی۔

"فارہ ہمارے ساتھ ہے آغا جان!" ولی نے سنجیدگی سے انہیں جواب دیا۔

"زرمینہ! میں ٹھیک ہوں بیٹا!" اس بار انہوں نے سست آواز میں روتی ہوئی زرمینہ کو تسلی دی۔ اس حالت میں بھی انہیں اپنی دونوں پوتیوں کی فکر تھی۔

وہ ریورس پر نظریں جمائے بیٹھی رہی‘ اس میں جرأت ہی نہ تھی گردن گھما کر پیچھے دیکھنے کی۔ گاڑی ہاسپٹل کے احاطے میں داخل ہو چکی تھی۔

یہ تینوں باہر کوریڈور میں کھڑے تھے اور ولی اندر سی سی یو میں تھا۔ وہ اندر ان کے ساتھ جانا چاہتی تھی مگر ولی کو جاتا دیکھ کر باہر رک گئی تھی۔

"کیا کہا تھا تم نے میرے آغا جان سے؟" وہ دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑی تھی جب زرمینہ آنسو صاف کرتی کسی زخمی شیرنی کی طرح اس کی طرف لپکی تھی۔ وہ اس کے سر پر کھڑی خونخوار نظروں سے اسے گھور رہی تھی۔

"وہ ابھی دوپہر تک‘ تھوڑی دیر پہلے تک بالکل ٹھیک تھے۔ میں نے ان کے لیے کھیر پکائی ہے‘ یہ سن کر خوش ہو رہے تھے‘ صبح لالہ نے انہیں نہلوایا تھا‘ انہوں نے اپنے سارے کام آرام سے کیے تھے‘ وہ بالکل ٹھیک تھے‘ ان کی طبیعت بالکل ٹھیک تھی۔ تم نے انہیں کچھ کہا ہے۔ جو ان کی طبیعت ایک دم بگڑی ہے۔ کیا کہا تھا ان سے؟ تمہیں طلاق چاہیے‘ جائیداد میں اپنا حصہ چاہیے؟" نفرت و حقارت سے اسے دیکھتے وہ زور سے چلائی۔ عباد فوراً اس کے پاس آیا۔

"زرمینہ! بری بات ہے‘ اس طرح بات نہیں کرتے۔ یہ ہاسپٹل ہے‘ سی سی یو ہے۔ تم تو خود میڈیکل کی اسٹوڈنٹ ہو تمہیں نہیں پتا یہاں آہستہ آواز میں بولتے ہیں۔"

ولی موبائل پر کسی کا نمبر ملاتا باہر نکلا تھا‘ اس نے ایک نظر اس منظر کو دیکھا‘ مگر اس کے کچھ کہنے یا سمجھنے سے پہلے زرمینہ اس کے پاس بھاگتی ہوئی آگئی۔

"آپ اسے اپنے ساتھ کیوں لے کر آئے لالہ؟ دیکھیں‘ اس نے آغا جان کو پھر کہاں پہنچا دیا۔ آپ اسے طلاق دے دیں۔ آپ اسے جائیداد میں اس کا سارا حصہ‘ بلکہ حصے سے بھی زیادہ دے دیں اور اس سے کہیں‘ یہ اب عمر بھر ہمیں اپنی شکل نہ دکھائے۔ چلی جائے وہیں واپس جہاں سے آئی ہے۔"

اس کے پاس تو اس کے ہمدرد اور مہربان بہت ہیں‘ ہمارے پاس تو بس یہ ایک دادا ہی ہیں‘ انہیں کیوں ہم سے چھین لینے یہاں آئی ہے۔" وہ ولی کے بازو پر سر رکھ کر پھر زار و قطار رونے لگی۔ روتے روتے اس نے یک لخت سر اوپر اٹھایا اور بہت نفرت سے بولی۔

"ایک بات کان کھول کر سن لو فارہ خان اگر میرے آغا جان کو کچھ ہوا تو میں تمہیں چین سے جینے تو ہرگز نہیں دوں گی۔"

CamScanner

www.allurdu.com

ولی اس کے کندھے کے گرد ہاتھ رکھ کر' آہستہ آواز میں بہت پیار سے اس سے کچھ کہتا' اسے قریب نظر آتی ایک بینچ کی طرف لے گیا۔

عباد نے ایک شرمندہ سی نگاہ فارہ پر ڈالی۔ وہ شاید زرمینہ کے رویے کی تلافی کے لیے اس سے کچھ کہنا بھی چاہتا تھا مگر وہ ان تینوں پر ایک نگاہ ڈالتی اندر آغا جان کے پاس سی سی یو میں آگئی۔

انہیں آکسیجن لگی ہوئی تھی' ان کی آنکھیں بند تھیں' ان کے سینے پر کچھ تار چپکے ہوئے تھے' ان کے دل کی رفتار' ان کی دھڑکنوں کا شمار کرتی کچھ مشینیں ان کے قریب موجود تھیں۔

وہ سانس صحیح سے لے رہے ہیں ان کا دل دھڑک رہا ہے کہ نہیں' اس نے ایک ڈری ڈری نگاہ ان پر ڈالی اور پھر اس مشین پر۔ ان کے سوئی پیوست ہوئے ہاتھ کو اس نے جھک کر آہستگی سے چوما۔

"آپ کو میرے پاس سے اپنے بیٹے کی خوشبو آتی ہے اور مجھے آپ کے پاس سے اپنے باپ کی خوشبو آتی ہے۔ ہمارا رشتہ تو اتنا مضبوط' اتنا اٹوٹ ہے۔ بہت بری فارہ کو آپ نے بہت دیکھا ہے' ایک بار اسے اچھا بننے کا موقع دے کر بھی دیکھیں۔

ابھی ابھی آپ نے مجھ سے کہا تھا آپ کی سانسیں' آپ کی دھڑکنیں' میرے ساتھ جڑی ہیں' پھر جب میں سانس لے رہی ہوں' میرا دل دھڑک رہا ہے تو آپ کی سانسیں کیسے ختم ہو سکتی ہیں' آپ کی دھڑکنیں کیسے خاموش ہو سکتی ہیں۔"

وہ بہت آہستہ آواز میں ان سے کہہ رہی تھی' اس کی آواز ان کی سماعتیں سن رہی ہیں اسے یقین تھا۔ اس کی آنکھوں سے قطرہ قطرہ آنسو بڑے خاموشی سے گر رہے تھے۔

"آپ برسوں سے مجھ پر محبتوں کی بارش برساتے آئے ہیں۔ ایک بار مجھے بھی تو موقع دیں' میں آپ سے اپنی محبت ثابت کر سکوں۔ میں آپ سے محبت کرتی ہوں آغا جان! میں آپ سے بہت محبت کرتی ہوں۔" وہ دھیمی آواز میں سرگوشی کے سے انداز میں' ایسے جیسے انہیں ڈسٹرب نہ کرنا چاہتی ہو' آنسو بہاتی انہیں اپنی محبت کا یقین دلا رہی تھی۔

اسی وقت پردہ کھینچ کر کوئی اندر آیا۔ اس نے گردن گھما کر دیکھا اور کرسی پر سے فوراً" کھڑی ہو گئی۔ ولی تھا اس کے ساتھ ایک سینئر ڈاکٹر اور پیچھے ایک جونیئر ڈاکٹر اور نرس بھی تھے۔

وہ خاموشی سے وہاں سے نکل آئی' مگر نکلتے نکلتے جو آوازیں اور باتیں اس نے سنی وہ اسے یہ سمجھا گئیں کہ یہ سینئر ڈاکٹر آغا جان کے کارڈیالوجسٹ تھے۔ آغا جان برسوں سے انہیں کے زیر علاج تھے۔

زرمینہ سی سی یو لکھے شیشے کے دروازے کی طرف مسلسل امید' آس' خوف اور ہراس سے دیکھے جارہی تھی اور عباد اس کے پاس بینچ پر بیٹھا تھا۔ وہ ایک طرف خاموشی سے آکر دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑی ہو گئی۔

وہ ہاسپٹل آنے کے راستے میں سرسری ان کی ساری رپورٹس دیکھ آئی تھی۔ ان کے تینوں ہارٹ اٹیکس کی تفصیلات بھی دیکھ لی تھیں۔

ان کا دل کتنے فیصد کام کر رہا ہے اور کتنے فیصد زخم خوردہ و بے کار ہو چکا ہے' وہ یہ بھی جان چکی تھی۔ پہلے ہارٹ اٹیک کی تاریخ اس کی پیدائش سے بھی قبل کی تھی۔

دوسرا ہارٹ اٹیک وہ تھا جب صہیب خان کا انتقال ہوا تھا اور جب بستر پر بیمار پڑے اس وجود سے اسے کوئی ہمدردی نہیں ہوئی تھی اور اس کی ممی کو تو وہ بیماری ہی ڈھونگ اور ڈرامہ لگی تھی۔

اور تیسرا' تیسرے کی تو بات ہی الگ تھی۔

پچیس فیصد جس کا دل کام کر رہا ہو' جو تین ہارٹ اٹیکس سہہ چکا ہو' جو معمولی کاموں کے کرنے سے بھی انجائنا میں مبتلا ہو جاتا ہو' اس کے لیے ڈاکٹر کیا کہتا۔ میں دوا کرتا ہوں آپ دعا کیجیے۔ مریض کو خوش رکھیے' اسے ٹینشن میں نہ آنے دیجیے' اسے خوشگوار ماحول دیجیے' کوشش کیجیے کوئی اختلافی امور اور لڑائی جھگڑا اس کے سامنے نہ ہو۔

اگر نفرتوں کے مضبوط قلعے میں مقید اس کی پوتی ایسا ہونے دے تو۔ گھڑی گھنٹے آگے بڑھا رہی تھی اور وہ چاروں کسی طے شدہ معاہدے کے بغیر تھوڑی تھوڑی دیر کے لیے اندر ان کے پاس سی سی یو میں جا کر بیٹھتے اور پھر دوسرے کو اندر آنے کا موقع دیتے خود باہر آجاتے تھے۔

عباد نے اپنے گھر فون کر کے اپنے چھوٹے بھائی سے دونوں بچوں کو گھر لے جانے کو کہہ دیا تھا کہ آغا جان کے گھر پر بہت سے ملازمین کی موجودگی کے باوجود بھی وہ بہت چھوٹے بچے ماں' باپ کے بغیر اکیلے رہ نہیں سکتے تھے۔

CamScanner

www.allurdu.com

"آغا جان کے پاس میں ہوں۔ تم لوگ گھر جاؤ۔" رات دس بجے ولی، زرمینہ اور عباد سے بولا تھا۔ اس کی طرف دیکھے یا اس کا نام لیے بغیر یہ بات کہی گئی تھی مگر ظاہر ہے اس جملے کے مخاطب وہ بھی تھی۔

زرمینہ گھر جانے کے لیے کسی قیمت پر آمادہ نہیں تھی۔ وہ ولی اور عباد سے یہاں رکنے کی ضد کر رہی تھی۔ عباد اور ولی نے بڑی مشکلوں سے اسے بچے گھر پر اسے یاد کر رہے ہوں گے اور سی سی یو میں تو ویسے بھی ایک سے زیادہ کوئی فرد رک نہیں سکتا جیسی باتیں کہہ کر گھر جانے پر راضی کیا تھا۔ زرمینہ دوبارہ اندر آغا جان کو دیکھنے چلی گئی تھی، وہ چند منٹوں بعد واپس آئے گی تو یقیناً" ولی اسے بھی ان لوگوں کے ساتھ جانے کے لیے کہے گا۔ بہت زیادہ مضطرب اور بے قرار ہوتے وہ سیدھی ولی کے پاس آئی۔

"ولی! میں آغا جان کے پاس رکنا چاہتی ہوں۔"

"نہیں، تم یہاں اکیلے۔"

"ولی! پلیز، مجھے یہاں رکنے دو۔ پلیز مجھے یہاں سے مت بھیجو۔" وہ کہتی تھی کہ اجنبیوں کے سامنے آنسو نہیں بہاتی اور اس پل ولی سے التجائیہ انداز میں یہ بات کہتے اس کی آنکھوں سے آنسو نکل آئے تھے۔

دوپہر سے ہسپتال میں آنے کے بعد زرمینہ جتنا روئی تھی، وہ اتنی ہی خاموش رہی تھی، دیوار سے ٹیک لگا کر کوریڈور میں اکیلی، بالکل خاموش کھڑی رہی تھی۔ عباد نے اس سے بینچ پر بیٹھنے کو ایک دوبار کہا تھا مگر وہ ویسی ہی کھڑی رہی تھی۔ اس وقت سامنے کھڑے عباد نے اسے یوں روتے تاسف سے دیکھا، ایسا کوئی رشتہ نہیں تھا کہ وہ اسے تسلی دے سکتا یا کوئی اپنائیت بھری بات کہہ سکتا مگر اس وقت اس کا اسے تسلی دینے کو دل چاہا تھا۔ عباد نے ولی کو بغور دیکھا۔ کاش ولی اسے یہاں رکنے دے۔ اس نے دل میں سوچا۔ ولی نے فارہ کو ایک لمحہ کے لیے دیکھنے کے بعد کچھ سوچا تھا، پھر اس پر سے نظریں ہٹا کر بولا۔

"ٹھیک ہے۔" زرمینہ بھائی سے سخت شاکی کہ اسے گھر بھیج کر وہ اس لڑکی کو آغا جان کے پاس رکنے کی اجازت دے رہا ہے جو آغا جان کی آج اس حالت کی ذمہ دار ہے۔ عباد کے ساتھ چلی گئی تھی۔ ان دونوں کے جانے کے بعد وہ آغا جان کے پاس اندر آگئی اور ولی باہر شاید کسی بینچ پر بیٹھا تھا۔

آغا جان کو بدستور آکسیجن لگی تھی، سکون آور ادویات کے زیر اثر وہ گہری نیند سو رہے تھے۔ وہ کرسی ان کے بیڈ کے بالکل قریب کر کے ان کے پاس بیٹھی ہوئی تھی۔ وہ ایک ٹک انہیں دیکھ رہی تھی اور اس کے ذہن کی اسکرین پر ماضی کسی فلم کی طرح چل رہا تھا۔

اس انسان کی اس موجودہ حالت کی ذمہ دار وہ تھی، انہیں اس حالت تک پہنچانے والی وہ تھی، مگر وہ یاد کرنا چاہتی تھی۔ ماضی میں اس شخص کے ساتھ اس نے کیا کیا کچھ غلط کیا تھا۔

"آ گئے میرے بچے۔" یہ اس بوڑھے انسان کے لبوں سے اس نے پہلے الفاظ سنے تھے۔ یہ اس کی اس کے ساتھ پہلی ملاقات تھی۔ سرسری نگاہوں سے اس نے اس بوڑھے انسان کو کسی توجہ اور دلچسپی کے بغیر دیکھا تھا۔

یہی وہ آغا جان تھے ناں جنہوں نے اس کے ڈیڈی کو ممی سے محبت کے جرم کی سزا دیتے برسوں پہلے ان کے اپنے گھر سے نکال دیا تھا اور اس کی ممی کو اپنی بہو تسلیم نہیں کیا تھا۔ اس کے دل میں اس کے لیے نفرت تھی۔

"فارہ! اپنے دادا کے پاس نہیں آؤ گی؟ روحی بٹیا! تم وہاں کیوں رک گئیں۔ یہاں آؤ۔ کیا ابھی تک مجھ سے ناراض ہو؟ دیکھو تو صہیب کیسے مجھے چھوٹ گیا؟" انہوں نے ان کے استقبال کے لیے اٹھ کر بیٹھنے کی کوشش کی تھی مگر اٹھ نہ سکے تھے۔

بیٹے کی موت کے تیسرے دن ان کے بیمار دل پر ایک تازہ زخم لگا تھا، انہیں ہارٹ اٹیک ہوا تھا اور وہ کئی دن ہسپتال رہ کر اس روز گھر واپس آیا تھا۔ وہ اپنے اس وقت کے رویوں کے لیے خود کو ٹین ایجر، ناسمجھ، ناتجربہ کار، کم سن کہہ کر جان چھڑا لے مگر ممی کے رویے کو کیا نام دے؟ جنہوں نے رسم دنیا کے لیے بھی آغا جان سے ان کے بیٹے کے انتقال پر تعزیت نہ کی، شوہر کو غم کی اس گھڑی میں حوصلہ نہ دیا، اس کی دل جوئی نہ کی، ولی اور زرمینہ کے سروں پر شفقت بھرا ہاتھ نہ پھیرا۔

ممی نے ہمیشہ اپنی غلطیوں کا الزام آغا جان پر ڈالا۔ آخر کیوں؟ ان کا شوہر آغا جان نے ان سے دور کروا دیا تھا یا وہ خود بدگمانیوں میں گھر کر شوہر سے دور ہو گئی تھیں۔

ڈیڈی ۲۳ سال بعد اپنے گھر آئے تھے، باپ سے ملے تھے اور کس حال میں ملے تھے۔ ان کا مسکراتا، زندگی سے بھرپور، صحت مند بھائی زندگی کی بازی ہار گیا تھا، انہیں منا منا کر واپس بلا کر ہار گیا تھا۔ باپ شدید بیمار تھا۔ انہیں

www.allurdu.com

شدت سے یہ احساس ندامت ہو رہا تھا کہ وہ اپنی ضد توڑ کر یہاں پہلے کیوں نہیں آئے۔

ممی بجائے ان کی کیفیت، ان کا غم، ان کا درد سمجھنے کے ان سے دور ہو گئیں۔ اپنے اور ان کے بیچ ایک اجنبیت قائم کر ڈالی۔

انہوں نے تو یہاں آنے سے قبل ہی ڈیڈی کی پندرہ روزہ غیر حاضری اور دوری پر یہ بدگمانی اور شک دل میں راسخ کر لیا تھا کہ ڈیڈی کو ان کے گھر والوں نے ممی کے خلاف کر دیا ہے۔ وہ اس گھر میں پہلی بار آئی تھیں، وہ اپنے سسر سے پہلی بار مل رہی تھیں مگر دل میں کینہ و نفرت لیے۔

اس کا نکاح تو ایک بالکل الگ واقعہ تھا اور اس واقعہ کی وجوہات آغا جان نے اسے آج بتائی تھیں، لیکن آج وہ سوچ رہی تھی کہ اگر وہ نکاح نہ ہوتا، صرف اپنا لاہور کا گھر چھوڑ کر پشاور آغا جان کے گھر مستقل رہائش اختیار کرنے کی بات ہی ڈیڈی نے کی ہوتی، ممی تب بھی یونہی ری ایکٹ کرتیں جیسے انہوں نے تب کیا تھا۔

اس گھر نے برسوں انہیں یہاں کی بڑی بہو کی حیثیت سے تسلیم نہ کیا تھا اور اب وہ اس گھر اور یہاں بسنے والوں کو معاف کرنے کو تیار نہ تھیں۔ یہ نہ سوچا کہ اس گھر نے ایسا تیئس برس پہلے کیا تھا۔ ڈیڈی ان تیئس برسوں میں پلٹ کر کبھی یہاں آئے ہی نہیں، اگر پلٹ کر آتے تو کیا پتا یہ گھر بانہیں کھول کر ان کا استقبال کرتا۔ ان کے نکاح کے لیے ہونے والا ممی اور ڈیڈی کا جھگڑا جس کے لیے اس نے ہمیشہ ممی کو مظلوم اور ڈیڈی کو ظالم سمجھا تھا۔ آج جب ڈیڈی کے نظریے سے سوچ رہی تھی، ان کے دل میں جھانک کر اور ان کی نگاہوں سے اس دن کو یاد کر رہی تھی تو احساس ہو رہا تھا جھگڑا ڈیڈی نہیں ممی کر رہی تھیں۔ وہ شوہر سے کس لہجے اور کس انداز میں مخاطب تھیں۔

"روحی بیٹا! سارے گلے، رنجشیں اور پچھلی ہر بات بھول جاؤ۔ تم میرے لیے میری بہو نہیں، بیٹی ہو۔" ممی کی آنکھوں میں موجود نفرت دیکھنے کے باوجود وہ کس طرح ان تین دنوں میں کئی بار ممی سے یہ جملے کہہ چکے تھے اور وہ نفرت بھری خاموشی لیے انہیں دیکھتی رہی تھیں۔

ڈیڈی کو بیوی کے اس تحقیر اور نفرت بھرے رویے سے کس قدر صدمہ پہنچا ہو گا، کتنا دکھ ہوا ہو گا۔ جس کی محبت میں انہوں نے باپ کی نافرمانی کر کے، ناراضی مول لے کر، اپنے بھائی، اپنے گھر اور اپنی ہر محبوب چیز کو چھوڑ ڈالا تھا، آج جب وہ اس سے یہ امید کرتے تھے کہ وہ ان کو سمجھتے، دکھ کی اس گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑی ہو گی تب وہ ان سے ناراض ان کے مقابل جا کھڑی ہوئی تھی۔

ممی نے صرف اسی پر اکتفا نہ کیا، لاہور واپس آ کر وہ اپنے بھائی کے گھر چلی گئیں۔

یہ اعلان تھا اس بات کا کہ وہ شوہر کے ساتھ پشاور اس کے باپ کے گھر نہیں جائیں گی، وہ اگر بیوی کو اپنے ساتھ رکھنا چاہتے ہیں تو اپنے جانے کا ارادہ ملتوی کر دیں۔ وہ اپنے نکاح پر ڈیڈی سے اتنی ناراض اور شاکی تھی کہ اسے ممی کا ہر رویہ درست نظر آتا تھا۔

ہمیشہ اتنی چاہتیں لٹانے والا باپ، بیٹی سے والہانہ محبت کرنے والا باپ اگر اپنی عادت و مزاج کے خلاف، ہمیشہ سے کچھ مختلف کر رہا تھا تو اس کے اسباب جاننے کی کوشش کیے بغیر اسے بھی باپ ظالم اور سخت گیر نظر آنے لگا تھا۔

شوہر کی زندگی کے آخری لمحوں میں اس کے پاس نہ ہونے کا الزام ممی بڑے اطمینان سے آغا جان پر ڈال کر اپنے اندر سر اٹھاتے احساس ندامت و پشیمانی کو چین دلا دیتی تھیں۔ مگر جو سچ تھا وہ سچ تھا۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی ساتھ گزار دینے کے باوجود شوہر کی زندگی کے آخری دنوں میں اسے سمجھا نہیں۔

تیئس سال تک جس شوہر نے انہیں محبت، عزت، وفا، سکھ اور چین سب کچھ دیا جب اسے ضرورت پڑی تب وہ اپنی وفا نبھانے اس کے ساتھ کھڑی نہ ہوئیں اور وہ خود اٹھارہ سال محبتیں، چاہتیں اور شفقتیں لٹانے والا وہ باپ کیا اس پر، اپنی بیٹی اتنا حق بھی نہیں رکھتا تھا کہ اگر کہیں اس کا رشتہ طے کرنا چاہتا تو کر دیتا۔

کیا وہ ایسی بیٹی نہ تھی جو سوچ سکتی میرا محبتیں لٹانے والا باپ کبھی میرے لیے کچھ غلط نہیں سوچ سکتا" اس کے اس فیصلے کا یقیناً" کوئی سبب ہے اور یقیناً" وہ اس میں میری بہتری دیکھ رہا ہے۔

وہ سنگ دلی اور ظلم کی حد تھی، اس نے اور ممی نے ڈیڈی کی موت کا ذمہ دار تک اس شخص کو قرار دے دیا تھا۔

جس روز اس کا باپ مرا تھا، جس روز ممی کا شوہر مرا تھا۔ اس روز اس شخص کا بیٹا بھی تو مرا تھا۔ وہ جو اس کا باپ تھا، اس کی ماں کا شوہر تھا، وہ اس شخص کا بیٹا بھی تو تھا۔ دکھ کہتے کس کو ہیں، کیا وہ جانتی ہے؟ اس کمزور و ناتواں بیمار انسان

www.allurdu.com

نے ایک نہیں اپنے دونوں بیٹے کھو دیے تھے' یکے بعد دیگرے' محض چند دنوں کے وقفے سے۔

بجائے اس کے کہ بیٹے باپ کے جنازے کو کندھا دیتے' اس بوڑھے باپ نے بیٹوں کے جنازوں کو کندھا دیا' انہیں اپنے ہاتھوں سے مٹی میں اتارا' اپنے ہاتھوں سے ان کی قبروں پر مٹی ڈالی۔

"آغا جان کی طبیعت کافی خراب ہے۔ آپ لوگ اگر کچھ دیر ٹھہر جاتے تو۔" وہ آغا جان کا کوئی قریبی رشتے دار تھا جو ڈیڈی کی تدفین کے فوراً بعد انہیں واپس لوٹتا دیکھ کر کہہ رہا تھا۔

وہ لوگ گیٹ کے پاس کھڑے تھے' ممی' تجمل ماموں اور وہ گیٹ سے نکل رہے تھے۔ ولی بھی اس رشتے دار کے ساتھ کھڑا تھا۔ آغا جان قبرستان سے آتے ہی اپنے کمرے میں چلے گئے تھے' کوئی کہہ رہا تھا شاید ان کی طبیعت بھی خراب ہو گئی ہے مگر اسے اور ممی کو ان کے صدمے سے کوئی لینا دینا نہیں تھا۔

"اس گھر میں ٹھہر جاؤں؟ دعا کرتی ہوں۔ اللہ مجھے اس منحوس گھر اور یہاں رہنے والوں کی شکلیں زندگی میں پھر کبھی نہ دکھائے۔" ممی' اس رشتے دار کو نفرت سے جواب دیتی تجمل ماموں اور اسے ساتھ لیے وہاں سے باہر نکل گئی تھیں۔

اپنی خود ساختہ نفرتوں سے نکل کر کبھی سوچا نہ تھا۔ آج سب یاد آ رہا تھا تو سوچ رہی تھی۔ آغا جان نے وہ پہاڑ سا غم سہار کس طرح ہو گا؟ ان کا دل تو غم سے پھٹ رہا ہو گا۔ پہلے ایک بیٹا' پھر دوسرا جو ملا بھی تئیس برسوں کی جدائی کے بعد تھا۔ مگر وہ بہادر اور صبر و ہمت کا پیکر اپنے غموں سے سمجھوتا کرتا' اپنی بیماری اور دکھوں کو بھلا کر چند ہی دنوں میں بیوہ بہو اور پوتی کے پاس آ پہنچا تھا۔

"خواہش تو میری یہی تھی کہ تم لوگ میرے ساتھ رہتے۔ لیکن بیٹا اگر تمہاری یہ مرضی نہیں تو ہم فارہ کا لاہور ہی میں داخلہ کروا دیتے ہیں۔" اور پھر یہاں سے سلسلہ شروع ہوا تھا اس شخص کی بے بہا محبتوں اور یہاں سے بے حساب نفرتوں کا۔

وہ تو آج بھی جب اسے اپنی زندگی ختم ہوتی نظر آ رہی ہے تب بھی بہت ڈرتے ڈرتے جب اپنی محبت کا اسے یقین دلانا چاہ رہا تھا تو اپنی بیماری کا ہرذکر دانستہ چھوڑ گیا تھا۔ اس پوتی کی ضد' اس کی ہٹ دھرمی' اس دل کے مریض کو موت کے منہ میں لے جا رہی ہے' وہ دو مہینے پہلے تیسری دل کے دورے کا شکار ہوا' پوتی کے ناروا رویے اس مرض کی شدتوں کو مسلسل بڑھا رہے ہیں۔ اس نے تو سے یہ شکوہ' یہ گلہ تک نہ کیا۔

یہ اس کی سچی محبت ہی تو تھی' جو پوتی کو ندامت میں نہیں چاہتی تھی۔ وہ تو اس کی ماں کا صریح ظلم' اس کی زیادتیاں اور اس کی غلطیاں بھی اسے۔ بہت ڈر ڈر کر بتا کہیں وہ ناراض نہ ہو جائے۔ وہ اسے اس کی ماں کے خلاف کرنے کی سازش کر رہے ہیں۔ کہیں یہ سوچ کر سے بدگمان نہ ہو جائے۔

اس کا میڈیکل کالج میں داخلہ کروا رہے ہیں' ان کے گھریلو اور دیگر تمام اخراجات اور اس کی تعلیم کا سارا خر اپنے ذمہ لے رہے ہیں تو وہ ان کا فرض ہے اور ان ماں کا حق ہے۔ ہاں بدلے میں اس شخص کے کوئی حقو نہیں' ان ماں بیٹی کے کوئی فرائض نہیں۔ محبت نہ کر وہ دونوں اس کی احسان مند ہی ہو جاتیں۔ ڈیڈی کے انتقا کے بعد وہ اور ممی کس مالی بحران میں آ جاتے اگر آغا جان ہوتے تو۔

اس کی میڈیکل کی مہنگی تعلیم تو ایک طرف رہی' گھر کے اخراجات تک کے لیے چند ہی ماہ کے اندر اسے اور کو کوئی ملازمت اختیار کرنا پڑتی۔ ذاتی گھر' گاڑی' تھوڑ بہت شیئرز جن کا Dividend آ جایا کرتا تھا' ممی کے زیورات اور بہت ہی قلیل بینک بیلنس پر مشتمل تھا ان کا کل اثاثہ' ڈیڈی کے انتقال کے وقت۔

آج اگر وہ ڈاکٹر فارہ بہروز خان کہلائی جاتی ہے تو کس کے سبب' کس کے طفیل۔ حق' حق' حق۔ بہت سنا یہ اس نے ممی سے' تجمل ماموں سے' معیز سے فرض' فرض' یہ لفظ کسی نے سکھایا نہیں تو اس نے سیکھ چاہا بھی نہیں۔

جس دادا کے پیسے پر وہ اور اس کا سارا کنبہ عیش کر رہا۔ وہ کبھی اس کی شکر گزار' احسان مند بھی نہ ہوئی۔ اس بوڑھے شخص نے آخر ایسا کیا گناہ کیا تھا کہ فارہ بہروز خان کے دل میں اس کی محبت نہ سہی ہمدردی اور احسان مندی بھی پیدا نہ ہو سکی۔

آخر وہ اس سے خفا کس بات پر تھی؟ اگر اپنے نکاح تھی تو وہ نکاح اس کے باپ نے کروایا تھا' وہ جا کر اپنے اس مرے ہوئے باپ سے لڑے۔

www.allurdu.com

یا پھر وہ اس کی محبتوں سے بیزار ہے' اس کی چاہتوں اور الفتوں سے نالاں و تنگ ہے؟

"فارہ! پڑھائی ٹھیک چل رہی ہے ناں بیٹا؟ کوئی مشکل تو نہیں۔ کسی چیز کی ضرورت تو نہیں؟"

"فارہ! یار! ممی سے ضد کر کے آجاؤ ناں زرمینہ کی شادی میں' انہیں بھی ضد کر کے زبردستی ساتھ لے آؤ۔ ہم سب یہاں مل کر خوب مزے کریں گے۔"

"میں دن گن گن کر گزار رہا ہوں' کب میری بیٹی کی پڑھائی ختم ہو اور وہ اپنے آغا جان کے پاس ہمیشہ کے لیے آجائے۔"

"جب تم میرے پاس یہاں آجاؤ گی ناں پھر تم اور میں ہم دونوں مل کر کوئی ایسی ترکیب سوچیں گے کہ روحی بھی یہاں ہمارے پاس ہی آکر رہنے لگے۔"

فارہ! عید پر تمہاری بہت یاد آئی بیٹا! ولی اور زرمینہ میرے پاس تھے مگر تم نہیں تھیں ناں' اس لیے ہر خوشی ادھوری تھی۔ میں نے رمضان میں بڑی شدت سے اللہ سے دعا مانگی ہے کہ اگلی عید اگر میرے نصیب میں ہے تو اس میں میرے تینوں جگر کے ٹکڑے میرے ساتھ ہوں۔"

"تمہاری دادی کے زیورات تو پرانے فیشن کے ہو گئے۔ اب ڈاکٹر صاحبہ تھوڑا ہی کوئی آؤٹ ڈیٹڈ چیزیں پہنیں گی۔ میں نے تمہارے لیے سب زیور بالکل نئے اور آج کل کے فیشن کے مطابق بنوائے ہیں۔"

"یعنی اب مجھے علاج کے لیے ادھر ادھر کہیں جانے کی ضرورت نہیں۔ ڈاکٹر فارہ بہروز خان اپنے آغا جان کا خود علاج کیا کریں گی اور وہ بھی بالکل مفت۔"

"کاش آج میرا بہروز زندہ ہوتا۔ اپنی بیٹی کو ڈاکٹر بنا دیکھ کر خوشی سے اس کے پاؤں ہی نہ ٹکتے زمین پر۔ فارہ تم نے اپنے ڈیڈی کا خواب پورا کر دیا بیٹا۔" سچے پیار اور والہانہ محبت سے مہکتے یہ جملے اس نے اپنے کانوں سے سنے تھے۔

خود احتسابی کی یہ رات آہستہ آہستہ بیت رہی تھی۔

رات کا یہ آخری پہر تھا' وہ گہری نیند سو رہے تھے اور وہ کئی گھنٹوں سے ٹکٹکی باندھے انہیں دیکھ رہی تھی۔ چار جنوری کی یہ ایک نہایت ہی سرد رات تھی۔ سی سی یو میں مکمل اور بھرپور ہیٹنگ ہونے کے سبب سردی کا کوئی اثر نہ تھا۔

وہ کرسی پر بغیر کسی کمبل کے صرف اپنی شال لپیٹ کر بیٹھی تھی اور ذرا سی بھی ٹھنڈ محسوس نہیں ہو رہی تھی۔ مگر سی سی یو سے باہر کوئی ہیٹنگ نہ تھی۔ اسے ولی کا خیال آیا۔ وہ اس ٹھنڈ میں یخ بستہ کوریڈور میں کسی بینچ پر بیٹھا ہو گا' وہ آہستگی سے بغیر کوئی آواز پیدا کیے اٹھی اور پردہ ہٹا کر آغا جان کے کیبن سے باہر نکل آئی۔

وہ پورا کوریڈور طے کر گئی ولی کی تلاش میں نظریں گھماتی رہی' یہ کوریڈور آگے دائیں اور بائیں میں مزید دو کوریڈورز میں جا کر کھلتا تھا۔

اس نے دائیں طرف دیکھا' وہاں دور دور تک سناٹے اور خاموشی کا راج تھا' بائیں طرف نظر ڈالی' جہاں وہ طویل کوریڈور ختم ہو رہا تھا' وہاں صرف ایک مدھم سا بلب روشن تھا اور بلب کی مدھم روشنی میں اسے ولی نظر آگیا تھا۔

کوریڈور کے اختتام پر جہاں جا کر مزید کوئی کمرے نہیں تھے اور محض ایک دیوار تھی' وہاں وہ دیوار کے سامنے جائے نماز بچھائے نماز پڑھ رہا تھا۔ وہ خاموشی سے بالکل دبے قدموں چلتی اس کے پاس آگئی۔ وہ سجدے میں تھا' جتنی دیر سے وہ اسے دیکھ رہی تھی' وہ سجدے ہی میں تھا۔ اتنا طویل سجدہ۔ وہ تو اس سے یہ کہنے آئی تھی کہ اب تم اندر چلے جاؤ' میں باہر بیٹھ جاتی ہوں' مگر وہ سجدے سے سر اٹھائے گا تو وہ اس سے یہ بات کہے گی۔

وہ وہیں اس دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر ولی سے چند انچ دور زمین پر بیٹھ گئی۔ سجدے میں جھکے اس کی پیٹھ ہلکے ہلکے ہل رہی تھی' اس کا پورا وجود ہولے ہولے لرز سا رہا تھا۔ وہ رو رہا تھا۔

اس طویل سجدے میں وہ روتا اللہ سے اپنے دادا کی زندگی کی بھیک مانگ رہا تھا۔

بے تحاشا امیر کبیر دادا کے لیے' دولت' جائیداد کی خاطر اپنا کیریئر' مزید اعلا تعلیم اور کامیابیاں چھوڑ آیا تو بہت احسان کیا۔ کسی غریب' بے آسرا و بے سہارا دادا کے لیے سب کچھ چھوڑ کر واپس آیا ہوتا تو بات بھی تھی۔ یہ سوچا کرتی تھی ناں وہ ولی صہیب خان کے بارے میں۔

خود اپنے گریبان میں کبھی جھانک کر دیکھا تھا۔ وہ تو غریب کیا امیر دادا کے پاس بھی ایک اگریمنٹ کر کے آئی تھی۔

جب وہ امیرزادا اس جیسی گستاخ' بدتمیز اور خود سر لڑکی پر

www.allurdu.com

مسلسل اپنا پیسہ لٹا رہا تھا تو ولی صہیب خان تو اس کا بہت فرماں بردار اور چاہتیں لٹانے والا پوتا تھا۔

وہ امریکہ شوق سے بیٹھا رہتا' اپنا کیریئر بناتا رہتا اور ساتھ ہی یہاں سے امیر دادا اسے اسی طرح پیسہ بھجواتا رہتا جیسے خود غرض اور بے حس فارہ بہروز خان کو بھجوایا کرتا تھا اور ولی صہیب خان' فارہ ہی کی طرح کوئی احسان تو نہیں میرا حق ہے کہہ کر اسے وصول کیے جاتا۔

کیا یہ ضروری تھا کہ صہیب خان کے بچے اس کی طرح فرماں بردار و سعادت مند ہوں گے اور بہروز خان کی اولاد اس جیسی ضدی و سرکش؟ رشتہ ایک ہی تھا مگر بہت فرق تھا فارہ بہروز خان اور ولی صہیب خان و زرمینہ عباد الرحمن میں دادا نے تینوں پوتے پوتیوں پر ایک ہی طرح چاہتیں نچھاور کی تھیں۔

تینوں کو ایک جتنا ہی چاہا تھا مگر وہ دونوں بھائی بہن اس کی طرح احسان فراموش و خود غرض نہ تھے۔

وہ دادا سے سچے دل سے محبت کرتے تھے' ایک پوتی انہیں موت کے منہ میں دھکیل رہی تھی اور وہ دونوں اسے موت کے منہ سے نکالنے کی سعی کرتے دن رات ایک کر کے اس کی تیمارداری کر رہے تھے۔

اپنا گھر' شادی شدہ زندگی کی ذمہ داریاں' شوہر' بچے' ان سب کے ساتھ زرمینہ عباد الرحمن اپنے دادا کے پاس صبح' شام' دن' رات رکی اس کی خدمت اس کی تیمارداری کر رہی تھی۔

نوکروں کی ایک فوج کے ہوتے اس کا پرہیزی کھانا اپنے ہاتھوں سے پکاتی تھی' اسے دوا خود دیتی تھی' کسی کو دکھانے یا متاثر کرنے کے لیے نہیں' اپنی محبت' اپنا فرض اور اپنی ذمہ داری سمجھ کر۔

جو فارہ بہروز خان سے صرف اس لیے نفرت کرتی تھی کہ وہ اس کے دادا کو دکھ پہنچا رہی تھی اور یہ ولی صہیب خان جس سے وہ نفرت کرتی ہے' جسے وہ جائیداد کا لالچی سمجھتی ہے' وہ اسے اس لیے طلاق نہیں دیتا کیونکہ وہ جائیداد میں بٹوارا نہیں چاہتا۔

اسے اپنے داخلہ فارم پر دستخط کرتے آغا جان کے کانپتے ہاتھ بھول گئے' وہ ہاتھوں کی کپکپاہٹ و لرزش کے سبب دستخط کتنی مشکلوں سے کر پائے تھے۔ داخلہ فارم میں ان دستخطوں کی اتنی چھان پھٹک نہ ہو گی مگر بینکوں و دیگر مالیاتی اداروں میں تو ہر بار ہو گا۔

اگر اس کے ساتھ جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈر خود نہیں بنے تھے' ولی کو بنایا تھا تو اس لیے کہ ان کے دستخط میں فرق آسکتا تھا اور لازما" آتا دیگر ہر جگہ بھی اس کے دستخط کو یقینا" کار آمد اس لیے بنوایا گیا تھا' قانونی حیثیت اسی لیے دلوائی گئی تھی کہ لکھتے اور دستخط کرتے ان کے ہاتھوں میں مسلسل لرزش و کپکپاہٹ رہا کرتی تھی۔

اسے کسی کی موجودگی کا احساس ہوا تھا یا یونہی اس نے سجدے سے سر اٹھایا تھا' وہ اسی طرح زمین پر دیوار سے ٹیک لگائے گھٹنے پر سر رکھ کر بیٹھی اسے ٹکٹکی باندھ کر دیکھ رہی تھی۔

فارہ نے دیکھا کہ اس کا پورا چہرہ آنسوؤں سے بھیگا ہوا تھا۔ دن بھر میں اس نے ایک بار بھی اسے حواس کھوتے نہ دیکھا تھا' اس کے چہرے پر ٹینشن و پریشانی کے آثار دو' تین بار ضرور نظر آئے تھے مگر وہ سارا وقت خود کو اور اپنے ساتھ موجود دوسرے افراد کو سنبھالے رہا تھا۔

اور اس وقت اللہ کے حضور سجدے میں سر رکھ کر زار و قطار روتا وہ ایک بہت مختلف انسان نظر آ رہا تھا۔ اس نے اپنے چہرے پر دونوں ہاتھ پھیرتے تمام آنسو صاف کیے اور آہستہ آواز میں اس سے پوچھا۔

"کیا ہوا؟"

"کچھ نہیں۔" نفی میں سر ہلاتی وہ وہیں بیٹھی رہی۔

"تمہیں بھوک لگ رہی ہے؟ کچھ کھاؤ گی؟" یہ سوال وہ اس سے رات بھی ایک بار پوچھ چکا تھا۔ اس نے پھر نفی میں سر ہلا دیا۔

اس کے وہاں بیٹھنے پر کوئی اعتراض کیے بغیر وہ دوبارہ نماز پڑھنے کھڑا ہو گیا۔ اسے عبادت میں مشغول دیکھ کر وہ واپس اندر آغا جان کے پاس آ گئی۔

زرمینہ اور عباد صبح سویرے آئے تھے۔ آغا جان کا ناشتہ ساتھ لے کر آغا جان جاگ چکے تھے مگر ان کی طبیعت ابھی بھی سنبھلی نہ تھی۔

انہوں نے بس لبوں کی جنبش سے ان لوگوں کے سلام کا جواب دیا اور پھر خاموشی سے اپنی بیمار آنکھوں سے ان چاروں کو دیکھتے" آنکھیں دوبارہ بند کر لی تھیں۔

"آغا جان کو ناشتہ زرمینہ کرا دے گی۔ تم لوگ اب گھر جاؤ۔" سی سی یو سے باہر نکل کر عباد' ولی سے بولا تو وہ سر اثبات میں ہلاتے فورا" اس سے بولا۔

"چلو فارہ۔"



CamScanner

www.allurdu.com

"لیکن ولی میں۔"

"آغا جان کو خدا حافظ کہہ آؤ۔ ہم اب دوپہر میں یہاں آئیں گے۔" وہ اس کا جملہ کاٹ کر قطعیت سے بولا۔

رات اس نے اس کی بات مان کر اسے یہاں رکنے دیا تھا۔ اب اس پر یہ اخلاقی پابندی تھی کہ وہ اس کی بات مان کر یہاں سے چلی جائے۔ ولی اس سے پہلے اندر جا کر آغا جان کو خدا حافظ کہہ آیا تھا۔ وہ اب سیڑھیوں کے پاس کھڑا اس کا انتظار کر رہا تھا۔ وہ اندر آئی۔

زرمینہ' آغا جان کا بیڈ سرہانے کی جگہ سے تھوڑا سا اونچا کر کے اپنے ہاتھ میں گلاس پکڑے آہستہ آہستہ' تھوڑا تھوڑا دودھ انہیں پلا رہی تھی۔

زرمینہ ان کے دائیں طرف بیٹھی تھی' وہ خاموشی سے بائیں طرف آئی۔ آغا جان کے لبوں پر اسے دیکھ کر ہلکی سی مسکراہٹ ابھری۔ اس نے جھک کر ان کی پیشانی کا بوسہ لیا اور بہت مسکرا کر' بشاش لہجے میں بولی۔

"میں ولی کے ساتھ گھر جا رہی ہوں۔ دوپہر میں آؤں گی۔ اب تب تک آپ کو اپنی طبیعت بالکل ٹھیک کر لینا ہے ورنہ میں آپ سے ناراض ہو جاؤں گی۔" انہوں نے سر اثبات میں ہلا کر آہستہ آواز میں اسے خدا حافظ کہا۔

راستہ پورا خاموشی سے کٹا تھا۔ راستے بھر ان دونوں نے آپس میں کوئی بات نہ کی تھی اور اب وہ گھر کے سامنے تھے۔ چوکیدار نے گیٹ کھول دیا تھا۔ ولی گاڑی اندر لا رہا تھا اور وہ اس عمارت پر نظریں مرکوز کیے ہوئی تھی۔

یہ اس کے ڈیڈی کا گھر تھا۔ اسے اس گھر کے در و دیوار سے کبھی محبت کیوں نہیں ہوئی؟ کیا وہ ڈیڈی کی بیٹی نہیں؟ جس جگہ کو وہ اتنا والہانہ چاہتے تھے کہ مرنے سے پہلے ان کی آخری خواہش یہاں واپس آنا تھی۔ ایک بیٹی نے اپنے باپ کی آخری خواہش کو پورا کرنے میں چھ سال لگا دیے۔

اور چھ سال بعد آئی بھی تو کس طرح؟ کیا باپ کا حکم ماننے اس کی خواہش پوری کرنے کی نیت سے؟ خود اپنے وجود سے شرمسار و نادم وہ گاڑی سے اتری' ولی اس سے پہلے گاڑی سے اتر چکا تھا۔

اس وقت ان کے گیٹ پر کوئی گاڑی آ کر رکی تھی۔ وہ اس گاڑی اور اس سے اترنے والے پر دھیان دیے بغیر اندر چلی گئی ہوتی اگر اس نے اپنا نام اور ایک جانی پہچانی آواز نہ سنی ہوتی۔

"مجھے فارہ سے ملنا ہے۔" چوکیدار سے یہ جملہ بولنے والے کا لہجہ غصے سے بھرا ہوا تھا۔ وہ وہیں ٹھہر گئی۔ ایک سیکنڈ سے بھی کم وقت میں اس نے معیز کو گیٹ سے داخل ہوتے دیکھا۔ وہ اسے یہاں دیکھ کر سیدھا یہیں آ گیا۔ اس کے چہرے پر غصہ اور اشتعال پھیلا ہوا تھا۔

"چلو گاڑی میں بیٹھو فوراً!" ولی کو مکمل نظر انداز کرتا وہ اس سے حکمیہ لہجے میں انتہائی غصے سے بولا۔

"کہاں جانا ہے معیز؟" وہ جواباً سکون سے بولی۔

"لاہور' ہم لاہور جا رہے ہیں۔ ابھی اور فوراً" میں اور تم۔ ہم دونوں۔ کافی ہے اتنی وضاحت۔" غصے کے ساتھ اس کے لہجے میں طنز بھی در آیا۔ وہ ایک ایک لفظ چبا چبا کر بولا۔

یہ ولی کا گھر تھا' اس کی راجدھانی' یہ اس کی سلطنت تھی اور وہ یہاں کا بے تاج بادشاہ' چاہتا تو پچھلے کئی حساب چکتا تا معیز کو اپنے چوکیدار سے دھکے دلوا کر اور بہت بے عزت کر کے اپنے گھر سے نکال سکتا تھا۔ مگر وہ چہرے پر کوئی تاثر لائے بغیر اور کچھ بھی کہے بغیر بالکل لاتعلق سا پورچ سے چلا گیا۔

فارہ نے دور لکڑی کا دروازہ کھلنے اور بند ہونے کی آواز سنی۔ وہ گھر کے اندرونی حصے میں جا چکا تھا۔

"میں آپ کو فون پر بھی بتا چکی ہوں معیز! میں یہاں سے کہیں نہیں جا رہی۔ ابھی آغا جان بہت بیمار ہیں' میں ان کے پاس یہاں ہوں اور بعد میں بھی اب کبھی لاہور وہاں مستقل رہنے کے ارادے سے ہرگز نہیں آؤں گی' کبھی آپ سب سے ملنے آ جاؤں' وہ الگ بات ہے۔" ولی کے اندر چلے جانے کی آوازوں کو پوری طرح محسوس کرتے وہ معیز سے' بہت پرسکون لہجے میں بولی۔

اس کے طنز اور غصے کا اثر قبول کیے بغیر۔

"فارہ! میں اپنے ہزاروں کام چھوڑ کر یہاں آیا ہوں۔ میرے پاس کسی بحث کا وقت نہیں ہے۔ تم ابھی اور اسی وقت فوراً" میرے ساتھ چل رہی ہو یا نہیں؟" وہ اس کے ضدی اور فیصلہ کن انداز پر جھنجلا کر پہلے سے زیادہ غصے سے بولا۔

"نہیں۔" اس کا یک لفظی جواب قطعی نوعیت کا تھا۔ وہ جتنے غصے میں تھا حیرت انگیز طور پر وہ اتنی ہی پرسکون۔

"فارہ! تم مجھے ناراض کر رہی ہو۔ تمہاری یہ فضول ضد اور غلط حرکتیں ہمارے رشتے پر بہت برا اثر ڈالیں گی۔" ان کے باہم رشتے کا حوالہ دیتا وہ کچھ نرم اور دھیما پڑا۔

www.allurdu.com

معیز! میں کچھ بھی غلط نہیں کر رہی۔ بلکہ مجھے لگتا ہے' میں زندگی میں پہلی بار کچھ صحیح کر رہی ہوں۔" یہ لفظ ادا کرتے اس نے اپنے اندر کل سے سر اٹھاتے احساس ندامت کو کچھ کم ہوتا پایا۔

معیز جو لمحہ بھر پہلے نرمی لیے انداز میں گویا ہوا تھا' اس کے اس جواب پر یک دم ہی پھٹ پڑا۔ وہ پہلے سے بھی زیادہ طیش اور غصے میں آگیا۔

"وہ الو کا پٹھا دادا کی بیماریوں کی داستانیں سنا کر تمہیں یہاں لے آیا اور تم چلی آئیں' بغیر کچھ سوچے سمجھے' بنا کسی سے مشورہ کیے۔ ان لوگوں کے ساتھ تمہارا خلع اور جائیداد میں اپنے حصے کا معاملہ کورٹ تک چلا گیا ہے' یہ سوچے بغیر اور اب جب تمہیں سمجھانے کی کوشش کی جا رہی ہے تو بجائے بات کو سمجھنے کے اپنی بے وقوفی پر ہٹ دھرمی سے جمی ہو۔ پہلے پھوپھو کو اپنی ضدی حرکتوں سے ناراض کر کے کینیڈا جانے پر مجبور کر دیا اور اب بجائے اپنی غلطی تسلیم کرنے کے مزید حماقتیں کرنے پر تلی بیٹھی ہو۔"

یہ اس کے غصے کی انتہا ہی تھی جو وہ اپنے جملوں میں ایک گالی کو بھی شامل کر گیا تھا ورنہ معیز جیسا کلچرڈ اور ریفائنڈ انسان کبھی گفتگو میں گھٹیا الفاظ کو شامل نہیں ہونے دیتا تھا۔

"میں نے صرف آپ کا پرپوزل قبول کیا تھا' ابھی ہمارا ایسا کوئی رشتہ نہیں جس کی بنیاد پر حق جتا کر آپ مجھے کچھ بھی کہہ سکیں۔ یہ میری ضد ہے' ہٹ دھرمی ہے' حماقت ہے یا بے وقوفی۔ میں کچھ غلط ہو جانے پر مدد مانگنے آپ کے پاس نہیں آؤں گی' آپ بے فکر رہیں۔

میں اپنی زندگی اور اپنے فیصلوں کی خود مالک اور خود ذمہ دار ہوں۔" وہ اپنا پُرسکون اور دھیما انداز ترک کر کے یک لخت ہی غصے میں آگئی۔

وہ غصے کی تیز تھی' اسے جلدی غصہ آجایا کرتا تھا مگر معیز کے ساتھ اس نے اس طرح پہلی بار بات کی تھی۔ اس کے چہرے پر نظریں جمائے وہ چند سیکنڈز بالکل خاموشی سے اسے دیکھتا رہا۔

"تو تم میرے ساتھ نہیں چل رہیں' یہ تمہارا آخری فیصلہ ہے؟" اس بار غصے سے نہیں اس نے سنجیدگی کے ساتھ کسی قدر دوٹوک انداز میں پوچھا۔

"میں آپ کے ساتھ نہیں چل رہی' یہ میرا آخری فیصلہ ہے۔"

"ٹھیک ہے اچھی بات ہے۔" یہ آخری الفاظ سکون سے کہتا وہ یک دم ہی واپس گھوما۔ وہ جہاں کھڑی تھی وہیں کھڑے رہ کر اسے جاتا دیکھتی رہی۔ وہ گیٹ سے نکل گیا' ایک سیکنڈ بعد اس نے باہر ایک گاڑی کے اسٹارٹ ہونے کی آواز سنی۔ گھر کے اندرونی رہائشی حصے کی طرف بڑھی۔

اندر آکر اس نے چاروں طرف نظریں گھمائیں۔ لاؤنج پورا خالی تھا ملازمین کی آوازیں بھی کچن یا کسی دوسرے کونے سے تو آرہی تھیں مگر یہاں کوئی نہیں تھا اور ولی کا تو یہاں نام و نشان تک نہ تھا۔ وہ توقع کر رہی تھی کہ وہ یہاں لاؤنج میں بیٹھا اس کا انتظار کر رہا ہوگا۔ اس نے معیز کو کچھ کہہ کر غالباً" چوکیدار اور آس پاس دیکھتے دوسرے ملازمین کے سامنے کوئی سین کری ایٹ نہیں کرنا چاہا مگر وہ اسے تو ضرور تنبیہہ کرے گا کہ آئندہ اس کا کوئی رشتہ دار خاص کر معیز تجمل یہاں ہرگز نہ آئے۔

وہ ولی سے بے شمار بار بدتمیزی کر چکی تھی' بہت بار اس کی سیدھی باتوں کے بھی الٹے جواب دے چکی تھی مگر آج وہ سوچے ہوئے تھی کہ بہت تہذیب اور شائستگی کے ساتھ وہ اسے معیز سے ہوئی ساری بات بتا دے گی۔

اس ساری بات سے وہ خود ہی سمجھ لے گا کہ اپنے کسی بھی رشتہ دار کی یہاں آمد میں فارہ کی کتنے فیصد مرضی شامل ہوتی ہے۔

اسے گل خان ایک کمرے سے نکلتا نظر آیا۔

یہ آغا جان کے بالکل برابر والا کمرہ تھا' یہ کمرہ ولی صاحب خان کا ہے وہ جانتی تھی۔

"ولی کیا اپنے کمرے میں ہے؟" اس کے سوال کا گل جان نے اثبات میں جواب دیا تھا۔ تو وہ اس سے کچھ بھی کہے یا پوچھے بغیر اپنے کمرے میں چلا گیا۔

"ولی پوچھے تو بتا دینا' میں اپنے پورشن میں ہوں۔" ایک سیکنڈ کے توقف کے بعد اس نے گل خان سے کہا اور پھر آغا جان کے کمرے میں آکر' وہی دوسرے کونے والا دروازہ کھول کر باہر نکل آئی۔

اس حصے تک جانے کا یقیناً" کوئی دوسرا باہر سے بھی راستہ ہوگا مگر فی الحال کوئی نئے راستے ڈھونڈنے اور سمجھنے کا اس کا دل نہیں چاہ رہا تھا۔ سفید گیٹ کی کنڈی کھول کر وہ اندر آگئی اور پھر لان عبور کر کے لاؤنج سے گزرتی اپنے کمرے تک جانا چاہتی تھی مگر قالین پر صوفے کے بالکل پاس اسے ایک کاغذ گرا نظر آیا۔

www.allurdu.com

وہ آگے آئی اور وہ نیچے گرا کاغذ اٹھا لیا۔ اس کاغذ کی پلاسٹک کوٹنگ ہوئی ہوئی تھی اور اس کو تہہ کر کے اتنا چھوٹا بنا لیا گیا تھا۔ جیسے ماچس کی ڈبیہ۔ تہہ کھولتے کھولتے اسے اچانک ہی یاد آ گیا کہ یہ کاغذ آغا جان کی جیب سے گرا تھا۔ اس وقت جب وہ ان کی جیب سے دوا نکال رہی تھی تو ساتھ کوئی کاغذ بھی گرا تھا۔

سوفٹ پلاسٹک کوٹنگ ہوئے اس کاغذ کی سب تہیں کھل چکی تھیں اور اب وہ کھلا ہوا پورا کا پورا اس کے سامنے تھا۔ اس سفید کاغذ کو دیکھ کر اگر اس کی آنکھیں آنسوؤں سے لبالب بھر گئی تھیں تو یہ کوئی تعجب کی بات نہ تھی۔ یہ اس کے باپ کی آخری تحریر تھی۔

ان کا استعفیٰ۔ باقی سب لفظ ٹائپ شدہ تھے مگر وہ دستخط تو ان کی اپنی لکھائی تھی۔ بے ساختہ اس نے ان حروف پر' اس دستخط پر اپنے لب رکھ دیے 'اسے والہانہ چوم لیا۔ اسے پتا ہی نہیں تھا' ڈیڈی کے انتقال پر ان کی میت ساتھ لے جانے آئے آغا جان اپنے ساتھ چپکے سے یہ غیر اہم سا کاغذ اٹھا لائے تھے۔

اس نے ڈیڈی کی میز پر تب وہ استعفیٰ رکھا دیکھا تھا مگر پھر اتنے بڑے غم اور ناقابل تلافی نقصان نے اسے اس کاغذ پر کبھی دھیان دلایا ہی نہیں تھا۔

اس نے وہ کاغذ اسی طرح واپس تہہ کیا اور اسے اٹھا کر اپنے کمرے میں آ گئی' یہاں سے واپس جاتے وہ اسے حفاظت سے آغا جان کے کمرے میں رکھ دے گی' یہ سوچتے ہوئے منہ ہاتھ دھو کر ابھی وہ بیڈ پر بیٹھی ہی تھی کہ اس کے کمرے کا دروازہ بجا۔

آنے والی لڑکی ریشم نام کی وہ دوسری ملازمہ تھی جو صدو کے ساتھ ہمہ وقت کچن میں مصروف نظر آیا کرتی تھی۔ اس کے ہاتھ میں کھانے پینے کی اشیاء سے بھری ایک ٹرے تھی۔ اس ٹرے میں موجود ڈشز صبح کے ناشتے اور دوپہر کے کھانے کا مجموعہ تھیں۔ وہ اپنے لیے کھانے' ناشتے چائے' پانی کسی چیز کا کہہ کر نہیں آئی تھی تو اگر یہ سب کچھ اس کے پاس لایا گیا تھا تو اسے لانے کا گھر کے کسی فرد ہی نے حکم دیا تھا اور وہ فرد کون تھا وہ اچھی طرح جانتی تھی۔

اس نے اسے ناشتے یا لنچ کے لیے بلوایا نہیں تھا بلکہ جہاں پر وہ تھی وہیں اس کا کھانا بھجوا دیا تھا۔ وہ اگر اسے ڈائننگ روم میں بلواتا تو وہ وہاں بھی بخوشی چلی جاتی مگر جب یہاں آغا جان موجود نہیں تھے جن کے سامنے سب اچھا ہے اور سب ٹھیک ہے کا تاثر دینا ہوتا تھا تو ضرورت کیا ان دو لوگوں کو ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانے کی جو ایک دوسرے کے ساتھ ہر رشتہ ختم کر دینے کا عہد کر چکے تھے۔

اس نے خاموشی سے ملازمہ کے ہاتھ سے ٹرے لی اور بیڈ پر سکون سے بیٹھ کر کھانا کھانے لگی۔

وہ آغا جان کے سامنے اپنا مرجھایا' زرد بہت زیادہ رو... اور بالکل کملایا ہوا چہرہ لے کر نہیں بلکہ بالکل فریش خوش باش اور ہنستا مسکراتا' صحت مند چہرہ لے کر جانا چاہتی تھی۔ خود کو پوری طرح کھانے کی طرف راغب کر کے اس نے پوری دل جمعی سے سب کچھ کھایا۔

تھرماس میں بھری چائے کے بھی دو کپ پی ڈالے۔ کھانے پینے سے فارغ ہو کر اب وہ موبائل اٹھا کر اپنی ممی کے موبائل نمبر ملا رہی تھی۔

"السلام علیکم ممی! کیسی ہیں آپ؟" جب لاہور اپنے گھر اکیلی رہ رہی تھی تب وہ اس کی کالز ریسیو نہ کرتی تھیں مگر اب جبکہ وہ ان کے دشمن کے پاس جا پہنچی تھی تب انہوں نے کال ریسیو کر ہی لی تھی۔

"کیوں فون کیا ہے تم نے مجھے؟" ان کا لہجہ بے حد... اور انداز دل دکھانے کی حد تک اجنبیت لیے ہوئے تھا۔

"ممی! آغا جان کو ہارٹ..."

"تمہارے آغا جان کو جو کچھ بھی ہوا ہے' تم ان کی ... چہیتی پوتی ان کی خدمت کے لیے پہنچ تو چکی ہو ان کے پاس۔ خوب دل لگا کر ان کی خدمت کرو اور اگر اب ... انہوں نے اپنے پوتے کے ساتھ تمہاری رخصتی نہیں کروائی تو ان کی عنقریب آئندہ بیس سالوں بعد ہونے والی موت کا سوچ کر فی الفور کروالو۔" ان کے لفظوں میں ... تھا' کرواہٹ تھی۔

اس کی نوک زبان پر کئی تلخ جواب آتے آتے رہ گئے۔ وہ لب بھینچ کر خاموش رہی کہ ماں کو جواب دینا اس کی سرشت میں نہ تھا۔ وہ تو انہیں وہ تمام جھوٹ بھی نہ جتا... جو انہوں نے اس سے ہمیشہ بولے تھے اور جو غلط بیانیاں ہمیشہ اس سے کی تھیں۔ وہ سب کچھ جان چکی ہے' انہیں جتا نہ پائی۔

اپنے اکاؤنٹ میں پیسہ ڈلوانے یا فارہ کے ساتھ جوائنٹ ہولڈر بننے سے آغا جان کو سخت اور دو ٹوک انکار کر... کے بعد انہوں نے اسے ہمیشہ یہی تاثر دیا تھا کہ یہ ... ہی نے کیا ہے' بہو کی حیثیت زیرو کر کے صرف پوتی...

www.allurdu.com

فوقیت دی ہے' آغا جان کو اس سے ملنے کے لیے آنے سے کئی شرائط عائد کر کے روک دینے کے بعد انہوں نے ہمیشہ الزام ان پر ہی دھرا تھا کہ خالی بے تحاشا پیسہ پھینک کر سمجھتے ہیں کہ پوتی کے فرض سے سبکدوش ہو گئے۔

"آج کے بعد مجھے کبھی فون مت کرنا۔ میں زندگی بھر نہ تمہاری شکل دیکھنا چاہتی ہوں اور نہ آواز سننا چاہتی ہوں' تمہیں جہاں جانا تھا۔ تم وہاں جا چکیں۔ میں تمہارے لیے اور تم میرے لیے مر چکیں۔ اس وقت جو فون پر مجھ سے بات کر رہی ہے' وہ میری بیٹی نہیں محمد بختیار خان کی پوتی ہے۔ تم میرے لیے مر چکی ہو فارہ!" نفرت بھرے لہجے میں اپنے جملے مکمل کر کے انہوں نے فوراً" رابطہ ختم کر دیا۔

"ایسے ہی کہہ دینے سے کوئی کسی کے لیے نہیں مر جاتا ممی!" خاموش موبائل ہاتھ میں لیے وہ آنسو پیتی آہستہ سے بولی۔

جب وہ آغا جان کی محبتوں سے انکاری ہوتی تھی تب انہیں کیسا لگتا ہو گا' وہ کتنے ہرٹ ہوتے ہوں گے۔ انہیں کتنی تکلیف' کتنا دکھ پہنچتا ہو گا۔

اگر آغا جان نے اپنے بیٹے کو ایک انجان اور غیر لڑکی کے لیے اپنے مقابل کھڑا ہوتا پا کر اسے گھر سے نکال دیا تھا تو آپ انہیں ظالم جابر اور سخت دل کیوں قرار دیتی ہیں۔

میں تو پھر اپنے دادا کے پاس آئی ہوں' وہ دادا جو برسوں سے مجھ پر محبتیں نچھاور کر رہا ہے' محبت کے ساتھ ساتھ جس کے مجھ پر بے شمار' بے حساب احسانات بھی ہیں' ڈیڈی تو باپ کی ستائیس برس کی محبت اور شفقت بھرے ساتھ پر چھبیس یا ستائیس ماہ سے بھی کم کے ایک لڑکی کے ساتھ کو فوقیت دے گئے تھے۔

اگر آپ اپنی بیٹی سے اپنی غلط اور ناجائز بات پر بھی فرماں برداری اور سعادت مندی کی توقع رکھتی ہیں تو آغا جان بھی تو بیٹے سے آپ ہی جیسی اپنی توقعات رکھ سکتے تھے اور ان کے نہ پورا ہونے پر آپ ہی کی طرح اس سے قطع تعلقی کا اعلان کر سکتے تھے۔

وہ اس کی بات سنے بغیر کب کا رابطہ منقطع کر چکی تھیں اور وہ ہنوز اسی طرح فون کان سے لگائے بیٹھی تھی۔

ریشم کھانے کی ٹرے واپس لینے آئی تو اس نے اس سے کہا کہ وہ اس کے ساتھ اس کا سامان یہاں رکھوا لے۔ ڈیڈی کا جو کمرا سے یہاں استعمال کے لیے ملا تھا' وہاں سے اس کے دو بیگز اور ایک سوٹ کیس پر مشتمل سامان جو ابھی تک جوں کا توں بیگز اور سوٹ کیس ہی میں تھا' وہ اس نے ریشم کے ساتھ مل کر اپنے اس بیڈ روم کی وارڈ روب میں بالکل صحیح سے سیٹ کر لیا۔

رات میں وہ شاید یہاں اکیلے نہ سو سکے کہ یہ حصہ باقی گھر سے ذرا ہٹ کر ہے' مگر اب سے دن میں وہ اس جگہ کو استعمال کرے گی اور اس کا سارا سامان بھی وہیں رہے گا۔ نہا کر لباس تبدیل کرنے کے بعد وہ وہاں سے نکل کر آغا جان کے کمرے اور وہاں سے لاؤنج میں آ گئی۔

بلیو جینز اور وائٹ کاٹن کی شرٹ پہنے ولی وہاں بیٹھا کسی سے فون پر بات کر رہا تھا۔ اس کی جیکٹ بھی صوفے پر پاس ہی پڑی ہوئی تھی۔ وہ لباس تبدیل کر چکا تھا اور اس کے بیٹھنے کے انداز سے لگ رہا تھا کہ وہ جانے کے لیے بالکل تیار ہے۔

پتا نہیں وہ کس سے بات کر رہا تھا اور اسے یہاں بیٹھنا چاہیے تھا یا نہیں یہی سوچتے وہ لاؤنج سے نکل کر باہر گارڈن میں آ گئی۔

"چلو۔" وہ دس منٹ بعد باہر آیا اور اسے آنے کا کہتے سیدھا پورچ کی طرف چلا گیا۔

تمام راستہ اس نے اس انتظار میں گزارا کہ اب وہ معیز کی آمد پر کچھ کہے گا۔ کوئی تنبیہہ' کوئی غصہ' کوئی حکم' کوئی سرزنش مگر وہاں تو بس اک گہری خاموشی اور سنجیدگی کے سوا کچھ بھی نہ تھا۔

عباد کی ممی عائشہ آنٹی آغا جان کی عیادت کے لیے آئی تھیں اور ان کے بعد بھی آغا جان کے کئی رشتے دار' دوست' میل ملاقاتی ان کی عیادت کے لیے آتے رہے تھے۔ مغرب کے وقت اسے آغا جان کے پاس فرصت سے ایسے بیٹھنے کا موقع مل سکا جب ان دونوں کے علاوہ وہاں اور کوئی نہیں تھا۔

ولی اور عباد نماز کے لیے گئے ہوئے تھے اور زرمینہ آغا جان کے ابھی کچھ دیر قبل ہوئے ای سی جی اور خون کے کچھ ٹیسٹوں کی رپورٹس یہیں کے کسی سینئر کارڈیالوجسٹ سے ڈسکس کرنے گئی ہوئی تھی۔

وزٹنگ آورز ختم ہوئے تھے تو ملنے جلنے اور آنے جانے والوں کا رش ختم ہوا تھا۔

"جوس پئیں گے آغا جان؟" اس نے ان سے پوچھا۔ انہیں بہت ہلکی غذا دی جا رہی تھی اور وہ بھی پیٹ بھر کر نہیں۔ پیٹ بھر کر کھانے یا پینے سے دل کا کام بڑھ جاتا تھا'

www.allurdu.com

اور پھر ان کی طبیعت میں بے چینی اور خرابی پیدا ہونے لگتی تھی۔ اسی لیے انہیں دن میں وقفے وقفے سے کئی بار تھوڑی تھوڑی سی ہلکی خوراک دی جا رہی تھی۔ انہوں نے سرہانے میں ہلایا تو وہ گلاس میں جوس نکال کر ان کے پاس آگئی۔ ان کا سرہانا اونچا کر کے وہ انہیں آہستہ آہستہ جوس پلا رہی تھی' ان میں فی الحال اٹھ کر بیٹھنے یا گلاس اپنے ہاتھ میں پکڑ لینے کی قوت بالکل نہیں تھی۔ اس کے ہاتھ سے جوس لیتے وہ اسے مسلسل دیکھ بھی رہے تھے۔ کل کے مقابلے میں آج ان کی طبیعت بہتر کہی جا سکتی تھی۔

وہ کل پورا دن' کل پوری رات کن کیفیات سے گزری ہے' وہ انہیں کچھ بھی بتانا نہیں چاہتی تھی' مگر ایک بات تھی جو وہ ان سے کہنا چاہتی تھی' جو کہنے کے لیے وہ کل سے بے قرار تھی۔

"کل آپ نے اتنا کچھ کہا اور میرا جواب سننے سے پہلے طبیعت خراب کر لی۔" چند گھونٹ جوس پینے کے بعد انہوں نے گردن سے بس کا اشارہ کیا تو وہ گلاس سائڈ میں رکھ کر نیپکن سے ان کے لبوں اور داڑھی پر گرے جوس کے چند قطرے صاف کرتے ہوئے بولی۔

"میں بھی آپ سے بہت محبت کرتی ہوں آغا جان! بس یہ ہوتا ہے ناں کہ کوئی محبت ہمیں بہت وافر مل رہی ہوتی ہے' ہم یہ سوچ کر کہ یہ تو ہمیں ہمیشہ سے مل رہی ہے اور ہمیشہ ہی ملتی بھی رہے گی' اس سے کچھ بے نیاز سے ہو جاتے ہیں' اسے اپنا حق جو سمجھ رہے ہوتے ہیں۔"

اسے For granted جو لے رہے ہوتے ہیں۔ لیکن کل جب آپ کی طبیعت خراب ہوئی' آپ کو کھو دینے کا خوف میرے اندر پیدا ہوا' یہ احساس جاگا کہ یہ محبت مجھ سے چھن بھی سکتی ہے تو مجھے پتا چلا' میں آپ سے کتنی شدید محبت کرتی ہوں۔ میں آپ کو کھونے کا تصور بھی نہیں کر سکتی آغا جان!

آپ کو میرے لیے ٹھیک ہونا ہے' آپ کو میرے لیے زندہ رہنا ہے آغا جان! کیا یہ صرف ولی اور زرمینہ کا حق ہے کہ وہ آپ کے ساتھ رہیں؟ میں آپ کے ساتھ' آپ کے پاس رہنا چاہتی ہوں آغا جان! میں اب آپ کو چھوڑ کر کہیں نہیں جاؤں گی۔ میں زندگی بھر آپ کے ساتھ رہوں گی' آپ نے میرے اور ممی کے لیے جو پورشن بنوایا ہے ناں آغا جان! میں بھی اب اس میں رہوں گی اور ممی کو بھی ایک نہ ایک دن ضرور وہاں لے آؤں گی۔

یہ میرا آپ سے وعدہ ہے آغا جان! اس کی آنکھوں سے آنسوؤں کے چند قطرے ٹپک کر ان کے رخسار پر گرے تھے۔

وہ دل کے مریض ہیں اور اسے انہیں ٹینشن نہیں دینی چاہیے' اسے ان کے سامنے رونا نہیں چاہیے۔ وہ یہ جانتی تھی مگر وہ یہ بھی جانتی تھی کہ کوئی دوا اور کوئی علاج انہیں اتنی جلدی ٹھیک نہیں کر سکتا جتنا اس کا محبت کا اظہار۔

وہ بستر پر سخت بیمار پڑے اس انسان سے جو اس کا دادا ہے' والہانہ پیار کرتی ہے' بے تحاشا محبت کرتی ہے اور یہ بالکل سچ تھا۔

یہ فارہ بہروز خان کی زندگی کا سب سے بڑا سچ تھا کہ وہ بختیار خان سے اپنے دل کی تمام تر شدتوں کے ساتھ محبت کرتی تھی۔ پتا نہیں کب سے۔

☼ ☼ ☼

"زرمینہ! اس میں تھوڑا سا سوپ اور ڈال کر دو۔" وہ آغا جان کو سوپ پلا رہی تھی۔

اس نے پیالے میں تھوڑا سا سوپ ڈالا تھا کہ اگر انہیں اچھا لگا اور مزید پینے کی رغبت پیدا ہوئی تو اور ڈال لائے گی۔ زرمینہ باتھ روم سے وضو کر کے نکلی تھی کہنیوں تک اوپر چڑھی آستینیں نیچے کرتے اس نے حیرت اور اچنبھے سے اسے دیکھا۔

اس کا حیرت سے دیکھنا اپنی جگہ درست تھا' وہ اس سے اتنے معمول کے نارمل سے انداز میں مخاطب ہوئی جیسے روزمرہ کی یہ بات چیت ان کے درمیان رہا کرتی تھی۔

مگر پھر فوراً ہی اپنے چہرے سے حیرت بھرے تاثرات ہٹاتی وہ نارمل سے انداز میں چلتی آغا جان کے بیڈ کے پاس آئی اور فارہ کے ہاتھ سے سوپ کا پیالہ لے لیا۔

آغا جان کے پاس اس وقت وہ دونوں تھیں اور یہ دونوں کے درمیان پہلی باضابطہ بات تھی جو فارہ نے کی تھی۔ وگرنہ اس سے قبل صبح سے وہ دونوں سارا وقت آغا جان کے ساتھ ہونے کے باوجود آپس میں ایک لفظ نہیں بولی تھیں۔

وہ کل رات بھی پرسوں ہی کی طرح آغا جان کے

www.allurdu.com

تھی مگر انہوں نے اسے اور زرمینہ دونوں کو گھر جانے کا حکم دیتے صرف ولی کو اپنے پاس رکنے دیا تھا۔ صبح دس بجے وہ آئی تھیں تو آغا جان نے ولی کو گھر بھیج دیا تھا۔

دوپہر بارہ بجے آغا جان کے کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر محمد نثار علی خان ان کا معائنہ کرنے آئے تو ان کی طبیعت میں بہتری پا کر انہیں پرائیویٹ روم میں شفٹ کر دیا تھا۔

زرمینہ' ولی کو موبائل پر "فوراً" یہ سنا کر جلدی جلدی پرائیویٹ روم میں شفٹ ہونے کے لیے آغا جان کا سارا سامان سمیٹنے لگی تھی۔ اس سمیٹا سمائی میں پوری دل جمعی سے فارہ نے زرمینہ کی مدد کروائی تھی بغیر آپس میں کوئی بات کیے اور پھر آغا جان کو ہسپتال کے عملے کی مدد سے وہ پرائیویٹ روم میں لے آئی تھیں۔

ولی دوپہر دو بجے ان دونوں کا کھانا ساتھ لے کر آیا تھا۔ آغا جان کے بیڈ کے پاس سامنے وہی کھڑی تھی' اس لیے اس نے وہ بڑا سا پلاسٹک بیگ اس کے ہاتھ میں پکڑا دیا۔

"کھانا ہے تم دونوں کا۔" اسے وہ سازو سامان پکڑا کر وہ "فوراً" ہی آغا جان کی طرف جھکا۔ ان کے بیڈ کے کنارے پر ٹک کر نجانے وہ سرگوشیوں میں ان سے کیا راز و نیاز کرنے لگا تھا۔

زرمینہ ابھی نماز پڑھ کر فارغ نہیں ہوئی تھی۔ اس نے آغا جان کی صحت یابی کے لیے نجانے کون کون سے وظائف شروع کر رکھے تھے۔ اس لیے اس کی ہر نماز بے حد طویل ہوتی تھی۔

کسی ٹرے کی عدم دستیابی کے سبب اس نے صوفے پر ایک اخبار بچھایا اور سارے ڈبے اور ہاٹ پاٹ وغیرہ کھول کھول کر اس پر رکھ لیے' پلیٹیں' چمچے' گلاس اور پانی کی بوتل بھی ساتھ سجالی۔

"آجاؤ زرمینہ! کھانا ٹھنڈا ہو رہا ہے۔"

اس لڑکی نے پرسوں سفاک لہجے میں اسے کیا کیا کہا تھا۔ اپنی بہت جلد غصے میں آنے اور بھڑک جانے والی عادت کے برخلاف' وہ سب بھلائے بہت نارمل اور دوستانہ سے انداز میں اس سے بولی۔

جائے نماز تہہ کرتی زرمینہ نے ایک پل کو تعجب سے اسے دیکھا' پھر سر اثبات میں ہلاتی صوفے پر آ گئی۔ وہ دونوں ساتھ بیٹھ کر کھانا کھا رہی تھیں اور ولی کی باتیں سنتے آغا جان بڑی محویت سے ان دونوں کو دیکھ رہے تھے۔

وہ اندازہ لگا سکتی تھی کہ انہیں یہ منظر بہت اچھا لگ رہا ہے۔ ان کے تینوں پوتی پوتا ان کے پاس ہیں اور آپس میں بہت خوشگوار و دوستانہ ماحول بھی استوار کر چکے ہیں۔

آغا جان کی یہ کیفیت جب وہ سمجھ سکتی تھی جو ہمیشہ ان سے بہت دور رہی تھی تو ولی اور زرمینہ' جو پل کر بڑے ہی ان کے پاس ہوئے تھے کیونکر نہ سمجھ پاتے۔ غالباً" یہی وجہ تھی جو زرمینہ چند لقمے لینے کے بجائے اطمینان سے کھانا کھانے لگی تھی۔

"یہ فرائڈ رائس باقی کے تم لے لو۔ میں صرف یہ چکن جلفریزی اور لوں گی۔"

وہ دونوں جیسے بچپن کی بچھڑی سکھیاں تھیں جنہیں ایک دوسرے کی پسند ناپسند سب ازبر تھی' کم از کم اس کے بولنے کا انداز تو ایسا ہی تھا۔

جبکہ سچ تو یہ تھا کہ ابھی ابھی ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے اسے یہ پتا چلا تھا کہ زرمینہ چاولوں کو روٹی یا کسی بھی دوسری چیز کے مقابلے میں زیادہ پسند کرتی ہے۔ وہ باقی سب ڈشز کو چھوڑ کر صرف چاولوں پر تھوڑی سی جلفریزی اور سلاد ڈال کر کھانا کھانے میں مگن تھی۔

ولی نے گردن گھما کر بس ایک ہی بار ان دونوں کو کھانا کھاتے دیکھا تھا اس کے بعد وہ پھر آغا جان کے ساتھ کانا پھوسی میں مصروف ہو گیا تھا۔

پیٹ بھر کر کھانا کھا لینے کے سبب کھانے کے بعد کچھ وقت ان دونوں کا اونگھتے گزرا تھا۔ عصر کے وقت عباد کی آمد ہوئی تھی اور پھر اس کے کچھ دیر بعد وزیٹنگ آورز شروع ہو جانے کے سبب رشتے داروں اور دوست احباب کی آمد و رفت کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔

ہر رشتے دار کو بیماری کی پوری تفصیل جاننا تھی اور وہ بھی آغا جان کی زبانی۔ مشرقی رکھ رکھاؤ' وضع داری اور آپس میں ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں کام آنے والی ہماری تمام روایات جتنی بھی اچھی ہوں کم از کم عیادت اور تعزیت کا ہمارا طریقہ کار انتہائی نامناسب' تکلیف دہ بلکہ غیر اخلاقی ہوتا ہے۔

یہ بلا مبالغہ آغا جان کی ساتویں یا آٹھویں رشتہ دار خاتون تھیں جنہیں وہ پرسوں صبح اپنے نہانے سے لے کر ہسپتال پہنچنے تک کی ساری روئیداد مفصل سنا رہے تھے۔

یہ خاتون باقی تمام رشتے داروں سے بھی بڑھ کر ثابت ہو رہی تھیں۔ باقی سب نے تو صرف پرسوں آغا جان کی

CS CamScanner

www.allurdu.com

طبیعت خراب ہونے کا تمام احوال سن کر جان بخشی کر دی تھی' یہاں تو اور بہت طویل گفتگو اور عوامی مشوروں کا ان کی زبانی بھی سامنا تھا۔

"آپ صبح صبح نہائے ہی تو غلط۔"

پھر دواؤں سے متعلق سنے سنائے مشورے' مشہور مشہور کارڈیالوجسٹ کے نام ایسے روانی سے لیے جا رہے تھے گویا وہ بچپن میں ان کے ساتھ کھیلتی آئی ہوں۔ ڈاکٹر نثار کی پروفیشنل مہارت پر شک' کارڈیالوجسٹ بدلنے کا مشورہ' جو دوائیں دی جا رہی تھیں ان پر اعتراض۔

"خون پتلا کرنے والی یہ دوا تو بالکل غلط دی جا رہی ہے اور بلڈ پریشر کے لیے یہ دوا؟ اس کے تو سائیڈ افیکٹس اتنے خطرناک ہیں۔"

وہ اپنے چھ یا سات دوستوں اور رشتے داروں کی بیماریوں اور اموات کے قصے مفصل سناتی یقیناً" آغا جان کو کوئی خوشی تو ہرگز نہیں پہنچا رہی تھیں۔" ان سب میں سے کوئی کچھ کہہ کیوں نہیں رہا۔" وہ بری طرح جھنجلائی۔

ولی بے حد ناپسندیدگی و ناگواری سے انہیں دیکھ ضرور رہا تھا مگر غالباً" براہ راست کچھ کہتے یا ٹوکتے رواداری آڑے آ رہی تھی۔ عباد تو تھا ہی بامروت انسان لیکن اسے زرمینہ جیسی منہ پھٹ اور صاف گو لڑکی سے اس بزدلی کی ہرگز توقع نہ تھی۔

زرمینہ چہرے پر جھنجلاہٹ اور ناراضی لیے ان خاتون کو دیکھ رہی تھی مگر تھی بالکل خاموش۔

"اچھا بائیں ہاتھ میں رات سے درد تھا۔ اوہو۔ یہی غلطی کی ناں آپ نے اگر آپ رات ہی۔" اس کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا۔ وہ یک دم ہی صوفے پر سے اٹھ کر آغا جان کے بیڈ کے پاس آ گئی۔

"آغا جان! اب آپ کی دوا اور سونے کا ٹائم ہو رہا ہے۔ باقی باتیں پھر کبھی کر لیجئے گا۔" وہ بظاہر نرم و شیریں لہجے میں بولی۔

"ارے ہاں دیکھو۔ مجھے خیال ہی نہیں رہا۔ بیٹھے بیٹھے اتنی دیر ہو گئی۔" وہ خاتون ایک ناگوار نگاہ اس پر ڈال کر فوراً" کھڑی ہو گئیں۔

اور پھر آغا جان کو خدا حافظ کہتی دو' تین منٹ کے اندر ہی چلی گئیں۔ آغا جان نے متفکر نگاہوں سے اپنی ان رشتہ دار خاتون اور پھر بدتمیز و منہ پھٹ پوتی کو دیکھا۔ وہ آغا جان کی نگاہوں کا نوٹس لیے بغیر سکون سے واپس صوفے پر آ کر بیٹھ گئی۔

ولی نے اپنے چہرے کو ہر طرح کے تاثرات سے عاری کر رکھا تھا' وہ خوش ہوا ہے یا ناخوش۔ وہ جان نہیں سکتی تھی' زرمینہ حیرت سے گنگ اسے دیکھ رہی تھی شاید اسے یقین نہیں آ رہا تھا کہ اس کی سی صفات کسی اور میں بھی پائی جا سکتی تھی جبکہ عباد چہرے پر محظوظ سی مسکراہٹ لیے اسے دیکھ رہا تھا۔

"میں سمجھتا تھا یہ خوبیاں صرف میری بیگم میں پائی جاتی ہیں۔"

"آغا جان کہتے ہیں۔ یہ ہماری خاندانی اور موروثی خوبیاں ہیں۔ ان میں نہ ہمارا کمال ہے نہ قصور۔" عباد کی شوخی کا اس نے بے ساختہ اور برجستہ جواب دیا تھا۔

اس جواب پر عباد کے ساتھ آغا جان بھی بے اختیار کھل کر ہنس پڑے تھے۔ جبکہ زرمینہ نے اسے گھور کر دیکھا تھا۔

وہ اپنے میاں' بھائی اور دادا سب سے اپنے لیے منہ پھٹ اور بدلحاظ اور بدتمیز کے القاب سنا کرتی تھی مگر ان صفات پر اس نے یوں گردن اکڑا کر فخر کا اظہار کبھی نہ کیا تھا جیسے فارہ کر رہی تھی۔

✡ ✡ ✡

آغا جان کو ساتویں دن ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا تھا۔ کل دوپہر وہ ہاسپٹل سے گھر آئے تھے اور پھر ان کی عیادت کے لیے آنے والوں کا جو تانتا بندھا تھا تو ان سب میں سے کسی کو بھی رات گئے تک ایک لمحہ بھی فرصت کا نہیں ملا تھا۔

صبح وہ اپنے معمول کے وقت پر بیدار ہو گئی تھی۔ آغا جان کو جاگے دیکھا تو وہ ان کے لیے ناشتہ بنانے کچن میں آ گئی۔ وہ دلیہ چھان کر' چولہے پر چڑھا کر فارغ ہوئی ہی تھی کہ زرمینہ کچن میں آئی۔

"آؤ زرمینہ' چائے پیو گی؟" اس کے ہاتھ میں چائے کا کپ تھا اور وہ خوش اخلاقی سے اسے بھی چائے آفر کر رہی تھی۔

"نہیں' میرا کافی کا موڈ ہے۔ ناشتے میں ساتھ کافی لوں گی۔" وہ فارہ کو جواب دیتی اس کے پاس ہی آ گئی۔

"دلیہ چڑھایا ہے میں نے آغا جان کے لیے۔ جب تک ولی ان کا منہ ہاتھ دھلوا کر لباس تبدیل کروائے گا' یہ تیار ہو

www.allurdu.com

جائے گا۔" زرمینہ کو ککنگ رینج کی طرف دیکھتا پاکر اس نے بتایا۔

سر اثبات میں ہلاتے وہ خاموشی سے اسے دیکھنے لگی۔ اس کی مسلسل خود پر مرکوز نگاہوں سے حیران ہوتے اس نے استفہامیہ انداز میں اسے دیکھا۔

"فارہ! میں نے اس روز تمہارے ساتھ بہت مس بی ہیو کیا تھا۔ میں تم سے اپنی اس دن کی تمام باتوں کے لیے معذرت کرنا چاہتی ہوں۔"

"معذرت؟ لیکن مجھے تو تمہاری کوئی بات بری ہی نہیں لگی۔ ہم غصہ اسی کو دکھاتے ہیں جس پر اپنا حق سمجھتے ہیں۔" وہ اس کے ہاتھ تھام کر رسانیت سے بولی۔

"وہ غصہ نہیں بدتمیزی اور بہت دل دکھانے والی باتیں تھیں فارہ! یقین کرو مجھے اپنی باتوں پر تب ہی بہت افسوس ہوا تھا۔ عباد سے بھی مجھے اس رات گھر آکر بہت ڈانٹ پڑی تھی۔ وہ کہہ رہے تھے "تم نے اس کی حالت دیکھی نہیں تھی، وہ کتنی پریشان تھی اور پھر تم نے اس سے وہ سب بکواس کی تھی۔ یقین کرو بقول تمہارے ہماری خاندانی اور موروثی عادتوں کے باوجود میں حقیقت میں اتنی بدتمیز نہیں۔ دراصل مجھے تم پر بہت غصہ تھا اور جس پر مجھے غصہ آرہا ہو میں اس سے میٹھی بن بن کر منافقت نہیں دکھا سکتی۔" زرمینہ کی حد درجہ سنجیدگی کے باوجود اسے بے ساختہ ہنسی آگئی تھی۔

اپنی خاندانی و موروثی بدتمیزی پر فخر میں وہ بھی اس کی طرح مبتلا تھی۔ اسے ہنستا دیکھ کر وہ بھی ہنس پڑی۔

"میں پہلے تمہیں بہت غلط نہیں سمجھتی تھی۔ بہروز پاپا کے انتقال کے بعد تمہارے رویوں کے لیے میں تمہیں کہیں نہ کہیں رعایت بھی دے دیا کرتی تھی۔ مجھے لگتا تھا اتنے برسوں کی غلط فہمیاں ہیں تمہیں اور روحی تائی کو کچھ عرصہ تو لگے گا آغا جان کے خلوص کو سمجھنے میں مگر جب تمہارا ایم بی بی ایس فائنل ایئر کا رزلٹ آیا اور تم نے اپنے رزلٹ کی اطلاع آغا جان کو نہیں دی تب مجھے تم پر پہلی بار بہت شدید غصہ آیا تھا۔

وہ تمہارا رزلٹ آنے سے پہلے اتنے پُرجوش تھے۔ "میری فاری کا رزلٹ آنے والا ہے، میری پوتی ڈاکٹر بننے والی ہے۔" وہ اپنے ہر ملنے والے سے ذکر کیا کرتے تھے۔ وہ شرارت سے مجھے چھیڑتے تھے کہ تم پیچھے رہ گئیں فارہ تم سے پہلے ڈاکٹر بن گئی۔ لیکن جب تم نے انہیں اپنے رزلٹ سے آگاہ نہیں کیا بلکہ انہوں نے خود ہی تم سے فون کر کے تمہارے رزلٹ کے متعلق پوچھا اور یہ پتا چلا کہ رزلٹ آئے بھی بیس، پچیس دن ہو چکے ہیں تب ان کے چہرے پر بکھرتا رنج اور اداسی دیکھ کر مجھے تم بہت بری لگی تھیں۔

وہ تمہارے اس رویے سے ہرٹ ہوئے تھے۔ میں آغا جان سے اس روز بہت لڑی بھی تھی کہ وہ ایک بے حس لڑکی پر کیوں اپنی محبتیں برباد کر رہے ہیں اور انہوں نے مجھ سے کہا تھا "زرمینہ! فارہ مجھ سے محبت کرتی ہے۔ میں نے اس کی آنکھوں میں اپنی محبت دیکھی ہے۔ بس صرف اپنی زبان سے اس کا اقرار نہیں کرتی۔ بہروز کی بیٹی ہے ناں اس کی طرح تھوڑی سی ضدی۔"

مجھ سے بہت پُریقین لہجے میں یہ سب کہہ کر جب وہ تمہارے پاس ہونے کی خوشی میں بہت شوق سے تمہارے لیے تحائف لے کر تمہارے پاس لاہور گئے تو۔ تو وہاں اس روز جو کچھ ہوا اور گھر واپس آنے کے بعد جو درد اور غم میں ڈوبا وجود میں نے آغا جان کا دیکھا تو اس کے بعد مجھے تم پر پہلے سے بھی زیادہ شدید غصہ آیا اور تم بہت بری لگیں۔

پھر ابھی دو، ڈھائی مہینے پہلے جب انہوں نے سی سی یو سے تمہیں فون کیا تھا۔ میں اور لالہ اس وقت ان کے پاس تھے۔ ان کی طبیعت اب تو بہت بہتر ہے فارہ! یقین کرو اس وقت تو ایسا لگ رہا تھا جیسے اللہ نہ کرے وہ اب بچیں گے ہی نہیں۔

اور پھر میرے اور لالہ کی موجودگی میں وہاں سے جو کچھ آغا جان کو سننے کو ملا اور اس کے بعد جتنی ان کی طبیعت خراب ہوئی۔ میرے دل میں تمہارے لیے شدید نفرت پیدا ہو گئی تھی۔

اس روز میں تمہیں کوئی رعایت نہیں دے سکی تھی فارہ! تم نے پہلے جو کچھ بھی سنا تھا، پر چھ سال سے آغا جان کو دیکھ بھی تو رہی تھیں۔

مجھے لگا یہ کیسی لڑکی ہے اسے تو محبت بھی اپنی طرف کھینچ نہیں پائی۔ آغا جان اس سے سوائے محبت کے کچھ بھی تو نہیں مانگتے۔" اس کے چہرے کے یک دم ہی پھیکے پڑ جانے والے رنگوں کو دیکھ کر زرمینہ نے گرمجوشی سے اس کے ہاتھ دبائے۔

"تم تو دل کی بہت اچھی ہو، اگر تم دل کی اچھی نہ ہوتیں تو اتنا سارا جھگڑا کھڑا کر دیتے اور معاملہ کورٹ تک لے جائے

CamScanner

www.allurdu.com

جانے کے بعد صرف لالہ کے یہ کہہ دینے پر کہ آغاجان بیمار ہیں' بھی ان کے ساتھ پشاور آگئیں؟

اور اب تو میرے دل میں تمہارے لیے کوئی غصہ' کوئی نفرت اور کوئی بغض نہیں بلکہ تمہاری محبت اور بہت قدر ہے۔ تم واقعی ان سے بہت محبت کرتی ہو تب ہی تو ان کی بیماری کا سنتے ہی یہاں آگئی ہو اور تم دل کی بھی بہت' بہت اچھی ہو فارہ۔"

زرمینہ کی سچے دل سے کی گئی اس تعریف نے مزید کچھ رنگ اس کے چہرے پر سے غائب کردیے تھے۔ اگر اسے پتا چل جائے کہ وہ یہاں کیسے آئی تھی؟ پھر' پھر وہ اسے کیسا سمجھے گی۔ پھر وہ اس کے متعلق کیا کہے گی کیا سوچے گی؟

اگر ولی اسے سچ بتادے۔ نہیں۔ وہ یک دم ہی پوری کی پوری کانپ گئی۔ اس کی وہ سچائی کسی کو بھی پتا نہ چلے۔ کاش ولی بھی اس دن کو بھول جائے۔

ولی کچن کے دروازے پر آکر کھڑا ہوا تھا۔ وہ زرمینہ سے آغاجان کا ناشتہ لانے کو کہہ رہا تھا۔ شاید اس نے زرمینہ کی باتیں سن لی تھیں۔ اس نے ولی کے چہرے پر طنز' استہزاء اور تمسخر تلاش کرنا چاہا مگر وہاں صرف ایک دبیز سنجیدگی چہرے کا احاطہ کیے ہوئی تھی۔

اگر وقت پیچھے کی طرف لے جایا جاسکتا ہے تو اس پل فارہ بہروز خان نے شدت سے یہ دعا مانگی تھی کہ یکم جنوری کی وہ دوپہر پھر لوٹ آئے۔ وہ اس میز پر ولی کے سامنے بیٹھی ہو۔

وہ اپنی شرط فارہ کے سامنے رکھے' وہ اس شرط کو قبول کرنے کے بجائے بضد ہو کر اس شرط کے پیش کیے جانے کے اسباب پوچھے۔

اس کے پیہم اصرار پر جب وہ اسے یہ بتانے پر مجبور ہو جائے کہ آغاجان کی بیماری کے سبب وہ کسی بھی قیمت پر اسے اپنے ساتھ لے جانا چاہتا ہے' اس لیے یہاں آیا ہے' تب وہ اس سے کہے کہ وہ آغاجان کے پاس چل رہی ہے' بغیر کسی شرط اور معاہدے کے۔

ولی زرمینہ سے ناشتے کا کہہ کر فوراً ہی وہاں سے چلا گیا تھا اور زرمینہ جلدی جلدی آغاجان کے ناشتے کی تیاری کرنے لگی تھی۔ اس عجلت اور تیز رفتاری کے عالم میں اس کا دھیان فارہ کی خاموشی کی طرف بالکل نہ گیا تھا۔

"وہ زرمینہ! میں ابھی آتی ہوں۔" کہہ کر وہاں سے نکل کر اپنے پورشن میں آگئی۔ سیدھی اپنے کمرے میں آکر الماری میں رکھے بیگ کی زپ کھول کر اس نے اس میں سب سامان کے بالکل نیچے دبا لفافہ نکالا اور وہ کاغذ آخر باہر نکال لیا۔

اس پر نظر ڈالے بغیر اس نے اسے پرزے پرزے کیا اور پھر وہ سب پرزے ہاتھوں میں سمیٹے کچن میں لے آئی۔ چولہا جلا کر اس نے وہ سب چھوٹے چھوٹے پرزے آگ پر رکھ دیے تھے۔

☆ ☆ ☆

آغاجان کو ہسپتال سے آئے آٹھ دن ہو گئے تھے۔ ان کی طبیعت میں بہتری پا کر ولی نے دو دن سے دوبارہ آفس جانا شروع کردیا تھا۔ زرمینہ ابھی یہیں تھی۔ عباد بھی ہر ایک دن چھوڑ کر آغاجان کی عیادت کے لیے آرہا تھا۔

اس رات بھی وہ آیا ہوا تھا۔ بہت خوشگوار سے ماحول میں آغاجان ہی کے کمرے میں رات کا کھانا کھایا جارہا تھا۔ وہ اپنے بیڈ پر بیٹھ کر کھانا کھا رہے تھے جبکہ یہ سب صوفوں پر بیٹھے تھے۔

"کیا ہوا' تم اتنی جلدی کھا بھی چکیں؟" اسے پلیٹ خالی کر کے میز پر رکھتا دیکھ کر زرمینہ بے ساختہ بولی۔

"لگتا ہے' فارہ کو ہمارے پشاوری کھانے پسند نہیں آرہے۔ بھئی زرمینہ! کھانے میں تھوڑا سا لاہوری ذائقہ بھی شامل کرلو۔" عباد مسکرا کر بولا۔

"نہ پشاوری نہ لاہوری' ان خاتون کو سرے سے ایسی کھانوں ہی سے رغبت نہیں ہے' یہ تو چائنیز پسند کرتی ہیں۔" وہ جواباً خاموشی سے مسکراتی رہی تھی مگر اس کی طرف سے فوراً" یہ جواب زرمینہ نے دیا تھا۔

عباد چٹکلے اور لطیفے سنا سنا کر سب کو ہنساتا ماحول کو بہت خوشگوار بنائے ہوئے تھا۔ اسے عباد کا یہ بے تکلفانہ دوستانہ انداز اچھا لگا کرتا تھا۔

اسے سب کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانا بھی بہت اچھا لگتا تھا۔ اپنے گھر وہ پچھلے کئی برسوں سے اکیلے کھانا کھانے کی عادی ہو چلی تھی۔ یاد ہی نہیں رہا تھا کہ فیملی کے سب لوگ اگر ساتھ مل کر کھانا کھاتے ہیں تو عام سا کھانا بھی کتنے مزے کا لگنے لگتا ہے۔

ولی بھی اس کی طرح کھانا کھا چکا تھا اور اب وہ حذیفہ کے ساتھ مصروف تھا جو ماموں کا سر کھاتا اس سے بے بلیڈ چلانا سیکھنا چاہ رہا تھا۔

www.allurdu.com

"برخوردار! یہ وکیل صاحب کو آپ نے کس کام پر لگادیا ہے؟" عباد نے بیٹے سے کہا۔

"یار ولی! ہمارے بچپن میں یہ لٹو کتنے روپے کے ملا کرتے تھے' کچھ یاد ہے؟"

"کارٹون نیٹ ورک کے کرشمے ہیں سب۔ اب لٹو جیسی عام سی چیزیں بھی بچے کئی کئی سو کی خرید کرلاتے ہیں۔" حذیفہ کے ساتھ مصروف رہنے والی نے عباد کو جواب دیا۔

☼ ☼ ☼

اگلے روز جب کہ ولی دفتر جاچکا تھا اور آغا جان کی آنکھ لگی ہوئی تھی' تب وہ دونوں لاؤنج میں فلور کشنز پر براجمان باتیں کررہی تھیں۔

وہ واقعی اس کے جیسی تھی جب بدتمیز اور بداخلاق تھی تو بے حد اور اب خوش مزاج اور خوش اخلاق تھی تو بھی بے حد۔ وہ اس کے ساتھ بہت دوستانہ و بے تکلفانہ انداز میں باتیں کیا کرتی تھی۔ مگر اس بے تکلفی کے باوجود وہ اس کے اور ولی کے رشتے کے متعلق یا اس کی ممی کے متعلق کبھی بھی کچھ نہ کہتی تھی۔

نہ ہی اس کی پچھلی کسی بات کا کوئی حوالہ دیتی تھی۔ وہ جیسے پچھلی ہر بات بھلا کر اس کے لیے دل بالکل صاف اور کشادہ کرچکی تھی۔

لنچ ٹائم میں ابھی کافی دیر تھی مگر زرمینہ کو بھوک لگ رہی تھی' اس کی بھوک کے علاج کے لیے فارہ ایک بڑا سا پیالہ گرم گرم پاپ کارن کا بنا کرلے آئی۔

"ارے پاپ کارن! زندہ باد۔ اس کا مطلب ہے تم خاصی سگھڑ لڑکی ہو۔"

پاپ کارن بنا کرلے آنے پر اس نے اسے سگھڑاپے کا سرٹیفکیٹ پیش کیا اور جلدی سے اٹھ کر فرج سے ڈائٹ پیپسی کے کین بھی نکال کرلے آئی۔

دونوں بچے وہیں بیٹھے ٹی وی پر کارٹون دیکھنے میں مصروف تھے۔ عشنا پاپ کارن دیکھتے ہی ان دونوں کے پاس آگئی اور ان دونوں سے بھی پہلے کھانا شروع ہوگئی۔ جبکہ حذیفہ ویسے ہی کائی اور میکس کو بے بلیڈ چلاتا دیکھنے میں مگن رہا۔

زرمینہ' حذیفہ کو پیار سے چمکار کر اپنے پاس بلا رہی تھی۔

"بیٹا! کھا کر تو دیکھو' کتنے مزے کے پاپ کارن بنا کر لا… ہیں فارہ آنٹی!"

پھر وہ اٹھ کر اس کے پاس گئی اور زبردستی اس کے م… میں دو' تین پاپ کارن ٹھونسے۔ مزید کھانے سے انکار م… سرہلاتے اس نے اپنی نظریں پھر کارٹون پر جمادیں۔

"اسے اگنور کرو' ابھی خود آجائے گا کھانے۔" فارہ نے ڈائٹ پیپسی کا ٹن کھولتے اسے نصیحت کی۔

"نہیں آئے گا۔ کھانے سے تو جیسے اسے الرجی ہے۔" وہ مایوسی سے بولی۔

"تم تھوڑے دن کے لیے اپنے اس نخریلے بیٹے… میرے پاس چھوڑو' میں اسے ٹھیک کردوں گی۔" اس نے عشنا کو گود میں چڑھالیا۔

وہ اس کی گود میں بیٹھی مزے سے پاپ کارن بھی کھا رہی تھی اور اس کے کین سے پیپسی کے گھونٹ بھی لے… رہی تھی۔

"ہمیں تو یہ موٹی گڑیا پیاری لگتی ہے۔" اس نے عشنا کے دونوں گالوں پر پیار کیا۔

"تم میرے بچوں میں فرق کررہی ہو۔ خبردار! دیکھو میں تمہیں وارن کررہی ہوں اپنے بیٹے میں میری جان ہے' اگر مجھ سے بنا کر رکھنی ہے تو اسے اس کے نخروں سمیت دل کھول کر پیار کرنا ہوگا۔"

"مجھے پہلے ہی شک تھا' تم نے کنفرم بھی کردیا۔ ہو نا… وہی روایتی اماں' بیٹے کو بیٹی پر فوقیت دینے والی۔"

"ہاں تو کچھ غلط ہے کیا۔ یہ تو شادی کرکے چلتی بنیں گی۔ ہمارے بڑھاپے کا سہارا تو یہ بیٹا ہی بنے گا۔" روایتی ک… لفظ سن کر اس نے بھی بالکل روایتی اور گھسا پٹا جملہ بڑے فخر سے بولا۔ پھر اسے گھورتا پا کر قہقہہ لگا کر ہنس پڑی۔

"یار تمہیں ٹوئن بچوں کے ساتھ مشکل نہیں ہوتی تھی؟ اب تو خیر یہ کچھ بڑے ہوگئے ہیں۔ مگر جب پیدا ہوئے ہوں گے۔ تم دو' دو کو ساتھ سنبھال لیتی تھیں؟"

"تم یہ بات کررہی ہو۔ مجھے تو پریگنینسی ___ کے دنوں میں ڈاکٹر نے اول اول جب یہ بتایا تھا کہ میرے ہاں جڑواں بچے ہوں گے تو میرے تو خوشی سے پاؤں زمین پر نہیں ٹک رہے تھے میں نے اتنے ارمانوں سے ٹوئن بچوں کی ڈبل سواری والی پرام' کاٹ سب چیزیں خریدی تھیں۔ پھر جب یہ پیدا ہوئے' اتفاق سے اس ہاسپٹل میں ان دونوں کسی اور کے ہاں جڑواں بچے ہوئے نہیں تھے۔ میں اتنے فخر…

CS CamScanner

www.allurdu.com

ان دونوں کو گود میں لے کر پھرتی تھی۔

بس صرف یہ کہنے کی دیر ہوتی تھی "تمہارے پاس تو بہن ایک 'ایک ہے میرے پاس تو دو 'دو ہیں۔ یار! مجھے منفرد نظر آنے کا شوق ہے۔ روایتی اور عام سے کام تو میں کر ہی نہیں سکتی۔ اور پھر اس میں ایک فائدہ بھی ہے' دونوں ساتھ پل کر بڑے ہو گئے۔ شروع میں بے شک بہت مشکل ہوئی مگر بچے دو ہی اچھے کے اصول پر اگر چلا جائے تو میرا فائدہ بھی تو دیکھو۔ ایک وقت میں دو مشکلات سے نکل آئی۔ ساتھ بڑے ہو گئے' ساتھ اسکول جانا شروع کر دیا' چلو اماں کی مشکل ختم ہوئی۔" وہ اتنے مزے سے بول رہی تھی کہ فارہ سے اپنا قہقہہ روکنا مشکل ہو گیا تھا۔

"ہاں بس نقصان اتنا ہوا کہ میرا پڑھائی کا ایک سال ضائع ہو گیا۔ کالج میں کلاس ریگولر اٹینڈ نہیں کر پائی تھی' اس لیے سیکنڈ ایئر کا ایگزیم نہیں دیا۔ اسی وجہ سے اب فائنل ایئر چل رہا ہے۔ لیکن خیر کیا فرق پڑتا ہے ابھی نہ سہی اگلے سال مکمل ڈاکٹر بن جاؤں گی۔"

"تمہاری پڑھائی کے دوران شادی ہوئی کیوں تھی زرمینہ۔"

وہ اب یہ بات پورے یقین کے ساتھ جانتی تھی کہ آغا جان نے اس شادی کے لیے زرمینہ کو مجبور نہیں کیا ہو گا۔ پہلے وہ اس خاندان کی عورتوں کو مظلوم' دبا ہوا اور مردوں کو ظالم اور حاکم سمجھا کرتی تھی۔

اس خاندان کی عورتیں باپردہ رہا کرتی تھیں تو یہ ایسی کوئی برائی تو نہیں جس پر یہاں کے مردوں کو قدامت پرست اور ظالمانہ و حاکمانہ ذہنیت کا مالک قرار دے دیا جائے۔

گھر سے باہر تو زرمینہ اور اس فیملی کی دوسری خواتین بڑی بڑی چادروں میں ملفوف ہو کر جایا کرتی تھیں مگر گھر کے اندر بھی اس نے زرمینہ کو کبھی دادا یا بھائی تک کے سامنے کھلے سر سے نہیں دیکھا تھا۔ وہ گھر میں بھی ہر وقت سوٹ کے ساتھ کا دوپٹہ سر پر لیے رکھتی تھی۔ جبراً زبردستی سے نہیں اپنی خوشی سے۔

اس نے زرمینہ کو فیشن کے مطابق ہاف سلیوز یا بے تحاشا فگر کو نمایاں کرتی فٹنگ والے کپڑے پہنتے نہ دیکھا تھا۔

اس کا لباس فیشن کے مطابق ہوتا تھا مگر وہ فیشن بس اسی حد تک جاتا تھا جہاں تک ہمارا مذہب ہمیں جانے کی اجازت دیتا ہے۔

اس سب میں کہاں برائی تھی۔ کہاں ظلم تھا' کہاں دقیانوسیت تھی۔ بغیر جانے' ملے' قریب سے دیکھے وہ اس فیملی کے متعلق بالکل اسی طرز کے پروپیگنڈے کا شکار تھی جیسے مغربی میڈیا مسلمان ملکوں کی باپردہ خواتین کے متعلق کرتا ہے۔ جو سر پر اسکارف پہن لے' خود کو ڈھکا چھپا کر باہر نکلے' وہ بے چاری مردوں کے ظلم کا شکار ہے۔ اس ظلم سے رہائی کے لیے اسے عورتوں کے حقوق کی علمبردار کسی تنظیم سے فوراً "رابطہ کرنا چاہیے۔

"بس یار! حالات کچھ ایسے بنے کہ میری شادی ذرا جلدی اور افراتفری میں ہو گئی۔" زرمینہ اس کے سوال کا جواب دے رہی تھی۔

"اصل میں میرے سسر ان دنوں بہت بیمار تھے۔ بیمار کیا ڈاکٹرز انہیں جواب دے چکے تھے۔ مہینہ' دو مہینہ' بہت سے بہت چھ مہینے' ڈاکٹرز کے مطابق بس اتنا وقت باقی تھا ان کے پاس۔ ان کی خواہش تھی کہ وہ اپنی زندگی میں اپنی کسی ایک اولاد کی خوشی تو دیکھ لیں۔

عباد سب سے بڑے ہیں ناں۔ اپنے بہن بھائیوں میں تو شادی انہیں کی ہونی تھی۔ لیکن اس خواہش کے باوجود میری تعلیم کو ادھورا دیکھتے ان کی آغا جان سے یہ بات کہنے کی ہمت نہ پڑتی تھی۔ کہ اسکول کے آخری سالوں میں میری منگنی عباد کے ساتھ کر دینے کے بعد آغا جان نے اور تب تو ماما اور پاپا بھی زندہ تھے ان تینوں نے عباد کے ممی' بابا سے بالکل واضح طور پر کہہ دیا تھا۔ کہ شادی میری تعلیم مکمل ہونے کے بعد ہو گی اور اس سے قبل شادی کا نام بھی نہیں لیا جائے گا۔

لیکن اس وقت کسی نے یہ بھی تو نہیں سوچا تھا کہ عباد کے بابا یوں ایک دم اتنے موذی مرض کا شکار ہو جائیں گے۔

تب پھر عباد میرے پاس آئے تھے' انہوں نے مجھ سے کہا تھا کہ وہ مجھے اس شادی کے لیے فورس نہیں کر رہے لیکن اگر میں ان کی خواہش مانتے ابھی شادی کے لیے راضی ہو جاؤں تو وہ اپنے مرتے ہوئے باپ کو ایک آخری خوشی دے پائیں گے۔

فیصلہ مشکل تھا۔ میں بہت پڑھاکو' کتابی کیڑا ٹائپ کی لڑکی تھی' ڈاکٹر بننا میرا جنون تھا اور میڈیکل کی پڑھائی کے ساتھ شادی' اتنی بڑی ذمہ داری' کشش و پنج و الجھن میں مبتلا

www.allurdu.com

میں نے آخر آغا جان کی ایک بات پر عمل کیا۔

وہ کہتے ہیں فیصلہ کرنے کے لمحے میں ہمیشہ اپنے دل کی آواز سنو' وہ کیا کہہ رہا ہے۔ اور میرا دل مجھ سے کہہ رہا تھا کہ شادی تو تمہاری اس شخص سے ہونا طے ہے کہ تم اس سے منسوب ہو' اب نہیں ہوگی تو چار' پانچ سال بعد ہوگی' پھر ایک چھوٹی سی قربانی دے کر اس کا مان رکھ لو۔

اور یقین کرو فارو شادی اس وقت کر لینے کا میرا وہ ایک چھوٹا سا فیصلہ میری شادی شدہ زندگی کے لیے کتنا اچھا ثابت ہوا' تم اندازہ نہیں لگا سکتیں' حالانکہ اس وقت میری ادھوری تعلیم اور کم عمری کی وجہ سے لالہ کو اس شادی پر بہت تحفظات تھے۔

میری شادی ہو گئی اور شادی کے ایک مہینے بعد ہی میرے سسر کا انتقال ہو گیا تب مجھے خود اپنے فیصلے کے درست ہونے کا احساس ہوا۔ میرا وہ ایک چھوٹا سا فیصلہ ایک مرتے ہوئے شخص کو خوشی دے گیا اور بدلے میں عمر بھر کے لیے میرے شوہر کی نگاہوں میں میری عزت اور قدر و منزلت کئی گنا بڑھا گیا۔

میری اس ایک قربانی کی ان کی نگاہوں بے حد عزت ہے' بہت قدر ہے' میرے ایگزیمز ہو رہے ہوں تو اپنے کام تو چھوڑو' وہ میرے کام تک خود کر دیتے ہیں۔

میں جب ڈاکٹر بن جاؤں گی تو میری اس ڈگری میں پچاس فیصد کریڈٹ میرے شوہر کے تعاون' حوصلہ افزائی' مدد اور محبت کا ہو گا۔" وہ زرمینہ کی باقی باتیں بے دھیانی میں سن رہی تھی۔

اس کی سوچیں زرمینہ کے صرف ایک جملے پر اٹک کر رہ گئی تھیں۔ "فیصلہ کرنے کے لمحے میں؟"

"زرمینہ! تم نے کیا کہا تھا ابھی۔ فیصلہ کرنے کے لمحے میں دل کی آواز سنو؟" زرمینہ جیسے ہی خاموش ہوئی' اس نے بے حد حیرت سے اس کے یہ الفاظ کھوئے کھوئے سے انداز میں دہرائے۔

"ہاں یار! یہ آغا جان کہتے ہیں۔ یہ آغا جان کے فیورٹ اور غالباً" خود ایجاد کردہ جملے ہیں اور یہ وہ ہمیں بچپن سے سکھاتے بتاتے اور سناتے آئے ہیں۔"

"فیصلہ کرنے کی گھڑی اور فیصلہ کرنے کے لمحے میں ہمیشہ اپنے دل کی آواز سنو۔"

دل دلیلیں نہیں مانگتا اس لیے جرأت مند بھی ہوتا ہے جبکہ دماغ ہر کام کرنے سے پہلے دلیلیں' ثبوت اور گواہیاں تلاشتا ہے اس لیے بزدل ہوتا ہے۔

لیکن دل کی ماننے کا یہ مشورہ صرف انہیں لوگوں کے لیے ہے جنہوں نے اپنی اس مشین کو صحیح Condition working میں رکھا ہوا ہوتا ہے اس پر جھوٹ' نفرت' عداوت' لالچ' حرص' حسد' بغض اور کینہ کا زنگ نہیں لگنے دیا۔" زرمینہ ہنستے ہوئے آغا جان کے الفاظ ہو بہو انہیں کے سے انداز میں دہرا رہی تھی اور وہ حیرت سے گنگ ایک ٹک اسے دیکھ رہی تھی۔

"آغا جان کی اپنی ہی طرز کی بڑے مزے کی مثالیں اور باتیں ہوا کرتی تھیں جو وہ ہمیں بچپن میں سکھایا کرتے تھے۔ یہ جو ضمیر انکل ہیں ناں یہ بھی وہیں دل کے کہیں آس پاس ہی رہتے ہیں۔

ان کا کام ہماری اس مشین کی نگرانی اور حفاظت کرنا ہے۔ ٹوکتے رہتے ہیں اگر ہم ان کی چیخ و پکار پر دھیان دے کر اس زنگ کی بروقت روک تھام کر لیں تب تو خیر ہے۔ سمجھو لو' ہم نے اپنی مشین کو خرابی سے بچا لیا' نہیں تو پھر وہ زنگ آہستہ آہستہ ہماری اس قیمتی اور نازک مشین کو پوری طرح اپنی لپیٹ میں لے کر اسے ناکارہ بنا دیتا ہے۔"

زرمینہ' آغا جان کی باتیں انہیں کے الفاظ اور لہجے میں مسکراتے ہوئے دہرا رہی تھی۔

اور وہ حیران ہو رہی تھی۔

تو ڈیڈی نے جو بچپن میں ایک بار اسے یہی سب باتیں انہیں الفاظ میں نصیحت کی تھیں' وہ انہیں آغا جان نے سکھائی اور بتائی تھیں؟

اور آغا جان کی بظاہر یہ چھوٹی چھوٹی سی باتیں تھیں کتنی سچ۔ کچھ دیر بعد جب زرمینہ' عباد کا فون آنے پر وہاں سے اٹھی اور وہ لاؤنج میں اکیلی رہ گئی تب وہ آغا جان کی ان باتوں کی روشنی میں اپنا تجزیہ کرنے لگی۔

اسے کیا بات ڈسٹرب کرتی تھی۔ جب خلیع کا ایشو اٹھا تب' جب آغا جان سے جائیداد میں حصہ مانگنے کی ممی کے مطالبے پر وہ مصلحتاً" خاموش ہوئی تھی۔

تب' جب اپنے گھر میں اس نے آغا جان سے اس رشتے کے لیے انکار کیا تب جب اس نے دو مہینے پہلے آغا جان کی فون کال نہیں سنی تھی تب۔

اس کی ہاؤس جاب میں کارکردگی خراب کیوں جا رہی تھی' اس کا فائنل ایئر کا رزلٹ بہت اچھا کیوں نہیں آیا تھا' اس کا دل اس کے خلاف چلا رہا تھا۔

www.allurdu.com

جو کچھ بھی وہ کر رہی تھی اس پر اس کا دل اس سے ناخوش تھا۔ "فارہ! تم مجھ پر زنگ پر زنگ لگا رہی ہو، تم میری درست ورکنگ کنڈیشن کو خراب کردینے پر تلی ہو، تم مجھے ناکارہ بنادینے کے کام کررہی ہو۔"

اور اس کا دل اس سے پہلی بار بدگمان اور شاکی کب ہوا تھا۔ جب آغا جان اس کا میڈیکل کالج میں داخلہ کروا کر گئے تھے۔

دل کی دنیا کی اپنی دلیلیں اور اپنی منطقیں ہوتی ہیں، دل جسے اچھا قرار دے دے پھر وہ بے دلیل بھی اچھا ہوتا ہے اور جسے برا کہے پھر وہ اپنے حق میں ہر دلیل اور ہر حجت رکھنے کے باوجود برا ہی رہتا ہے۔

اور اس کے دل نے اس روز آغا جان کو اچھا مان لیا تھا، ان کی محبت کو قبول کرلیا تھا، اس سے پہلے اس کا دل نہ انہیں اچھا سمجھتا تھا نہ برا، مگر اس روز ان کے ساتھ بینچ پر بیٹھ کر فارم بھرتے اس کے دل نے ان کی سچائی، ان کے خلوص اور ان کی محبت کو پہچان لیا تھا۔

آج اسے پہلی بار پتا چل رہا تھا کہ چھ سالوں سے وہ الگ سمت میں بھاگ رہی ہے اور اس کا دل الگ سمت میں اس کا دل اس کے مدمقابل، اس کے خلاف کھڑا تھا۔

یہ تو اب طلاق، خلع اور جائیداد والے ایشوز اور اکاؤنٹ سے سارا پیسہ متواتر خرچ کر ڈالنے والے معاملے کے بعد ہوا تھا جو وہ ممی سے خفا اور بہت دور ہوگئی تھی ورنہ اس سے پہلے تک تو ان تمام برسوں میں اس نے ہمیشہ انہیں ان کے ہر عمل کے لیے حق بجانب سمجھا تھا۔

صرف اس نے، اس کے دل نے نہیں۔ دل میں ماں کی محبت نہ ہو، یہ ہو سکتا تھا بھلا؟ مگر اس کا دل جسے اتنا چاہتا تھا، اسے برباد ہوتا اور غلط کرتا بھی تو نہیں دیکھ سکتا تھا۔

وہ جس سے محبت کرتا تھا، اسے تباہی و بربادی سے بچا لینا چاہتا تھا اور اس کی ممی وہ خود کو تباہ ہی تو کررہی تھیں۔

ایک بہت اچھی گھریلو، مشرقی وفادار اور محبت کرنے والی بیوی نے شوہر کی زندگی کے آخری ایام میں اس کا ساتھ نہیں نبھایا، مرنے سے پہلے اسے تنہا چھوڑ گئی۔

اپنے اندر ابھرتے احساس ندامت، شرمندگی اور پچھتاوؤں سے بچنے کی راہ انہوں نے یہ نکالی کہ سب الزام آغا جان پر دھر دیں اور خود کو زندگی کے دوسرے مشاغل میں اتنا الجھالیں کہ اپنے اندر سے ابھرتی کوئی پچھتاووں بھری یاد انہیں آئے ہی نہیں۔

کبھی جو ایک بہت گھریلو عورت، بہت اچھی بیوی اور بہت اچھی ماں تھی وہ اب امیر طبقے کی محض ایک ایسی عورت تھی جس کا کام پیسہ دونوں ہاتھوں سے لٹانا تھا۔

شاپنگز، ڈنرز، پارٹیز، اس کی زندگی کا محور یہی چیزیں بن گئی تھیں۔

اس کا دل اسے سمجھاتا تھا، ڈانٹتا تھا کہ وہ ماں کو اس خودکشی سے روکے، اسے غلط کرنے سے روکے، اسے سمجھائے کہ وہ زندگی کی تلخ سچائیوں کا بہادری سے سامنا کرے۔

وہ ماں کا ساتھ ایک اچھی فرماں بردار بیٹی کی طرح دے تو رہی تھی مگر اندر یہ احساس شدت سے موجود تھا کہ جو کچھ وہ کررہی ہے، وہ سب کا سب غلط ہے۔

پچھلے چھ سات مہینوں سے وہ کتنی الجھی ہوئی اور بے قرار تھی، وہ کتنی نڈھال اور کتنی بے سکون تھی۔ وہ اپنے ہی دل کے خلاف لڑتے لڑتے تھک چکی تھی۔

اسے آغا جان کے پاس پشاور چلے جانا چاہیے۔ یہ اس کے دل نے اس سے کہا تھا اور اس نے زندگی میں پہلی بار اپنے دل کی مانی تھی۔

اتنے دنوں میں پہلی بار اسے خود پر تھوڑا سا فخر ہوا۔ اس کا ندامت سے جھکا سر کچھ اوپر اٹھ سکا، وہ اپنے دل کی مان کر یہاں آئی تھی، دل کے پیش کردہ کسی معاہدے کو نہیں۔

اس کا دل ابھی صحیح working condition میں تھا، ہر چند اس نے اسے داغ دار بہت کرنا چاہا مگر وہ ابھی تک صحیح سلامت تھا۔

زرمینہ کی بظاہر ایک عام سی بات نے اس کے لیے سوچ کے کتنے نئے در وا کیے تھے۔

ماں سے محبت کا تقاضا یہ ہے کہ وہ اسے اس کی غلطیوں کا بہت پیار سے احساس دلائے، اس کی غلطیوں کے لیے جواز ڈھونڈنا چھوڑ کر اور اس سے ناراض ہونا ترک کرکے وہ اس سے وہ بات کہے جو اس کا دل سمجھاتا آیا ہے کہ اسے اپنی ماں سے کہنی چاہیے۔

شام کے وقت اپنے پورشن میں آکر اس نے وہاں سے انہیں فون کیا تھا۔

کانپتی نہیں، مضبوط انگلیوں سے اس نے ممی کا نمبر ملایا تھا۔

"السلام علیکم ممی۔"

"میں نے تم سے کہا تھا، اب مجھے کبھی بھی۔" وہ اپنا



CS CamScanner

www.allurdu.com

جملہ مکمل کرتے ہی یقیناً "لائن منقطع کردینے والی تھیں‘ اس لیے وہ بے ساختہ ان کی بات کے درمیان ہی بول پڑی۔

"ممی! مجھے آپ سے کچھ کہنا ہے۔ آپ میری بات پوری ہونے سے پہلے فون بند نہیں کریں گی۔ اگر آپ نے زندگی میں کبھی ڈیڈی سے محبت کی تھی تو میں آپ کو اس محبت کا واسطہ دے رہی ہوں۔"

"قارہ۔" اس کے لہجے میں کوئی گستاخی‘ کوئی بدتمیزی نہیں تھی مگر شاید انہیں ایسا ہی لگا تھا تب ہی تنبیہی انداز میں اس کا نام لیا۔

"ممی! ایک شخص تھا محمد بہروز خان‘ وہ بہت اچھا شوہر تھا‘ وہ بہت اچھا باپ تھا‘ وہ اپنی شادی شدہ زندگی کے تیئس سالوں میں اپنی بیوی کے ساتھ بہت مخلص‘ بہت وفادار رہا۔

اس نے بیوی کو محبت‘ عزت‘ وفا‘ سکھ‘ چین وہ سب کچھ دیا جو ایک چاہنے والا شوہر دیا کرتا ہے۔ اس کی ایک بیٹی بھی تھی اور وہ اس بیٹی کو اس کی زندگی کے اٹھارہ سالوں تک بے حد و بے حساب پیار دیتا رہا۔

اسے عیش و آرام‘ محبت‘ شفقت وہ سب کچھ دیا جو ایک محبت کرنے والا باپ اپنی اولاد کو دیتا ہے۔ پھر آپ کو پتا ہے کیا ہوا؟

اس کا بھائی مرگیا‘ اس کا باپ بستر پر بیمار‘ غم سے نڈھال پڑا تھا۔ وہ اتنے برسوں ضد باندھ کر‘ ناراض ہو کر باپ اور بھائی سے کیوں دور رہا‘ ان سے کبھی ملا کیوں نہیں‘ بیٹے اور بھائی کا فرض کبھی نبھایا کیوں نہیں۔ وہ غم میں بھی تھا‘ وہ زندگی بھر باپ اور بھائی سے دور رہنے پر نادم بھی تھا۔

اور پتا ہے ان حالات میں تیئس سال ساتھ رہنے والی بیوی اور اٹھارہ سال باپ کی شفقتوں کے سائے میں پلی بیٹی نے کیا کیا؟

بیوی نے تیئس سال کے محبت بھرے ساتھ سے بدگمان ہونے میں تیئس گھنٹے بھی نہ لگائے اور بیٹی نے اٹھارہ سال کی محبت محض اٹھارہ گھنٹوں میں بھلا ڈالی۔

آپ کو معلوم ہے جب وہ شخص تین روز بعد مرگیا تو کس حال میں مرا تھا۔ اس کی بیوی نے اس سے تین روز سے بات کرنا بند کررکھی تھی اور بیٹی خود کو بہت مظلوم اور بہت ستم رسیدہ سمجھ کر ایک کونے میں باپ سے لاتعلق بیٹھی تھی۔

اس کی بیوی اور بیٹی اس پر اعتبار کرتی ہیں‘ ان کا یقین کرتی ہیں‘ اس کی محبت کو دل کی گہرائیوں سے مانتی ہیں‘ وہ سننا چاہتا تھا‘ وہ دیکھنا چاہتا تھا‘ اس لیے کہ اس کی سانسیں اکھڑنے لگی تھیں۔

اسے شاید پیاس بھی لگ رہی تھی۔ وہ شاید جاں کنی کی تکلیف میں بستر پر نڈھال ہو کر گر بھی گیا تھا۔ اس کے حلق میں پانی کا ایک قطرہ ٹپکانے والا کوئی اس کے پاس نہ تھا نہ بیوی نہ بیٹی۔

اس نے صبح سے کچھ نہ کھایا تھا نہ پیا تھا۔ وہ بھوکا‘ پیاسا‘ شاید پیاس کی شدت سے تڑپتا‘ نزع کا عالم‘ جاں کنی کی تکلیف سب کچھ تنہا جھیل کر اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔" وہ بھرائی آواز میں انہیں ایک کہانی سنا رہی تھی۔

اس کی آنکھوں سے آنسو بڑی شدت سے بہنے لگے تھے کہ یہ کہانی آنسوؤں کے بغیر سنائی نہ جاسکتی تھی۔

پھر اس بیوی اور بیٹی کا کیا ہوا؟ آپ کو شاید یہاں تک سن کر ایسا لگا ہو کہ پھر وہ بدل گئی ہوں گی‘ اپنے کیے پر بے حد شرمندہ ہوں گی‘ اپنے اس بہت عزیز انسان کی ایسی موت پر ان کے دل ہل گئے ہوں گے۔

نہیں‘ ایسا کچھ نہیں ہوا تھا۔ اس زندہ کو انہوں نے جتنی اذیتیں دیں‘ اس کے مرنے کے بعد بھی اسے اذیتیں دینا ختم نہ کیں۔ اب وہ تو نہیں رہا تھا ہاں اس کا وہ باپ تو زندہ تھا جس سے وہ بے تحاشا محبت کیا کرتا تھا۔

اس شخص سے بدلہ لینے کا‘ اسے تکلیف پہنچانے کا اس سے بہترین طریقہ اور کیا ہو سکتا تھا کہ اب اس کے دکھی باپ کے غمزدہ دل کو مزید غم پہنچائے جائیں۔

پتا نہیں وہ ماں اور بیٹی اتنی سخت دل کیسے تھیں؟ کیوں تھیں؟ انہیں کوئی حادثہ‘ کوئی سانحہ نہیں ہلاتا تھا۔ مزے کی بات بتاؤں انہیں اپنے مرحوم شوہر اور باپ سے محبت کا بھی بڑا زبردست دعوا تھا۔

کوئی مجھ سے محبت کا دعوا کرے مگر میری ماں سے نفرت کرے تو کیا میں اس شخص کی محبت کو قبول کرلوں گی؟ سچ مان لوں گی؟

کوئی آپ سے بہت محبت کرے مگر آپ کی بیٹی کے خلاف دل میں بغض رکھے تو کیا آپ ایسے شخص کو اپنی محبت میں سچا سمجھیں گی؟

اگر مرے ہوؤں کو زندوں کے اعمال کی خبر پہنچا کرتی ہے تو وہ مرجانے والا ان ماں اور بیٹی کی اپنے سے محبت

CS CamScanner

www.allurdu.com

دعوؤں کو کیوں کر سچ سمجھتا ہو گا' کیونکہ ان پر اعتبار کرتا ہو گا
۔"

"فارہ' فارہ! بس کرو۔"

انہوں نے اسے چپ کرانا چاہا' مگر وہ چپ ہونے کے بجائے پہلے سے بھی زیادہ شدت سے روتے ہوئے بولی۔

"ممی! ڈیڈی آپ کے بہت اچھے شوہر تھے' میرے بہت اچھے باپ تھے۔ مگر آپ اچھی بیوی نہ بن سکیں' میں اچھی بیٹی نہ بن سکی۔"

میں نے اپنا یہ گناہ قبول کر لیا آپ کب کریں گی؟ ابھی وہ بوڑھا انسان زندہ ہے ہم ازالہ کر سکتے ہیں۔" روتے روتے اس کی ہچکیاں بندھ گئی تھیں۔

ایک دو منٹ تو اس سے کچھ بولا بھی نہ جا سکا۔

"ممی! میں بس آپ سے ایک آخری بات پوچھنا چاہتی ہوں۔ صرف ایک آخری بات۔ اس کا جواب آپ مجھے ابھی مت دیں۔ بعد میں سوچ کر دے دیجئے گا۔

"ممی! کیا کوئی شخص ایک ہی وقت میں اچھا شوہر' اچھا باپ' اچھا بیٹا اور اچھا بھائی نہیں بن سکتا؟

کیا محبت کے لیے اللہ نے ہمارے دلوں میں اتنی تھوڑی سی جگہ رکھی ہے؟ ہم ایک وقت میں اپنے بہت سے قریبی رشتوں سے ایک جیسی محبت کر ہی نہیں سکتے؟"

زارو قطار روتے اس نے فون بند کر دیا تھا۔

☼ ☼ ☼

زرمینہ مزید چار روز رہ کر اپنے گھر چلی گئی تھی۔ آغا جان کی صحت کی طرف سے گو وہ ابھی بھی متفکر تھی مگر بہرحال وہ اپنے گھر کو بھی تو نظر انداز نہیں کر سکتی تھی۔

آغا جان کے پاس ولی کے ساتھ اب فارہ بھی ہے' یہی اطمینان لیے وہ اپنے گھر رخصت ہوئی تھی۔

"اب میں یہاں آیا کروں گی تو تم مجھے یہاں ہر بار اسی طرح رخصت کرنے آیا کرو گی ناں؟" پورچ میں آ کر رکتے گاڑی میں بیٹھنے سے پہلے وہ اس سے بولی۔

ان گزرے دنوں میں ان کے بیچ دوستی' اعتماد اور پیار کا رشتہ مزید مضبوط ہو گیا تھا۔

"ہاں میں تمہارا ہر بار استقبال بھی خود کروں گی اور رخصت کرنے بھی خود آیا کروں گی۔" مسکرا کر اس نے اسے یقین دہانی کرائی تھی۔

بچوں کے دم سے گھر میں کتنی رونق تھی' اب ایک دم خاموشی سی ہو گئی تھی۔ گھر کے مکین وہ کل تین نفوس تھے' ان میں سے دو آپس میں کچھ خاص زیادہ بات نہیں کرتے تھے تو گھر میں خاموشی ہی کا احساس ہوتا تھا۔

ان دونوں کی آپس میں ہر بات آغا جان ہی کے حوالے سے ہوتی تھی۔ صبح اکثر وہ دونوں بھی آغا جان کے ساتھ ان کے کمرے ہی میں ناشتہ کر لیا کرتے تھے' اس کے بعد وہ چلا جاتا اور فارہ' آغا جان کی ڈاکٹر' نرس اور کک کی تمام ذمہ داریاں زرمینہ ہی کی طرح سنبھال لیتی۔

لنچ ٹائم میں ولی اکثر آغا جان کی وجہ سے گھر آجایا کرتا تھا' مگر لنچ ٹائم سے قبل بھی دو' تین بار اس کی فون کال آتی' اگر کال کسی ملازم نے بھی ریسیو کی ہوتی تو وہ اس کو بلوایا کرتا۔

اس سے ان کی پوری طبیعت پوچھتا۔ انہوں نے دوا لے لی' تم نے بی پی چیک کر لیا وغیرہ مگر یہ مختصر بات وہ بہت فاصلہ رکھ کر کیا کرتا۔ اس میں کسی بھی طرح کا کوئی ذاتی یا بے تکلفانہ انداز ہرگز شامل نہ ہوتا تھا۔

پھر آغا جان کی خیریت معلوم کر لینے کے بعد وہ مزید کوئی غیر متعلقہ بات کیے بغیر فون بند کر دیتا۔ شام میں وہ اکثر بہت جلد ہی گھر آجاتا' ہاں کبھی کبھار معمولی سی دیر ہو جاتی تھی' تب وہ فون کر کے آغا جان کو اپنے دیر سے آنے سے آگاہ کیا کرتا تھا۔

گھر آنے کے بعد پھر وہ کہیں نہیں جاتا تھا۔ اس کی کیا کوئی سوشل مصروفیات' دوست احباب کچھ نہیں تھے یا ان دنوں آغا جان کی وجہ سے اس نے تمام مصروفیات ترک کر رکھی۔

وہ حیران ہو کر سوچتی۔ اس ینگ ایج میں جو سنجیدگی اور بڑھاپا اس نے خود پر طاری کر رکھا تھا۔ وہ اس پر خاصی متعجب تھی۔

"آغا جان کی تیمارداری اور دفتری کام' کیا اس کی زندگی انہیں ذمہ داریوں کے گرد گھوما کرتی تھی۔ شام میں گھر آنے کے بعد پھر وہ تقریباً" سارا وقت آغا جان کے ساتھ گزارتا۔ وہ بھی وہیں آ کر بیٹھ جاتی۔

اگر آغا جان' اس سے چھیڑ چھاڑ' ہنسی مذاق کر رہے ہوتے تو ولی خاموش بیٹھا رہتا اور ولی سے ہنسی مذاق اور چھیڑ چھاڑ کے موڈ میں ہوتے تو وہ چپ رہتی۔

پھر وہ تینوں ایک ساتھ وہاں کھانا کھاتے۔ مزید کچھ دیر کی گفتگو کے بعد وہ اپنے کمرے میں چلا جاتا اور وہ بھی آغا جان کو دوا دینے کے بعد اپنے کمرے میں آجاتی۔

www.allurdu.com

دن میں بھی اس کا آغا جان کی وجہ سے اپنے پورشن میں بہت ہی کم وقت گزرتا تھا کہ اگر وہ زیادہ وقت وہاں ہوتی تو یہاں وہ بالکل تنہا ہو جاتے اور رات میں تو اس الگ تھلگ اور مکینوں سے خالی غیر آباد حصے میں جا کر سونے کی وہ ہمت کر ہی نہیں سکتی تھی سو اپنے ڈیڈی کا کمرہ سونے کے لیے استعمال کر رہی تھی۔

ہاں، وہ اپنے اس پورشن کی خود جا کر روز صفائی کرواتی، دن میں نہانا، لباس تبدیل کرنا اور ظہر کی نماز پڑھنا بھی سب وہیں پر کیا کرتی۔

ہر رات اپنے کمرے میں آتے ہی تنہائی ملتے ہی دن بھر آغا جان کے لیے چہرے پر سجائی تمام مسکراہٹیں اس کے چہرے پر سے غائب ہو جاتیں۔ اسے ممی کا خیال آنے لگتا۔

وہ جو کچھ کہہ سکتی تھی اس نے کہہ دیا، اب کیا کرے؟ ان کی طرف سے جواب میں مکمل خاموشی تھی۔ آغا جان سے جو اتنے وعدے ہسپتال میں کیے تھے ان کا کیا ہوگا، وہ ممی کی نفرتوں کو کس طور ختم کر پائے گی؟

فروری کا مہینہ شروع ہو چکا تھا، یہ فروری کے مہینے کی بالکل ابتدائی تاریخیں تھیں اور وہ ممی کی اس مسلسل اور پیہم خاموشی پر بے حد دلبرداشتہ اور اداس تھی۔

وہ اپنا ذہن بٹانے کے لیے ٹی وی دیکھنے، کوئی میگزین پڑھنے کی کوشش کرتی بھی تب بھی اس کا ذہن اور دل ممی ہی میں اٹکا رہتا۔

زرمینہ تقریباً" ہر روز چاہے کھڑے کھڑے ہی آ جائے آغا جان کی خیریت پوچھنے آ رہی تھی۔ کبھی عباد ساتھ ہوتا، کبھی وہ ڈرائیور کے ساتھ آ جاتی اور کبھی کسی کام سے نکلی ہوتی تو خود ہی گاڑی ڈرائیو کرتی یہاں کا بھی ایک طوفانی دورہ کر لیا کرتی۔ فون پر تو اس کا فارہ اور آغا جان سے تفصیلی گفتگو کرنا لازمی ہوا ہی کرتا تھا۔ وہ اس کی وجہ سے آغا جان کی طرف سے بہت مطمئن تھی۔

ولی باقی ہر چیز کا بہت اچھی طرح دھیان رکھ لیتا تھا مگر آغا جان کا کھانا پینا۔ وہ نوکروں کو ہدایات تو دے دے گا مگر وہ کیا کر رہے ہیں اور کیسے پکا رہے ہیں، یہ تو وہ کھڑا رہ کر نہیں دیکھ سکتا۔

کارن آئل ختم ہو گیا، زیتون کے تیل کا ڈبا نہیں کھلا، چھوڑو، کون تردد کرے یہ سامنے تو گھی رکھا ہے، کھانا اسی میں پکا کر جان چھڑا لو۔

بکرے کا گوشت اگر بغیر چکنائی مکمل طور پر ہٹائے بھی پکا لیا تو کیا حرج ہے۔

نوکر تو نوکر ہوتے ہیں اور جب کوئی ان کے سر پر کھڑا ہو کر دیکھنے والا نہ ہو تو وہ اپنی سہولت اور موڈ کے لحاظ سے ایسی کارگزاریاں دکھا سکتے ہیں۔

فارہ آغا جان کے لیے پرہیزی کھانا زرمینہ ہی کی طرح خود پکاتی تھی، اس پر زرمینہ مطمئن تھی اس کے روز و شب ان دنوں آغا جان کے ساتھ گزر رہے تھے۔

اور فروری کے ان ابتدائی دنوں میں سے ایک دن آغا جان نے اس سے اس کے لاہور واپس جانے کی بابت پوچھا تھا۔ اس کے ہاؤس جاب کی تو خیر انہیں جو فکر تھی، سو تھی مگر اصل فکر انہیں ممی کی تھی۔

"بیٹا! تمہاری ممی وہاں تنہا ہیں۔ تمہیں اب ان کے پاس چلے جانا چاہیے۔ میری طبیعت یوں بھی اب پہلے سے بہتر ہے۔"

وہ ان کے دل کو رنج پہنچاتی کوئی بھی بات ان سے کرنا نہیں چاہتی تھی اس لیے ہلکے پھلکے خوشگوار انداز میں انہیں یہ بتانے لگی کہ وہ ٹورنٹو، خالہ سے ملنے گئی ہوئی ہیں اور ابھی چند ماہ وہیں رہیں گی، لہٰذا ان کے لاہور میں اکیلے ہونے کا کوئی مسئلہ ہی درپیش نہیں اس لیے وہ یہاں اطمینان سے خوب لمبا رہ سکتی ہے۔

یہاں آ کر اس نے اب تک کبھی یہ بات انہیں بتائی ہی نہیں تھی، وہ یہی سمجھتے تھے کہ وہ لاہور میں ہیں اور اس نے ان کی غلط فہمی دور نہ کی تھی، اب جب انہیں یہ بات بتائی تو اس کے ہلکے پھلکے انداز کے باوجود وہ جیسے کچھ بھانپ سے گئے۔

انہوں نے اسے کریدا۔ پہلے وہ بات کو یہاں وہاں گھماتی رہی مگر ان کے پیہم بضد انداز پر آخر اسے سچائی بتانی ہی پڑی۔

"وہ کینیڈا مجھ سے ناراض ہو کر گئی ہوئی ہیں۔"

"کیا یہاں آنے پر؟" وہ بے اختیار لیٹے سے اٹھ بیٹھے حد درجہ متفکر اور پریشان۔

"آپ اور کس کس ناکردہ گناہ کا الزام اپنے سر لیں گے آغا جان؟ یہاں آنے پر نہیں وہ اس سے بہت پہلے سے مجھ سے ناراض ہو کر ٹورنٹو چلی گئی تھیں۔ جب میں یہاں آئی تو انہیں گئے پندرہ روز ہو چکے تھے۔ آپ ولی سے پوچھ لیں، میں اپنے گھر کو تالا لگا کر آئی تھی۔"

www.allurdu.com

اس نے خود کو رونے سے بدقت روکا تھا۔ وہ ان کے سامنے بالکل بھی نہیں روتی تھی۔ وہ ان کے سامنے کوئی تکلیف دہ موضوع چھیڑا بھی نہ کرتی تھی مگر اب ان کے اصرار پر اسے یہ دکھ دینا موضوع اٹھانا ہی پڑا تھا۔

"اور تم پندرہ دنوں سے اکیلی رو رہی تھیں؟" انہیں نجانے کون کون سے وہم اور پریشانیاں ستانے لگیں۔

"آپ پریشان کیوں ہوتے ہیں آغا جان کو تب جو کچھ بھی ہوا' اب تو میں آپ کے پاس ہوں' بالکل محفوظ اور امان میں اور آپ ممی کی ناراضی کی فکر مت کریں' انشاء اللہ بہت جلد وہ اپنی ساری ناراضی بھلا دیں گی۔

اور میرے ہاؤس جاب کی بھی آپ فکر مت کریں۔ ہاؤس جاب اور میرا پروفیشن' میں ہر چیز کے متعلق پوری سنجیدگی سے سوچوں گی مگر ابھی نہیں۔ پہلے آپ پوری طرح ٹھیک ہو جائیں۔ اٹھ کر چلنے' پھرنے اور اپنے سارے کام خود کرنے کے قابل ہو جائیں' تب تک کا یہ وقت میں صرف اور صرف آپ کے ساتھ گزارنا چاہتی ہوں۔

اور یہ تو خیر آپ بھول ہی جائیں کہ میں آپ کو چھوڑ کر یہاں سے کہیں جانے والی ہوں۔ آپ کو تنگ کرنے کو رہوں گی تو میں اب ہمیشہ یہاں پر ہی۔"

وہ ممی کی اس سے ناراضی اور کینیڈا گئے ہونے کا سن کر خاصے متفکر ہوئے تھے۔ اپنی بیماری کی وجہ سے نومبر اور دسمبر کے مہینوں میں وہ اس کی خیریت نہ خود پتا کر سکے نہ ولی سے کروا سکے تھے جیسے ہمیشہ کر لیا کرتے تھے ورنہ تو اس کے اکیلے رہنے کا انہیں پہلے ہی پتا چل جاتا۔

وہ انہیں پریشان نہیں کرنا چاہتی تھی۔ اس لیے مسکرا رہی تھی اور وہ اسے اپنے لیے پریشان ہوتا نہیں دیکھ سکتے تھے اس لیے مسکرا رہے تھے۔

✿ ✿ ✿

"آپ دل کو دماغ پر فوقیت دیتے ہیں؟" اس نے آغا جان سے پوچھا۔

وہ ان کے ساتھ بیٹھی گپ شپ کر رہی تھی۔ لنچ کے لیے ان کا پرہیزی سالن چڑھا کر آنے کے بعد اب وہ ان کے ساتھ بیٹھی تھی اور ادھر ادھر کی باتوں کا ذکر نکلتے نکلتے وہ انہیں یہ بتانے لگی کہ ان کی کچھ باتیں اسے اس کے ڈیڈی نے بچپن میں بتائی تھیں۔

وہ دلچسپی سے اس کے لبوں سے اپنے ہی فقرے سن رہے تھے اور یقیناً" یہ جان کر بے پناہ خوش بھی ہو رہے تھے کہ ان کے بیٹے نے ان سے دور چلے جانے اور بظاہر خفا نظر آنے کے باوجود بھی در حقیقت انہیں ہمیشہ اپنے دل میں آباد کیے رکھا تھا تب ہی تو ان کی باتیں اپنی بیٹی کو بتایا کرتا تھا۔ وہ اس کا سوال سن کر مسکرائے۔

"ہاں' اقبال کا سچا معتقد ہوں ناں اس لیے۔" پھر اسے بغور دیکھتے وہ اسی دھیمی مسکراہٹ کو چہرے پر لیے نرم لہجے میں کہنے لگے۔

"تم اللہ کو' اپنے رب کو دل سے مانتی ہو یا دماغ سے؟ یقیناً" دونوں سے مانتی ہو گی۔ مگر ان دونوں کے ماننے میں فرق بہت ہے۔ دل اللہ کو بے دلیل اپنا رب مانتا ہے اور دماغ دلیل کے ساتھ۔"

اسی مسکراہٹ کو چہرے پر لیے مزید کہنے لگے۔

"تمہارے میڈیکل سائنس کی زبان میں اگر بات کروں تو طب کی ایک کتاب میں پڑھی کچھ باتیں" زمانہ قدیم کے طبیبوں میں یہ غلط فہمی پائی جاتی تھی کہ چونکہ دماغ رئیس الاعضاء ہے اور دوسرے تمام اعضاء کی طرح دل بھی دماغ کے پوری طرح تابع ہے اور دماغ ہی نے دل کو دھڑکنے کے لیے ابتدائی مہمیز دی اور اسی کے احکام پر دل دھڑکتا ہے۔ اس غلط فہمی کو محسن' نام کے ایک مشہور عالم نے دور کیا۔

اس نے یہ چونکا دینے والا اور حیرت انگیز انکشاف کیا کہ پیدائش سے قبل جب بچے کے اعضاء نشوونما پانے کے مرحلے سے گزر رہے ہوتے ہیں تب بچے کا دل اس وقت دھڑکنا شروع کر دیتا ہے جب کہ ابھی دماغ کی پوری طرح تشکیل بھی نہیں ہوئی ہوتی۔

اس بات نے دنیا بھر کے ڈاکٹروں' سائنس دانوں کو آج تک سرگرداں کر رکھا ہے کہ وہ کیا قوت ہے جو دل کو اول اول دھڑکنا سکھاتی ہے۔" وہ پڑھی لکھی کتابی قسم کی باتیں کرنے لگے تھے۔

"ارسطو نے کہا تھا کہ' دل ہی ایک عضو ہے جو سب سے پہلے حرکت کرتا ہے اور سب سے آخر میں اس کی حرکت بند ہو کر سکون میں تبدیل ہو جاتی ہے' بھئی یہ اللہ کی مشیت اس کا قانون اور اس کا فیصلہ ہے کہ اس نے دل کو دوسرے تمام اعضاء پر فوقیت دی ہے۔"

"آپ اپنے جسم کے جس عضو سے سب سے زیادہ پیار



کرتے ہیں امی نے آپ کو کس قدر تنگ کر کے رکھا ہوا ہے۔" وہ ان کی بیماری کا لطیف پیرائے میں ذکر کرتی شرارت سے مسکرائی۔

وہ بھی جواباً" کھل کر ہنسے۔ کچھ دیر ان کے بیچ یہی موضوع رہا۔ وہ دل کے قصیدے پڑھتے رہے' وہ ہنستی رہی اور جوابی تبصرے کرتی رہی۔ کافی دیر بعد جب یہ موضوع ختم ہوا تب کچھ خیال آنے پر وہ اس سے بولے۔

"بیٹا! میں اپنی وصیت تیار کروا رہا ہوں۔ یہ گھر میں روحی کے نام کر رہا ہوں اور تمہارے۔" وہ بولتے بولتے اس کے چہرے کے رنگوں کو یکدم ہی پھیکا پڑتا دیکھ کر یکلخت چپ ہوئے۔

ابھی وہ اتنا مسکرا رہی تھی' ان کے ساتھ شوخی و شرارت بھری باتیں کر رہی تھی اور اب۔

"فارہ! بیٹا کیا ہوا؟"

"آغا جان! آپ نے مجھے دل سے معاف نہیں کیا۔ آپ نے مجھے دل سے معاف نہیں کیا۔" وہ ان کے پاس بیڈ پر چڑھ کر بیٹھی ہوئی تھی۔ وہ یکدم ہی ان سے دور ہٹنے لگی۔

"نہیں فارہ ایسا نہیں۔"

"اور میں یہ سوچ کر کبھی آپ سے اپنے کسی پچھلے رویے کی معافی نہیں مانگتی تھی کہ مجھے لگتا تھا میرا اور آپ کا رشتہ' آپ کی مجھ سے محبت' معافی کے ایک لفظ سے بہت اونچی ہے۔ میں معافی مانگ کر آپ کی محبت کی توہین کروں گی' آپ کو ایک دم ہی بالکل پرایا اور اجنبی کر دوں گی۔ آپ میرے معافی مانگنے سے ہرٹ ہوں گے' آپ کو لگے گا' فارہ اب بھی مجھ سے سچے دل سے پیار نہیں کرتی۔ بس صرف شرمندہ اور نادم ہوئی ہے۔"

وہ ہسپتال میں جو پہلے دن ان کے سامنے روئی تھی' اس ایک دفعہ کے بعد وہ پھر دوبارہ کبھی ان کے سامنے نہ روئی تھی مگر اس وقت اس کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو بہہ نکلے تھے۔

"فارہ! ایسا نہیں بیٹا تم غلط سمجھ رہی ہو۔ یہ میں کسی ناراضی یا غصے میں یا روحی کے مطالبے کی وجہ سے نہیں کر رہا۔ یہ تو مجھ پر فرض ہے' یہ کام تو مجھے ہر حال میں کرنا ہی ہے۔" انہوں نے اسے اپنے قریب کر کے رسانیت سے سمجھانا چاہا۔

"آپ مجھے دولت جائیداد کا لالچی سمجھتے ہیں؟ جبکہ سچ یہ

CamScanner

www.allurdu.com

ہے کہ جائیداد میں حصے کا مطالبہ صرف ممی کا تھا میرا نہیں۔ آپ سمجھتے ہیں۔ میں اس مطالبے میں ان کی ہم نوا تھی؟ میرا ممی سے اختلاف ہی اس بات پر ہوا تھا آغا جان! وہ مجھے چھوڑ کر کینیڈا چلی ہی اس لیے گئیں کہ میں ان کی مخالفت کرنے کا جرم کر بیٹھی تھی۔"

اس روز ممی کے جانے کے اسباب ان سے ہنسی میں چھپا لینے والی اس وقت روتے ہوئے سب کچھ بتانے لگی تھی۔

"میں جانتا ہوں یہ میری بیٹی کا مطالبہ نہیں تھا۔ یہ صرف روحی کا مطالبہ تھا۔ لیکن بیٹا! اس کے اس مطالبے میں ایسا غلط تو کچھ بھی نہیں جو تم ماں سے خفا ہو جاؤ۔ اس کا اپنا حق مجھ سے مانگنا بالکل جائز تھا اور ہے۔

لیکن میں اس وقت اس مطالبے پر قصداً" خاموش اس لیے رہا تھا کیونکہ مجھے اندازہ تھا کہ یہ مطالبہ وہ خود اتنا نہیں کر رہی جتنا دوسرے کچھ لوگ اس سے کروا رہے ہیں۔ کچھ اور لوگ اسے اکسا رہے ہیں۔ میں ڈرتا تھا کہ تمہیں تمہارے اور روحی کے حق پر وہ دوسرے لوگ بعد میں قابض نہ ہو جائیں، تم لوگوں کا حق چھین نہ لیں بس اس لیے خاموش رہتا تھا۔ بیٹا! ماں کی طرف سے دل برا مت کیا کرو۔ وہ بس سادہ اور کم عقل ہے، وہ دوست، دشمن میں فرق نہیں کر پائی۔

یہ سب کسی ناراضی میں نہیں اپنا فرض، اپنی ذمہ داری سمجھ کر اور تم سب کی محبت میں کر رہا ہوں۔

تم، ولی، زرمینہ، روحی، مجھ پر فرض ہے کہ میں اپنی زندگی میں ہر ایک کو اس کا جائز حق اپنے ہاتھوں دے دوں۔ تمہیں اگر میں اپنے ہاتھ سے کچھ دوں تو کیا تمہیں مجھ سے لینا اچھا نہیں لگے گا؟ میں چاہتا ہوں میرے جانے کے بعد بھی میری بیٹی کو کبھی کوئی تکلیف، کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ وہ ہمیشہ بہت پرسکون، پر آسائش اور آسودہ زندگی گزارے۔"

وہ بہت تدبر اور رسانیت سے بولے مگر وہ ان کے کسی بھی لفظ کا کوئی اثر قبول کیے بغیر اسی ضدی لہجے میں روتے ہوئے بولی۔

"مجھے آپ سے محبت کے سوا اب کچھ بھی نہیں چاہیے آغا جان! مجھے دولت، جائیداد کچھ نہیں لینی۔ آپ جس کے نام چاہیں اپنی جائیداد کر دیں مجھے مطلب نہیں اور آغا جان! میں آپ سے سچ کہہ رہی ہوں، اگر آپ نے اپنی جائیداد میں سے کوئی ایک چیز بھی میرے نام کی تو میں آپ کو چھوڑ کر ہمارے اس گھر کو چھوڑ کر زندگی بھر کے لیے کسی ایسی جگہ جا کر چھپ جاؤں گی کہ پھر آپ عمر بھر مجھے تلاش کرتے رہیں گے اور میں ملوں گی نہیں۔" وہ ان کے سینے میں منہ چھپا کر رو رہی تھی۔

"میرے ضدی بیٹے کی ضدی بیٹی جو تم کہو گی وہی ہوگا۔ اب یہ آنسو فوراً" صاف کر لو ورنہ میں تم سے ناراض ہو جاؤں گا۔" اس کا چہرہ اپنے ہاتھ میں لے کر انہوں نے اسے بہت پیار بھری خفگی سے ڈانٹا۔

☼ ☼ ☼

وہ آغا جان کے جائیداد کی بات کرنے سے بے حد مضطرب ہوئی تھی۔ گو انہوں نے وہ موضوع وہیں ختم کر کے پھر اس پر کچھ بھی نہ کہا تھا مگر وہ حقیقتاً" ڈسٹرب ہوئی تھی۔ دوسری طرف ممی کی طویل خاموشی تھی۔

وہ ان کی اس خاموشی کے کیا معنی نکالے۔ تیسری طرف ولی اور اس کی پراسرار خاموشی تھی۔ آغا جان اور زرمینہ دونوں نے اس کی سچائی اور خلوص کو اس کے بدل جانے کو سچے دل سے قبول کر لیا اور ولی۔ کیا وہ سمجھتا ہے۔ وہ بدلی نہیں صرف اپنے طے کیے تین مہینے گزار رہی ہے؟ کیا آغا جان سے جائیداد کی تقسیم کی بات بھی اس نے کروائی تھی؟

آغا جان اور زرمینہ نہیں جانتے لیکن ولی بخوبی جانتا ہے کہ وہ یہاں کس طرح آنے پر آمادہ ہوئی تھی۔ وہ اس کی نگاہوں میں کس مقام پر تھی اسے اندازہ تھا۔

وہ اس سے آغا جان کے متعلق بات کرنے کے علاوہ کسی بھی اور موضوع پر کبھی ایک لفظ نہیں بولتا تھا۔ ان کا ہر تعلق صرف آغا جان کی وجہ سے تھا۔ وہ اگر ساتھ اٹھتے بیٹھتے، کھاتے پیتے یا بولتے تھے تو صرف ان کی خاطر" ان کی وجہ سے" کاغذ پھاڑ کر پھینک دینے یا جلا دینے سے وہ اپنی اس روز کی باتوں سے مکر نہیں سکتی تھی۔

(تیسری اور آخری قسط آئندہ ماہ)

CamScanner

www.allurdu.com

۳

# تیسری اور آخری قسط

لیکن وہ پھر بھی اس سے اپنے پچھلے رویوں پر معذرت کر کے' اسے اپنا یقین دلا کر' اس کی نگاہوں میں کچھ عزت پانا چاہتی تھی۔ اس لیے کہ اب وہ ولی کے ساتھ اپنے رشتے کو ختم کرنا نہیں چاہتی تھی۔

ہاں یہ سچ تھا۔ سو فیصد سچ۔ یہ اس کے باپ کا مرنے سے پہلے بیٹی کے حق میں آخری فیصلہ تھا' اسے اپنے باپ کے اس آخری فیصلے کی عزت اور اس کا پاس رکھنا تھا۔

ان دنوں روز رات جب وہ سونے لیٹتی تو اسی کمرے میں چھ سال قبل کہا ڈیڈی کا ایک جملہ اس کے کانوں میں گونجا کرتا۔

"فارہ! تمہیں کیا لگتا ہے' تمہارے ڈیڈی تمہارے ساتھ کیا کبھی کچھ برا کر سکتے ہیں؟"

"نہیں' آپ میرے ساتھ کبھی کچھ برا نہیں کر سکتے۔"

یہ سوال روز رات اس کے کانوں میں گونجا کرتا تھا' پر اس کا جواب اس نے آج رات روتے ہوئے بے آواز دیا تھا۔

برسوں باپ کے اس ایک فیصلے پر شاکی وہ اس سے دل ہی دل میں خفا رہی تھی مگر اب جانتی تھی کہ بہت چاہنے والا

www.allurdu.com

باپ اپنے مرنے سے صرف تین دن پہلے بیٹی کے حق میں کچھ برا کرہی نہیں سکتا تھا۔

وہ فیصلہ ان کے دل کا فیصلہ تھا۔

فیصلہ کرنے کے لمحے میں شاید انہوں نے اپنے دل کی آواز سنی تھی۔ جو کسی سانحے کے رونما ہونے کی انہیں پیشگی خبر دے رہا تھا۔

معیز اس کی پسند 'اس کی خواہش ضرور تھا' محبت ہرگز نہیں 'لیکن اگر وہ اس کی محبت ہوتا تب بھی وہ ایک بیٹی کا فرض نبھاتی 'اسی راستے کا انتخاب کرتی جو راستہ اس کے لیے اس کے باپ نے چنا تھا۔

اور جب وہ یہ سوچ چکی 'فیصلہ کرچکی تو اب اسے ولی کے پاس جانا تھا۔ وہ خاموش بیٹھ کر سکون سے وقت نہیں گزار سکتی۔

اسے اس کے سامنے اپنے تمام بدترین اور بدصورت رویوں کی وضاحت کرکے 'معافی طلب کرکے اس سے سب کچھ نئے سرے سے شروع کرنے کی بات کرنی تھی۔

یہ بہت مشکل کام تھا۔

بہت ہی زیادہ مشکل۔ جس سے وہ ہمیشہ چیخ چیخ کر طلاق کا مطالبہ کرتی رہی ہے 'جس سے اس نے ہمیشہ علی الاعلان نفرت کا اظہار کیا ہے 'جس کے ساتھ وہ یہاں آئی ہی طلاق ملنے کی امید پر ہے 'اس سے کہنا کہ آؤ سب بھلا کر زندگی نئے سرے سے جئیں۔ کوئی آسان اور معمولی بات نہیں تھی۔

سوچ لینے 'فیصلہ کرلینے کے باوجود اسے ولی کے پاس جانے کی ہمت کرنا مشکل ہو رہا تھا۔ مگر زندگی میں جو جو کچھ غلط وہ کرچکی تھی۔ اسے ٹھیک کرنا 'سنوارنا بھی تو اسے خود ہی تھا۔

☼ ☼ ☼

اگلے روز دوپہر میں آغا جان کے کھانے کے بعد سو جانے پر وہ اپنے پورشن میں آگئی۔ آج اسے ولی سے بات کرنا تھی مگر اس سے بات کرنے سے قبل وہ معیز سے بات کرنا چاہتی تھی۔

پہلے نفرتوں میں اندھے ہو کر کبھی سوچا نہیں تھا۔ اب سوچتی تو اسے خود پر شرم آیا کرتی۔ کسی کی منکوحہ ہو کر وہ کسی اور کا شادی کا پیغام قبول کیے بیٹھی تھی۔

اگر یہ طے کرچکی تھی کہ اسے ولی کے ساتھ نہیں رہنا' اس سے طلاق لینی ہے 'تب بھی جب تک اس کے نکاح میں تھی۔ کیا اخلاقی لحاظ سے یہ مناسب تھا کہ وہ کسی دوسرے کا شادی کا پرپوزل قبول کرلیتی۔

جب دوران عدت عورت کو کسی کا شادی کا پیغام قبول کرنے سے منع کیا گیا ہے تو کسی کے نکاح میں ہوتے یہ "مذہبا" کیسا فعل ہوگا۔ معیز نے تو اسے اب پرپوز کیا ہے اور اس کا پرپوزل قبول کیے اسے دس گیارہ ماہ سے زیادہ کا عرصہ نہیں بیتا جبکہ ممی تو یہ رشتہ جبل ماموں کے ساتھ آج سے دو ڈھائی سال پہلے طے کرچکی تھیں۔

وہ ممی پر اس رشتے کو قبول کرلینے کا الزام ڈال کر خود کو بے قصور ثابت نہیں کرسکتی تھی۔ میڈیکل فائنل ایئر کی طالبہ اتنی نادان اور ناسمجھ نہیں ہوتی کہ اسے اچھے برے 'صحیح اور غلط کی پہچان نہ ہو اور اگر اسے یہ پہچان نہیں ہے تو اس پہچان کے نہ ہونے میں بھی قصور اس کا اپنا ہی ہے۔

یہ فروری کا وسط تھا۔ تقریباً" ڈیڑھ ماہ قبل معیز یہاں سے اس سے ناراض ہو کر گیا تھا' آغا جان کی تیمارداریوں میں مصروف نہ کبھی اس نے معیز کو سوچا نہ وہ اسے یاد آیا نہ اسے اس کی ناراضی کی فکر ہوئی۔

وہ اس سے ناراض تھا تو وہ تم روٹھے 'ہم چھوٹے کی عملی تفسیر بنی اس سے یکسر بے نیاز و لاتعلق 'اسے مکمل فراموش کیے آغا جان کے ساتھ اپنے روز و شب گزارتی رہی۔ مگر پھر کچھ دنوں کی ناراضی کے بعد اس کے موبائل پر معیز کی کالز اور messages آنے لگے تھے۔

وہ اس کی کالز ریسیو نہیں کر رہی' اس کے messages کا کوئی جواب نہیں دے رہی پھر بھی وہ ہمت نہ ہارتا۔ اسے تقریباً" ہر دوسرے روز کالز کر رہا تھا اور بے حساب SMS روز بھیج رہا تھا۔

وہ اسے واضح الفاظ میں اپنے مستقبل کا فیصلہ سنا کر ختم کردینا چاہتی تھی۔

وہ معیز کو کال ملا چکی تھی۔ وہ اس کی کال ریسیو کرتا خاصا خوش اور پُرجوش تھا۔

"شکر تم واپس آگئیں۔ مجھے یقین تھا' تمہارا یہ بچپنا یا ایڈونچر جو بھی اسے کہیں 'جلد ختم ہو جائے گا۔" وہ جیسے سب ناراضی اور شکوے بھلا چکا تھا۔

www.allurdu.com

"معیز! میں پشاور سے کال کر رہی ہوں۔ آغا جان کے گھر سے 'اپنے گھر سے۔" اس نے پُرسکون انداز میں اس کی غلط فہمی دور کی۔

وہ ایک پل بالکل خاموش ہوا' شاید جواب میں فوراً کچھ کہہ نہ پایا تھا۔

"تم مجھے یہ بتاؤ فارہ! یہ تمہیں دادا جان کی محبت کا اچانک بخار چڑھ کیوں گیا ہے۔ ساری زندگی تم ان سے بے زار رہی ہو اور اب ایک دم ہی.... ممی کی طرح جادو ٹونوں پر مجھے ذرا یقین نہیں مگر اب تو ایسا لگ رہا ہے جیسے واقعی تم پر کسی نے جادو ہی کر دیا ہے۔ تم مجھے وہ فارہ ہی نہیں لگ رہیں۔"

"آپ نے ٹھیک کہا معیز! مجھ پر جادو ہو گیا ہے۔ محبت کا جادو اور محبت کے جادو کے اثر سے میں اب زندگی بھر نکل نہیں پاؤں گی۔ ہاں میں وہ فارہ نہیں ہوں جسے آپ جانتے تھے۔ میں بدل چکی ہوں۔ میری خواہشات میری ترجیحات سب بدل گئی ہیں۔"

"اب تو مجھے ایسا لگ رہا ہے جیسے تم کہو گی کہ تم اپنی ساری زندگی ولی صہیب خان کے ساتھ گزارنے کے لیے تیار ہو چکی ہو' طلاق کے مطالبے سے دستبردار ہو چکی ہو۔"

"آپ ٹھیک سمجھے ہیں۔ میں نے دراصل آپ کو یہی اطلاع دینے کے لیے فون کیا تھا کہ میں ولی کے ساتھ اپنے رشتے کو قبول کر چکی ہوں۔ یہ رشتہ میرے ڈیڈی کا قائم کیا ہوا ہے اور میں اسے اپنی زندگی کی آخری سانسوں تک نبھاؤں گی۔"

"تم پاگل ہو چکی ہو فارہ! تم واقعی ہوش و حواس بالکل گنوا چکی ہو۔ تمہارا کیا خیال ہے' وہ گھمنڈی انسان تمہیں اپنی بیوی کی حیثیت سے کوئی عزت دے کر ساتھ رکھے گا؟" اتنا اعلا ظرف تو کوئی عام مرد بھی نہیں ہوتا' چہ جائیکہ اس جیسا مغرور انسان۔ تم ہمیشہ اسے مسترد کرتی رہی ہو۔ وہ تمہیں اپنا کر صرف اپنی انا کی تسکین کرے گا اور پھر زندگی بھر تم سے اپنے مسترد ہونے کا انتقام لیتا تمہیں اذیتیں اور تکلیفیں پہنچائے گا۔ ابھی جو یہ عزت کروں گی اور نبھاؤں گی کہ ڈائیلاگز بول کر تم خود کو کسی جذباتی فلم کی ہیروئن سمجھ رہی ہو اس وقت پھر سر پکڑ کر روؤ گی۔" دوستانہ و نرمی والا انداز ترک کر کے وہ یکدم ہی غصے سے بولا۔

"میں سر پکڑ کر روؤں گی یا پچھتاؤں گی' تب بھی مدد مانگنے آپ کے پاس ہرگز نہیں آؤں گی اور یہ میں آپ کو پہلے بھی بتا چکی ہوں۔ جو فیصلہ میں کر چکی میں صرف آپ کو اس سے آگاہ کر دینا چاہتی تھی' میں نے اسی لیے فون کیا تھا۔"

وہ سکون سے بات مکمل کر کے اب خدا حافظ کہہ دینا چاہتی تھی۔ مگر ایسا کر نہ سکی کیونکہ معیز "فوراً" ہی بولنے لگا تھا۔

"میں نہیں جانتا وہ خبیث تمہیں کیا کہہ کر پشاور لایا تھا۔ مگر اتنا مجھے یقین ہے کہ یہ سب ان متکبر دادا پوتے کی تمہارے اور پھوپھو کے خلاف کوئی انتہائی گہری' گھناؤنی اور گھٹیا سازش ہے۔"

"معیز! اپنے کسی بھی قریبی رشتے کے متعلق' میں کوئی غلط لفظ اب ہرگز نہیں سنوں گی۔ میں اس کہنے والے کو زندگی بھر کے لیے چھوڑ دوں گی۔ چاہے وہ میرا اچھا' مخلص اور پرانا دوست معیز تجمل ہی کیوں نہ ہو۔" اس بار وہ سکون سے نہیں غصے اور تنبیہی لہجے میں بولی۔

"بہت بے عزت کروایا میں نے اپنے دادا کو' اپنے مرحوم باپ کو' اپنے شوہر کو' اب نہیں۔ اب ہرگز نہیں۔ اب جسے مجھ سے دوستی اور محبت کا دعویٰ ہے اسے ہر اس رشتے کی عزت کرنی ہو گی جس کی میں عزت کرتی ہوں' جس سے میں پیار کرتی ہوں۔

ماں' باپ' دادا' شوہر' ان تمام رشتوں پر اگر کوئی لڑکی کزن اور دوست کے رشتے کو ترجیح دے تو وہ کس کردار کی لڑکی ہو گی؟ اور میں ایسے کردار کی لڑکی کبھی بھی نہیں بنوں گی۔"

دوٹوک اور مستحکم لہجے میں بولتی وہ بغیر خدا حافظ کے فون بند کر چکی تھی۔

☼ ☼ ☼

"تجھے ہم ولی سمجھتے جو ذرا دین دار ہوتا۔" رات کے کھانے کے دوران آغا جان ولی کے ساتھ چھیڑ چھاڑ میں مصروف تھے۔

مختلف مشہور مصرعوں میں وہ اپنی مرضی کے الفاظ جوڑتے توڑتے اسے ستا رہے تھے۔

"خود ہی نے یہ نام رکھا تھا' اب خود ہی میرے نام کے

www.allurdu.com

پیچھے پڑے رہتے ہیں۔"

"رکھتے وقت سوچا تھا کہ نام کا اثر لازمی پڑے گا، مگر ہائے افسوس۔" وہ اس کے شکوے کے جواب میں مسکرا کر بولے۔

وہ اس چھیڑ چھاڑ سے لاتعلق سر جھکا کر نوالے بنانے اور منہ میں رکھنے کے عمل کو ایک کے بعد ایک دہرا رہی تھی۔ کل رات فیصلہ کر لیا تھا کہ آج رات آغا جان کے سو جانے کے بعد وہ ولی کے پاس جا کر بات کرے گی، مگر اب جیسے جیسے گھڑی کی سوئیاں آگے بڑھ رہی تھیں، اس کی ٹینشن اور گھبراہٹ بھی بڑھتی جا رہی تھی۔

پریشانی میں اس کی بھوک بالکل مر گئی تھی اور اس وقت اسے آغا جان کی کسی انتہائی پُرلطف بات پر بھی ہنسی نہیں آ رہی تھی، وہ جبراً چہرے پر مسکراہٹ کا تاثر لا رہی تھی۔

وہ اپنے کس کس عمل کی اسے کیا توجیہہ پیش کرے گی، وہ اس کا چاہتیں لٹاتا دادا نہیں، جو کوئی وضاحت مانگے بغیر اسے سینے سے لگا لے، اس کے ساتھ کزن کا رشتہ ہو یا شوہر کا، اس کے دونوں ہی رشتے انا رکھنے والے رشتے تھے۔

بس صرف ایک امید اس کی آغا جان سے بے تحاشا محبت تھی۔ وہ آغا جان سے بے تحاشا والہانہ محبت کرتا ہے اور شاید ان کی خاطر وہ اپنی انا کو ایک طرف رکھ کے اسے معاف کر سکے۔

کھانے اور دوا کے تمام مراحل سے فارغ ہونے کے بعد جب آغا جان سونے لیٹ گئے تو وہ دونوں بھی روز کی طرح اپنے اپنے کمروں میں آ گئے۔

آغا جان گہری نیند سو جائیں، اس نے کچھ وقت صرف یہی سوچ کر اپنے کمرے میں گزارا اور جب کافی دیر بعد یہ اطمینان ہو گیا کہ اب تک وہ گہری نیند سو چکے ہوں گے تب وہ اپنے کمرے سے نکل کر سیڑھیوں پر آ گئی۔

وہ لوگ آغا جان کی وجہ سے جلدی کھانا کھا لیا کرتے تھے اور ابھی صرف ساڑھے نو بجے تھے۔ وہ اس وقت اپنے کمرے میں کیا کر رہا ہو گا۔ کیا وہ کمرے میں جاتے ہی سو گیا ہو گا یا کچھ دیر ٹی وی دیکھ رہا ہو گا یا کسی دوست سے فون پر بات کر رہا ہو گا یا کچھ پڑھ رہا ہو گا یا انٹرنیٹ استعمال کر رہا ہو گا۔

وہ اس کی اس ڈل اور روکھی پھیکی زندگی پر حیرت کے ساتھ اف ر ا بھ ، محسو ، کرنے لگا تھ ا۔

وہ آغا جان کی وجہ سے کہیں نہیں جاتا تھا، اس کا اپنا سوشل سرکل یقیناً تھا مگر وہ اسے چھوڑے فرائض اور ذمہ داریوں میں الجھا رہتا تھا۔ آغا جان اس کے لیے سخت آزردہ رہتے تھے۔

بہت ینگ ایج میں وہ، وہ زندگی گزار رہا تھا جیسی کوئی پچاس، پچپن سال کی عمر میں بھی گزارنا پسند نہیں کرتا ہو گا۔ گھر، دفتر، کام، ذمہ داریاں، ذمہ داریاں اور صرف ذمہ داریاں، اس ایک جیسی روٹین والی لائف میں تفریح تو کہیں نظر ہی نہ آتی تھی۔

وہ آغا جان کے برابر والے کمرے کے دروازے پر کھڑی تھی۔ آغا جان نے اسے بتایا تھا کہ پہلے ولی کا بیڈ روم فرسٹ فلور پر تھا مگر ان کی طبیعت کے مسلسل خراب رہنے پر اس نے یہ برابر والا کمرہ اپنا بیڈ روم بنا لیا تھا تاکہ رات میں کسی بھی وقت آغا جان کو ضرورت ہو تو وہ ان کی ایک آواز پر فوراً ان کے پاس آ سکے۔

دروازہ پر آہستگی سے دستک دے کر اس نے خود کو پرسکون رہنے کی تلقین کی اسے کمرے میں اندر آنے کی اجازت دیتے غالباً اس کے ذہن میں کوئی اور تھا۔

دروازہ کھول کر وہ اندر آئی تو اسے دیکھ کر اس کے چہرے پر جو حیرت پھیلی، اس نے اسے بتا دیا کہ اس وقت وہ اپنے کمرے میں کسی کی بھی آمد کی توقع کر سکتا تھا سوائے اس کے۔

"اگر تم بزی نہ ہو تو مجھے تم سے کچھ بات کرنا ہے۔" اپنے اندر اعتماد اور جرات پیدا کرتے وہ آہستگی سے بولی۔ اندر ہی اندر اس پر گھبراہٹ اور کچھ پریشانی طاری تھی


عمران ڈائجسٹ کا ایک حیرت انگیز سلسلہ

ائیر ہوسٹس

اب دو حصوں میں شائع ہو گئی ہے

مکتبہ عمران ڈائجسٹ، ۳۷ اردو بازار کراچی

www.allurdu.com

نہیں دے رہی تھی۔

مگر وہ اسے عیاں ہونے نہیں دے رہی تھی۔

وہ بیڈ پر ٹانگیں پھیلا کر بیٹھا تھا' اس کے ہاتھ میں ایک کتاب بھی تھی اور کمرے میں کوئی میٹھی سی دھن بھی مدھم سروں میں بج رہی تھی۔

ٹانگیں سمیٹ کر وہ سیدھا ہو کر بیٹھا' ریموٹ سے میوزک بند کیا اور ساتھ ہی اس سے بھی کہا۔ "بیٹھو۔"

وہ سامنے صوفے پر بہت پُر تکلف سے انداز میں بیٹھ گئی۔

کتاب بند کر کے سائڈ میں رکھتے اس نے فارہ کو دیکھا۔ اب اس کے چہرے پر حیرت نہیں صرف سنجیدگی اور خاموشی تھی۔

اسے کیا کہنا ہے' وہ بہت کچھ سوچ کر اور جملے مرتب کر کے آئی تھی مگر بات کا آغاز کرنا بے حد دشوار ثابت ہو رہا تھا۔

خاموشی سے اس کے بولنے کا انتظار کرتا اسے دیکھ رہا تھا۔

"میں تم سے ہمارے نکاح کے بارے میں بات کرنا چاہتی ہوں۔" وہ ہچکچاتے ہوئے آہستگی سے بولی۔

یہ بات کہتے وہ اس کی طرف دیکھنے کا حوصلہ اپنے اندر پیدا نہیں کر پائی تھی' اس لیے نظریں دانستہ اپنے گود میں دھرے ہاتھوں پر مرکوز کر رکھی تھیں۔

وہ اس کے کچھ کہنے کی منتظر تھی' مگر وہ بالکل خاموش تھا اور خاموشی کا وقفہ بے حد طویل ہو گیا تھا۔

کیا وہ کمرے سے اٹھ کر چلا گیا' وہ یہاں پر اکیلی بیٹھی ہے' اس نے بوکھلا کر سر اوپر اٹھایا' وہ خاموشی سے اسے دیکھ رہا تھا۔ اس کے چہرے پر بکھری سنجیدگی کس جذبے کا اظہار کر رہی ہے' وہ سمجھ نہ پائی۔

"میں چاہتی ہوں' ہمارا رشتہ ختم نہ ہو۔ آغا جان کی اس رشتے میں اتنی خوشی ہے۔ کیا ان کی خوشی کی خاطر ہم اس رشتے کو نبھا نہیں سکتے؟" وہ اس کی مسلسل خاموشی سے اپنا اعتماد کھونے لگی تھی۔

یہ کچھ تو بولے' الزامات ہی عائد کرے' برا بھلا ہی کہے' کچھ تو کہے۔

"میں جانتی ہوں' تم مجھے اچھا نہیں سمجھتے۔ میں نے ماضی میں ایسا کچھ کیا بھی نہیں جس کے بل بوتے پر مجھے اپنی اچھائی کا کوئی دعوا ہو۔ زرمینہ نے ہسپتال میں مجھے جو کچھ کہا اگرچہ وہ بھی میرے گزشتہ اعمال کے مقابلے میں بہت کم ہی تھا مگر تم نے تو مجھے اتنا بھی کچھ نہیں کہا مگر تمہارے کچھ کہے بغیر بھی میں جانتی ہوں کہ تم مجھے اس سے بھی زیادہ برا سمجھتے ہو' شاید مجھ سے نفرت بھی کرتے ہو۔

تم مجھے کیسا سمجھتے ہو' یہ اس بات سے واضح ہے کہ تم نے لاہور میرے پاس آ کر بجائے یہ کہنے کے کہ آغا جان شدید بیمار ہیں۔ تمہیں دیکھنے کو تڑپ رہے ہیں لہٰذا میں تمہارے ساتھ چلوں' مجھے اپنے ساتھ لانے کے لیے ایک معاہدہ میرے سامنے رکھا۔

میں اپنی کسی بھی پچھلی برائی سے انکار نہیں کر رہی۔ جو غلطیاں میری ہیں' وہ میری ہی ہیں' انہیں کسی اور کے کھاتے میں ڈال کر میں خود کو بری الذمہ قرار نہیں دے سکتی۔ میں نے زندگی میں اب تک جو کچھ غلط کیا۔ مجھے اس کا احساس ہے اور میں اسے ٹھیک کرنا چاہتی ہوں۔ جو کاغذ تم نے مجھے دیا تھا وہ میں کب کا جلا کر ضائع کر چکی ہوں۔ میں اب یہاں سے کبھی بھی کہیں جانا نہیں چاہتی۔ میرے پاس میری کسی بد تمیزی' کسی بد سلوکی' کسی برے رویے کی کوئی توجیہہ' کوئی جواز نہیں جو کچھ میں نے کیا' وہ سب کا سب سراسر غلط تھا۔

پھر بھی اگر تم اعلا ظرفی سے کام لے کر مجھے معاف کر سکو تو میں چاہتی ہوں یہ رشتہ جڑا رہے۔ اس رشتے سے میرے ڈیڈی اور تمہارے پاپا کی بہت سی خواہشات و امیدیں جڑی ہیں' اس رشتے سے آغا جان کی بے شمار خوشیاں وابستہ ہیں۔ اتنے دکھ دینے کے بعد میں اب انہیں مزید کوئی دکھ اپنی وجہ سے نہیں دے سکتی۔ کیا آغا جان کی خوشیوں کے لیے' ہم دونوں پچھلی ہر بات بھلا کر اس رشتے کو نبھا نہیں سکتے؟"

ٹھہر ٹھہر کر بہت سنبھل کر اور محتاط ہو کر اس نے ایک ایک لفظ ڈرتے ڈرتے ادا کیا۔

اور جب کہہ چکی تب خوف زدہ نگاہوں سے اسے دیکھا۔

"آغا جان کی خوشی کے لیے اس رشتے کو نبھائیں؟"

ایک پل بالکل خاموش رہا۔

اس پل بھر کی خاموشی کے بعد اس نے اس کے الفاظ بہت سکون اور سنجیدگی سے دہرائے۔ وہ غصے' نفرت یا اشتعال میں نہیں بلکہ بہت پر سکون اور ہموار لہجے میں اس سے مخاطب تھا۔

www.allurdu.com

"تمہاری غلطی پتا ہے کیا ہے فارہ؟ تم نے ہمیشہ آغا جان کے ساتھ اپنے رشتے کو اس نکاح کے ساتھ ملا کر ایک ہی نظر میں رکھا۔ یہی غلطی تم اب کر رہی ہو۔ تم نے ہمیشہ آغا جان کے ساتھ برے رویے بھی اسی لیے اختیار کیے کیونکہ تم اس رشتے سے ناخوش تھیں۔ آغا جان کے ساتھ تمہارا دادا پوتی کا رشتہ تو ایک بہت الگ رشتہ تھا فارہ! آج اگر ہمارا رشتہ ختم ہو جائے تو کیا آغا جان سے' اس گھر سے' یہاں تک کہ مجھ سے بھی تمہارا ہر رشتہ ختم ہو جائے گا؟

تم دو الگ الگ چیزوں کو ساتھ کیوں ملاتی ہو۔ پہلے جب انہیں اپنے دادا کی حیثیت سے قبول کرنے کو تیار نہ تھیں' اس گھر میں آنے پر راضی نہ تھیں تو اس رشتے کو ختم کر دینے کا اعلان کرتی تھیں۔ آج جب آغا جان کی محبت قبول کر لی اور یہاں رہنے پر آمادہ بھی ہو گئیں تو تمہیں یہ کیوں لگتا ہے' تمہارے یہاں رہنے کی شرط یہ نکاح اور اس کا قائم رہنا ہے؟"

اس نے کسی وضاحت کے لیے لب کھولنا چاہے مگر وہ دو ٹوک لہجے میں بولا۔

"اب یہ موضوع چھڑا ہے تو پھر مجھے ساری بات کر لینے دو۔ تم اپنی غلطیوں پر شرمندہ ہو' پچھتا رہی ہو' اپنی غلطیوں کا ازالہ بھی کرنا چاہتی ہو یہ سب ٹھیک ہے۔ لیکن ان غلطیوں کے ازالے کے لیے ایک ایسا رشتہ جسے کبھی تمہارے دل نے قبول نہ کیا کیوں نبھانا چاہتی ہو؟ شادی دل خوشی کا نام ہے فارہ! کسی جبر اور زبردستی کا نہیں۔ ایک لڑکی جو میرے ساتھ اپنے رشتے کو قبول نہیں کرتی' میرے ساتھ رہنا نہیں چاہتی' میں اسے ایک معاہدہ کر کے اپنے ساتھ لے آؤں۔ وہ بوڑھے بیمار دادا کو دیکھے گی' یہ جانے گی کہ دادا کی یہ حالت میرے سبب ہے تو بری طرح شرمندہ ہوتے اپنے انکار سے تائب ہوتی اس رشتے کو قبول کر لے گی؟ یہ تو بہت سستی جذباتیت بلکہ انتہا درجہ کی گھٹیا ترین حرکت ہے۔

اگر تم سے اس رشتے کو ایسے ہی کسی طرح منوانا میرا مقصد ہوتا تو اس گھٹیا ترین جذباتی ہتھکنڈے سے لاکھ گنا بہتر تھا کہ میں تمہیں تمہارے برسوں پہلے کے خوف کے عین مطابق گن پوائنٹ پر اغوا کر کے اپنے ساتھ لے آتا۔ تمہیں زبردستی اور جبراً اٹھا لانے میں پھر بھی شاید کچھ مردانگی' کچھ عزت اور کچھ وقار موجود ہوتا مگر آغا جان کی بیماری کو ہتھیار بنا کر تمہیں جذباتی کرنا اور پھر تمہاری اس جذباتی کمزوری کا فائدہ اٹھانا اس سے پست حرکت تو میری نظر میں کوئی ہو ہی نہیں سکتی۔"

اس نے کچھ کہنے کے لیے لب کھولے مگر اس نے پھر اسے ہاتھ کے اشارے سے خاموش رہنے کو کہا۔

"میں نے زندگی میں اپنے مقام اور وقار سے نیچے اتر کر کبھی کوئی کام نہیں کیا فارہ! میں تمہیں یہاں اس لیے ہرگز نہیں لایا تھا کہ آغا جان کی حالت کا ذمہ دار خود کو سمجھ کر شرمندہ و نادم ہوتے تم مجھے قبول کر لو۔

آغا جان تم سے شدید محبت کرتے ہیں' یہ بات اب تم بھی اچھی طرح جانتی ہو۔ تم ان کے پاس آ کر رہنے لگو' ان کے بیٹے کی فیملی پھر سے ان کے پاس آ جائے یہ نجانے ان کی کتنے برسوں پرانی خواہش ہے۔

مگر جب یہ خواہش پوری ہونے کے بجائے انہیں لگا کہ تم ان سے اپنا ہر تعلق ختم کر دینا چاہتی ہو' تب وہ شدید بیمار پڑ گئے۔ وہ تمہیں اپنے قریب دیکھنے کے لیے' تمہیں اپنی محبت کا یقین دلانے کے لیے تڑپ رہے تھے' وہ پوری پوری رات بے قراری سے روتے رہتے تھے' تب میرے پاس اس کے علاوہ اور کوئی چارہ نہ تھا کہ کسی بھی طرح تمہیں ان کے پاس لے آؤں۔

میں نے اسی وقت Divorce (طلاق) دینے کے بجائے تین مہینے بعد کا وعدہ کیوں کیا' اس لیے کہ تم نے Divorce (طلاق) کے ساتھ جائیداد میں حصے کا مطالبہ بھی کر رکھا تھا۔ تمہاری طرف سے یہ دونوں مطالبے ایک ساتھ کیے گئے تھے۔ تم یہ دونوں چیزیں ایک ساتھ چاہتی تھیں۔

میں اپنا اور تمہارا رشتہ خاموشی سے ختم کر کے تمہیں یہاں لا سکتا تھا اور آغا جان کو یہ بات پتا بھی نہ چلتی مگر جائیداد کی تقسیم خاموشی سے ہونے والا کام نہ تھا اور میں ایک مرتے ہوئے شخص کو یہ اذیت دینا نہیں چاہتا تھا کہ وہ اپنی اولاد کے مابین ہر رشتے اور ہر تعلق کو اپنی آنکھوں سے ختم ہوتا دیکھے۔

جائیداد کی وہ تقسیم اس وقت اس انداز میں انہیں جائیداد کی نہیں بلکہ اپنے گھر اور اپنی اولاد کی تقسیم لگتی۔"

جائیداد کا نام پر جو تاثر اس کے چہرے پر پھیلا' وہ اس تاثر کو بغور پڑھتا ہوا بولا۔

"ہاں' یہ بات میں اب جانتا ہوں فارہ! کہ جائیداد میں

www.allurdu.com

حصے کا مطالبہ تمہارا نہیں تھا مگر تب میں یہی سمجھا کرتا تھا' اسی لیے تب میں نے ان دونوں چیزوں کو کچھ مہینے بعد طے کرنے کا تم سے وعدہ کیا تھا اور میں نے تین مہینے ہی کیوں کہے تھے تو صرف اس لیے کہ مجھے تمہارے سامنے کوئی نہ کوئی ٹائم پیریڈ تو رکھنا تھا۔ سچ تو یہ ہے فارہ! کہ اس وقت مجھے یہ یقین کبھی نہیں تھا کہ آغا جان تین مہینے بعد زندہ ہوں گے بھی یا نہیں۔ تم نے ان کی وہ حالت نہیں دیکھی جو میں نے دیکھی ہے' تب مجھے کیا ان کے ڈاکٹرز تک کو ایسا ہی لگا کرتا تھا کہ شاید اب وہ زیادہ جی نہ سکیں گے۔

تمہیں یہاں لاتے وقت میں بس یہ چاہتا تھا کہ اگر یہ آغا جان کا آخری وقت ہے تو مرنے سے پہلے تمہیں اپنے پاس دیکھ لیں۔ تمہیں اپنی محبت کا یقین دلا دیں اور جو کچھ وہ ان برسوں میں تم سے کبھی کہہ نہ پائے وہ سب کہہ ڈالیں۔

اگر وہ ان کا آخری وقت تھا تو میں تمہیں اس آخری وقت میں ان کے قریب لا کر ان کی زندگی کی سب سے بڑی خواہش پوری کر دینا چاہتا تھا فارہ!"

اس کا چہرہ شدت جذبات سے سرخ ہو رہا تھا' اس کی آنکھوں میں گہرا دکھ پھیلا ہوا تھا۔ وہ اب کچھ کہنے کی کوشش کرنے کے بجائے خاموشی سے اسے دیکھ رہی تھی۔

"آغا جان اور تمہارے تعلقات میں رکاوٹ کا سبب ہمیشہ یہ نکاح ہی بنا۔ ان گزرے برسوں میں تم شاید کبھی ان کی محبت کو قبول کر ہی لیتیں مگر تمہیں یہ بات بھولتی نہیں تھی کہ والہانہ محبتیں نچھاور کرتے اس دادا نے تمہیں ایک جبر کے رشتے میں باندھا ہے۔" ولی نے بغور اسے دیکھتے دھیمی آواز میں کہنا شروع کیا۔ "میں تمہیں بہت سی باتوں کے لیے غلط سمجھتا ہوں۔ لیکن جبراً" قائم ہوئے اس رشتے سے انکار میں تم حق بجانب ہو۔"

مر جانے والوں کی خواہشات پر زندہ لوگوں کو قربان کر ڈالنا' یہ کہاں کا انصاف ہے؟ جب یہ نکاح ہوا' ہم اس روز سے پہلے کبھی ایک دوسرے سے ملے تک نہ تھے' ایک دوسرے کو جانتے تک نہیں تھے۔

میں شاید انکار کر دیتا مگر تب بابا کے انتقال کو اتنے تھوڑے دن ہوئے تھے' میں ذہنی طور پر بہت ڈسٹرب تھا۔ مجھ سے بھوز بابا نے اس رشتے کے لیے کہا اور میں ان لمحوں میں انہیں انکار نہیں کر پایا لیکن کچھ عرصہ میں جب میری ذہنی حالت بہتر ہوئی' میں بابا کی موت کے صدمے سے باہر نکلا' میں نے تب ہی سوچ لیا تھا کہ جبراً" اس رشتے کو نہیں نبھاؤں گا۔ آغا جان کہتے تھے ابھی فارہ کی تعلیم مکمل ہونے دو' اس موضوع کو نہ چھیڑو' مگر میں نے ان سے بالکل واضح انداز میں کہہ دیا تھا کہ میں فارہ سے براہ راست بات کیے بغیر' اس سے اس کی مرضی جانے بغیر کبھی اس شادی کے لیے آمادہ نہیں ہوں گا۔

میں نے ایک بار تمہیں فون کر کے بھی یہی یقین دلانا چاہا تھا کہ تم اس نکاح سے ڈسٹرب نہ ہو۔ تمہاری مرضی کے خلاف کبھی بھی کچھ نہیں ہو گا۔

کیونکہ میں محسوس کرتا تھا کہ تم مجھ سے خائف رہتی ہو' تمہیں لگتا ہے کہ میں تمہیں زبردستی اٹھا کر ساتھ لے جاؤں گا۔ اس روز تم سے بات نہ ہو سکی' لیکن پھر جیسے جیسے وقت گزرنے لگا مجھ پر یہ بہت اچھی طرح واضح ہوتا چلا گیا کہ تم اس رشتے سے کس قدر بیزار اور نالاں ہو۔

میں جبر کے اس رشتے کو برقرار رکھنے کے کبھی بھی حق میں ہی نہ تھا مگر آغا جان کے بارے میں' میں تمہیں بتاؤں فارہ! وہ اس نکاح کو ختم کرتے اس لیے ڈرتے تھے۔ مجھے اس لیے روکتے تھے کیونکہ انہیں لگتا تھا کہ یہ رشتہ انہیں ان کے مرحوم بیٹے کی فیملی کے ساتھ جوڑ کر رکھ سکتا ہے۔

اس نکاح اور رخصتی کی خواہش میں ان کی صرف یہی غرض پوشیدہ تھی فارہ کہ اس طرح پھر تم ان کے قریب ان کے پاس آ جاؤ گی۔

وہ اس رشتے کے ٹوٹنے سے ڈرتے تھے فارہ! انہیں لگتا تھا کہ اگر یہ رشتہ ٹوٹا تو شاید پھر تم ان سے اپنا ہر رشتہ توڑ ڈالو گی' ان سے کبھی ملو گی نہیں۔

لیکن یہ شادی ایسے ہو جانے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ تمہارے فائنل ایئر تک میں آغا جان کی وجہ سے مصلحتاً" خاموش تھا' مگر فائنل ایئر کے بعد میں خود تم سے یہ کہنے کے لیے' تم سے ملنے آ رہا تھا کہ تمہاری مرضی نہیں ہے چنانچہ ہم اس رشتے کو ہنسی خوشی ختم کر دیتے ہیں۔

لیکن یہ سب کہنے کے ساتھ میں تم سے یہ بھی کہنا چاہتا تھا کہ تم آغا جان کے ساتھ اپنے رشتے کو اس نکاح سے ہٹ کر دیکھو اور ان کے ساتھ اپنے رشتے کو قبول کر لو۔ ان کے دل کی خوشی کے لیے ایک بار یہاں ہمارے گھر ضرور آ جاؤ۔

لیکن اس سے پہلے کہ میں تم سے آ کر علیحدگی اور طلاق

www.allurdu.com

کی بات کرنا تمہاری طرف سے یہ مطالبہ لڑائی جھگڑے اور جنگ و جدل کے ساتھ پیش ہوگیا۔

دو پڑھے لکھے لوگوں کے مابین جو ایک معاملہ خوش اسلوبی اور ڈیسنٹ طریقے سے حل ہو سکتا تھا' وہ انتہائی جاہلانہ انداز میں سامنے لایا گیا۔

طلاق جائیداد میں حصے کا مطالبہ' بات نہ کرنا' رابطہ رکھنا پسند نہ کرنا' ان سب کا آغا جان کیا مطلب لیتے ہیں ناں کہ تم اس نکاح کو نہیں در حقیقت انہیں رد کر رہی ہو۔ ان سے قطع تعلقی کا اعلان کر رہی ہو۔ ان کی طبیعت کی اس درجہ خرابی کی وجہ بھی یہی بات تھی۔"

وہ ایک لمحہ کے لیے رکا پھر اسی دھیمے لب و لہجے میں دوبارہ گویا ہوا۔

"یہ سب تفصیل میں نے تمہیں اس لیے بتائی ہے کہ تم سمجھ سکو کہ آغا جان کی خوشیوں کا تعلق تمہارے ان کے قریب ہونے' ان کے پاس آکر رہنے سے ہے نہ کہ ہمارے نکاح یا رخصتی سے۔

وہ ہم سے کوئی قربانی نہیں صرف محبت مانگتے ہیں۔ ان کی خوشیاں ہم لوگوں کی خوشیوں میں پوشیدہ ہیں۔" اس بار جیسے ہی وہ رکا' وہ مضطرب سی ہو کر فوراً" بولی۔

"لیکن اس رشتے میں ان کی خوشی تو تھی نا ولی!"

"آغا جان کی خوشی تمہیں اپنے پاس دیکھنے میں ہے فارہ! تم یہاں ان کے پاس آگئیں' سب بدگمانیاں دور ہو گئیں۔ تم نے ان کی محبت پورے دل کے ساتھ قبول کر لیا تو تم خود دیکھ لو وہ کیسے صحت مند اور خوش نظر آنے لگے ہیں۔

اور اب جبکہ سب کچھ بالکل ٹھیک ہو چکا ہے تو پھر اب آغا جان کے رنجیدہ ہونے کے لیے کیا وجہ باقی بچی ہے۔"

"لیکن ولی! اگر ہم نے طلاق کی بات کی تو انہیں تکلیف تو پہنچے گی۔ کتنا بھی کچھ کہیں' بہرحال اس نکاح سے ان کے دونوں بیٹوں کی یادیں' ان کی آرزوئیں جڑی ہیں۔ کیا آغا جان کے دل کو دکھ نہیں ہوگا ہمارے اس رشتے کو ختم کرنے پر۔" وہ پھر بے چینی اور اضطراب میں گھر کر بے ساختہ بولی۔

"آغا جان کے دل کو اس وقت زیادہ تکلیف اور دکھ پہنچے گا فارہ! جب وہ یہ دیکھیں گے کہ ان کی پوتی صرف ان کے دل کی خوشی کے لیے قربانی دے کر ایک سمجھوتے کی زندگی کا انتخاب کر رہی ہے۔" وہ پرسکون لہجے میں بولا۔

"ساری زندگی ساتھ گزارنے کے فیصلے کسی کے لیے اور کسی کی خاطر نہیں کیے جاتے۔ تمہاری شادی وہیں ہونا چاہیے جہاں تمہارے دل کی مرضی ہے اور جہاں تک میرا سوال ہے تو میں اس لڑکی سے شادی کروں گا جو میرا ساتھ میرے لیے' میری وجہ سے چاہے گی اور جو مجھ سے محبت کرے گی۔ تم میرے تایا کی بیٹی ہو' میرے لیے ہمیشہ قابل احترام رہو گی۔ میں تم سے نفرت کرتا ہوں' اس غلط فہمی کو اپنے دل سے نکال دو۔ ہم اس رشتے کو خوش اسلوبی سے بغیر کسی جھگڑے اور فساد کے ختم کریں گے۔ تمہیں اس حوالے سے کسی بھی طرح کی ٹینشن لینے کی قطعاً" کوئی ضرورت نہیں۔

میں تمہیں گارنٹی دے رہا ہوں کہ آغا جان نہ تم سے خفا ہوں گے نہ مجھ سے۔ بلکہ وہ ہم دونوں کی خوشی میں مکمل طور پر خوش اور راضی ہوتے ہنسی خوشی ہم دونوں کی وہاں شادیاں کروائیں گے جہاں ہم کرنا چاہیں گے۔"

اسے جو کہنا تھا وہ کہہ چکا تھا اور اس کے کہنے کے لیے اس نے کچھ چھوڑا نہیں تھا۔ اس نے اسے کمرے سے جانے کے لیے نہیں کہا تھا لیکن اب وہ یہاں بیٹھ کر کیا کرتی۔

وہ ساری بات ختم کر چکا تھا۔ نہ الزامات عائد کیے نہ برا بھلا کہا' وہ اس سے کیا کیا کچھ سننے کی امید لے کر آئی تھی۔

وہ اپنے دل کی بھڑاس نکالے گا' اگلے پچھلے سارے حساب بے باق کرتا پتا نہیں اسے کیا کیا کچھ سنائے گا' کڑوی کسیلی باتیں کرے گا' اس سے نفرت کا اظہار کرے گا۔

"تم سے شادی کر لوں؟ تم ہو کیا چیز فارہ بہروز خان؟ کیا سمجھتی ہو خود کو مس ورلڈ' مس یونیورس' کہیں کی کوئی راجکماری' شہزادی اور میں تمہارا ادنیٰ غلام۔

تم کہو گی شادی نہیں کرنی' طلاق دے دو' میں دے دوں گا۔ تم کہو گی طلاق کا موڈ نہیں' چلو شادی کر لیتے ہیں' میں شادی کر لوں گا۔" نفرت سے بولتا وہ اسے اس کی اوقات یاد دلائے گا۔

"فارہ بہروز خان تم سی گھٹیا لڑکی کو میں اپنی بیوی کی حیثیت دوں گا؟ یہ خوش فہمی تمہیں لاحق ہو کیونکر گئی کہ میں تمہیں اپنی بیوی کے مرتبے پر فائز کر دوں گا۔"

وہ یہ اور اس سے بھی زیادہ دل دکھاتے نفرتوں میں ڈوبے فقرے ولی کی جانب سے سننے کی امید لے کر آئی تھی

CS CamScanner

www.allurdu.com

وہ اعلا تعلیم یافتہ تھا' خوش شکل تھا' اچھے خاندان سے تھا' دولت مند تھا' اس میں کس چیز کی کمی تھی جو وہ ایک ایسی لڑکی کو قبول کر لینے پر آمادہ ہو جاتا جو زندگی بھر اسے ٹھکراتی آئی تھی۔

اس کی ہر نفرت آج وہ اسے لوٹا سکتا تھا۔ لیکن ولی صہیب خان نے تو اس کے ساتھ نفرت کا رشتہ بھی نہیں رکھنا چاہا تھا۔

وہ اس کے ساتھ کوئی بھی رشتہ نہیں رکھنا چاہتا تھا۔ وہ واقعی اپنے لفظوں سے پھرنے والا انسان نہیں تھا' وہ عنقریب اسے چھوڑ دینے والا تھا۔

جو ٹھنڈے' پرسکون' مہذب لہجے میں فاصلہ رکھتے ذاتیات کو درمیان میں لائے بغیر بات کرے اسے کیا کہیں گے۔

اس نے تو آپ کے ساتھ سرے سے کوئی بھی رشتہ چاہے وہ نفرت اور دشمنی ہی کا کیوں نہ ہو' رکھنے سے انکار کر دیا ہے۔

ڈیڈی کی آخری خواہش کا احترام ان کا قائم کردہ رشتے کی عزت' سعادت مند' فرماں بردار بیٹی کا فرض' وہ کیا کیا بلند عزائم لے کر اس کے پاس آئی تھی اور وہ کہہ رہا تھا کہ وہ اس کے طلاق کے مطالبے کو درست سمجھتا ہے۔

مردہ قدموں سے زینہ چڑھتے اس کا دل چاہ رہا تھا وہ چلا چلا کر روئے۔ شاید اس کی فرسٹریشن اسی طرح دور ہو پائے۔

وہ پوری رات شدتوں سے روتی رہی تھی۔ وہ پوری رات جاگتی رہی تھی۔ اذان کی آواز کانوں میں پڑی تب وہ بستر سے اٹھ گئی۔ یہ اس کے ڈیڈی کا قائم کردہ رشتہ ہے' اسے ٹوٹتا دیکھنا اس کے لیے جسم سے روح نکال دینے والا عمل ہو گا۔ ٹوٹتا دیکھنا تو بہت دور کی بات اسے تو صرف یہ جان کر ہی کہ ولی نے ان کے اس رشتے کو توڑنے کا جو وعدہ اس سے کر رکھا تھا۔

وہ اپنے اس وعدے پر پوری طرح قائم بھی ہے اور عنقریب اسے توڑ بھی دینے والا ہے' اسے اپنی سانسیں رکتی محسوس ہو رہی ہیں' نماز کے لیے سر پر دوپٹہ لپیٹے اس نے سوچا۔

"مجھے طلاق چاہیے۔ میں ولی صہیب خان کے ساتھ کسی بھی قیمت پر نہیں رہنا چاہتی۔" جائے نماز بچھاتے اس کے اپنے الفاظ اس کے کانوں میں گونجے۔

پہلے وہ صرف یکم جنوری کی دوپہر کو بدلنا چاہتی تھی۔ آج ماضی کے کئی لمحے تھے' جنہیں وہ بدلنا چاہتی تھی۔ جنہیں وہ دوبارہ جینا چاہتی تھی۔

ولی کی فون کال.... اب وہ اس سے بات کرے گی' وہ اس کی بات سنے گی۔

زرمینہ کی شادی کا کارڈ۔ اب ممی حقارت آمیز برتاؤ کریں' کارڈ ہاتھ میں نہ پکڑیں' وہ سامنے صوفے سے اٹھ کر اس کے پاس آئے گی' اس سے کارڈ لے گی۔

ہاسپٹل کے داخلی دروازے پر وہ اس کا منتظر کھڑا ہے اور پیچھے کہیں معیز بھی موجود ہے اس کی سالگرہ کا دن منانے' وہ معیز کے پاس بعد میں جائے گی پہلے ولی کی بات سنے گی۔

وہ بے وجہ تو نہیں آیا' یقیناً" کچھ کہنے" کوئی بات کرنے آیا ہے' وہ معیز کے ساتھ ڈنر کر رہی ہے' ولی اسے اس کے ساتھ بیٹھا دیکھ کر غصے سے اٹھ کر چلا گیا ہے۔

وہ اسی روز گھر آکر اسے فون کرے گی' بتائے گی کہ معیز صرف اس کا دوست ہے' ڈیڈی کے انتقال کے بعد جب ممی کے بدلتے رویوں کے سبب وہ بالکل تنہا ہو گئی تھی۔ تب اس کے قریب معیز کے علاوہ اور ایسا کوئی نہیں تھا جس سے وہ دل کی باتیں کہہ سکتی' اس کے باقی سب دوست اس کے ہم عمر' امیچور' لاابالی اور غیر سنجیدہ تھے' جبکہ وہ اس سے سات سال بڑا تھا' میچور اور سمجھ دار تھا۔

وہ اپنی پڑھائی اور دیگر معاملات و مشکلات میں اس سے مشورے لینے لگی تھی' اپنے دکھ سکھ اس سے کہنے لگی تھی۔ اس سے بڑھ کر اس کا معیز سے کوئی رشتہ نہیں۔

وہ آغا جان کے ساتھ اس کے رزلٹ کا سن لینے کے بعد آیا ہے' ممی تجمل ماموں اور معیز ڈرائنگ روم میں ان لوگوں سے اعلانیہ طلاق کا مطالبہ اور جھگڑا شروع کریں اس سے پہلے وہ خود ڈرائنگ روم میں چلی جائے گی۔

ولی اس کی پڑھائی ختم ہو جانے ہی کا انتظار کر رہا تھا ناں۔ آج یقیناً" وہ خود اس سے اس کی علیحدگی ہی کی کوئی بات کرنے آیا ہے' وہ اس کی ہر بات پورے دھیان اور توجہ سے سنے گی۔

کاش ماضی کے ان لمحوں پر اب اسے اختیار مل جائے۔ کاش' کاش' ماضی کا المیہ یہی تو ہے کہ وہ یاد ہمیشہ رکھا جاتا ہے' بدلا کبھی نہیں جا سکتا۔

سنتوں کی ادائیگی کے بعد اس نے فرض کی نیت



CamScanner

www.allurdu.com

باندھ میں۔ وہ نماز یکسوئی سے نہیں پڑھ رہی تھی۔ نماز کے دوران آنے والے خیالات پر گرفت نہیں، مگر ان خیالات کو ذہن سے جھٹکنا تو چاہیے۔ ذہن کو یکسو کرتے اس نے فرض ادا کیے۔

دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے تو سمجھ میں نہ آیا' وہ اللہ سے کیا مانگے۔ زندگی کے پچھلے کئی برسوں سے وہ اللہ سے ولی صہیب خان سے نجات پانے کی دعا مانگتی آئی تھی آج کیا مانگے؟

"اب مجھے اس سے نجات نہیں اس کا ساتھ چاہیے؟"

"وہ سب بھلا کر مجھے اپنانے کے لیے تیار ہو جائے؟"

"وہ ہمارے اس رشتے کو قائم رکھنے کے لیے آمادہ ہو جائے؟"

"وہ پھر کبھی بھی مجھے چھوڑنے کی بات نہ کرے؟"

وہ دعا میں سوائے آنسو بہانے کے اللہ سے کچھ بھی نہ مانگ پائی۔ بہت دیر خاموش آنسو بہاتے رہنے کے بعد وہ جائے نماز پر سے اٹھی۔

"میں اس لڑکی سے شادی کروں گا جو میرا ساتھ میرے لیے' میری وجہ سے چاہے گی اور جو مجھ سے محبت کرے گی۔"

جائے نماز کارپیٹ پر سے واپس اٹھاتے اسے ولی کے الفاظ یاد آئے اور ان لفظوں کے ساتھ کچھ اپنے بھی مغروریت لیے لفظ خود پسندی و تکبر والی سوچیں۔

"اور اگر معیز کا ساتھ کسی سبب اسے نہ مل سکا' اس کے لیے دنیا میں آخری مرد ولی صہیب خان بچا تو وہ کنواری رہنے اور تنہا زندگی گزارنے کو اپنے لیے منتخب کرے گی۔" وہ جائے نماز تہہ کرنے لگی۔

"اس کی دنیا میں آنے والا پہلا مرد ولی صہیب خان ہے' اس کی دنیا میں آنے والا آخری مرد ولی صہیب خان ہو گا۔ ہزاروں' لاکھوں' کروڑوں میں سے بھی اسے کسی ایک کو چننے کو کہا جائے تو وہ اپنے لیے اسی کو چنے گی۔" اس نے اپنے دل کی آواز سنی۔

جائے نماز تہہ کرتے اس کے ہاتھ یکلخت ہی ساکت ہوئے۔ اپنے دل پر ہاتھ رکھتی وہ ایک دم ہی جائے نماز ہاتھ میں لیے لیے ہی کارپیٹ پر گر سی گئی۔

"جو میرا ساتھ میرے لیے' میری وجہ سے چاہے گی اور جو مجھ سے محبت کرے گی۔"

محبت کا کوئی Litmus test نہیں ہوتا۔ کھرے کھرے ہاں یا ناں کا پتا نہیں چلتا' بعض اوقات تو خود اپنی ہی کیفیات انسان بہت دیر بعد جا کر سمجھ پاتا ہے۔

وہ آج ساری رات کیوں روئی ہے' اس لیے کہ جس سے وہ محبت کے رشتے میں بندھ گئی ہے' وہ اس سے ہر رشتہ توڑ دینے کی بات کہہ رہا ہے۔

وہ اسے اپنا یقین نہیں دلا سکی' اپنی محبت کا یقین نہیں دلا سکی اسی لیے مضطرب ہے' اس لیے بے قرار ہے۔

محبت؟ ولی صہیب خان سے؟ جس سے وہ نفرتوں کا اعلان کرتی آئی ہے اس سے؟ ہاں' ہاں اس سے۔ یہ سچ ہے۔ یہی سچ ہے۔

معیز سے اسے کبھی بھی محبت نہیں تھی اگر ہوتی تو وہ اس سے ملتی یا رابطہ چاہے نہ کرتی' اسے دل میں یاد تو ضرور کرتی۔

یہاں اس گھر میں آئے اسے ڈیڑھ مہینہ ہو گیا تھا اور ان ڈیڑھ مہینوں میں آغا جان' ممی اور ڈیڈی کے بعد جس چوتھے شخص کو اس نے ہمہ وقت سوچا' وہ صرف ولی صہیب خان تھا۔

یہ محبت تھی یا ان کی بیچ موجود مضبوط رشتے کی کشش' وہ تو ابھی یہ بھی نہیں سمجھ سکتی۔

لیکن وہ اتنا ضرور جانتی ہے کہ جب آغا جان ہسپتال داخل ہوئے تھے' جب اس نے اور ولی نے ہسپتال میں وہ رات ساتھ گزاری تھی' جب وہ کوریڈور کے آخری اندھیرے میں ڈوبے حصے میں عبادت کر رہا تھا اور وہ چند انچوں کی دوری پر زمین پر بیٹھی اسے عبادت کرتا دیکھ رہی تھی تب اس اندھیرے میں ایک روشنی پھیلی تھی۔

وہ روشنی اسے ولی صہیب خان کا ظاہر' باطن سب دکھا رہی تھی' وہ روشنی اسے اس شخص کی محبت میں مبتلا کروا رہی تھی۔

اس رات کے' ان لمحوں کے بعد جب وہ اس کے پاس سے اٹھی تب سے آج تک گزرنے والے ہر لمحے میں وہ اس کے مخالف نہیں اس کی سمت' اس کی طرف جانے والے راستے پر بھاگ رہی تھی۔

محبت کی روشنی بکھیرتی اس رات کو اگلی صبح آغا جان کے گھر پر معیز اس کے سامنے کھڑا تھا اور ولی برابر میں' تو اسے معیز کی نہیں ولی کی پروا تھی۔

اسے معیز کا ولی کو گالی دینا برا لگا تھا۔

www.allurdu.com

وہ اس سے پہلے معیز سے بالکل سکون سے بات کر رہی تھی لیکن ولی کے لیے اس کی اس بدکلامی کے بعد وہ یکدم بھڑک اٹھی تھی۔

آگہی کا یہ لمحہ' ادراک کا یہ پل بے حد قیمتی تھا۔ وہ اپنے دل میں اس شخص کے لیے محبت پا رہی تھی جو کہہ رہا تھا' وہ صرف اس سے شادی کرے گا جو اس کی محبت میں اس تک آئے گی' جو کسی کے لیے اور کسی کی خاطر نہیں صرف اس کے لیے اس کی خاطر اس سے رشتہ باندھے گی۔

وہ بے اختیار پھوٹ پھوٹ کر رو پڑی۔

اپنی زبان سے' اپنے عمل سے' ہر طرح اس نے ہمیشہ ولی کو یہی بات سمجھائی تھی کہ وہ اپنی زندگی میں ولی صہیب خان کو نہیں' صرف معیز تجمل کو شامل کرنا چاہتی ہے پھر آج اگر وہ جا کر اس سے محبت کا اقرار کرے تو کیا وہ اس کا یقین کرے گا؟

اسے معیز سے محبت نہیں' ولی سے محبت ہے' وہ چیخ چیخ کر بھی ولی کو بتائے گی وہ تب بھی اس کا یقین نہیں کرے گا۔ اس لیے کہ بے شمار بار' بے حساب بار وہ اپنے لفظوں اور رویوں سے سب کچھ اس کے برعکس ثابت کر کے دکھا چکی ہے۔

اپنے راستے میں یہ کانٹے اس نے خود بچھائے تھے' وہ کسی کو الزام نہیں دے سکتی تھی۔

وہ جھوٹی اور منافق لڑکی نہیں تھی' یہ اس میں شاید واحد خوبی تھی۔ اس میں اتنی جرات تھی کہ جس سے نفرت کرتی ہو اس سے نفرت کا اظہار کر سکے اور جس سے محبت کرتی ہو اس سے محبت کا اقرار کر سکے۔

مگر جس سے وہ ہزاروں بار نفرت کا اظہار کر چکی ہے' اب یہ کیسے کہے کہ "میری آن واحد میں دل کی دنیا ہی بدل گئی' میں پوری کی پوری بدل گئی۔

محبت کے ہونے کا ادراک پا کر رونا' یہ بھی شاید صرف فارہ بہروز خان ہی کی طرح زندگی کو اپنے ہی ہاتھوں اجاڑنے والے لوگوں ہی کے نصیب میں ہوتا ہے۔

محبت پانا' کرنا ہونا' وہ ان سب سے بھی پہلے ادراک و آگاہی کے اس پہلے ہی لمحے میں شکست کھائی بری طرح رو رہی تھی۔

☆ ☆ ☆

"آپ اچھی بیوی نہ بن سکیں' میں اچھی بیٹی نہ بن سکی۔ میں نے اپنا یہ گناہ قبول کر لیا' آپ کب کریں گی؟"

وہ ان دنوں اپنے گناہوں کو یاد کرنے اور قبول کرنے کے عمل سے گزر رہی تھیں۔ بیٹی نے ایک سوال ان کے آگے رکھا تھا اور وہ اس کا جواب تلاشتی اپنے پورے ماضی کو دہرا رہی تھیں۔

"کیا کوئی شخص ایک ہی وقت میں اپنے تمام رشتوں کے ساتھ مخلص نہیں ہو سکتا؟ کیا محبت کے لیے اللہ نے ہمارے دلوں میں اتنی تھوڑی سی جگہ رکھی ہے؟

"ہم ایک وقت میں اپنے تمام قریب ترین اور عزیز ترین رشتوں سے ایک جیسی محبت کر ہی نہیں سکتے!"

کیوں نہیں کر سکتے۔ بالکل کر سکتے ہیں۔ اچھا شوہر' برا بیٹا ہو گا اور اچھا بیٹا بہت برا شوہر' یہ کہاں لکھا تھا' یہ کس نے کہا تھا؟

اس شخص محمد بختیار خان سے انہیں پرخاش تھی کیا؟ یہ نفرت' یہ دشمنی تھی کن بنیادوں پر؟ اس شخص سے برسرپیکار نفرت کے جس مضبوط قلعے میں وہ برسوں سے مقید تھیں' اس کی بنیادیں کھڑی کس چیز پر تھیں کس جذبے پر تھیں۔

ایک آواز ابھر رہی تھی ان کے اندر سے' صرف ایک آواز' حسد' حسد اور صرف حسد۔ وہ اس بوڑھے کمزور انسان سے حسد کرتی تھیں' روز اول سے کرتی تھیں۔ اپنی شادی شدہ زندگی کے پہلے روز سے کرتی تھیں۔

ماں باپ کو چھوڑ کر' ان کے دلوں کو دکھا کر' انہیں ناراض کر کے سمجھیں کہ ہم خوش رہ لیں گے تو حقیقت میں ایسا ہوا نہیں کرتا۔

ہمارے ہر گناہ' ہر غلطی کی سزا ہمیں روز آخرت' جزا و سزا کے دن ملے گی' مگر ماں باپ کی نافرمانی وہ واحد گناہ ہے جس کی سزا آخرت کے ساتھ ہم اس دنیا میں بھی دل کی بے سکونی و بے اطمینانی کی صورت پاتے ہیں اور ساری زندگی پاتے رہتے ہیں۔

ان کی محبت میں اپنے باپ کو بھائی کو' اپنے گھر کو چھوڑ کر آنے والا ان کا وہ محبوب شوہر راتوں کو سوتے سوتے بے قراری سے اٹھ کر کیوں بیٹھ جایا کرتا تھا۔

اکثر ان کے ساتھ باتیں کرتے' مسکراتے' وہ یکلخت چپ کیوں ہو جایا کرتا تھا' کبھی بہت کھلکھلا کر ہنستے یکدم ہی اس کی آنکھوں میں اداسیاں کیوں چھا جاتی تھیں۔

"شادی کے پانچ سالوں بعد بہت منتوں مرادوں کے بعد



CS CamScanner

www.allurdu.com

بیٹی پیدا ہوئی، جس کے پیدا ہونے سے پہلے وہ اتنے پرجوش، اتنے خوش تھے تو اسے پہلی بار دیکھنے، گود میں اٹھانے پر بجائے مسکراہٹ کے ان کی آنکھوں میں آنسو کیوں امڈ آئے تھے۔

اس پل کس کی کمی محسوس کی تھی انہوں نے اپنی زندگی میں؟ صرف اس پل نہیں زندگی کے ہر لمحے میں، ہر خوشی کے موقع پر، ہر کامیابی کی منزل طے کرنے پر۔

شاہانہ ٹھاٹ باٹ، عیش و آرام، دولت کی فراوانی چھوڑ کر آنے والے اس شخص نے اپنی اور ان کی وہ دنیا جو بنائی تھی۔ محنت کرکے، اپنے زور بازو پر بھروسہ کرکے۔ اس محنت کے بعد ملازمت میں ترقیاں مل رہی ہیں تو لبوں پر تو مسکراہٹ ہے مگر آنکھوں میں درد پھیلا ہوا ہے۔ بہت محنت و جدوجہد کے بعد اپنا ذاتی گھر تعمیر کیا ہے تو اس میں پہلا قدم رکھتے چہرے پر خوشی نہیں دکھ رقم ہیں۔

بیٹی کی پہلی سالگرہ، اس کے اسکول کا پہلا دن، اس کی پہلی تعلیمی کامیابی، ان کی زندگی کی ہر خوشی پر اداسیوں کے رنگ چھائے رہتے۔ ان محبت کرنے والے میاں بیوی کے بیچ ان کی شادی شدہ زندگی کے پہلے دن سے ایک شخص موجود تھا۔

وہ شخص جو ان کے شوہر کو کبھی سچے دل سے ہنسنے اور خوش ہونے نہیں دیتا تھا۔ جب وہ دونوں تنہا ہوتے، ایک دوسرے کے ساتھ بہت خوش ہوتے، تب کہیں سے وہ ایک شخص اچانک ان کے بیچ آکھڑا ہوتا۔

اس کی آمد کی خبر انہیں شوہر کے چہرے پر پھیلتی اداسیاں دیا کرتیں، اس کی آنکھوں میں بکھرتا درد دیا کرتا۔

باپ، بھائی، گھر، ان سب کو چھوڑ آنے والا وہ شخص درحقیقت ان سب کو اپنے دل میں چھپائے بیٹھا تھا۔

تب نہیں مگر آج جانتی تھیں کہ وہ اس گھر، اس کے در و دیوار اور وہاں بستے ایک ایک فرد سے حسد میں مبتلا تھیں۔ وہ سب ان کے شوہر کی زندگی میں موجود نہ ہوتے اس کی زندگی کا سب سے اہم حصہ تھے۔

اور ان سب میں وہ سب سے زیادہ حسد کرتی تھیں اس انسان سے جو ان کے شوہر کا باپ تھا، جس کی یادوں میں جب ان کا شوہر کھوتا تو انہیں تو کیا خود اپنے آپ تک کو بھول جایا کرتا تھا۔

وہ ان میاں بیوی کی تنہائیوں میں شامل تھا، وہ ان کی خلوتوں میں شامل تھا، وہ ان کی مسکراہٹوں میں شامل تھا، وہ ان کی خوشیوں میں شامل تھا، وہ ان کی زندگی کے ہر لمحے اور ہر پل میں شامل تھا۔

وہ اسے اپنی زندگی سے نکال کر پھینک دینا چاہتی تھیں، مگر وہ ایسا کبھی بھی نہیں کرسکیں۔ وہ اس ان دیکھے، ان جانے شخص سے جلن، حسد اور رقابت میں مبتلا تھیں جو شوہر کے ساتھ بتائے ان کی زندگی کے تیئس برسوں میں کبھی ان سے نہ ملا مگر وہ ہر پل، ہر آن اپنی موجودگی کا، اپنے ہونے کا احساس دلاتا رہا۔

وہ بھائی کی موت پر اپنے گھر تیئس برس بعد گیا تو انہیں اس کے بھائی کی موت کا غم نہیں یہ فکر لاحق ہوئی کہ تیئس برسوں تک ان کے شوہر کے دل پر حکمرانی کرتے وہ سب لوگ پھر اس کی زندگی کا حصہ بن جانے والے ہیں۔

جب وہ نہیں تھے، تب تھے، تو اب تو وہ ہوں گے اب تو وہ واقعی پس منظر میں چلی جائیں گی۔

وہ شوہر کو اب کبھی نظر نہیں آئیں گی، شوہر انہیں فراموش کردے گا۔

حاسد کسی بھی دوسرے انسان سے زیادہ سب سے زیادہ اپنے ہی آپ کو نقصان پہنچایا کرتا ہے، انہوں نے بھی یہی کیا۔

یہ نہ سوچا، یہ نہ سمجھا کہ دن کے کچھ گھنٹے باپ کے اور دوسرے خونی رشتوں کے ساتھ گزارنے کے بعد جب وہ ان کے پاس آئیں گے تو پورے کے پورے ان کے ہوکر آئیں گے۔

ان کی تنہائیوں میں پھر کوئی تیسرا شامل نہیں ہوگا۔ پہلے شوہر ان کے ساتھ ہوتا تھا مگر پورا ان کے ساتھ نہیں ہوتا تھا، اس کے وجود کا ایک حصہ ہمیشہ کہیں اور ہوتا تھا۔

اگر وہ حاسد نہ ہوتیں، سمجھ دار اور عقل مند ہوتیں تو سمجھ داری ہی کا فیصلہ کرتیں، شوہر کی محبت کو ہنسی خوشی اس کے باپ کے ساتھ بانٹ لیتیں۔

یہی غلطی تھی ان کی، یہی قصور تھا ان کا اور یہی گناہ تھا ان کا۔ شوہر کا بھائی مرا ہے، اسے تسلی نہیں دی، ہمدردی و محبت کے دو بول نہ بولے۔ اس کے باپ کو احترام سے سلام تک نہ کیا، شوہر سے، اس کے باپ سے، اس گھر کے ہر فرد سے روٹھ کر ایک کونے میں بیٹھ گئیں۔

اس پہلے سے غم زدہ و شکست خوردہ اپنے شریک حیات کو اپنی ذات سے کوئی راحت، کوئی تسکین دینے کے بجائے، مزید دکھ، مزید پریشانیاں، مزید الجھنیں دیں۔

CamScanner

www.allurdu.com

گناہوں کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ تھا' غلطیوں کی نہ ختم ہونے والی فہرست تھی۔

وہ کتنا اچھا انسان تھا' کتنا سچا' کتنا باوفا' کتنا محبت کرنے والا اور وہ اپنے حسد کی آگ میں جلتی اسے اس کی موت سے قبل کتنی اذیتوں سے دوچار کر گئی تھیں۔

ان دنوں ان کی زندگی کے پچھلے تئیس سال ان کے سامنے بکھرے پڑے رہتے تھے اور وہ ان ماہ و سال کے رنج و الم' درد و غم' پچھتاوے' دکھ' ملال' غلطیاں' گناہ' ہر ایک چیز دیکھتی شمار کرتی جا رہی تھیں۔

ان کا دل شاید سیاہ ہو گیا تھا' شاید پتھر کا ہو گیا تھا تب ہی تو اس پر کچھ بھی اثر ہوتا نہیں تھا مگر فارہ کا فون' اس کی باتیں' انہیں یوں لگا جیسے اس پتھر کو کسی نے یک دم ہی ریزہ ریزہ کر ڈالا تھا۔

فارہ رو رہی تھی اور اس کی باتیں سنتی وہ بھی بے آواز رو پڑی تھیں۔ وہ روتے ہوئے بول رہی تھی اور یہ روتے ہوئے سن رہی تھیں۔

"جب وہ اپنی زندگی کے آخری بارہ گھنٹے جی رہا تھا تو اس کی بیوی ناراض ہو کر اپنے بھائی کے گھر چلی گئی تھی۔

اس کی منتظر نگاہیں پلٹ پلٹ کر دروازے کی طرف بھی جا رہی تھیں۔ ابھی اس دروازے سے شاید اس کی بیوی آجائے' تمہاری وفا کا ثبوت میرے پاس ہمارے ساتھ گزارے تئیس سال ہیں۔

اس کی بیوی اور بیٹی اس پر اعتبار کرتی ہیں' اس کا یقین کرتی ہیں' اس کی محبت کو دل کی گہرائیوں سے مانتی ہیں' وہ سننا چاہتا تھا' وہ دیکھنا چاہتا تھا' اس لیے کہ اس کی سانسیں اکھڑنے لگی تھیں۔"

فارہ روتے ہوئے فون بند کر چکی تھی اور وہ روتے ہوئے ریسیور ہاتھ میں لیے زمین پر گرتی چلی گئی تھیں۔

کئی روز وہ ہسپتال داخل رہی تھیں' کئی روز وہ شدید بیمار رہی تھیں مگر انہوں نے اپنی بہن کو فارہ کو اطلاع دینے سے سختی سے روک دیا تھا۔ وہ اس سے روٹھ کر ان دنوں سات سمندر پار بیٹھی ہیں۔

وہ ویزا و دوسری قانونی مشکلات کے سبب ان کے پاس آنہ سکے گی تو وہاں اکیلی نجانے کس قدر پریشان ہو گی۔

ہسپتال سے آئے بھی اب انہیں کافی دن ہو چکے تھے' مگر ابھی بھی وہ سارا وقت بستر پر لیٹ کر اپنے کمرے میں بند گزارا کرتی تھیں۔

شوہر کے ساتھ بتایا ہر پل ان دنوں ان کے سامنے آ رہا تھا اور اس ہر پل کا اختتام آخر میں ایک ہی پچھتاوے پر ہوتا تھا۔

"وہ اس کی زندگی کے آخری لمحوں میں اس سے روٹھ کر دور کیوں ہو گئیں؟" ان پچھتاووں سے نکلنا اتنا آسان نہ تھا۔

وہ روز قیامت شوہر کو کیا منہ دکھائیں گی؟ جو اس کے ساتھ روا رکھا وہ سلوک ہی کم نہ تھا کہ اس کے باپ کے ساتھ۔

وہ باپ' جس سے وہ والہانہ محبت کرتا تھا۔ ایک محبت کرنے والی' وفا شعار بیوی کا فرض نبھاتے کبھی اس کے باپ کی عزت نہ کی۔

اس شخص سے حسد کرتی تھیں اس لیے اس کی محبت قبول نہ کرتی تھیں' حسد' بغض و کینہ' خود کے دل میں تھا اور الزام اس پر لگاتی تھیں۔

وہ دکھی انسان کسی سے کیا چھیننے آتا تھا؟ وہ تو فقط محبتیں بانٹنے' چاہتیں برسانے ان کے پاس آیا کرتا تھا۔ حسد کو نفرت کے پردوں میں چھپا کر وہ واقعی اندھی ہو گئی تھیں۔

برے سے برا اور غلط سے غلط کام کرتے بھی انہیں نہ افسوس ہوتا تھا' نہ شرمندگی' نہ ملال نہ پچھتاوا۔

وہ اپنی پوتی سے نہیں ملے گا' اسے جلدی جلدی فون بھی نہیں کرے گا' یہ پابندی اس پر لگائی تو وہ بغیر اختلاف کے ان کی بات مانتا یوں ہی کرنے لگا' ہاں ان سے رابطہ کر کے بہت جلدی جلدی اپنی پوتی اور ان کی خیریت پوچھا کرتا۔

وہ جواباً "کس طرح بات کرتیں۔ یہ ایک الگ گناہ تھا' پوتی کو وہ ہر ماہ خرچے کے لیے دی جانے والی رقم سے ہٹ کر خود کچھ نہیں دے سکتے۔

ان پر یہ پابندی لگائی تو وہ اسے بھی مانتے۔ پوتی اور ان کے دونوں کے لیے تحائف کبھی ولی کے ہاتھ' کبھی کسی ملازم سے' کبھی کسی اور ذریعے سے ان ہی کو بھجوا دیا کرتے کہ وہ خود اسے یہ سب دے دیں۔

بیٹی کے دل پر دادا کی چاہتیں والفتیں کہیں اثر نہ کر جائیں اس خوف سے وہ' وہ تحائف کبھی اسے دیا ہی نہ کرتیں' اکثر اپنی کسی بھانجی بھتیجی یا بھتیجیوں یا بھانجوں کو دے دیا کرتیں۔

اگر کبھی اس کے لیے آئی کوئی چیز اسے دیتیں بھی تو یہ



CS CamScanner

www.allurdu.com

کہہ کر کہ یہ میں تمہارے لیے بازار سے خرید لائی تھی یا ماموں نے تمہارے لیے لی ہے' یا ممانی نے دی ہے' یا خالہ نے بھجوائی ہے۔

اس کے لیے تو بہت قیمتی چیزیں تو اسے دیا ہی نہ کرتیں کہ کہیں اسے شک نہ ہو جائے کہ بے وجہ اور بے موقع ماموں یا خالہ قیمتی تحفہ نہیں دے سکتے۔ اس کے لیے برسوں سے آتے قیمتی قلم' پرفیوم' ڈیزائنر ہینڈ بیگز' سوٹ' شالیں' ملبوسات' امپورٹڈ جیولری' و کاسمیٹکس۔ سونے کی کئی زنجیریں' انگوٹھیاں' بالیاں' بریسلیٹ یہاں تک کہ بہت مہنگا موبائل بالکل نئے ماڈل کا لیپ ٹاپ اور ڈیجیٹل کیمرہ تک بھی ان کی بیٹی نہیں کوئی بھتیجا یا بھتیجی یا بھانجی یا بھانجا استعمال کیا کرتے۔

بے حد فخر و ناز سے پھوپھو یا خالہ کا قیمتی تحفہ جان کر اسے قبول کرتے ہوئے۔ ان کے حسد نے کسی اور کے ساتھ تو کیا انہیں ان کی بیٹی تک کے ساتھ مخلص نہ رہنے دیا۔

وہ اس سے جھوٹ بولتی تھیں' وہ اس سے غلط بیانیاں کرتی تھیں۔ ان کی بیٹی دادا کا بھجوایا پیسہ بہت سنبھل کر' بڑی احتیاط سے اور صرف خاص خاص ضرورتوں کے لیے استعمال کرتی اور وہ اس پیسے کو پانی کی طرح بہاتیں۔ ان کے پرس کا منہ ہر وقت کھلا رہتا اور وہ اپنے بھائی بہن کی سب سے دلاری بہن' بھاوج کی سب سے چہیتی نند' بھتیجوں' بھتیجیوں کی سب سے اچھی سب سے پیاری پھوپھو اور بھانجے بھانجیوں کی سب سے لاڈلی خالہ بنی رہتیں۔

حسد میں پاگل ہوتے انہوں نے کبھی یہ بھی نہ سوچا کہ اگر محمد بختیار خان کا مالی تعاون مسلسل ان کے ساتھ نہ ہوتا تو شوہر کی وفات کے بعد وہ اور ان کی بیٹی کہاں کھڑی ہوتیں۔

اس جواں عمری کی موت کے بعد ان کا شوہر جو چھوڑ کر ان کے لیے گیا وہ کسی عیش پرستی و شاہ خرچی کا تو کیا ایک عام و متوسط درجہ کی زندگی گزارنے کے لیے بھی ناکافی تھا۔

وہ اس باحیثیت خاندان کی بہو نہ ہوتیں' اپنے سسرال کی انہیں مکمل مالی سپورٹ حاصل نہ ہوتی پھر دیکھتیں کہ کون سا بھائی کون سی بہن' کوئی سی بھاوج' کون سا بھانجا اور کون سا بھتیجا انہیں پوچھ رہا ہے۔

اپنی بیٹی تنہا چھوڑ کر جس بہن کے پاس بہت اترا کر غرور سے وہ کینیڈا آئی تھیں کہ بہن نے بڑی چاہت سے انہیں اپنے پاس بلایا تھا۔ اگر وہ محض انہیں اپنی بہو نہ مانتا' اپنی دولت سے انہیں بے تحاشا نہ نوازتا' تو بھی کیا یہ بہن اتنی ہی محبت سے انہیں پاس بلاتی؟ ڈھائی مہینے سے وہ یہاں رہ رہی ہیں۔ کیا وہ رہ پاتیں۔

محمد بختیار خان کو اذیتیں دینے پر کمربستہ وہ تو اپنی ہی بیٹی کی زندگی اجاڑنے چلی تھیں۔ مائیں بیٹیوں کا گھر بسانے کا فکر کرتی ہیں اور وہ اجاڑنے کا سوچا کرتی تھیں' اس کی بسی بسائی زندگی اجاڑ دینے کے درپے تھیں۔

جسے بیٹی کے لیے باپ نے چنا تھا' وہ خونی رشتوں کا احترام کرتا تھا' ان کی عزت اور ان سے پیار کرتا تھا۔

اور جسے انہوں نے بیٹی کے لیے چنا' وہ ایک مادہ پرست لالچی اور سطحی انسان تھا۔

کیا وہ جانتی نہ تھیں کہ معیز کو فارہ سے شادی پر کیا چیز اکساتی ہے' فارہ نا تجربہ کار و نا سمجھ ہے مگر وہ ایک عمر کے تجربات اور اتنی زندگی گزارنے کے بعد کیا انسانوں کو پہچاننے کے قابل نہ ہو سکی تھیں؟

وہ جانتی تھیں۔ وہ بالکل جانتی تھیں کہ اپنا کیریئر بنا لینے اور زندگی میں ہر طرح اسٹیبلش ہو جانے کے باوجود ان کا اعلا تعلیم یافتہ ہینڈسم' بہترین کیریئر رکھنے والا اور دیگر بے شمار ظاہری خوبیوں کا مرقع بھتیجا اپنے لیے موجود کئی کنواری و غیر شادی شدہ لڑکیوں کے بہترین رشتوں کو چھوڑ کر ان کی نکاح شدہ بیٹی سے شادی کا کیوں خواہش مند تھا۔

خوبی فارہ میں نہیں اسے وراثت میں ملنے والی کروڑوں کی دولت' جائیداد میں تھی۔ وہ جائیداد کا مطالبہ بھی خلع کے ساتھ ہی کر دیں' انہیں یہ مشورہ دینے والا ہی معیز تھا۔

جو شادیاں لالچ میں کی جاتی ہیں ان کا انجام کیا ہوتا ہے' کیا وہ جانتی نہ تھیں؟

بس ولی صہیب خان نہ ہو پھر چاہے کوئی بھی ہو۔ وہ ان کی بیٹی سے محبت کرے یا نہیں' اس کے ساتھ مخلص ہو یا نہیں۔

آج جب اپنے گناہ شمار کر رہی تھیں تو روتے ہوئے اپنے مرحوم شوہر کا شکریہ ادا کر رہی تھیں۔ وہ جاتے جاتے بیٹی کو نکاح جیسے مضبوط رشتے میں باندھ گیا۔

اگر وہ اس روز فارہ کا نکاح نہ کرتے' صرف زبانی بات طے کرتے یا منگنی ہی کر دیتے تو وہ کب کی وہ منگنی کی انگوٹھی ولی صہیب خان و محمد بختیار کے منہ پر مار کر فارہ کی معیز

www.allurdu.com

کے ساتھ خوب دھوم دھام سے شادی کروا چکی ہو تیں۔
یہ ان کی بیٹی کے باپ اور دادا کی دعائیں اور ان کے درست فیصلے ہی تھے جو وہ اپنے تمام تر حسد و نفرت اور انتقام کی آگ میں پاگل ہو جانے کے باوجود بیٹی کی زندگی کو کسی بڑے سانحے سے دوچار نہ کرپائی تھیں۔
جوان بیٹی کو دنیا کے رحم و کرم پر بالکل تنہا چھوڑ کر خود یہاں ایک دوسرے ملک آبیٹھیں' ایسا کرتے نہ دل کانپا نہ وجود پر لرزش طاری ہوئی۔
آج وہ ان کے کیے کا بھگتان بھگت رہی ہے' ان کی پیدا کردہ مشکلات میں گھری زندگی گزار رہی ہے' یا پھر اپنے شوہر سے وہ کیسے معافی مانگیں۔ وہ تو ان سے روٹھ کر دور دیس جا بسا ہے۔
"میں نے اپنا گناہ قبول کرلیا' آپ کب کریں گی؟ اسی زندگی میں کرلیں۔ ابھی وہ بوڑھا انسان زندہ ہے۔ ابھی ہم اپنے گناہوں کی اس سے معافی مانگ سکتے ہیں۔"
کئی ہفتوں سے متواتر بیٹی کے یہ الفاظ ان کے کانوں میں گونج رہے تھے مگر وہ خود میں اتنا حوصلہ تو پیدا کرپاتیں کہ اس کا سامنا کرسکیں' اس سے معافی مانگ سکیں۔
اس صبح کانپتے ہاتھوں سے وہ محمد بختیار خان کے گھر کا فون نمبر ملا رہی تھیں۔ کسی ملازم نے فون اٹھایا تھا اور انہوں نے بیٹی کے بجائے سسر سے بات کرنا چاہی تھی۔
"ہیلو' روحی بیٹا! یہ تم ہو؟" ان کی سماعتوں سے وہ بوڑھی نحیف آواز ٹکرائی تو بے اختیار ان کی آنکھوں سے آنسو گرنے لگے۔
"آغا جان! مجھے معاف کردیں۔"
انہیں اس احترام والے لقب سے انہوں نے زندگی میں پہلی بار مخاطب کیا تھا' ورنہ گفتگو بغیر کسی لقب کے صرف آپ سے شروع ہوا کرتی تھی۔ وہ کیا بولیں' ان سے کچھ بولا ہی نہ جا رہا تھا۔
گناہ اتنے تھے' وہ کس کس کا اعتراف کریں' کس کس کی معافی مانگیں۔ "روحی بیٹا! تم ان کا محبت میں ڈوبا لہجہ انہیں ندامتوں کے عمیق گہرائیوں میں دھکیلنے لگا' ان پر جیسے کوئی کوڑے برسا رہا تھا۔
"میرے گناہوں کی گٹھڑی بہت وزنی ہے آغا جان بہت وزنی۔ آپ سے اپنے کس کس قصور کی معافی مانگوں؟ چاہتی تو یہ ہوں کہ آپ کے پاس آکر آپ کے پاؤں پکڑ کر معافی مانگوں۔

میں تو آپ کے سامنے آکر کھڑے ہونے کی جرات بھی خود میں نہیں پاتی۔" وہ رو رہی تھیں۔
"اپنوں میں رنجشیں' گلے' شکوے' لڑائیاں سب کچھ ہو جایا کرتا ہے بیٹا! انہیں یاد رکھنا اور دل سے لگانا نہیں' بھول جانا چاہیے۔ تمہیں اپنی غلطیوں کا احساس ہو گیا' میرے لیے یہی بہت ہے۔ تمہیں مجھ سے معافی مانگنے کی ضرورت نہیں' میں تم سے خفا نہیں۔ بس اب سب کچھ بھول کر یہاں آجاؤ۔"
یہ اعلیٰ ظرفی اور وسیع القلبی انہیں مزید کچھ اور ندامتوں کے سمندر میں دھنسا گئی۔
"میں آپ کے پاس آؤں گی آغا جان! ضرور آؤں گی۔ میں آپ کے پاؤں پکڑ کر' آپ کے آگے ہاتھ جوڑ کر معافی مانگوں گی' مگر مجھے کچھ وقت دے دیں۔"
"میں ولی کو بھیجوں تمہارے پاس یا کہو تو فارہ کو' تم ان کے ساتھ۔" وہ ان کی شرمندگی و پشیمانی اور تذبذب کو دیکھ کر بے اختیار بولے۔
"نہیں کسی کو نہیں۔ آپ وعدہ کریں مجھے لینے کسی کو نہیں بھیجیں گے۔ واپسی کا یہ سفر میں خود طے کروں گی۔ اس بار آپ نہیں میں آپ کے پاس آؤں گی۔ بس مجھے کچھ مہلت' کچھ وقت دے دیں۔" پھر انہوں نے فارہ سے بات کروانے کی درخواست کی۔
"السلام علیکم ممی!" وہ شاید وہیں کہیں پاس ہی موجود تھی' تب ہی تو لائن پر اگلے ہی پل وہ موجود تھی۔
"فارہ! دیکھنا آغا جان مجھے لینے کسی کو نہ بھیجیں' ورنہ میں پستیوں میں کچھ اور دھنس جاؤں گی انہیں ایسا مت کرنے دینا فارہ میں کوشش کررہی ہوں' تم دعا کرو میں خود میں جلد اتنا حوصلہ اور ہمت جمع کرپاؤں کہ یہاں تم سب کے پاس آسکوں۔" وہ اس سے روتے ہوئے بولیں۔
"تم مجھے بہت یاد آرہی ہو بیٹا! میں جلد تمہارے پاس آؤں گی۔" وہ خاموشی سے ان کی آواز سن رہی تھی۔
اس روز اس نے بہت کچھ کہا تھا شاید آج وہ صرف انہیں بولنے کا موقع دے رہی تھی۔
"فارہ! معیز تمہارے قابل نہیں۔ جو میں نے چنا وہ غلط' جو تمہارے ڈیڈی نے چنا' وہ صحیح تھا۔" اپنے آنسوؤں پر قابو پاتے وہ دھیمی آواز میں بولیں۔ "نفرتوں کو انتہا تک لے جانے میں' میں نے کوئی کمی نہیں رکھی لیکن ولی ابھی بھی اس رشتے کے لیے راضی ہو جاتا ہے تو تم اس

www.allurdu.com

رشتے کے لیے فوراً "ہاں" کر دینا فارہ۔ جو اپنے والدین اور اپنی خونی رشتوں کے ساتھ مخلص ہے، وہ دنیا کے ہر رشتے کے ساتھ مخلص ہو گا۔" وہ ولی سے کہنا چاہتی تھیں کہ ان کے گناہوں کی سزا وہ ان کی بیٹی کو نہ دے، وہ معصوم ہے، وہ بے قصور ہے، وہ بہت بچی بہت اچھی ہے۔

وہ اپنا لے، اپنا نام اس کے نام کے ساتھ جڑا رہنے دے، انہیں چاہے بھی معاف نہ کرے، ان سے چاہے کبھی نہ ملے، کوئی رابطہ، کوئی واسطہ کوئی تعلق نہ رکھے۔

مگر اس سے یہ سب کہنے کا وہ منہ کہاں سے لاتیں؟ ان کا منہ نہیں تھا اس سے کچھ بھی کہنے کا۔ اب بس صرف دعاؤں پر انہیں بھروسہ تھا، صرف دعاؤں پر ماں کی دعا، اس کی اولاد کے حق میں جو اللہ رد نہیں کرتا۔

☼ ☼ ☼

وہ آغا جان کو روتا دیکھ کر ان کے پاس آ گئی تھی اور یہ جان کر کہ یہ فون اس کی ماں کا ہے، وہ ان کے بالکل ساتھ لگ کر بیٹھ گئی تھی۔

ماں کیا کہہ رہی ہے، اسے پتا نہیں تھا مگر جواب میں آغا جان کیا کہہ رہے تھے، وہ سن رہی تھی۔ اس کی آنکھوں سے خوشی کے آنسو بے اختیار بہہ نکلے تھے۔

مگر محبت کی جیت کے ان انمول اور یادگار لمحوں میں جب وہ پورے دل سے خوش ہو رہی تھی، خوشی و مسرت کے آنسو برسا رہی تھی تب ماں کی اس آخری بات نے اسے یاد دلایا تھا کہ خوشی اس کے حصے میں اب زندگی بھر کبھی بھی پوری آ نہیں سکتی۔

وہ جانتی تھی ولی کتنا بھی متحمل مزاج اور بظاہر غصہ اور ضد کرنے والا نہ لگتا ہو مگر وہ اسے کبھی بھی دل سے معاف نہیں کر سکتا۔

"آج جنوری کی پہلی تاریخ ہے۔ آج سے لے کر 31 مارچ تک تمہیں وہاں ان کے ساتھ رہنا ہو گا۔ اگر تم ایسا کرنے پر آمادہ ہو تو یکم اپریل کو جو تم چاہو وہ تمہیں مل جائے گا۔ تمہاری تسلی کے لیے آج پہلی اور آخری بار تمہیں یقین دہانی کروا رہا ہوں کہ تین مہینے سے اگلا ایک دن بھی تمہیں نہ یہاں رہنا پڑے گا اور نہ کسی ناپسندیدہ رشتے کو جوڑے رکھنا پڑے گا اور میں اپنے لفظوں سے پھرنے والا انسان نہیں ہوں۔"

اور وہ جانتی تھی کہ وہ اپنے لفظوں سے پھرنے والا انسان نہیں۔ تین مہینے بعد وہ یہاں رہنا چاہے گی یا یہاں سے جانا چاہے گی۔ یہ اس کی ذاتی مرضی ہے۔ اس میں وہ مداخلت نہیں کرے گا کہ اس بات سے آغا جان بھی وابستہ ہیں مگر تین مہینے بعد وہ اسے چھوڑ دے گا۔ یہ ایک طے شدہ بات تھی۔

آغا جان، ان کا بیٹا بہروز خان، پوتیاں، فارہ اور زرمینہ سب غصے کے تیز، ضدی، جذباتی اور انا پرست لوگ تھے، جبکہ ان کا دوسرا بیٹا صہیب خان اور اس کا بیٹا ولی ٹھنڈے مزاج کے، صبر و برداشت والے، متحمل و نرم طبیعت لوگ تھے۔

مگر اس نرمی، برداشت اور تحمل کے باوجود وہ تھے تو اسی خاندان سے۔ جو ضد اور انا ان سب میں تھی وہ ان میں کیوں نہ ہوتی۔

وہ ولی سے جس رات بات کر کے آئی تھی، اسے گزرے چودہ دن ہو چکے تھے۔

یہ مارچ کی بارہ تاریخ تھی۔ وہ جانتی تھی Count down شروع ہو چکا ہے۔ آج صرف 19 دن باقی بچے ہیں، کل 18، پھر 17، پھر 16۔

اس کی نگاہ کیلنڈر پر جاتی تو وہ اسے دیکھ کر مسکراتا۔

"فارہ بہروز خان! وقت کو روک سکتی ہو تو روک لو۔"

ولی سے اس رات بات کر کے آنے کے بعد، اس رات کی صبح اس سے محبت کا ادراک پانے کے بعد سے وہ ہر پل وقت کے رک جانے کی دعا مانگ رہی تھی۔

اس رات سے آج تک تمام دنوں میں وہ سارا دن آغا جان کے ساتھ مصنوعی قہقہے لگاتی اور رات میں بستر میں منہ چھپا کر بے آواز رویا کرتی۔

جس سے اسے محبت ہے، وہ اسے معاف کیوں نہیں کر دیتا؟

☼ ☼ ☼

ان کی بہو نے ایک عمر گزارنے کے بعد آخر کار ان کی محبت کو تسلیم کر لیا، محبت کی جیت کی یہ سرشاری ایسی تھی کہ وہ پہلے سے بھی زیادہ خوش اور مطمئن نظر آنے لگے۔

اب انہیں اٹھانے بٹھانے کے لیے سہارا دینے کی ضرورت نہ تھی۔

وہ باتھ روم خود چلے جاتے تھے، کسی کسی وقت ہمت ہوتی تو آہستہ آہستہ چلتے اس کے پاس کچن میں آ جایا

CamScanner

www.allurdu.com

کرتے‘ وہ کام کرتی رہتی‘ وہ کچھ دیر کچن ٹیبل پر بیٹھ کر اس سے باتیں کرتے رہتے‘ پھر تھکنے لگتے تو واپس اپنے کمرے میں چلے جاتے۔

ولی صبح یا کبھی کبھی شام کے وقت انہیں تھوڑی بہت چہل قدمی بھی کروانے لگا تھا۔

کبھی ان کی طبیعت میں کوئی تھوڑی بہت خرابی ہوتی‘ کوئی دوا سوٹ نہ کر رہی ہوتی‘ کسی کا کوئی سائڈ افیکٹ ہونے لگتا تو فارہ ان کی دواؤں میں معمولی سی ردوبدل‘ مقدار میں کمی یا تبدیلی کر دیا کرتی۔

ہاں ایسا وہ ہمیشہ ڈاکٹر نثار سے فون پر گفتگو کرنے کے بعد کیا کرتی۔ آغا جان اسے چھیڑنے کو ”مذاقاً“ کہتے کہ ان کی تیمارداری کے بہانے وہ ایک سینئر ڈاکٹر کے زیر نگرانی اپنے تجربات اور قابلیت کو بڑھانے میں مگن ہے۔

ان دنوں ان کے ساتھ ہنسنا بھی کتنا دشوار عمل لگا کرتا تھا‘ مگر وہ اپنے کسی بھی انداز سے اپنی کوئی ٹینشن اور الجھن ان پر ظاہر کیا نہ کرتی تھی۔

زرمینہ کے ساتھ بھی اس کا محبت بھرا تعلق مزید مضبوط ہو گیا تھا۔

اس حد تک کہ ان دنوں جب وہ اپنی پڑھائی کی شدید نوعیت کی مصروفیات و پریشانیوں میں گھری تھی‘ تب اس کی ٹینشن کو کچھ کم کرنے اور پڑھنے کا بھرپور موقع فراہم کرنے کو وہ عشنا اور حذیفہ دونوں کو ڈرائیور کے ساتھ جا کر یہاں لے آتی تھی۔

اس نے تو یونہی فون پر فارہ سے عائشہ آنٹی کے نہ ہونے کی وجہ سے بچوں کی مصروفیات اور پڑھائی کے لیے مناسب وقت نہ ملنے اور اسائنمنٹس وغیرہ کی تاریخوں کا ذکر کر ڈالا تھا مگر فارہ‘ آغا جان کو سب بتا کر اسی روز اس کے گھر جا پہنچی تھی۔ عباد گھر پر نہ تھا اور زرمینہ اس کی اجازت کے بغیر اس طرح بچوں کو اس کے ساتھ بھیجتے ہچکچا رہی تھی۔

”عباد ناراض ہوں گے فارہ! انہیں یہ بات اچھی نہیں لگتی کہ میں اپنی روزمرہ کی چھوٹی موٹی مشکلات کے حل کے لیے اپنے میکے کی طرف دوڑوں۔“

”میں عشنا اور حذیفہ کو ساتھ لے جا رہی ہوں۔ عائشہ آنٹی آئیں گی تو یہ واپس آجائیں گے۔ تم ان کے یونیفارم‘ اسکول بیگز وغیرہ سب چیزیں جلدی سے میرے سپرد کر دو اور پانچ چھ دنوں کے لیے ان کے کپڑے بھی۔ تب تک میں عباد بھائی سے فون پر بات کر رہی ہوں۔“ یہ کبھی بہت پہلے کا قصہ تھا جب اسے عباد کو عباد بھائی کہنا زبردستی کا رشتہ جوڑنا لگا تھا۔

”عباد بھائی! کیا عشنا اور حذیفہ میرے کچھ نہیں لگتے؟“ اس نے زرمینہ ہی کے گھر سے عباد کا موبائل نمبر ملایا اور سلام دعا کے بعد چھوٹتے ہی بولی۔

”ہائیں! تم نے یہ پوچھنے کے لیے مجھے زندگی میں پہلی بار فون کال کی ہے؟“ وہ اس کے انداز پر حیران بھی ہوا اور محظوظ بھی۔

”اگر آپ سمجھتے ہیں کہ میرا ان دونوں کے ساتھ کوئی معمولی سا بھی رشتہ ہے تو مجھے یہ اجازت دیجیے کہ میں انہیں اپنے ساتھ لے جاؤں۔ جب تک عائشہ آنٹی کراچی سے واپس نہیں آجاتیں اس وقت تک کے لیے۔“

”اس پورے جملے میں اجازت کا لفظ زبردستی گھسایا ہوا لگ رہا ہے۔ اس لیے کہ آپ کا انداز مکمل طور پر دھونس و دھمکی دینے والا ہے۔“

”چلیں‘ میں اس لفظ کو کیا اپنے جملے ہی کو بدل لیتی ہوں۔ میں عشنا اور حذیفہ کو اپنے ساتھ لے جا رہی ہوں۔“

”ہاں یہ انداز فارہ بہروز خان کو زیادہ سوٹ کرتا ہے۔“ وہ قہقہہ لگا کر بولا تھا۔

جواباً“ وہ بھی بے ساختہ مسکرائی تھی اور ان کی باتیں خاموشی سے سنتی زرمینہ بھی۔ یوں وہ بچے آج کل اپنی ننھیال میں رہ رہے تھے۔

صبح وہ دونوں یہیں سے اسکول جاتے‘ وہ انہیں تیار کروا کر ڈرائیور کے ساتھ روانہ کرتی کہ ولی آفس آغا جان کے ساتھ ناشتہ کر لینے اور ان کے ساتھ کچھ دیر باتیں کر لینے کے بعد ذرا تاخیر سے جایا کرتا تھا۔

اس کے بعد باقی کا سارا دن پھر وہ دونوں آغا جان اور فارہ کے ساتھ بھرپور شرارتیں کرتے اور کھیلتے کودتے گزارتے۔

شام میں ماموں کی گھر واپسی پر باہر گھما کر لانے اور آئس کریم کھلانے کی فرمائش ہوتی جو ہر بار ہی پوری کی جاتی۔ آغا جان کے ساتھ باتیں کرتے وقت کے سوا اگر کسی وقت ولی کے چہرے کی دبیز سنجیدگی بے تحاشا مسکراہٹ اور والہانہ پن میں بدلتی تو صرف اپنے بھانجی بھانجا کے لیے۔

رات اس نے دیکھا تھا کہ حذیفہ اس کے ساتھ ریسلنگ کر رہا تھا‘ اس کے اوپر چڑھ کر بیٹھا وہ اس کے



CamScanner

www.allurdu.com

کندھے ایک، دو، تین کی گنتی کرتے کارپیٹ سے لگانے کی بھرپور کوششیں کر رہا تھا۔

اور ... کے فرائض انجام دیتی عشنا بھی کچھ دیر بعد اس کے کندھے پر جھولتی نجانے کون کون سے داستانیں زمانے سے اسے سنانے میں مگن تھی۔

اس کے ساتھ آئس کریم کھانے کے لیے جانے والی عشنا واپسی میں اپنی باربی کے لیے سائیکل، ڈریسنگ ٹیبل، کچھ نئے کپڑے، جیولری اور سینڈلز خرید کرلائی تھی۔

اور حذیفہ درجن بھر چھوٹے سائز کی اسپورٹس کارز جن کا مقصد و مصروف محض اتنا ہوتا تھا کہ پھر فراغت کے اوقات میں مکینکل انجینئر صاحب ان کے ٹائر اور دیگر سارے پرزہ جات الگ الگ کر کے کسی نئی ایجاد و دریافت میں کوشاں ہو جاتے تھے۔

بہن کو باربی کا گھر سجانے سے فرصت نہ تھی اور بھائی کو گاڑیاں توڑنے سے۔ ان بچوں کے ہونے سے گھر میں بے حد رونق اور ہنگامہ تھا۔ اب وہ تینوں کھانا کھاتے تو وہاں آغا جان کی باتیں اور ان دونوں کی سنجیدگی جیسا کوئی ماحول نہ ہوتا تھا۔

آج شاید ان دونوں کا یہاں قیام کا آخری دن تھا کہ عائشہ آنٹی کی آمد آج متوقع تھی۔ آج جمعہ کا دن بھی تھا۔ کئی ماہ کی بیماری کے بعد آج آغا جان کا جمعہ کی نماز مسجد میں جاکر ادا کرنے کا ارادہ تھا۔

وہ گھر پر کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے اور جمعہ کے دن جب وہ مسجد نہ جا پاتے تھے اور مساجد سے جمعہ کے خطبہ اور اذانوں کی آوازیں آیا کرتیں تو وہ بے قرار سے ہو اٹھتے تھے۔

آج مسجد جانے کا پروگرام انہوں نے رات ولی کے ساتھ طے کر لیا تھا اور وہ انہیں مسجد لے جانے حسب وعدہ نماز کے وقت سے کافی پہلے گھر پر موجود تھا۔

وہ اس وقت نہانے اور جمعہ کا بھرپور اہتمام کرنے میں مصروف تھے۔ ساتھ ساتھ فارہ کو یہ بھی بتاتے جا رہے تھے کہ انہوں نے ہمیشہ جمعہ کی نماز کا اہتمام بھی بالکل عید کی نماز کی طرح کیا ہے اور جب اس کی دادی زندہ تھیں تو وہ انہیں اور اپنے دونوں بیٹوں کو جمعہ کی تیاری میں خوب خوب مدد کروائی تھیں۔

وہ اتنے مہینوں بعد مسجد جانے کی ایکسائٹمنٹ میں بے حد خوش تھے۔ وہ آغا جان کی پرجوش تیاریوں کو دیکھ رہی تھی اور خوش ہو رہی تھی۔

حذیفہ اس سے ضد کر کے اپنا بھی لباس تبدیل کروا چکا تھا۔ کلف لگے کڑھائی ہوئے شلوار قمیص اور سواتی ٹوپی کے ساتھ غالباً" اس کا بھی نماز کے لیے جانے کا ارادہ تھا۔

عشنا نے بھی جمعہ کے احترام میں سلیولیس ہی سہی قمیص شلوار اور دوپٹہ منتخب کر کے —— پہن لیا تھا۔

مگر اس بھرپور تیاری اور اہتمام کے بعد جب وہ دونوں بہن بھائی اسے کمپیوٹر پر ساتھ بیٹھ کر Lion king کھیلتے نظر آئے تو پتا چلا احترام سارا ہو چکا اب اپنا کام ہو رہا ہے۔

ولی آغا جان کو گاڑی میں بٹھا کر مسجد لے گیا تھا۔ وہاں سے واپس آکر وہ تھکے ہوئے نہیں بلکہ بے حد خوش اور ایکٹو سے تھے۔ ان ہی کی فرمائش پر فارہ نے ڈائننگ ٹیبل پر کھانا لگوایا۔

ایک طویل عرصہ بعد وہ اپنے گھر کے اس کمرے میں اپنے بچوں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھا رہے تھے۔ ڈائننگ ٹیبل پر گھر کے سربراہ کی وہ مخصوص کرسی آج ایک بار پھر ان کے وجود سے بج جانے والی تھی۔ فارہ نے آج ان کے لیے لنچ بھی تھوڑا اہتمام والا بنایا تھا اور باقی سب کا کھانا بنایا تو صدو نے تھا مگر میٹھے میں گاجر کا حلوہ فارہ ہی نے بنایا تھا۔

خوب محنت سے اور تمام تر لوازمات اس میں شامل کر کے۔ کھویا، میوے، ابلے انڈے، چاندی کے ورق اس نے کوئی کمی نہ چھوڑی تھی۔

آغا جان اتنے دنوں بعد مسجد گئے تھے تو ان کے پاس سنانے کے لیے کئی قصے تھے۔ وہ وہاں پانچ وقت کے جتنے پکے اور باقاعدہ نمازی تھے تو سب سے دوستیاں بھی خوب تھیں۔

اب وہ خوشی خوشی یہی بتا رہے تھے کہ مسجد میں ان کے دیرینہ دوستوں اور ساتھیوں نے آج ان کا استقبال کس والہانہ گرم جوشی سے کیا ہے۔

وہ زرمینہ کے بیٹے کو انسان بنانے کی کوششوں کے ساتھ ان کی باتیں بھی پوری دلچسپی سے سن رہی تھی۔

اس کی پلیٹ میں چاول ڈالنے کے بعد اس نے اسے دھمکی دے دی تھی کہ اگر لنچ کے بعد وہ کمپیوٹر پر گیم کھیلنا چاہتا ہے اور شام میں اس کے ساتھ پارک بھی جانا چاہتا ہے تو بغیر کوئی برا سا منہ بنائے یہ پلیٹ خالی کر دے۔

ولی آغا جان کے برابر دائیں طرف والی کرسی پر بیٹھا تھا

www.allurdu.com

جبکہ وہ عشنا اور حذیفہ کے ساتھ۔ اس کے سامنے والی کرسی پر اپنی پلیٹ میں موجود کھانا ختم کرکے ولی میز پر رکھے پھل اٹھا کر آغا جان کے لیے کاٹنے لگا۔

وہ بے چارے حسرت بھری نگاہوں سے گاجر کے حلوے کو دیکھتے صبر شکر کرکے پھل کھا رہے تھے۔ کبھی کبھار کی بد احتیاطی میں فارہ کوئی حرج نہ سمجھتی تھی۔

ایک شخص پورا اور مکمل پرہیز کرتا ہے' اگر کبھی کبھی کچھ بد احتیاطی کر جائے تو کوئی مضائقہ نہیں کہ۔ بہرحال وہ ایک زندہ جیتا جاگتا انسان ہے' آپ اس پر اللہ کی ہر نعمت بند نہیں کر سکتے۔

مگر ولی ان کے سخت پرہیز کا قائل تھا' فارہ اس سے "میں ڈاکٹر ہوں' یا تم" کہہ کر کوئی بحث نہیں کر سکتی تھی سو خاموش رہی۔

ولی نے خود بھی آغا جان کے ساتھ پھل ہی کھائے تھے' گاجر کے حلوے کا ایک چمچ بھی نہ کھایا تھا۔

کھانے کے اختتام پر شادی کے کسی بلاوے کا ذکر ہونے لگا۔ وہ کچھ کچھ رشتے داروں کو جاننے تو لگی تھی مگر بہت اچھی طرح سب سے ابھی بھی واقف نہ ہو سکی تھی۔

ہفتہ بھر پہلے وہاں سے شادی کا کارڈ آیا تھا اور اب آغا جان اسے یاد دلا رہے تھے کہ یہ شادی ان کے کسی رشتے سے لگتے نواسے کی ہے اور ولی' زرمینہ اور فارہ نجانے اس بندے کے کس رشتے کے کزنز ہیں۔

آغا جان تو شادی کی تقریب میں ظاہر ہے شرکت نہ کر سکتے تھے کہ اتنی دیر بیٹھنا ان کے لیے ناممکن تھا مگر انہوں نے فارہ سے کہا تھا کہ ولی کے ساتھ وہ اس شادی میں شرکت کرے۔

وہ اس فیملی کی فرد ہے تو اسے سب کی خوشی اور غم میں بھی فیملی کے افراد ہی کی طرح شریک ہونا چاہیے۔

☼ ☼ ☼

وہ ولی کے ساتھ شادی کی تقریب میں جا رہی تھی۔ وہ بالکل خاموشی سے گاڑی ڈرائیو کر رہا تھا اور وہ برابر والی سیٹ پر بیٹھی خود بھی بالکل خاموش اور سنجیدہ ہی تھی۔

وہ حیران ہوتی تھی اس شخص کے سیلف کنٹرول پر۔ اسے خود پر' اپنے جذبات پر کتنا قابو تھا۔ اب تو خیر اسے اس سے بات کیے بہت دن ہو چکے تھے مگر جس رات وہ اس سے بات کرکے گئی' اس کی اگلی صبح اس نے ولی کو اتنا ہی نارمل اور پرسکون دیکھا تھا جیسے روز دیکھتی تھی۔

یہاں تک کہ اس نے فارہ سے بھی بالکل روزانہ والے انداز میں "آغا جان کا بی پی چیک کر لو' میں ان کی دوائیں لے آیا تھا' دیکھ لو صحیح ہیں۔" وغیرہ جیسی روٹین کی باتیں تک کی تھیں۔

کوئی اور تو کیا ان دونوں کے ساتھ صبح شام رہتے آغا جان تک ان دونوں کے مابین کوئی غیر معمولی انداز یا ماحول بھانپ نہ پائے تھے۔

ولی کا یہ لاتعلق و بے نیاز سا انداز اسے نفرت اور غصے سے کہیں بڑھ کر انسلٹنگ لگتا۔ وہ تو اسے اس لائق بھی نہیں سمجھتا کہ اس پر کوئی طنز ہی کر دے' معیز کے حوالے سے کوئی چبھتی بات کوئی طنزیہ فقرہ ہی کہہ دے۔

اس کا دل چاہتا وہ ولی سے کہے۔

"تم مجھ پر چیخ چلا لو' ہر برا لفظ بول دو' اپنا سارا غصہ نکال لو' مگر پلیز یہ لاتعلقی اور بے گانگی کی مار مجھے مت مارو۔ یہ طنز' تمسخر' غصہ اور نفرت سے کہیں زیادہ کڑی ہے۔"

گاڑی میں مکمل خاموشی تھی' کوئی میوزک تک نہ بج رہا تھا۔ وہ شاید میوزک' اجنبیوں کے ساتھ انجوائے کرنا پسند نہیں کیا کرتا تھا۔

اس نے اسٹیئرنگ پر جمے اس کے مضبوط مردانہ ہاتھوں کو دیکھا۔ بے اختیار اس کا دل چاہا' وہ اس کے ہاتھ کے اوپر اپنے ہاتھ رکھے اور کہے۔

"ولی! میں تم سے محبت کرتی ہوں۔ میں اپنی پوری زندگی تمہارے ساتھ گزارنا چاہتی ہوں۔ پلیز پچھلی ہر بات بھلا کر مجھے صرف ایک موقع دے دو۔"

وہ یہ سب کچھ کہہ سکتی تھی۔ محبت کے اظہار میں پہل کرتے اسے کوئی عار نہ تھی مگر اپنی جرات اور صاف گوئی کا وہ آج سے پہلے بے شمار بار اتنے منفی انداز میں نفرت کے اظہار میں استعمال کر چکی تھی کہ آج اس کی محبت کا یقین کرتا کون؟ کاش جتنی اس میں جرات ہے' اتنی ہی عقل بھی ہوتی تو آج وہ یہ دن نہ دیکھ رہی ہوتی۔

وہ دونوں شادی کی تقریب میں پہنچے تو ان کے ساتھ ساتھ ہی زرمینہ اور عباد کی گاڑی بھی آ کر رکی۔

ان لوگوں کو دیکھ کر فارہ اور ولی ادھر ہی آ گئے۔

"تم اور لالہ گاڑی سے ساتھ اترتے شاندار لگ رہے تھے۔" عائشہ آنٹی اور عباد کو سلام کرنے کے بعد زرمینہ کی طرف بڑھی تو وہ اس کے ہاتھ تھام کر آہستگی اور



CamScanner

www.allurdu.com

محبت سے بولی۔

اس کی آہستہ آواز میں کہی بات عائشہ آنٹی کے بلند اور مخصوص نوعیت کے قہقہوں میں مزید دب گئی تھی۔

شکر تھا کہ اس کی آواز دب گئی' ورنہ اس کے اس جملے پر سب اس کا ردِ عمل اس کے چہرے پر پڑھنا چاہتے۔

اس نے ولی کی طرف دیکھا' وہ عباد کے ساتھ بے تکلف قسم کی ہائے ہیلو میں مصروف تھا۔

اس نے پھر زرمینہ کی طرف دیکھا اس نے کوئی جواب طلب بات نہ کہی تھی' صرف اپنی ایک رائے ایک فیلنگ اس سے شیئر کی تھی' وہ ابھی بھی مسکراتی نگاہوں سے فارہ کو دیکھ رہی تھی۔

پتا نہیں زرمینہ نے کس چیز اور کس بات سے یہ رائے قائم کی تھی کہ ان دونوں کے درمیان سب کچھ ٹھیک ہو چکا ہے۔

اگر وہ ان دونوں کی شادی میں ساتھ آنے کی وجہ سے ایسا سمجھ رہی تھی تو یہ صرف اس کی خوش فہمی ہی ہو سکتی تھی۔

وہ زرمینہ کو کیسے بتاتی کہ اپنی طرف کھلتے خوشیوں اور محبتوں کے در اس نے خود اپنے ہاتھوں سے بند کیے ہیں' وہ یہاں پشاور ولی صہیب خان کے ساتھ ساری زندگی گزارنے نہیں' بلکہ زندگی کے فقط تین مہینے گزارنے آئی تھی اور ان تین مہینوں کے اختتام پر وہ اسے اس کی حسب خواہش و فرمائش اپنے نام سے آزادی کا پروانہ دے دے گا۔

وہ یہاں ایک معاہدہ کر کے آئی تھی اور اب اپنی کہی کسی بھی بات سے وہ مکر نہیں سکتی' اسے بھلا نہیں سکتی اگر چاہے تو بھی نہیں۔

☼ ☼ ☼

ایک دم ہی اسے اتنی وحشت نے گھیرا کہ وہ اپنے پورشن سے نکل کر سیدھی آغا جان کے کمرے میں آ گئی۔

دوپہر کے کھانے کے بعد وہ لیٹتے تھے مگر اب عصر کا وقت ہونے والا تھا اور وہ جانتی تھی کہ وہ نماز کی تیاری کے لیے جاگ چکے ہوں گے۔

وہ پچھلے دنوں میں بے شمار بار آغا جان کے پاس یہ مسئلہ لانے کا سوچ چکی تھی مگر ہر بار جب اپنی یکم جنوری کی وہ حرکت یاد آتی اس کے اٹھتے قدم بے اختیار رک جاتے۔

یہ بات انہیں بتانے کے لیے حوصلہ کتنا چاہیے تھا۔ اب تک تو وہ یہی سمجھتے ہیں کہ وہ ان کی شدید بیماری کا سن کر سب کچھ بھلا کر یہاں آ گئی تھی' اگر انہیں حقیقت پتا چل گئی تو انہیں کس قدر دکھ ہو گا۔

وہ ان کا مان توڑنے کا خود میں حوصلہ کہاں سے لاتی؟ مگر اس وقت وہ ان کے پاس آنے سے خود کو روک نہ پائی۔

دن پر دن گزر رہے ہیں۔ کیا وہ خاموشی سے اس رشتے کو ختم ہو جانے دے گی۔ ولی کے پاس پھر جانے کا کوئی فائدہ نہ تھا۔

"آغا جان۔"

"آؤ میری جان۔" وہ بستر سے اٹھنے کی تیاری کر رہے تھے۔

"آغا جان! میں آپ سے اپنے اور ولی کے رشتے کے بارے میں۔" انہوں نے اس کے لبوں پر ہاتھ رکھ کر اسے آگے بولنے نہ دیا۔

"تمہیں اس رشتے کے متعلق کوئی ٹینشن لینے کی ضرورت نہیں ہے جان عزیز! میں نے تم سے پہلے بھی کہا تھا۔ تمہاری خوشی سے بڑھ کر میرے لیے کچھ بھی نہیں۔ جو تمہاری خوشی ہے وہی میری بھی خوشی ہے۔"

وہ اس موضوع پر بات کرنے ہی کو آمادہ نہ تھے۔ یوں جیسے وہ جانتے تھے کہ وہ صرف ان کی صحت کی طرف سے متفکر ہوتی اس رشتے کو کسی انجام تک پہنچائے جانے سے ڈر رہی ہے۔

آخر وہ آغا جان سے کہے گی کیا اور کیسے؟ اور ولی؟ کیا فارہ آغا جان کو اس رشتے کے قائم رکھنے کے حوالے سے اپنا ہمنوا بنا لے تو وہ حکم کے غلاموں کی طرح عاجزی سے اس کی پسند و خواہش پر سر جھکا دے گا۔ یوں آغا جان کا سہارا لے کر' ان کے ذریعے اپنی بات منوانے کی کوشش کر کے تو وہ خود کو اس کی نظروں میں مزید اپنی چلانے اور من مانی کرنے والی ضدی و خود سر لڑکی ثابت کر دے گی۔

اسے بڑی شدت سے احساس ہوا کہ وہ آغا جان سے اس معاملے میں کسی بھی طرح مدد نہیں لے سکتی۔

ان سے مدد مانگنے کا صرف ایک معقول طریقہ ہے کہ آپ انہیں الف سے یے تک سب کچھ بتا دیں اور اتنی ہمت وہ خود میں ہرگز نہیں پاتی تھی۔

☼ ☼ ☼

یہ اس روز سے دو دن بعد کی بات تھی جب ولی آفس

CamScanner

www.allurdu.com

سے واپسی میں کچھ دیر سے بھی آیا اور ساتھ کچھ شاپنگ بھی کر کے لایا۔

چند ایک چیزیں تو آغا جان کے لیے اور گھر کے لیے تھیں مگر شاپنگ کا بنیادی مقصد عباد اور زرمینہ کی شادی کی سالگرہ کا تحفہ خرید کر لانا تھا۔

ان دونوں کے لیے خریدا گیا قیمتی تحفہ وہ آغا جان کو دکھانے لگا۔ انہوں نے تحفے کو کافی پسند کیا۔

فارہ پہلے سے جانتی تھی کہ زرمینہ کی ویڈنگ اینورسری آنے والی ہے۔ آغا جان کئی روز پہلے سے یہ بات بتا چکے تھے اور یہ بھی کہ بچوں کی سالگرہ تو وہاں منائی ہی بہت دھوم دھڑکے سے جاتی ہے اور یہاں سے اس میں شرکت بھی بھرپور ہوتی ہے۔

مگر زرمینہ اور عباد کی شادی کی سالگرہ پر بھی ہر سال یہاں سے ولی اور آغا جان کی طرف سے ان دونوں کے لیے ایک مشترکہ تحفہ جایا کرتا ہے۔

جب تحفہ سب گھر والوں کی طرف سے مشترکہ دیا جا رہا تھا تو وہ بھی اسی گھر کا حصہ تھی' اس لیے اس کے الگ سے کچھ تحفہ دینے کی تک بنتی نہیں تھی۔

ہاں اس نے تب ہی آغا جان سے زرمینہ کی شادی کی سالگرہ کا تذکرہ سننے کے بعد یہ ضرور طے کر لیا تھا کہ وہ تحفے کے ساتھ وہاں لے جانے کے لیے ایک اچھا سا کیک ضرور بیک کر لے گی۔

اس کا خیال تھا کہ ولی اسے چلنے کے لیے نہیں کہے گا مگر وہ واقعی کوئی چیپ اور تھرڈ کلاس جذباتی حرکتیں نہیں کیا کرتا تھا۔

اگلی شام جب وہ آفس سے گھر آ گیا تو آغا جان سے دعا سلام اور خیر و عافیت کے بعد اس سے بولا۔

"زرمینہ کے گھر چلو گی؟" اس نے سر اثبات میں ہلایا تو اسی غیر جذباتی والا تعلق سی ٹون میں بولا۔

"آٹھ بجے تک چلیں گے' تیار ہو جانا۔"

اس نے ٹھیک کہا تھا' ان دونوں کا آپس کا یہ رشتہ نہ بھی رہے تب بھی وہ اس گھر کی فرد اور اس کی تایا کی بیٹی تو رہے گی اور وہ ثابت کر کے دکھا رہا تھا کہ وہ سب کچھ کتنی خوش اسلوبی اور ہنسی خوشی انجام دلوا دینے والا ہے۔

اس کے غیر جذباتی' سنجیدہ اور شائستہ انداز کے جواب میں خود بھی اس رویے کا مظاہرہ کرتی سنجیدگی سے سر ہلا گئی۔

آٹھ بجنے میں بھی کچھ منٹ تھے جب وہ تیار ہو چکی تھی۔ چاکلیٹ کیک وہ دوپہر ہی میں تیار کر کے فریج میں رکھ چکی تھی۔ اس نے زرمینہ ہی کا کچھ روز پہلے تحفے میں دیا بلیو اور گرے رنگوں کے امتزاج والا سوٹ پہنا۔

لباس تبدیل کرنے کے بعد لپ اسٹک' آئی لائنر اور مسکارے کے ساتھ تیاری کو مکمل کرتے وہ گرے اور بلیو شیشوں اور دھاگوں کے کام سے آراستہ دوپٹے کو سر پر لیتی ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے سے ہٹی تو خود ہی چونک سی گئی۔

بالکل زرمینہ ہی کے سے انداز میں ہر وقت دوپٹہ سر پر لیے رکھنا اس کی کب سے عادت بن گیا تھا' اسے خود احساس نہیں ہو سکا تھا۔

ابتدا" خاندان کے افراد کی آغا جان کی عیادت کے لیے آمد کے دوران ان کی مہمان نوازی و میزبانی کے دوران اس نے قصدا" ایسا کرنا شروع کیا تھا مگر یہ عادت اتنی پختہ ہو گئی تھی کہ اس وقت وہ کسی شعوری کوشش کے بغیر خود بخود ایسا کر گئی۔

اسے خود پر تعجب بھی ہوا اور اچھا بھی لگا۔ ان دونوں کی وہاں آمد جیسے ایک متوقع بات تھی۔

زرمینہ تو جیسے بے صبری سے میکے سے کسی کی آمد کا انتظار ہی کر رہی تھی۔ اسے اور عباد کو تحفہ دینے سے قبل ولی بچوں کو ان کے لیے لائی گئی چاکلیٹس دینے لگا۔

"ننھیال کے اس غیر ضروری لاڈ پیار نے میرے بچوں کا ستیاناس کر دیا۔" عباد نے ایک سرد آہ بھری۔

"میں نے سختی سے کہہ دیا تھا اب آمنہ باربی کے کپڑے' جوتے' زیورات' گھر کا آرائشی سامان' ان کا جم' بیوٹی سیلون وغیرہ وغیرہ کچھ خرید کر نہ دوں گا۔ مگر میری سختی کا اثر کیا ہونا تھا' ماموں جان جو بگاڑنے کو موجود ہیں۔

وہاں سے ایسی بھرپور رشوت لے کر آئی ہیں کہ اب مجھ سے فرمائش ہے انہیں باربی کا دولہا معہ اس کی مکمل وارڈروب کے فراہم کیا جائے۔"

ولی اس کے شکوؤں پر دھیان دیے بغیر عائشہ آپی کی طرف متوجہ ہوا تو عباد فارہ سے کہنے لگا۔

"میری بہن! مجھے کنجوس مکھی چوس اور کوئی ظالم باپ نہ سمجھ لینا۔ مگر اس چھٹانک بھر کی باربی کے نخروں کی کوئی حد تو ہو۔ پہلی بار بڑی خوشی خود بیٹی صاحبہ کے لیے آفت کی پرکالہ خرید کر لایا تھا۔ کیا معلوم تھا گھر میں بیٹی کو باربی لا کر دینا گھر میں ہاتھی رکھ لینے کے مترادف ہے۔"

www.allurdu.com

خرید کر آپ آئندہ اخراجات سے بچ گئے ایسا سوچیں بھی مت۔ کھلونوں کی دکانوں پر آنسہ کے کپڑوں' جوتوں سے لے کر دیگر تمام ضروریات زندگی کا وہ' وہ سامان موجود ہے کہ بندہ آنکھیں پھاڑ کر دیکھتا رہ جائے۔ پچھلے مہینے ان کے کپڑوں کی استری کا مسئلہ حل کرنے کے لیے آئرن اسٹینڈ اور ایک استری خریدی گئی تھی۔ ساتھ نئی پارٹی کا سب سازو سامان اور اگر آنسہ کو پکنک پر بھی جانا ہو تو اس کے تمام لوازمات خرید کر دیے گئے تھے اور خیراب تو دولھا میاں بھی چاہئیں۔ یعنی یک نہ شد دو شد۔"

وہ عبادی باتوں کو انجوائے کرتی ہنس رہی تھی۔ ایک اتنا خوش مزاج' ایک اتنا زیادہ سنجیدہ۔

پتا نہیں مزاج کے اس فرق کے باوجود اس میں اور ولی میں اتنی زیادہ دوستی کیسے تھی؟ چونکہ کھانے کا ٹائم ہو رہا تھا' اس لیے کچھ دیر کی گفتگو کے بعد ہی زرمینہ کھانا لگوانے اٹھ گئی۔

بھائی کی آج آمد غیر متوقع نہ تھی' اس لیے اس نے ڈنر پر خاصا اہتمام کر رکھا تھا۔ وہاں کیک کا کوئی اہتمام نہ تھا بقول عباد کے بڑھاپے میں یہ چونچلے کون کرے۔ فارہ جو کیک لے کر گئی تھی' اس پر چھری چلانے کے لیے بھی اماں ابا سے پہلے دونوں بچے بے چین و بے قرار تھے۔

ان کا آپس کا کیک کاٹنے پر جھگڑا ان کے چچا نے دونوں کے ہاتھ میں بیک وقت چھری تھما کر نمٹوایا۔

"ہاں بھئی' یہ دیسی ٹیسٹ رکھنے والے کہاں کیک کھائیں گے۔" کھانے کے اختتام پر میٹھے کی باری آئی تو ولی کو اخروٹ کا حلوہ پلیٹ میں ڈالتا دیکھ کر عباس بولا۔

"تعلیم امریکی حاصل کی ہے مگر کھانے انہیں سارے کے سارے دیسی پسند ہیں۔" ولی کے علاوہ باقی سب نے میٹھے میں کیک ہی لیا تھا۔

"ہائے فارہ تم نے اتنا زبردست کیک کیسے بنا لیا؟ یہ تو گھر کا بنا ہوا معلوم ہی نہیں ہو رہا۔ پلیز مجھے اس کی ریسپی دے دو۔ میرا سادہ کیک صحیح بن جاتا ہے مگر کریم والے سارے کے سارے انتہائی فضول۔"

زرمینہ کیک کا پہلا ٹکڑا ہی منہ میں رکھ کر با آواز بلند بولی۔

"لیجیے یہاں خالص قسم کی خواتینی گفتگو عنقریب شروع ہونے والی ہے۔ چلو ولی! ہم لوگ لاؤنج میں چلتے ہیں۔"

عباد غالباً" ریسپیز کے یہ تبادلے دیکھ دیکھ کر خاصا اکتایا ہوا تھا' تب ہی اپنی پلیٹ ہاتھ میں لے کر ولی کو بھی اٹھنے کا اشارہ کرتا فوراً" کھڑا ہو گیا۔

وہ کیک کی ریسپی بتا چکی تو عائشہ آنٹی اپنی کچھ مشہور زمانہ ریسپیز ان دونوں سے شیئر کرنے لگیں۔ وہ ان لوگوں کے ساتھ گفتگو کو اتنا انجوائے کر رہی تھی کہ گیارہ بجے گھر چلنے کے لیے اسے ولی ہی نے کہا تھا۔

اگلی صبح ناشتے کے بعد کچن میں چند ایک کام نمٹا کر وہ آغا جان کو دوا دینے کے لیے ان کے کمرے میں آنے لگی' تب ان کے برابر والے کمرے سے آتی آواز نے اس کے قدم روک لیے۔

ولی کسی سے فون پر بات کر رہا تھا۔ وہ سمجھ رہی تھی کہ شاید وہ آفس جا چکا ہے مگر وہ ابھی گیا نہیں تھا۔

"جی وحید صاحب! آپ پیپرز تیار کروا لیجیے۔ ہاں وہ پہلے میں نے آپ کو اس لیے روک دیا تھا کیونکہ اس وقت تک میں نے آغا جان سے بات نہیں کی تھی۔" ایک لمحے کے لیے اس نے دوسری طرف کی کوئی بات سنی پھر دوبارہ بولا۔

"میں پانچ چھ دنوں کے لیے کراچی جا رہا ہوں۔ آج 22 ہے نا' زیادہ سے زیادہ 30 یا 31 تک واپس آجاؤں گا۔ آپ پیپرز مجھے تب تک بھجوا دیجیے گا۔ جی ہاں' ٹھیک ہے۔ اللہ حافظ۔"

اسے ریسیور رکھے جانے کی آواز آئی اور قدموں کی چاپ بھی سنائی دی۔ فوراً" وہاں سے ہٹنے کا جو سب سے پہلا طریقہ اس کی سمجھ میں آیا' وہ برابر والے کمرے میں داخل ہو جانا تھا اور وہ فوراً" ہی ایسا کر بھی گئی تھی۔

ادھر وہ کمرے میں آئی' ادھر اپنے کمرے سے نکل کر ولی بھی آغا جان کے دروازے پر آیا۔

"آغا جان۔۔! میں جا رہا ہوں۔ اللہ حافظ۔" وہ شاید لیٹ ہو گیا تھا' اس لیے دروازے پر سے انہیں خدا حافظ کہتا فوراً" واپس مڑ گیا۔

آغا جان نے ولی کو کچھ خاص توجہ سے نہ دیکھا' نہ خدا حافظ کہا۔ اس کی توجہ فارہ کی طرف تھی۔ "کیا ہوا بیٹا؟" اس کی پریشانی' اس کا خوف' اس کا اضطراب اس کے چہرے سے ہویدا تھا۔ وہ آغا جان سے اپنے تاثرات چھپانا چاہتی تھی مگر ناکام ہو رہی تھی۔

CamScanner

www.allurdu.com

"کیا ہوا فارہ! روتی تو ٹھیک ہے نا۔ کل تو تمہاری اس سے فون پر بات ہوئی ہے۔ وہ اگلے مہینے آنے کا وعدہ کر رہی تھی پھر اچانک۔" "اسے پتا نہیں ایک دم ہی کیا ہوا" وہ دوڑتی ہوئی آئی اور آغا جان کی گود میں سر رکھ کر پھوٹ پھوٹ کر رو پڑی۔

"آغا جان! ولی مجھ سے نفرت کرتا ہے۔ میں اس سے معافی تک مانگ چکی ہوں پھر بھی نہ اس نے مجھے معاف کیا اور نہ مجھ سے نفرت ختم کی۔ آپ کہتے ہیں، وہ بہت میچیور، بہت معاملہ فہم، بہت صبر اور برداشت والا ہے۔

وہ میری اور زرمینہ کی طرح ضدی، جذباتی اور غصے والا نہیں مگر میں آپ کو بتاؤں، وہ مجھ سے اور زرمینہ سے بھی زیادہ ضدی اور غصے والا ہے۔ اس میں انا بھی ہم دونوں سے کہیں زیادہ ہے۔

ہم دونوں تو منہ پر بول کر دل صاف کر لیتے ہیں، وہ دل میں کینہ و بغض رکھنے والے لوگوں میں سے ہے۔ وہ منہ سے کہتا ضرور ہے مگر دل سے اس نے مجھے معاف نہیں کیا۔" وہ روتے ہوئے بولی۔

"نہیں بیٹا! وہ تم سے نفرت نہیں کرتا۔" آغا جان نے اس کے بالوں میں پیار سے ہاتھ پھیرتے اسے سمجھانا چاہا۔

"نہیں، وہ مجھ سے نفرت کرتا ہے۔ اس نے اپنا دل میری طرف سے بالکل صاف نہیں کیا۔ میں آپ کو اس کی نفرت کی انتہا بتاؤں، وہ میرے ہاتھ کی بنی کوئی چیز تک کھانا پسند نہیں کرتا۔ اس دن میں نے گاجر کا حلوہ بنایا تھا، آپ کو یاد ہے؟ آپ ایک بار زرمینہ اور ولی کی بچپن کی باتیں بتاتے ہوئے بتا رہے تھے کہ ولی کو بچپن میں آمنہ چاچی کے ہاتھوں کے بنے حلوے بہت پسند تھے۔ وہ ان سے گاجر کا حلوہ فرمائش کر کے بنواتا تھا اور اس دن جب میں نے حلوہ بنایا تو اس نے اسے اگنور کر کے فروٹس کھانے شروع کر دیے۔

کل زرمینہ کے گھر اس نے میرے بنائے کیک کے بجائے اخروٹ کا حلوہ کھایا۔ میرے بنائے کھانوں میں جیسے زہر ملا ہوتا ہے۔ یہ ہے اس کی مجھ سے نفرت...... پھر آپ کہتے ہیں، وہ میچیور ہے۔

اگر وہ میچیور ہوتا تو کیا اسے یہ نظر نہ آتا کہ میں اب بدل گئی ہوں۔ میں اب پہلے جیسی نہیں ہوں۔ میں اپنی غلطیوں پر شرمندہ ہوں۔" وہ روتے ہوئے بے سوچے سمجھے بولے چلی جا رہی تھی۔

مگر یک دم ہی اسے خود ہی احساس ہوا۔ اب ان سب باتوں کا فائدہ کیا ہے۔ وہ آغا جان سے ساری بات کر چکا ہے اور ان کی تائید و حمایت حاصل کرنے کے بعد اس نے وکیل کو طلاق کے کاغذات تیار کروانے کو کہہ دیا ہے۔

اب گلے شکوے، شکایتیں اور یہ آنسو کس کام کے ہیں؟ ان سے فائدہ کیا حاصل ہو سکتا ہے۔

وہ اب آغا جان کے روبرو سوال جواب سے خائف تھی۔ وہ پتا نہیں اس سے کیا پوچھیں گے اور وہ ان سے کیا کہے گی۔

اس کے پاس کہنے کے لیے کچھ بھی تو نہیں مگر شکر ہوا کہ ابھی اس نے ان کی گود سے سر اٹھا کر شرمندگی میں بری طرح گھرتے، آنسو صاف کرنے شروع کیے ہی تھے کہ ان کے ایک بہت پرانے واقف ان کی عیادت کے لیے آ گئے۔

وہ لندن سے آئے ہوئے تھے۔ آغا جان کی کئی برسوں بعد ان سے ملاقات ہو رہی تھی، سو ان کے ساتھ ان کی گفتگو کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو گیا جو لنچ کے بعد بھی کافی دیر جاری رہا تھا۔

بڑھاپے میں انسان کا حافظہ کمزور ہو جاتا ہے۔ اس نے آغا جان کے صبح کی بابت کچھ نہ پوچھنے پر سکون کا سانس لیتے سوچا۔

ولی اسی شام کراچی چلا گیا تھا۔

آغا جان کہہ رہے تھے، وہاں اسے آفس کا کوئی کام ہے۔ رات کے کھانے پر صرف وہ اور آغا جان تھے۔

کھانے کے بعد وہ کچھ دیر ان سے اِدھر اُدھر کی باتیں کرتی رہی۔ ممی جو اگلے مہینے یہاں آ جانے والی ہیں، وہ موضوع کچھ دیر آغا جان نے بڑی خوشی کے ساتھ اس سے ڈسکس کیا پھر انہیں دوا دینے کے بعد کمرے کی لائٹس بند کر کے وہ ان کے کمرے سے نکل آئی۔

گھر میں ملازمین کے علاوہ صرف وہ اور آغا جان تھے۔ رات میں خدانخواستہ کسی وقت ان کی طبیعت خراب ہوتی یا انہیں کسی چیز کی ضرورت پڑتی تو وہ تو فرسٹ فلور پر اپنے کمرے میں بے خبر پڑی سوتی رہ جاتی۔

کچھ سوچ کر اس نے برابر والے کمرے کا دروازہ کھول لیا۔ وہ یہاں نہیں، اسے کیا پتا چلے گا کہ فارہ یہاں سوئی تھی۔

www.allurdu.com

یوں بھی وہ اس کے کمرے کی کسی چیز کو استعمال کرنے یا خراب کرنے نہیں، صرف آغا جان کی وجہ سے یہاں لیٹ رہی ہے۔

بیڈ پر آ کر لیٹتے وہ جانتی تھی کہ یہ ایک جھوٹی تاویل ہے۔ جو وہ خود کو پیش کر رہی ہے۔ وہاں ان دو بیڈ روزم کے سوا اور کوئی بیڈ روم نہیں، باقی سب بیڈ رومز ہٹ کر ہیں یا فرسٹ فلور پر ہیں۔ مگر وہ لاؤنج میں سو سکتی ہے۔

آغا جان کے کمرے ہی میں سو سکتی ہے۔ پھر یہیں کیوں؟ اس لیے کہ اس کی زندگی میں الٹی گنتی چل رہی ہے۔

یہ کمرہ اس کا ہو سکتا تھا۔

وہ اس جگہ آ سکتی تھی۔ مگر چند روز بعد جب ہر رشتہ ختم ہو جائے گا تب وہ اس کمرے پر اپنا کوئی حق باقی نہ رکھ پائے گی۔ ابھی وہ حق اس سے چھنا نہیں۔

الٹی گنتی ابھی ختم نہیں ہوئی تھی۔ یہ 23 تاریخ ہے۔ وہ جب تک کراچی گیا ہوا ہے، وہ ان پانچ چھ دنوں تک یہ ایک معمولی سی چوری تو کر سکتی ہے۔

بیڈ کی جس سائیڈ پر اس نے اس رات اسے بیٹھے دیکھا تھا وہ اسی سائڈ پر آ کر لیٹی، اسی تکیے پر سر رکھ کر۔

اس تکیے پر سر رکھ کر بے آواز رونا اپنے کمرے میں رونے سے بہت بہتر لگ رہا تھا۔ یہاں ایک مانوس خوشبو اس کے چاروں طرف پھیلی ہوئی تھی۔

اس کے بیڈ پر اس کے تکیے پر سر رکھ کر لیٹنا، اس کا بلینکٹ اوڑھنا۔ وہ ایک ایک خوشی، ایک ایک احساس کو اپنے اندر اتار رہی تھی۔ اپنے اندر بسا رہی تھی۔

یہ سب اس کا ہو سکتا تھا۔ یہ سب اسے چوری سے، چھپ کے اور ڈر ڈر کر نہیں پوری عزت اور احترام کے ساتھ مل سکتا تھا۔ اگر وہ زندگی میں اپنے ہی ہاتھوں سب کچھ برباد نہ کر چکی ہوتی۔

وہ بے بسی سے روتے ہوئے سوچ رہی تھی۔ کہ آٹھ دن بعد جب سب کچھ آغا جان کی رضامندی و خوشی کے ساتھ ختم ہو جائے گا اور پھر وہ اس کی کہیں اور شادی کروانا چاہیں گے پھر وہ انہیں کیا کہے گی۔

وہ اب کبھی بھی آغا جان کو کسی بات کے لیے نہیں کہہ سکتی لیکن ولی کے علاوہ وہ کیسے کسی اور کو اپنی زندگی میں شامل کر پائے گی؟ وہ کیسے کسی دوسرے شخص سے محبت کر پائے گی؟

اس کے پاس آنسو بہانے اور پچھتانے کے سوا زندگی میں کچھ بھی نہ بچا تھا۔ اور وہ اب یہی کر رہی تھی۔

☼ ☼ ☼

”آپ نے کہا تھا، آپ فارہ کو اپنی بہو بنائیں گے۔ آپ نے یہ بھی مجھ سے کہا تھا کہ مجھے اٹھا کر اپنے ساتھ لے جائیں گے اور میرے انکل و ڈیڈی دیکھتے رہ جائیں گے۔ پھر آج جب آپ کا بیٹا آپ کی بہو کو چھوڑ دینے والا ہے تو آپ اسے روک کیوں نہیں رہے۔ صہیب چاچا؟“

رات کا وقت تھا اور وہ اپنے پورشن اور آغا جان کے کمرے کے بیچ بنی اس جھیل کے پاس بیٹھی تھی۔ چاند کہیں بادلوں میں چھپا تھا اور اردگرد اس کا اجالا نہیں بلکہ بہت دور جلتا ایک بلب ہی یہاں پہ مدھم سی روشنی پھیلا رہا تھا۔

یہ 31 مارچ کی رات تھی۔ ولی آج شام واپس آ گیا تھا۔

رات کا کھانا ان تینوں نے ڈائننگ روم میں کھایا تھا۔ اور کھانے کے بعد آغا جان اور ولی قہوے اور کافی سے بالترتیب لطف اندوز ہوتے، لاؤنج میں بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔ جب کہ وہ کھانے تک بھی بمشکل ان دونوں کا ساتھ نبھاتی فوراً ہی وہاں سے اٹھ گئی تھی۔

آغا جان کے کمرے میں ایک کونے میں رکھی یہ البم اپنے ساتھ اٹھا کر باہر جھیل کے پاس آ کر بیٹھ گئی تھی۔

وہ صہیب چاچا اور اپنے ڈیڈی کے کالج کی ایک تصویر دیکھتی، اپنے چاچا سے مخاطب تھی۔

کتنی خوشیاں، کتنی آرزوئیں جڑی تھیں ان دونوں بھائیوں کی اس رشتے کے ساتھ۔ اپنے شہر دل کے اجڑنے کے ساتھ اسے ان دونوں عزیز ترین ہستیوں کے خوابوں کی پامالی کا بھی دکھ ستا رہا تھا۔

اور اس دکھ میں یہ احساس شدت سے شامل تھا کہ ایسا سب کچھ ہونے کی وجہ بھی وہی خود ہے۔

ولی واپس آ کر اتنا ہی پر سکون، اتنا ہی کمپوزڈ تھا، جتنا جاتے وقت تھا۔ یہاں تک کہ اس نے اس سے بھی سلام دعا اور خیر خیریت جیسی رسومات اور فارمیلیٹیز بخوبی اور باآسانی نبھائی تھیں۔

صہیب چاچا اور ڈیڈی کی تصویروں کو دیکھتے وہ ولی کے کمرے کے دروازے اور کھڑکی کو دیکھنے لگی۔

آغا جان ہی کی طرح اس کے بھی کمرے کا پچھلا دروازہ

www.allurdu.com

یہاں جھیل کے سامنے کھلتا تھا اور اس کھڑکی میں کھڑے ہو کر شاید وہ صبح کے وقت اس جگہ کی یہ ہریالی' سبزہ اور نیلگوں پانی کی خوب صورتیاں دیکھا کرتا ہو گا۔

وہ جھیل کے پاس اکیلی بیٹھی رہی۔ روتی رہی۔ گھٹنے پر سر رکھ کر بے آواز بالکل گھٹ گھٹ کر یونہی روتے روتے اسے وقت کا خیال آیا' وقت کا احساس جاگا' بے اختیار چونک کر سر اٹھاتے اس نے اپنے موبائل میں ٹائم دیکھا گیارہ بج کر پچپن منٹ۔

بارہ بجنے میں صرف پانچ منٹ باقی بچے ہیں۔ اور بارہ بجے کیلنڈر کا نیا ورق الٹ دیا جائے گا۔

اگر وہ اپنی بات کا' اپنی ضد اور اپنی ہٹ کا پکا ہے تو صبح ہونے کا بھی انتظار نہیں کرے گا اور ٹھیک بارہ بجے اسے وہ لاوے گا جسے لینے تین مہینے پہلے وہ یہاں آئی تھی۔ وہ ایک سیکنڈ بھی کیوں اگلا ہونے دے۔

وہ اچانک ہی بری طرح خوفزدہ ہوئی۔ خوف میں گھری وہ ایک سیکنڈ سے بھی کم وقت میں وہاں سے اٹھی۔ آغا جان اپنے کمرے میں جاچکے ہوں گے مگر وہ لاؤنج ہی میں بیٹھا اس کا انتظار کر رہا ہو گا۔

اور اسے اپنے کمرے میں جانے کے لیے لازمی طور پر لاؤنج سے گزرنا پڑے گا۔ ایک چیز ملنی طے ہے' لیکن ابھی کیوں۔ کیا وہ خود فریبی کے یہ چند گھنٹے اور نہیں گزار سکتی؟

اس نے اپنے کمرے اور لاؤنج سے گزرنے کا ارادہ فوری طور پر رد کیا۔ اس کا رخ آغا جان کے اس طرح کھلنے والے دروازے کی سمت تھا۔ خوف سے اس کا دل انتہائی تیز رفتار سے دھڑکنے لگا تھا۔ وہ اپنے دل کی دھک دھک صاف سن رہی تھی۔

لمحوں کی چوتھائی میں وہ دروازہ کھول کر آغا جان کے کمرے میں آگئی۔ کمرے میں گھپ اندھیرا تھا۔ نائٹ بلب تک روشن نہیں تھا' مگر وہ سوئچ بورڈ تک جانے اور نائٹ بلب جلانے تک میں ایک لمحہ بھی مزید ضائع نہیں کرنا چاہتی تھی۔

اگر ولی بارہ بجے جو کہ بس بجنے ہی والے ہیں' اسے ڈھونڈتا یہاں آغا جان کے کمرے میں آگیا تو۔ وہ اس کے یہاں آنے سے پہلے بستر میں گھس جانا چاہتی تھی۔

ایک لمحہ ضائع کیے بغیر برق رفتاری سے وہ بیڈ پر لیٹی' کمبل منہ تک اوڑھا حالانکہ موسم بدل رہا تھا اور کمبل کی اب ضرورت نہ تھی پھر بھی' اور آنکھیں اتنی مضبوطی سے بند کر لیں جیسے بہت گہری نیند سو رہی ہے۔

اب اگر وہ یہاں آیا بھی تو اسے گہری نیند سوتا پا کر واپس لوٹ جائے گا۔ خوف سے اس کا دل ابھی بھی سوکھے پتے کی مانند لرز رہا تھا۔ اس کے ہاتھ پاؤں بری طرح کانپ رہے تھے۔

اچھا خوشگوار موسم ہونے کے باوجود جسم پسینوں میں نہا رہا تھا اور دل اس رفتار سے دھڑک رہا تھا کہ وہ اس خاموشی میں اس کی ایک ایک بے ترتیب دھڑکن کو سن رہی تھی۔

آغا جان بستر پر موجود نہیں تھے۔ شاید وہ ابھی تک ولی کے ساتھ لاؤنج میں بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔ وہ کبھی بھی اتنی رات تک نہیں جاگ سکتے تھے۔

لیکن آج کی رات کوئی عام رات تو نہ تھی۔ شاید انہوں نے یہ سوچا ہو گا کہ جب اس کے اور ولی کے درمیان سب کچھ دوستانہ انداز میں ختم ہو تو وہ بھی وہاں موجود رہیں۔

وہ کبوتر کی طرح خطرہ دیکھ کر آنکھیں بند کر رہی تھی۔ یا شترمرغ کی طرح ریت میں سر دھنسا رہی تھی۔ جو بھی تھا وہ اس پل کہیں چھپ جانا چاہتی تھی۔ بھاگ جانا چاہتی تھی۔

گھڑی میں بارہ بج چکے تھے اور وہ سانس روکے۔ آنکھیں مضبوطی سے بند کرکے لیٹی تھی۔

ایک' دو' تین گھڑی کی ٹک ٹک کے ساتھ مزید کئی سیکنڈز اور کئی منٹ گزر گئے۔ مگر نہ آغا جان اپنے کمرے میں آئے اور نہ ولی اسے ڈھونڈتا یہاں آیا۔

اس نے آنکھیں بند کیے نیند کی بڑی شدت سے آرزو اور دعا کی۔ اس رات کی صبح میں کیا ہو گا' وہ تو اسے دیکھنا ہی پڑے گا۔ مگر یہ چند گھنٹے تو اسے مزید اس رشتے کے احساس کے ساتھ مل جائیں۔

اس کی رات کیسی گزر رہی تھی۔ انتہائی بے چینی والی۔ وہ سو گئی تھی مگر بہت بے قرار اور بہت بے چینی والی نیند۔

وہ پچھلی آٹھ راتوں میں پوری پوری رات روئی تھی۔ مگر آج رات خوف نے اسے رونے بھی نہ دیا تھا۔ وہ نہ جاگتے میں روئی تھی نہ سوتے میں' بس خوف اور پریشانی سے وہ گہری نیند میں بھی چونک چونک جا رہی تھی۔

اس کی اس درجہ چونکنے والی بے قرار نیند بالکل گہری نیند میں کب بدلی اسے پتا بھی نہیں چلا۔ ہاں اس کی آنکھ اس احساس سے کھلی کہ کسی نے اس کا کندھا آہستہ سے

www.allurdu.com

بلایا تھا۔

"صبح ہو گئی؟" آنکھیں کھولنے سے بھی پہلے بیداری کے ساتھ پہلا ڈراتا خیال اس کے ذہن میں یہ آیا۔ اس صبح کے نہ ہونے کی اس نے کتنی دعائیں مانگی تھیں۔

"خاتون! اگر آپ برا نہ مانیں تو اٹھ جائیے۔ کیونکہ صبح کے سات بج چکے ہیں۔"

اپنے سر پر کھڑے ولی کو دیکھ کر وہ پوری کی پوری ہل گئی۔ وہ اسے چھوڑنے کے لیے اتنا بے قرار ہے کہ اس کے جاگنے کا بھی انتظار نہیں کر سکتا۔ خود آ کر اسے جگا رہا ہے۔ سب سے پہلی دل دکھاتی سوچ اس کے ذہن میں یہ آئی، مگر اگلے پل ولی پر سے ہوتی اس کی نگاہیں جو کمرے کے در و دیوار سے ٹکرائیں تو بے اختیار وہ اٹھ کر بیٹھ گئی۔

وہ آغا جان ہی کے کمرے میں تو آئی تھی۔ اس نے آغا جان کے کمرے کا دروازہ کھولا تھا، یا جلدی اور بوکھلاہٹ میں۔ اس برابر والے کمرے میں گھس آئی تھی۔ رات اس گھپ اندھیرے میں پل بھر کے لیے کہیں پہ احساس جاگا تو تھا کہ بیڈ کی ترتیب اسی طرح ہونے کے باوجود یہاں کچھ مختلف ہے، کچھ مختلف ہونے کے اس احساس پر غالب آئے خوف نے اس سے کیا کروا دیا۔ خوف عجلت اور بوکھلاہٹ میں وہ کتنی غلط حرکت کر بیٹھی ہے۔ اس کی خجالت سے بری حالت تھی۔ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا وہ اپنی اس حرکت کی ولی کو کیا وضاحت پیش کرے؟

"گو آپ کو اتنی گہری نیند سے جگانا مجھے اچھا معلوم ہو نہیں رہا۔ لیکن ابھی اگر کوئی ملازم یا آغا جان میرے کمرے میں آ گئے تو میں کیا وضاحت دے پاؤں گا۔ امید ہے آپ میری مشکل سمجھ رہی ہوں گی۔"

وہ ہمیشہ سے مختلف انداز میں بات کر رہا تھا۔ شاید وہ اس کا مذاق اڑا رہا تھا۔ اس انتہائی بے تکی حرکت کو انجام دے کر اپنا تماشا تو اس نے خود لگوایا تھا۔

اب وہ جو مرضی چاہے کہتا، جتنا چاہے مذاق اڑا لیتا۔ دوپٹہ کھینچ کر سر پر لیتی وہ ایک پل میں بیڈ پر سے اتر گئی۔

"ایم سوری، رات میں باہر گئی۔ وہاں اندھیرا بہت زیادہ تھا۔ میں آغا جان کا کمرہ سمجھ کر غلطی سے یہاں آ گئی۔" اس کی طرف دیکھتے اس نے سنجیدگی، بردباری والا لہجہ اپناتے وضاحت دینے کی کوشش کی۔

"ایسی حسین غلطیاں مجھ سے کیوں نہیں ہوتیں۔ میں تو جب آغا جان کا کمرہ سمجھ کر کسی کمرے میں گیا، وہ ہر بار ان ہی کا کمرہ نکلا۔"

وہ واقعی بالکل سیدھا سیدھا اس کا مذاق اڑا رہا تھا۔ اس پر ہنس رہا تھا۔ یہاں کھڑے ہو کر مزید کوئی وضاحت دینا اپنا مزید تماشا بنوانا تھا۔ وہ چپلیں پاؤں میں ڈالے بغیر ایک جھٹکے سے وہاں سے ہٹی۔

مگر وہ آگے ایک قدم بھی نہ اٹھا سکی۔ ولی نے اسے ہاتھ پکڑ کر روک لیا تھا۔

اس نے ایک نظر ولی کو اور ایک نظر اس کے ہاتھ میں جکڑے اپنے ہاتھ کو دیکھا۔ اگر وہ بے وقوفی کی حد تک خوش فہم ہوتی تو شاید اس ہاتھ پکڑنے میں سے کوئی رومانوی معنی ڈھونڈ نکالتی۔

مگر وہ خوش فہم نہیں تھی۔ وہ جانتی تھی کہ وہ اسے یہاں روکنا چاہتا ہے۔ کیوں روکنا چاہتا ہے، یہ سوچتے ہی اسے پھر مضبوط قدموں سے زمین پر کھڑا رہنا مشکل ہو گیا۔

"مجھے یہاں سے جانا ہے۔ میرا ہاتھ چھوڑو۔"

"تمہیں پتا ہے، آج کیا تاریخ ہے؟"

وہ ولی صہیب خان ہے کوئی جن یا بھوت نہیں۔ مگر پھر بھی اس پل اس کی شکل دیکھتے وہ یوں خوف زدہ ہوئی جیسے کوئی بھوت یا آسیب دیکھ لیا ہو۔

وہ اپنا ہاتھ چھڑانے کی کوشش کرنا بھول گئی۔

اس کا ہاتھ پکڑے پکڑے وہ بیڈ پر آ بیٹھا، ساتھ اسے بھی بٹھا لیا۔ وہ اس کی طرف نہیں بلکہ بیڈ کی سائیڈ ٹیبل کی دراز میں کچھ تلاش کر رہا تھا۔ دائیں ہاتھ سے تلاش ہو رہی تھی اور بائیں ہاتھ سے اس کا ہاتھ پکڑ رکھا تھا۔

"میں نے تم سے فرسٹ اپریل کا وعدہ کیا تھا۔ آج فرسٹ اپریل ہے۔" وہ کاغذوں کو الٹ پلٹ اور نیچے کرتا ہوا بولا۔

وہ بھاگ جائے، غائب ہو جائے، کھو جائے، گم ہو جائے، ہوا میں تحلیل ہو جائے۔ ایک پل میں نجانے کتنی بے شمار دعائیں اپنے وجود کے مٹ جانے کی اس نے کر ڈالیں۔ سانس روکے وہ بالکل ساکت بیٹھی تھی۔

اس کے ہاتھ میں دبا اس کا ہاتھ بالکل ٹھنڈا بھی تھا اور بری طرح کپکپا بھی رہا تھا۔

"وکیل نے پیپرز بھجوا تو دیے تھے۔ پتا نہیں گل خان نے لا کر کہاں رکھے ہیں۔" وہ دراز میں مطلوبہ کاغذ تلاش کرتا خود کلامی کر رہا تھا۔

"پیپرز بالکل تیار ہیں۔ بس صرف مجھے ان پر..." ہوئے

CamScanner

www.allurdu.com

بولتے وہ ایک دم خاموش ہوا۔

"تو یہ رکھا ہے۔ اس فائل کے نیچے۔" اس نے کسی فائل کے نیچے دبا ایک لفافہ باہر نکالا اور پھر اس کی طرف متوجہ ہوا۔

"میں یہاں تھا نہیں نا' اس لیے میں نے فون پر گل خان سے کہہ دیا تھا' وکیل کوئی پیپرز بھجوائے تو وہ احتیاط سے میرے کمرے میں رکھ دے۔" بولنے کے ساتھ وہ لفافہ کھولنے لگا۔

اس نے وحشت زدہ ہو کر اس لفافے کو دیکھا۔ اس میں ایک انتہائی زہریلا سانپ تھا۔ جو باہر نکل کر اس کی پوری زندگی کو ڈس لینے والا تھا۔

"مجھے طلاق نہیں چاہیے۔" اب ان لفظوں کے کہنے سے کچھ ہو سکتا تھا یا نہیں' پھر بھی بے بسی اور بے اختیاری کی ملی جلی کیفیت میں وہ کپکپاتی آواز میں بولی۔

"میں نے تم سے کہا تو تھا' تمہیں آغا جان کے بارے میں فکر مند ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ انہیں میں..." وہ لفافہ کھول چکا تھا۔

"میں تم سے کہہ رہی ہوں مجھے طلاق نہیں چاہیے۔" اس کی کپکپاتی آواز پہلے سے بہت بلند تھی۔

"آغا جان ہمارے فیصلے میں بہت خوش ہیں فارہ! وہ....." اپنے مخصوص سنجیدہ و مدبرانہ انداز میں اسے تسلی دیتا وہ کاغذ باہر نکال چکا تھا۔ وہ اب اس کاغذ کی تہیں کھول رہا تھا۔

"آغا جان کی رضامندی اور خوشی سے میں نے سب کچھ کیا ہے۔"

یک دم ہی اسے کچھ ہوا تھا' اس نے جھپٹ لینے والے انداز میں ولی کے ہاتھ سے وہ کاغذ کھینچا۔

"میں تم سے کہہ رہی ہوں' مجھے طلاق نہیں چاہیے۔ میں تمہارے ساتھ رہنا چاہتی ہوں۔ میں تم سے محبت کرتی ہوں' تمہاری سمجھ میں یہ بات کیوں نہیں آتی؟" وہ روتے ہوئے بہت زور سے چلائی۔

کھینچنے میں آدھا کاغذ اس کے ہاتھ میں آگیا تھا اور آدھا ولی کے ہاتھ میں رہ گیا تھا۔ کاغذ ہاتھ میں لیے وہ زارو قطار رو رہی تھی۔

دل کی مان کر اس گزرے پل میں' جو ایک بات اس سے کہہ دی' پتا نہیں اب اس کے کہنے سے کوئی فرق پڑ سکتا تھا یا نہیں۔ مگر وہ دل کی بات کہہ چکی تھی اور اب سر جھکائے زارو قطار رو رہی تھی۔

"مجھے یہ بات سمجھ میں آتی ہے۔ کیونکہ میرے پاس دیکھنے کے لیے آنکھیں بھی موجود ہیں اور سوچنے کے لیے دماغ بھی۔ مگر میں یہ بات آپ کے منہ سے سننا چاہتا تھا۔ اس لیے کہ مجھے ایک انا پرست اور ضدی لڑکی کی ضرورت سے زیادہ اونچی ناک اور اکڑ اچھی نہیں لگ رہی تھی۔" وہ اپنے ہی بولے لفظوں کی بازگشت سنتی سر جھکا کر بری طرح رو رہی تھی جب اس نے یہ آواز سنی۔

بے اختیار سر اوپر اٹھا کر اس نے ولی کو دیکھا۔ اس نے مسکراہٹ کو ضبط کیا ہوا تھا' مگر اس کی آنکھیں کسی بات کا لطف اٹھاتی مسکرا رہی تھیں۔

ولی نے اس کے ہاتھ میں موجود کاغذ کا ٹکڑا اس کے ہاتھ سے کھینچ کر نکالا اور پھر اپنے اور اس کے دونوں ٹکڑوں کو ملا کر اس کے سامنے کر کے دکھایا۔ وہ آغا جان کی کسی پراپرٹی کی فروخت سے متعلق کوئی کاغذات تھے۔

اس بار اس کی الجھی' بوکھلائی شکل کو دیکھ کر وہ اپنی ہنسی روک نہ پایا۔ وہ اس کی طرف دیکھتا بڑی شریر سی ہنسی ہنس رہا تھا۔

"چھپ چھپ کر میرے کمرے کے باہر سے باتیں سن کر جب آغا جان سے میری شکایتیں کرنے گئی تھیں۔ گاجر کا حلوہ نہیں کھاتا اور کیک نہیں کھاتا وغیرہ تو اس وقت میں وکیل سے اس پراپرٹی کی فروخت ہی سے متعلق بات کر رہا تھا۔"

وہ چھپ چھپ کر باتیں نہیں سن رہی تھی۔ کہنا چاہتی تھی مگر باقی ساری بات نے اس کے حواس ایسے گم کیے تھے کہ وہ یہ وضاحت کر ہی نہ سکی۔ وہ قہقہہ لگا کر ہنستا اس کی بوکھلاہٹ زدہ شکل کو انجوائے کر رہا تھا۔

"دیکھو' میں نے تم سے وعدہ کیا تھا۔ فرسٹ اپریل کو تمہیں فول نہیں بناؤں گا۔ لیکن اگر کوئی خود اپنے آپ کو فول بنائے تو اس میں میرا کیا قصور؟" وہ اس کی حماقت اور بے وقوفی پر ہنس رہا تھا۔

"آغا جان نے ایک بار مجھے بتایا تھا کہ فارہ کے معنی ذہین اور سمجھ دار کے ہیں۔ صد افسوس تم نے تو اپنے نام کی بھی لاج نہ رکھی۔"

اس کا مطلب ہے یہ سب جھوٹ تھا۔ مذاق تھا۔ ولی نے اسے طلاق نہیں دی۔ وہ اب بھی اس کے ساتھ اسی رشتے میں بندھی ہے۔ جس میں پہلے بندھی تھی۔

CamScanner

www.allurdu.com

شرمندگی، خجالت یا جھینپ میں مبتلا ہونے کے بجائے وہ ایک دم ہی پرسکون ہو گئی۔

اس کے ہاتھ کی کپکپاہٹ ایک پل میں ختم ہوئی۔ دل کی دھڑکن لمحہ بھر میں معمول پر آ گئی۔ اس کی آنکھوں سے آنسو ابھی بھی گر رہے تھے۔ مگر سکون، اطمینان اور طمانیت والے۔ وہ آنکھوں میں بڑی شریر سی چمک لیے ابھی بھی مسکراتے ہوئے اسے دیکھ رہا تھا۔

"آپ تو بقول خود اپنے موروثی و خاندانی صاف گو، منہ پھٹ لڑکی ہیں، پھر اتنی سی بات کہنے میں آپ کو کیا مشکل پیش آ رہی تھی؟"

"مجھے لگا تھا، میں اپنی بات کہہ کر گنواؤں گی۔ نفرت کا جھوٹ تم سے ہمیشہ اتنی شدت سے بولا ہے کہ آج میری محبت کے سچ کا تم یقین نہیں کرو گے۔" وہ روتے ہوئے نظریں جھکا کر بولی۔

"اور میں یقین کیوں نہیں کرتا؟ ایسا سخت دل بھی نہیں ہوں کہ ایک انتہائی خود سر، بدتمیز اور منہ پھٹ لڑکی، میرے لیے نیک پروین، پردہ نشین بن جائے۔ معدے کے ذریعے میرے دل تک پہنچنے کا راستہ ڈھونڈے۔ میں کیا کھاتا، کیا پیتا اور کیا کرتا ہوں کا چوبیس گھنٹے حساب رکھے۔ چھپ چھپ کر میرے کمرے کے باہر سے میری باتیں سنے، میں اس کی پکائی چیزیں نہیں کھاتا، مجھے اس کی محبت نظر نہیں آتی۔ وغیرہ جیسی میری شکایتیں آغا جان سے کرے۔ میں گھر سے کہیں چلا جاؤں تو بڑے اطمینان سے پورے حق کے ساتھ میرے کمرے میں آ کر سونا شروع کر دے۔ اور میں پھر بھی اس کی محبت کا یقین نہ کروں؟" لبوں پر مسکراہٹ روکتا وہ بڑی سنجیدگی سے انگلیوں پر اس کی ایک ایک خوبی اسے گنوا رہا تھا۔

اس نے بوکھلا کر اسے دیکھا۔

"میں اپنے کمرے کے متعلق بڑا حساس واقع ہوا ہوں۔ میری غیر موجودگی میں یہاں کسی کو آنے کی اجازت نہیں۔ یہاں کی صفائی ستھرائی بھی میں اپنے سامنے کرواتا ہوں۔ ایسے میں یہ کیسے ممکن تھا کہ کل شام واپس آ کر مجھے یہ نہ پتا چل پاتا کہ میرے پیچھے یہاں کوئی آیا تھا۔

مجھے کمرے میں گھستے ہی یہ احساس ہو گیا تھا کہ یہاں میرے پیچھے کوئی آیا ہے۔ لیکن پھر مجھے زیادہ سوچنے کا تردد یوں نہ کرنا پڑا کہ آپ جیسی سمجھ دار اور ذہین خاتون یہاں ایک عدد ثبوت بھی میری آسانی کے لیے چھوڑ گئی تھیں۔" اس نے سائیڈ کی اسی دراز میں سے اس کا براؤن کلر کا کیچر نکال کر دکھایا۔

"یہ میرے بیڈ پر میرے تکیے کے بالکل پاس پڑا تھا۔ شکر کہ اسے میں نے ہی دیکھا۔ اگر آغا جان یا کوئی اور دیکھ لیتا تو مجھ بے چارے کی تو عمر بھر کی ساری پارسائی دھری کی دھری رہ جاتی۔ میں معصوم تو پھر عمر بھر اپنی شرافت ثابت کرتا ہی رہ جاتا۔" وہ اس کی بوکھلاہٹ زدہ شکل سے حظ اٹھاتا ہنستے ہوئے بولا۔

شرمندگی و خجالت میں گھرتے وہ فوراً" وہاں سے اٹھ جانا چاہتی تھی۔ ہر بات کی وہ اسے وضاحت دے دے، مگر راتوں کو اس کے کمرے میں آنے کی کیا وضاحت دیتی؟

وہ فوراً" یہاں سے بھاگ جانا چاہتی تھی۔ مگر وہ بھاگتی کیسے؟ اس کا ہاتھ ابھی تک اس کے ہاتھ میں تھا۔ بیڈ پر رکھے اس کے ہاتھ کے اوپر اس نے مضبوطی سے اپنا ہاتھ رکھا تھا۔ وہ وہاں سے اٹھ نہیں سکتی تھی۔

"ابھی یہ سارا قصہ اتنی جلدی سلجھانے، نمٹانے اور ختم کرنے کا میرا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ جس لڑکی نے چھ سال مجھے اپنے پیچھے خوار کروایا ہے۔ میں کم از کم چھ مہینے تو اسے اپنے پیچھے خوار کرواتا، مگر تمہاری اس جرأت مندی اور بہادری نے مجھے اتنا امپریس کیا کہ میں اپنی ساری انتقامی کارروائی سے تائب ہو گیا ہوں۔

میرا خیال ہے اتنی بہادر، نڈر اور جرأت مند لڑکی مجھے اس کرۂ ارض پر دوسری کوئی بھی نہیں مل سکتی، جسے اگر میں اپنی زندگی میں شامل کرنے سے انکار کر رہا ہوں تو وہ میرے انکار کو خاطر میں نہ لاتی۔ بے خوف و خطر خود ہی میرے بیڈ روم اور میری زندگی میں داخل ہو جائے۔

سول و فوجی اعزازت میرے مشورے سے تقسیم نہیں کیے جاتے۔ ورنہ کل رات کی تمہاری بہادری اور جرأت مندی پر میں تمہیں تمغۂ شجاعت یا ستارۂ جرأت وغیرہ جیسے کسی اعزاز سے ضرور نوازتا۔" وہ سر جھکا کر بری طرح نروس ہوتی اس کی بظاہر سنجیدگی سے کہی باتیں سن رہی تھی۔

اس سنجیدگی میں چھپی شرارت اور ہنسی وہ باآسانی محسوس کر رہی تھی۔

"رات گیارہ بجے میں اور آغا جان اپنے اپنے کمروں میں آ گئے۔ میں نے کھڑکی سے دیکھا کہ محترمہ کسی گھائل فلمی ہیروئن کی طرح جھیل کنارے رونے کا

www.allurdu.com

تسلی دینے کے لیے جانے کا گو میرا کوئی ارادہ زاری ہیں۔ نہیں تھا۔ مگر میں دیکھتا کافی دیر رہا۔ پھر میں نے سوچا اب سو جانا چاہیے۔ اپنے لیے آنسو بہانا آپ کسی کو کتنی دیر دیکھ سکتے ہیں۔ ظاہر ہے میں بور ہو گیا۔ سونے سے پہلے میں باتھ روم گیا۔ وہاں سے واپس آیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ محترمہ بصد اطمینان میرے بیڈ پر پورے حق سے موجود ہیں۔ رونے کا شغل ختم کر کے اب سونے کی تیاری ہے اور وہ بھی میرے کمرے میں۔ میرے بیڈ پر۔ اس جرأت مندی' بہادری اور جی داری پر اش اش کرتا میں اس سامنے رکھے صوفے پر جا کر لیٹ گیا۔ یہ سوچتا ہوا کہ اس جرأت مندانہ حرکت کے بعد یہ لڑکی ذرزرو کرتی ہے' کل صبح سارا ہنگامہ سمیٹ لیا جائے۔ تمہاری بہادری اور جی داری نے واقعی مجھے بہت امپریس کیا ہے۔" اس نے اس کے ہاتھ کے نیچے سے اپنا ہاتھ نکالنے کی کوشش کی۔ وہ واقعی اس وقت یہاں سے بھاگ جانا چاہتی تھی۔

شرم و خفت سے اس کا پورا کا پورا چہرہ سرخ ہو رہا تھا۔

"سنو' تم کیا مجھ سے شرما رہی ہو؟ اگر ایسا ہے تو یہ اس صدی کا سب سے حیرت انگیز انکشاف ہو گا کہ فارہ بہروز خان جیسی نڈر اور جرأت مند خاتون کسی سے شرمایا بھی کرتی ہیں۔"

"ولی! تم مجھے نروس کر رہے ہو۔ تمہیں پتا ہے' میں رات کو یہاں جان بوجھ کر نہیں آئی تھی۔ میں غلطی سے..." اس نے منمنا کر کہنا چاہا۔

"رات نہیں آئی تھیں' اس سے پچھلی راتوں میں تو آئی تھیں؟ یا جب بھی غلطی ہو جاتی تھی اور غلطی ہی سے تمہاری چیزیں خود چل کر یہاں آجایا کرتی تھیں؟"

ہاں ان آٹھ راتوں میں وہ واقعی جان کر ارادتاً ہی اس کمرے میں آئی تھی۔ وہ اس کے ساتھ اپنے رشتے کے آخری دن گزار رہی تھی' اس لیے لیکن وہ اس سے یہ بات کہہ تو نہیں سکتی تھی۔ وہ پھر سر جھکا کر خاموش ہو گئی۔

"تم اور زرمینہ اپنے دل کی کوئی بات کسی سے بھی نہیں چھپا سکتیں۔ تم دونوں ایک سی ہو۔ واقعی جو دل میں ہے وہی چہرے پر ہے۔ تم دونوں کے چہروں پر تمہارے دل کو پڑھا جا سکتا ہے۔ اور اس کے لیے کسی غیر معمولی ذہانت کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں۔ آغا جان کہتے ہیں' میری پوتیوں کے دل شفاف آئینوں کی طرح ہیں۔ ان کے دل ان کے چہرے پر دکھتے ہیں اور اس منافق دور میں یہ بہت بڑی خوبی ہے۔ تو جب میں تئیس چوبیس سالوں سے اپنی زبان دراز' منہ پھٹ' صاف گو اور بدتمیز بہن صاحبہ کو بھگتتا آرہا ہوں تو اسی جیسی خصوصیات رکھنے والی ایک دوسری لڑکی کو کیوں نہیں سمجھ سکتا؟"

وہ اس کے بالوں کی ایک لٹ کو ہولے سے کھینچتا ہوا شرارت سے بولا۔

"جب دھوم دھڑکے سے نفرت نفرت کا شور مچاتی تھیں' تب نفرت پوری طرح ظاہر ہوتی تھی اور جب میرے کمرے میں آکر "آغا جان کے لیے اس رشتے کو برقرار رکھتے ہیں' ان کی خاطر' ان کی خوشیوں کے لیے۔" وغیرہ جیسے میلوڈرامیٹک ڈائیلاگز بول رہی تھیں' تب بھی تمہارا دل تمہارے چہرے پر دکھتا مجھے بتا رہا تھا کہ یہ لڑکی جھوٹ بول رہی ہے۔ اسے تم سے محبت ہے' مگر اس کا اظہار کرتے اس کی مشہور زمانہ قسم کی انا آڑے آرہی ہے۔ ناک اونچی رکھنے کے مسئلے درپیش ہیں اسے۔"

وہ بیڈ پر رکھا اپنے ہاتھ کے نیچے دبا اس کا ہاتھ بیڈ پر سے اٹھاتے ہوئے بولا۔ وہ اس کے ہاتھ کی لمبی مخروطی انگلیوں کو بغور دیکھ رہا تھا۔

"جب اس رات میرے پاس آئی تھیں تو تب تک میں نے کچھ بھی سوچا نہیں تھا کہ اب مجھے کیا کرنا ہے۔ ہاں یہ ضرور نظر آتا تھا کہ میری بدتمیز اور خود سر بیوی تھوڑی سی تمیزدار ہو گئی ہے۔ کچھ سدھر گئی ہے۔ اور ذرا نیک بن گئی ہے۔

عباد کہتا ہے ہم دونوں کی بیویاں ایک جتنی بدتمیز ہیں۔ مگر وہ یہ بھی کہتا ہے کہ ہم اس لحاظ سے شاید خوش قسمت ہیں کہ بدتمیز اور زبان کی کڑوی یہ دونوں لڑکیاں دل کی میٹھی ہیں۔ مگر ان کے دل کی مٹھاس اور اچھائی جاننے کے لیے آپ کو ذرا رک کر' ٹھہر کر انہیں دیکھنا ہو گا۔" اس نے سر اٹھا کر ولی کو دیکھا۔

وہ اس بار اس کا مذاق نہیں اڑا رہا تھا' اس کی کسی کیفیت سے لطف اندوز نہیں ہو رہا تھا۔ وہ مسکرا تو رہا تھا' مگر اس کی آنکھوں میں سنجیدگی اور سچائی تھی۔

"میں چودہ سال کا تھا۔ نو' دس سال کی اسکول یونیفارم پہنی ایک کیوٹ سی لڑکی کی تصویر۔

بابا' مما کو وہ تصویر دکھاتے کہہ رہے تھے کہ وہ لڑکی ان کی بھتیجی ہے۔ اس کا نام فارہ ہے۔ اور وہ اسے ایک دن اپنی

www.allurdu.com

بسو بنائیں گے۔ اپنے ولی کی دلہن بنائیں گے۔" وہ اپنے لفظوں پر محظوظ سا ہو کر ہنس پڑا۔

"دیکھو' اب یہ بات چاہے کتنی بھی ہنسنے والی اور بیوقوفانہ سی لگے مگر چودہ سال کی عمر میں "ولی کی دلہن فارہ" کے الفاظ میرے لیے بے حد اہمیت کے حامل تھے۔ اس امیچیور عمر میں یہ الفاظ میرے دل اور دماغ میں بالکل پختہ ہوگئے تھے۔ ان دنوں میں اپنی ایک کلاس فیلو کے ساتھ شاید اپنی زندگی کا پہلا عشق شروع کرنے کی تیاریاں کر رہا تھا' جب بابا وہ تصویر اپنے ساتھ لائے۔

میں نے اس تصویر کو بہت غور سے دیکھا۔ بہت حق سے دیکھا۔ بابا کہہ رہے ہیں تو غلط تو نہیں کہہ سکتے۔ ان کی ہر بات سچ ہوتی ہے۔ وہ جھوٹ کبھی نہیں بولتے۔

یہ سب سوچتے تب میں نے سوچا تھا کہ زندگی میں چھوٹی موٹی پسندیدگی یا کشش کبھی کسی کی طرف محسوس ہو تو ہو' مگر مجھے اپنی زندگی اسی لڑکی کے ساتھ گزارنی ہے۔ جسے بابا نے ولی کی دلہن کہا ہے۔ میں اس لڑکی کے لیے پوزیسو ہوگیا۔

میں نے اس کی وہ تصویر اس بچکانہ عمر میں کئی بار آغا جان کے کمرے میں آ آ کر چپکے سے دیکھی بھی۔ عمر کا وہ بچکانہ دور ختم ہوا اور میں پڑھنے امریکہ چلا گیا تو وہ تصویر دیکھنے کا سلسلہ بھی ختم ہوگیا۔

مگر اس لڑکی کے لیے میری Possessiveness کبھی ختم نہ ہوئی۔ میں زندگی میں کہیں بھی چلا جاؤں' کسی سے بھی ملوں' کسی کو بھی پسند کروں۔ مگر آخر کار مجھے زندگی اسی لڑکی کے ساتھ گزارنی ہے جسے بابا نے میرے لیے پسند کیا ہے۔ یہ جیسے ایک طے شدہ بات تھی۔

مگر جب وہ لڑکی مجھے ملی' تو پتا چلا دور کے ڈھول سہانے ہوتے ہیں۔ بابا سے معصومیت سے "آپ کیا بچوں کو اغوا کرنے والے ہیں؟" پوچھنے والی' تصویر میں بہت کیوٹ اور بہت سوئٹ نظر آنے والی وہ لڑکی دل بھر کر بدتمیز' زبان دراز اور منہ پھٹ تھی۔ میرے دل کو پہلا صدمہ اس سچائی کو جان کر پہنچا۔"

وہ سنجیدہ باتیں انتہائی غیر سنجیدگی سے کر رہا تھا۔ وہ حیرت میں گھری اسے دیکھ رہی تھی۔

ولی اسے اتنے پہلے سے جانتا ہے' وہ اس کے لیے اتنے پہلے سے اپنے دل میں نرم گوشہ رکھتا ہے؟

"دیکھو' میں بہت لمبی بات نہیں کرتا۔ شروع میں جو کچھ تم نے کیا' اس سے چاہے مجھے دکھ پہنچا ہو' مگر تمہارے نظریے سے اگر سوچوں تو شاید تم اتنی غلط تھیں بھی نہیں۔ تم ایک دم کسی بھی مسلط کردہ رشتے کو کیوں قبول کرتیں۔ میں تم سے دوستی کرنا چاہتا تھا۔ میں تمہیں بتانا چاہتا تھا کہ جیسا تم مجھے سمجھتی ہو' میں ویسا نہیں۔ میں یہ بھی جانتا تھا کہ بہروز بابا کے انتقال کے بعد تم خود کو بہت تنہا سمجھتی ہو۔ میں تمہارے اس احساس تنہائی کو بھی بانٹنا چاہتا تھا۔ میں چاہتا تھا۔ ہم میں دوستی ہو' تمہاری غلط فہمیاں دور ہوں اور پھر آہستہ آہستہ تم اس رشتے کو قبول بھی کرلو مگر میری کوششوں سے کیا ہو سکتا تھا' تم تو مجھ سے بات کرنے کے لیے بھی تیار نہ ہوتی تھیں۔ امریکہ جانے سے پہلے' وہاں سے واپس آکر میں نے ہر بار کوشش کی مگر سب بے کار۔ پھر بھی میں تمہارے دل سے تمام غلط فہمیاں دور کرنے سے مکمل مایوس نہ ہوا تھا۔ جب تک کہ میں نے تمہیں اور تمہارے اس ڈیئر کزن کو ساتھ ڈنر کرتے نہ دیکھ لیا۔

میں تمہیں پہلے بھی اس کے ساتھ دیکھتا رہا تھا۔ تمہاری زندگی میں اس کی غیر ضروری مداخلت مجھے کھلتی بھی تھی۔ تم اپنے ہاسپٹل میں مجھے اگنور کر کے اس کے ساتھ چلی گئی تھیں' تب مجھے بہت برا ضرور لگا تھا۔ پر تم سے نفرت محسوس نہ ہوئی تھی۔ مگر تمہیں اس کے ساتھ اتنے خوش خوش' ہنستے مسکراتے بہت بے تکلفانہ انداز میں ڈنر کرتے دیکھ کر میرے دل سے تمہیں اپنانے کی ہر خواہش ختم ہوگئی تھی۔ میری طرف نفرت سے نگاہ اٹھانے والی یہ لڑکی کسی اور کو اتنی محبت سے دیکھتی ہے۔

میں حق رکھتا تھا' میرا تم سے رشتہ تھا کہ میں تمہیں ہاتھ پکڑ کر وہاں سے کھینچتا ہوا لے جاؤں۔ تمہارے اس عاشق صادق کو دو چار ٹھیک ٹھاک قسم کے تھپڑ اور گھونسے رسید کروں اور تمہیں اپنے گھر میں قید کر کے کہوں۔ "خبردار یہاں سے باہر قدم بھی نکالا تو تمہاری ٹانگیں توڑ دوں گا۔" مگر میرا تم پر یہ حق جتانے کو بھی جی نہ چاہا تھا۔

اس روز تم میرے دل سے اتر گئی تھیں۔ اس روز تم میری نگاہوں سے بہت نیچے گر گئی تھیں۔ یہ لڑکی کسی کے بھی ساتھ زندگی گزارے مگر میں اسے اپنی زندگی میں اب شامل نہیں کروں گا۔ اسے میرے ساتھ اپنے رشتے کا کیا پاس ہوتا' اسے تو اپنے مرے ہوئے باپ کی بھی شرم نہیں۔ میں تم سے اس روز نفرت کرنے لگا تھا' فارہ!

www.allurdu.com

تب میں نے یہ بھی سوچا تھا کہ اگر کبھی آغا جان کی وجہ سے مجھے مجبوراً" تمہیں اپنانا پڑ گیا تو میں تمہیں اپنی بیوی کی حیثیت دے کر اپنے ساتھ رکھ کیسے پاؤں گا؟

جو لڑکی میرے نکاح میں ہوتے کسی دوسرے کے ساتھ محبت کا تعلق جوڑ رہی تھی۔ میں اس لڑکی کو کبھی اپنے دل میں جگہ نہیں دے سکتا۔ میں اس لڑکی کو کبھی بھی اپنی بیوی کا مقام نہیں دے سکتا تھا۔

آغا جان 'بابا یا بروز بابا' کے لیے بھی اگر ایسا کرنے پر مجبور ہو جاتا' تب بھی تمہیں صرف ظاہری طور پر قبول کرتا۔ میں دل سے تمہیں کبھی بھی اپنا ہی نہیں سکتا تھا۔

اس بیچ پھر اور کیا کیا ہوا' یہ گڑے مردے اکھاڑنے والی بات ہوگی مگر یہ بالکل سچ ہے کہ آغا جان کی شدید بیماری کا جب تم سب بہیں اور پھر ان کی فون کالز تک سننے سے انکار کر دیا' تب تمہاری نفرت میرے دل میں مزید گہری ہو گئی' تب تم مجھے ایک سخت دل' بے حس اور خود غرض لڑکی بھی لگنے لگیں۔

مگر میری مجبوری یہ تھی کہ جس سے میں نفرت کر رہا تھا' آغا جان کی اس میں جان تھی۔ میں صرف آغا جان کی وجہ سے تمہارے پاس لاہور آیا تھا اور تمہارے پاس لاہور آنے اور تمہیں اپنے ساتھ یہاں لے آنے کے حوالے سے میں نے تم سے اس رات جو کچھ کہا تھا' وہ سب سچ تھا۔

میں تمہیں اس وقت اتنا ہی برا سمجھتا تھا کہ تم صرف طلاق کا لفظ سن کر ہی یہاں آنے پر آمادہ ہو گی اور آغا جان کی بیماری کے کسی تذکرے سے تمہارے دل پر کوئی اثر نہیں ہوگا۔

تم یہاں آکر بدل جاؤ گی۔ آغا جان کی حالت' ان کی محبت تمہیں تبدیل کر دے گی۔ ایسی کوئی سوچ میرے ذہن میں نہ تھی' نہ ہی ہو سکتی تھی۔ تمہارے یہاں آنے اور یہاں آکر تبدیل ہو جانے اور پھر ہمارے اس رشتے کے مستقبل کے حوالے سے بھی میں نے اس رات جو کچھ کہا اور اپنی جو فیلنگز بتائیں' وہ سب بالکل سچ تھا۔

یہ وضاحت دوسری بار اس لیے کر رہا ہوں کہ تم کبھی اپنی عادت کے مطابق بدگمان ہونے میں ایک سیکنڈ بھی نہ لگاتے ہوئے یہ سوچنے لگو کہ میری اس رات کی تمام باتیں جھوٹ اور اداکاری تھی۔

ہاں میں تم سے اپنی کچھ فیلنگز تب ضرور چھپا گیا تھا کیونکہ یہ تو گفتگو کے اختتام سے کچھ دیر قبل میری سمجھ میں آیا تھا کہ آغا جان کا نام لے لے کر اتنی بے قراری اور اضطراب سے ہمارے رشتے کے قائم رہنے کی بات کرنے والی یہ محترمہ درحقیقت میری محبت میں مبتلا نظر آ رہی ہیں۔

"لیکن ولی! اگر ہم نے طلاق کی بات کی تو آغا جان کو تکلیف تو پہنچے گی' اس رشتے میں ان کی خوشی تو تھی نا ولی!"

جیسے کچھ جملے' جو میری بات کے جواب میں' بہت پریشانی کے عالم میں کہے گئے تھے۔ انہوں نے مجھے چونکایا تھا' یہ بتایا تھا کہ بات صرف آغا جان کی نہیں' کسی اور محبت کی بھی ہے۔

خیر میں کہاں نکل گیا' میں تمہیں تمہارے یہاں آنے کے بعد کی بات بتا رہا تھا۔ میں آغا جان کی حالت دیکھتے انتہائی مجبوری کے عالم میں اپنے دل میں تمہارے لیے بہت ساری نفرت رکھ کر تمہیں یہاں لایا تھا لیکن تمہارے یہاں آنے کے اگلے ہی روز مجھے تمہارے بارے میں اپنے خیالات تبدیل کرنے پڑے۔

تمہیں یاد ہے' اس رات جب آغا جان نے تمہیں اپنے کمرے میں روک لیا تھا۔

میں کچھ دیر بعد وہاں دوبارہ آیا تھا' تمہارے بدتمیز ماموں جان کا فون آیا تھا۔ میں انہیں ہولڈ کروا کر تمہیں ان کے فون کی اطلاع دینے آیا تھا۔

مگر جب میں وہاں آیا تو تم اور آغا جان دونوں آنکھیں بند کیے رو رہے تھے۔ تب آغا جان کے سینے پر سر رکھ کر روتی لڑکی مجھے اتنی قابل نفرت' اتنی بے حس اور اتنی خود غرض سخت دل نہ لگی جتنی لگا کرتی تھی۔ تمہارے لیے میرے خیالات تبدیل ہونے شروع ہو گئے۔

مجھے لگا کہ شاید میں تمہیں غلط سمجھتا ہوں یا شاید تم خود اپنے آپ کو ٹھیک سے نہیں سمجھتیں' اس لیے اتنا غلط اور اتنا برا کرتی ہو۔

آغا جان کی بیماری' ان کا ہاسپٹل جانا' وہاں سے آنا' سب واقعات ترتیب سے وہ تھے' جب میں نے تمہیں سچ سے جاننا شروع کیا۔

مجھے یہ بھی احساس ہوا کہ تمہارا اپنے کزن سے ایسا کوئی تعلق نہیں' جیسا تم جان بوجھ کر مجھے غصہ دلانے کے لیے میرے آگے ثابت کیا کرتی تھیں۔

بہت اچھی اور نیک پروین بن جانے والی یہ خاتون میری

www.allurdu.com

محبت میں بھی مبتلا ہو گئی ہیں۔ یہ بہرحال مجھے اس وقت تک پتا نہیں چلا تھا۔

کچھ لگتا تو تھا کہ محترمہ میری فکر میں ذرا زیادہ مبتلا رہتی ہیں۔ میں آغا جان سے بات کر رہا ہوں تو چھپکے چھپکے مجھے دیکھا کرتی ہیں مگر یہ سب بس صرف شک ہی تھا' یہ شک کنفرم تو اس رات ہوا جب مجھ سے اس رشتے کو آغا جان کی خاطر قائم رکھنے کی فرمائش کی گئی۔

"دیکھو تم نے اور مجھے صحیح سمجھا ہوا نہیں مگر یہ بالکل صحیح سمجھا ہے کہ میں ضدی اور انا پرست ہوں۔ واقعی مجھ میں انا بہت ہے اور اب یہ واقعی میری انا کا مسئلہ تھا کہ ایک لڑکی جو زندگی بھر مجھے ٹھکراتی رہی ہے' وہ خود آ کر مجھ سے کہے کہ اسے مجھ سے محبت ہے۔ وہ اپنے لیے' اپنی اس محبت کی وجہ سے میرے ساتھ اپنی پوری زندگی گزار دینا چاہتی ہے۔

اب تمہیں خود میرے پاس آ کر مجھ سے کہنا تھا کہ تم مجھ سے محبت کرتی ہو اور میرا ساتھ چاہتی ہو' اس سے کم تر میں کسی بھی بات کے لیے راضی ہو ہی نہیں سکتا تھا۔

مگر بہت منہ پھٹ 'بغیر لگی لپٹی رکھے' بے سوچے سمجھے بولنے والی میری زوجہ محترمہ کو یہی ایک بات بولنے میں بہت مشکل پیش آ رہی تھی۔ اس رات کی میری کسی بات کو نہیں' ہاں اس رات کے بعد کی تم میری ہر بات کو چاہو تو ڈرامہ' اداکاری' پوز کرنا یا بننا قرار دے سکتی ہو۔

آغا جان کو فکر ہو رہی تھی کہ ان کی پوتی اتنی اداس' اتنی خاموش کیوں رہنے لگی ہے۔ اس کی آنکھوں میں ہر وقت آنسو کیوں بھرے رہتے ہیں۔

انہوں نے مجھ سے باز پرس کی' میں نے ان سے کہا۔ "یہ میرا اور میری بیوی کا معاملہ ہے۔ آپ اپنی پوتی کی کوئی طرف داری مجھ سے نہیں کریں گے۔ اس نے چھ سال تک میری زندگی کو جہنم بنائے رکھا ہے۔ میں جواب میں کیا چھ مہینے بھی پچھلی کسی بات کا کوئی حساب نہیں لے سکتا۔

اعلا ظرفی اور وسیع القلبی کا یوں بھی مجھے کوئی دعوا نہیں کہ صرف یہ دیکھ کر کہ محترمہ میرے لیے کھانے پکایا کرتی ہیں۔ میرے لیے پوری کی پوری بدل گئی ہیں۔ بہت نیک اور سعادت مند بن گئی ہیں۔ میری ممکنہ جدائی کے غم میں ساری ساری رات آنسو بہایا کرتی ہیں اور صبح جب اٹھ کر آتی ہیں تو ان کا چہرہ دیکھ کر کوئی بھی بتا سکتا ہے کہ یہ رات بھر روتی رہی ہیں' ان کی ان کہی محبت کو قبول کر لوں۔

اب مجھے اظہار چاہیے تھا' بالکل واضح اور صاف' مجھ سے محبت کا اقرار۔ باقی ان رونے دھونے اور کھانے پکانے والی باتوں سے میں تبدیل ہونے والا نہیں تھا۔

ہاں منحصر یہ تم پر تھا کہ تم یہ بات کہنے میں کتنا وقت لگاؤ گی۔ میں اتنا انتظار کر سکتا تھا۔ تم فرسٹ اپریل سے خائف ہو اور یہ سمجھ رہی ہو کہ میں پہلی جنوری کی اتنی پرانی وہ ایک فضول سی بات اب تک یاد رکھے بیٹھا ہوں گا۔ یہ تو مجھے ابھی 23 مارچ کی صبح پتا چلا۔

میں بالکل مگن آغا جان کے وکیل سے باتیں کر رہا تھا' مجھے شک تو ہوا کہ شاید دروازے پر آ کر کوئی کھڑا ہے مگر میں نے اسے توجہ نہ دی۔ آغا جان کو خدا حافظ کہہ کر جب میں چلا گیا اور پھر یہ خیال آنے پر "فوراً" ہی واپس بھی آیا کہ میں نے جلدی میں ان کے پاس جا کر ان سے پیار نہیں کروایا تو کیا دیکھتا ہوں' دھواں دھار روتے آغا جان سے میری شکایتیں کی جا رہی ہیں۔

بات تو ذرا سی ظالمانہ اور سنگ دلانہ ہی ہے کہ ایک بندہ رو رہا ہے اور دوسرے اس کے رونے پر ہنس رہے ہیں لیکن اس وقت میرے ساتھ ساتھ آغا جان بھی ہنس رہے تھے۔ رونے کی مصروفیت سے سر اٹھا کر اگر تم اس وقت دیکھ لیتیں تو وہ تمہیں ہنستے ہوئے نظر آتے۔

اب گاجر کا حلوہ نہیں کھایا اور کیک نہیں کھایا جیسی شکایتوں پر وہ ہنسنے کے علاوہ اور کر بھی کیا سکتے تھے۔ ہاں بعد میں انہوں نے میرے کان کھینچے کہ "تم نے میری پوتی کا پکایا حلوہ کیوں نہیں کھایا جو پکایا بھی تمہاری ہی خاطر گیا تھا۔"

میں نے ان سے کہا۔ "آپ اس سارے معاملے میں کچھ بھی نہ بولیں۔ اپنی مغرور اور گھمنڈی پوتی کی مجھ سے طرف داری بھی نہ کریں۔ حلوہ پکانے میں 'تین' چار گھنٹے برباد کر سکتی ہے تو "مجھے تم سے محبت ہے" کہنے کا ایک سیکنڈ بھی ضرور اپنے وقت میں سے نکال سکتی ہے۔"

ویسے سچ بات ہے' تمہاری اس روز کی باتوں سے مجھے تمہارے فرسٹ اپریل کے خوف کا پتا چلا اور پھر تو واقعی میرا ہر ہر عمل سو فیصد اداکاری ہی تھی۔

مجھے دل میں یہ سوچ کر ہنسی بھی آتی کہ وہ ایک پرانی بات جو میں نے اس فارہ سے کہی تھی جس سے میں نفرت کرتا تھا' وہ اس فارہ نے جسے میں نے اب جانا اور سمجھا ہے' جو اس پرانی لڑکی سے بالکل مختلف ہے اور جو مجھ سے محبت

CamScanner

www.allurdu.com

بھی کرتی ہے' اب تک یاد رکھ کر بیٹھی ہوئی ہے جبکہ سچ بتاؤں تو تمہیں جاننے اور سمجھنے کے بعد میں تو اس ساری بات کو ہی بھلا چکا تھا۔

زیادہ ہنسی مجھے یہ سوچ کر آتی کہ اگر تمہیں وہ ساری بات یاد ہے تو یہ بھی ضرور یاد ہو گا کہ میں نے اس دن تم سے کیا کہا تھا' کیا وعدہ کیا تھا۔ میں نے یہ نہیں کہا تھا' میں فرسٹ اپریل کو ہمارا رشتہ ختم کردوں گا' میں نے کہا تھا' میں فرسٹ اپریل کو فارہ بہروز خان کا ہر مطالبہ خواہ وہ کچھ بھی ہو' پورا کرنے کا پابند ہوں گا۔

گو اس وقت ایسا اس لیے کہا تھا کہ میں تمہیں طلاق کے ساتھ کچھ دوسری چیزوں کا طلب گار بھی سمجھتا تھا لیکن فارہ بہروز خان اگر واقعی اپنے نام کے معنوں کے مطابق ذہین اور سمجھ دار ہوتیں تو وہ کاغذ ضائع کرنے کے بجائے اتنا رونا دھونا مچانے کے بجائے' میرے اس وعدے کو آج اپنے حق میں استعمال کرتیں۔

آج میرے پاس آکر کہتیں۔ یہ رہا تمہارا عہدنامہ' آج اسے پورا کرو۔ میں تمہارے ساتھ رہنا چاہتی ہوں' اپنے لفظوں پر قائم رہتے میرے مطالبے کو تسلیم کرو مگر میری زوجہ اتنی ذہین ثابت ہوئیں نہیں۔ 23 مارچ کو ہی پھر میں نے یہ سوچا کہ ایک بندی جو خود ہی اتنا ڈر رہی ہے۔ پتا نہیں آگے تک کا کیا کیا کچھ سوچ چکی ہے تو کیا حرج ہے اگر اسے تھوڑا سا میں بھی ڈرا لوں۔

آج فرسٹ اپریل کے لیے میں نے کچھ دوسری باتیں سوچ رکھی تھیں۔ تمہیں ڈرانے کے کچھ شاندار پلان تیار کر رکھے تھے مگر میرے کمرے میں میری بغیر اجازت پورے حق کے ساتھ گھس کر یہاں ساری رات گزار کر تم نے واقعی مجھے باقی سارے پلان بھلا دیے۔ چھ سال جس نے مجھے خوار کیا' افسوس میں اسے چھ مہینے بھی خوار نہ کر سکا۔"

اسے پتا ہی نہیں تھا' وہ ایسی باتیں بھی کر سکتا ہے۔ اوپر سے وہ اتنا سنجیدہ' اتنا روکھا اور خشک سا لگتا ہے اور اندر سے اتنا مختلف ہے' وہ اسے دوسروں کے ساتھ مسکراتے اور بے تکلفی سے باتیں کرتے دیکھتی تھی تو اسے ان دوسروں پر رشک آتا' ان سے حسد ہوتا تھا' جنہیں اس کا قرب' اس کی بے تکلفی اور اس کی دوستی حاصل تھی۔ آج وہ اس سے ان سب لوگوں سے بھی زیادہ بے تکلفی سے بات کر رہا تھا تو بے اختیار اسے خود اپنے آپ پر رشک آیا۔

وہ اس کا یقین کر رہا ہے' اسے صحیح سمجھ رہا ہے۔ اس نے اس کا ہاتھ کتنی محبت سے پکڑ رکھا ہے۔ اس کی مضبوط گرفت میں ایک محبت بھرا استحقاق ہے۔

"ولی! کیا تم میرا یقین کرتے ہو؟" یک بارگی اس کا دل چاہا' وہ بہت کچھ جو وہ پہلے اس کے یقین نہ کرنے کے خوف سے کہہ نہ پاتی تھی' آج کہہ ڈالے۔

"ولی! معیز میری زندگی کا کوئی اہم انسان نہیں تھا۔ صرف ایک کزن' ایک دوست تھا۔ میں ڈیڈی کے بعد تنہا ہو گئی تھی۔ ممی مجھ سے بہت دور ہو گئی تھیں' تب میری اس سے دوستی ہو گئی تھی۔ اس سے بڑھ کر میرا اس سے کوئی رشتہ نہیں تھا اور اس رشتے کو بھی میں مکمل طور پر ختم کر چکی ہوں۔ اب نہیں' اب سے بہت پہلے۔ تمہیں یاد ہے جب آغا جان ہاسپٹل میں ایڈمٹ تھے' ہم دونوں گھر واپس آئے تھے اور معیز اسی وقت یہاں آیا تھا' تب تمہیں پتا ہے میں نے اس سے...." ولی نے یک دم اس کے لبوں پر ہاتھ رکھ کر اسے مزید کچھ بھی بولنے سے روک دیا۔

"مجھے تمہارا یقین ہے فارہ! تمہیں اب مجھ پر کچھ واضح کرنے کی ضرورت نہیں۔ تمہیں اس کے ساتھ ڈنر کرتے دیکھ کر جو کچھ میں نے سوچا یا اس کی تمہاری زندگی میں غیر ضروری مداخلت پر جو کچھ میں سوچتا تھا یہ سب تب کی باتیں تھیں جب تم یہاں آئی نہیں تھیں جیسے تم نے ان تین مہینوں میں مجھے سمجھا ہے' ایسے ہی میں نے بھی تمہیں ان تین مہینوں میں سمجھا ہے۔

ان تین مہینوں میں' میں نے جانا ہے کہ فارہ بہروز خان وہ نہیں جو پچھلے چھ سالوں میں جان بوجھ کر جیج جا کر بدتمیزیاں کر کے ہم سب پر ثابت کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ وہ ہم سب سے نفرت اس لیے کرتی تھی کہ اسے ہم سب سے نفرت کرنی ہی سکھائی گئی تھی۔

اس نفرت ہی کے سبب وہ جان کر ہمارے سامنے خود کو اتنا برا بتاتی تھی' جتنی بری وہ ہرگز نہیں تھی۔

فارہ بہروز خان ضدی' جذباتی' غصے کی تیز' منہ پھٹ بدتمیز سب کچھ ہو سکتی ہے مگر وہ ایک باوقار اور باکردار لڑکی ہے۔ وہ اگر مجھ سے محبت نہ کرتی تو کبھی محبت کا دکھاوا بھی نہ کرتی اور میں یہ بھی بہت اچھی طرح جانتا ہوں کہ اس کا معیار کبھی بھی اتنا پست اور گرا ہوا نہیں ہو سکتا کہ وہ کسی بھی گھٹیا اور سطحی ذہن کے انسان کو پسند کرتی۔

CamScanner

www.allurdu.com

کی محبت میں بھی مبتلا ہو جاتی۔
وہ اس پر اعتبار کرتا ہے، اس کا یقین کرتا ہے، خود اپنے آپ کو اپنی ہی نظروں سے سرخرو ہوا دیکھنا ایسا تھا کہ یک دم ہی اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔

"جیسے آج میرا اعتبار کر رہے ہو، ایسے مجھ پر ہمیشہ اعتبار کرنا ولی! کبھی مجھے غلط مت سمجھنا۔ یہ بھی مت یاد رکھنا کہ میں پہلے تم سے نفرت کرتی تھی۔ میں نے تم سے کبھی نفرت نہیں کی۔ جب میں تمہیں جانتی ہی نہیں تھی تو نفرت کیسے کرتی؟ میں نے تمہیں اب جانا ہے، اب سمجھا ہے اور مجھے پتا چلا ہے کہ میرے ڈیڈی نے میرے لیے ایک بہت اچھے انسان کو چنا تھا۔" اس کے لبوں پر سے ہاتھ ہٹا کر اس کے تیزی سے بہتے آنسوؤں کو صاف کرتا وہ ایک دم ہی ہنس پڑا۔

"میری تعریف کے جواب میں یہ تعریف اتنی ضروری تو نہیں تھی۔ اب تو ایسا لگ رہا ہے جیسے میں نے اپنی تعریف سننے کی امید پر تمہاری تعریف کی تھی۔"

اس کا لہجہ چاہے کتنا بھی غیر سنجیدہ اور لا ابالی سا ہو، مگر وہ اپنے چہرے پر سے آنسو خشک کرتے اس کے ہاتھ کی ہر انگلی اور ہر پور میں یہ جذبات محسوس کر سکتی تھی کہ چاہے وہ زبان سے نہیں کہہ رہا مگر اسے اس کا رونا اچھا نہیں لگ رہا۔

وہ اس کے کل رات کے رونے کا چاہے جتنا بھی مذاق اڑا لے یا لطف لے لے مگر درحقیقت وہ اسے روتا دیکھنا نہیں چاہتا۔ کوئی آپ کی پروا کرتا ہے۔ آپ کسی کے لیے بہت اہم ہیں، یہ احساس کتنا دل کو خوشی بخشنے والا احساس ہوتا ہے۔

"تم میرا اعتبار کرتے ہو ولی! اس لیے میں تمہیں ایک بات اور بتا رہی ہوں، ورنہ شاید کبھی بھی بتا نہیں پاتی۔

تین مہینے پہلے فرسٹ جنوری کو جب تم مجھے لینے لاہور آئے تھے۔ میں ان دنوں بہت ڈسٹرب، بہت پریشان تھی۔ ممی مجھ سے ناراض ہو کر کینیڈا چلی گئی تھیں۔ میں اپنے گھر پر بالکل تنہا تھی۔ میں اپنی زندگی میں بالکل اکیلی ہو گئی تھی۔

مگر اس پریشانی سے بڑھ کر میں آغا جان کے ساتھ اختیار کردہ اپنے رویوں پر اندر ہی اندر پریشان اور پشیمان تھی۔ میں نے ان سے فون پر بات نہ کی، اپنے گھر پر ان سے مس بی ہیو کیا۔ ان سب باتوں نے مجھے اندر ہی اندر بہت

www.allurdu.com

زیادہ گلٹی کانشس کیا ہوا تھا۔

تم نے مجھ سے یہاں آنے کو کہا تو پتا ہے زبان سے چاہے میں نے تم سے، جو کچھ بھی کہا ہو' مگر دل سے میں کسی طلاق کے لالچ میں نہیں صرف اپنے دل کے یہ کہنے پر تمہارے ساتھ آئی تھی کہ مجھے آغا جان کے پاس جانا چاہیے۔ جو آغا جان نے تم لوگوں کو سکھایا' وہ مجھے ڈیڈی نے سکھایا تھا۔ "فیصلہ کرنے کے لمحے میں ہمیشہ اپنے دل کی آواز سنو" میں اپنے دل کی آواز سن کر یہاں آئی تھی ولی! تم اسے طلاق لینے کی امید پر ہرگز نہیں۔"

اپنے دل کی وہ باتیں جو اسے لگتا تھا وہ اسے کبھی بتا نہ پائے گی اور بتائیں تو وہ ہرگز ان پر یقین نہیں کرے گا۔ وہ سب اسے بتانا بہت اچھا لگ رہا تھا۔ ایسا لگ رہا تھا جیسے وہ خود کو کسی بوجھ سے آزاد کرتی جا رہی ہے۔

وہ اس کے آنسو صاف کر چکا تھا' مگر اس کا ہاتھ ابھی بھی اس کے چہرے پر تھا۔ اس کا دوسرا ہاتھ اس نے اب بھی بڑی مضبوطی سے اپنے ہاتھ میں پکڑا ہوا تھا۔

"اب ایک ایک کر کے تم مجھے پہلے کی ہر بات کی وضاحت دو گی؟ جب مجھے یہ یقین ہے کہ فارہ بہروز خان ایک سچی لڑکی ہے تو پھر دل سے یقین ہے۔ مجھے مزید کسی وضاحت کی ضرورت نہیں۔ تمہیں تمہاری ایک خوبی بتاؤں فارہ! دوسرے لوگوں کی طرح تم بھی غلطیاں کرتی ہو' مگر تم میں اور دوسرے لوگوں میں یہ فرق ہے کہ جب تمہیں تمہاری غلطی کا احساس ہو جائے تو پھر تم اپنی غلطی پر اڑی نہیں رہتیں۔ تم اپنی غلطیاں بڑے ظرف کے ساتھ قبول کرتی ہو۔ پھر تم اپنی غلطیوں کے لیے تاویلیں نہیں ڈھونڈ کر لاتیں۔ دوسروں کی طرح اپنی غلطیاں کسی اور کے سر ڈال کر خود کو بری الذمہ نہیں سمجھتیں۔

اس منافقت' جھوٹ اور دھوکے سے بھری دنیا میں تمہاری سچائی' صاف گوئی اور اپنی غلطیاں قبول کر لینے کا ظرف سب بہت نایاب اور قابل قدر خوبیاں ہیں۔"

وہ بہت سنجیدگی سے بولتے آخر میں کچھ سوچ کر مسکرایا پھر شرارتی لہجے میں اس سے بولا۔

"اب تمہاری باری ہے میری تعریف کرنے کی۔ اس بات کے لیے آغا جان فارسی کی ایک بڑی اچھی مثال دیا کرتے ہیں۔ افسوس مجھے موقع پر یاد نہیں رہی۔"

وہ بھی جواباً مسکرائی مگر پھر کچھ اور یاد آجانے پر دوبارہ سنجیدہ ہو گئی۔

"میں ایک بات کہوں ولی؟" اس کے جواب کا انتظار کیے بغیر وہ خود ہی بولنے لگی۔

"ممی یہاں آنے والی ہیں۔ کیا تم ان کے پچھلے تمام رویے بھلا کر ان کے لیے اپنا دل وسیع کر پاؤ گے؟ میں ان کا کوئی فیور نہیں کر رہی ولی! میں مانتی ہوں۔ انہوں نے تمہارے ساتھ ہمیشہ بہت برا ہی کیا ہے۔ ان کی طرف سے میں تم سے معافی مانگ رہی ہوں۔ پلیز میری خاطر ان کی طرف سے اپنا دل صاف کر لو۔"

وہ ان دو لوگوں کے بیچ جن سے اسے شدید محبت تھی' اب کوئی کشیدگی اور تناؤ دیکھنا نہیں چاہتی تھی۔ ولی نے اس کی آنکھوں کی امید کی طرف دیکھا۔

وہ آس و نراس میں گھری اسے کچھ ڈرتے ڈرتے دیکھ رہی تھی۔ پتا نہیں وہ جواب میں کیا کہہ دے۔

وہ آغا جان جتنا وسیع القلب اور عالی ظرف نہیں تھا۔ صرف اس کے اپنے ساتھ کوئی بدسلوکی اور بدتمیزی ہوئی ہوتی تو وہ باآسانی بھول جاتا' مگر روحی بہروز خان نے ایک بار نہیں' کئی بار اس کی نگاہوں کے سامنے اس کے آغا جان کی توہین کی تھی۔ ان کا دل دکھایا تھا۔ ان کی بے عزتی کی تھی۔ معاف کرنا اگر مشکل تھا تو بھول جانا اس سے بھی زیادہ مشکل۔

مگر وہ اس لڑکی کی آنکھوں کی یہ امید بجھتی نہیں دیکھ سکتا تھا' کسی اور حیثیت سے نہ سہی' لیکن جس سے وہ محبت کرتا ہے' اس کی ماں سمجھ کر وہ کوشش کرے گا کہ روحی بہروز خان کے لیے اپنے دل میں وسعتیں پیدا کر سکے۔

سر اثبات میں ہلاتے اور اس کے ہاتھ کو مضبوطی سے دباتے اس نے فارہ کو یہ یقین دلایا کہ وہ اس کے اور اپنی ماں کے تعلقات کے حوالے سے فکرمند نہ ہو۔

"ولی! یہ تم نے فارہ کو کہیں۔" باہر سے ہی بولتے آغا جان اچانک ہی اس کے کمرے کا دروازہ ایک ہلکی سی دستک کے ساتھ کھول کر اندر داخل ہوئے۔

ولی نے اس کا ہاتھ چھوڑا اور اس کے چہرے پر سے بھی فوراً" اپنا ہاتھ ہٹایا۔ ہاتھ چھوڑنے اور ہٹائے جانے انہوں نے دیکھا یا نہیں' مگر پانچ فٹ سات انچ کی اپنی ثابت سالم پوتی تو انہیں بغیر چشمے کے بھی اس بیڈ پر ولی کے برابر بیٹھی نظر آ رہی تھی۔

انہوں نے اتنے اچانک انٹری دی تھی کہ صورت حال



CamScanner

www.allurdu.com

کو فوری سمجھنے اور بوکھلا کر ولی کے برابر سے کھڑے ہوتے میں بھی اسے ایک سیکنڈ تو ضرور لگا۔

"میں سارے گھر میں سب سے ڈھونڈتا پھر رہا ہوں فارہ کہاں ہے۔ صبح ہو گئی' اب تک میرے پاس نہیں آئی' رات بھی مجھے شب بخیر کہنے نہیں آئی تھی۔"

وہ اس طرح سنجیدگی سے بولے جیسے کمرے میں موجود ماحول اور صورت حال نہ انہوں نے دیکھی ہے اور نہ سمجھی ہے۔

وہ بوکھلائی ہوئی اور بے حد نروس تھی۔ اس کی سمجھ میں یہ بھی نہ آسکا کہ وہ جواباً "کیا کہے۔

"آغا جان! فارہ مجھ سے یہ کہنے آئی تھی کہ آغا جان سے کہو۔ ہماری شادی کروادیں۔ آخر نیک کام میں اتنی دیر کرکیوں رہے ہیں۔"

ولی کا اطمینان اور سکون اگر قابلِ رشک تھا تو یہ جملہ بھی کم از کم اس کے چودہ طبق روشن کردینے والا تھا۔ بوکھلاہٹ بھلا کر اس نے ولی کو غصے سے دیکھا۔ اتنی فضول بات اور وہ بھی اس کے نام سے۔

"بات تو بھئی' بالکل ٹھیک ہے۔ نیک کام میں دیر ہرگز نہیں ہونی چاہیے۔ کیا خیال ہے تم لوگوں کا' کب کی تاریخ رکھیں۔"

آغا جان اس کی بوکھلائی اور غصے میں ملی جلی شکل کا مزا لیتے بظاہر سنجیدگی سے بولے۔

"بس اس مہینے کا کوئی سا بھی مبارک جمعہ رکھ لیں۔"

"جمعہ تو سارے مبارک ہوتے ہیں۔"

"بس تو پھر جو سب سے پہلا جمعہ آرہا ہے' وہ رکھ لیں۔" ان دونوں کے بیچ اس گفتگو میں وہ جیسے خاموش تماشائی تھی۔

"کہاں جارہے ہیں آغا جان! بیٹھیں نا۔" ولی انہیں دروازے کی طرف مڑتا دیکھ کر فوراً بولا۔

"آنے والے جمعہ میں دن کتنے کم رہ گئے ہیں۔ بیٹھے بیٹھے باتیں کرتے رہنے سے سب کام نہیں ہوجائیں گے۔"

ہتھیلی پر سرسوں جماتے وہ دادا پوتا کھڑے کھڑے شادی طے کر چکے تھے۔ آغا جان جیسے ہی کمرے سے باہر نکلے وہ اس پر برہم ہوئی۔

"تم کتنے جھوٹے ہو ولی! آغا جان ٹھیک کہتے ہیں' تم صرف نام کے ولی ہو۔ ولیوں والی کوئی ایک بھی صفت تم میں نہیں۔"

اور ولی کے کمرے سے باہر نکل کر اپنے کمرے کی طرف آتے آغا جان پوتی کی اس جھنجلائی غصے بھری آواز کو سن کر بے ساختہ ہنس پڑے تھے۔

ان دونوں کو ایک ساتھ اور اتنا خوش دیکھتے ان ہی ایسا لگ رہا تھا۔ جیسے دور کہیں آسمانوں پر ان کے دونوں بیٹے بھی اس منظر کو ان ہی کی طرح دیکھ رہے ہوں۔ اس پر انہیں کی طرح خوش ہورہے ہوں۔

وہ فارہ کی خوشی کے لیے اس رشتے کو اگر کبھی ختم کرتے تو اس رشتے کے ختم ہونے سے انہیں بہت تکلیف' بہت دکھ پہنچتا۔ اس رشتے سے ان کے دو بیٹوں کی' آرزوئیں اور ان کی خوشیاں جڑی تھیں۔

وہ اپنے بیٹیوں کی خوشی' ان کی آرزو پوری ہوجانے پر بے حد خوش تھے اور اس پر بھی کہ خوشیوں کی یہ تکمیل کسی جبر سے نہیں محبت سے ہوئی تھی۔ وہ محبت کی جنگ ہارے نہیں تھے۔

وہ سب نفرتوں کو اپنی ایک محبت سے شکست دے گئے تھے۔ ان کی ایک محبت نے ہزار نفرتوں کو ہرا دیا تھا۔

ان کے دل میں یہ یقین مزید راسخ ہورہا تھا کہ محبت' محبت ہی سے جیتی جاتی ہے۔ اور محبت کبھی ہارتی نہیں۔ محبت کبھی ہار ہی نہیں سکتی۔

انسانوں کے' انسانوں کے ساتھ باہمی تمام جذبوں کو جب اللہ نے روزِ ازل تخلیق کیا تو محبت ہی وہ واحد جذبہ تھا جس کی تقدیر میں جیت' جیت اور صرف جیت لکھی گئی۔

محبت کی قسمت میں ہار نہیں' اور یہ اس رب کا فیصلہ ہے۔


ادارہ خواتین ڈائجسٹ کی طرف سے بہنوں کے لیے عید کا تحفہ

4 خوبصورت و مقبول ناول

* میرے خواب ریزہ ریزہ مالہ ملک 300/ * لاحاصل عمیرہ احمد 180/
* اک دیا جلائے رکھنا مالہ ملک 300/ * شہر دل کے دروازے شمع چوہدری 250/
چاروں ناول ایک ساتھ منگوانے پر ڈاک خرچ مفت
* خوبصورت سرورق * خوبصورت چھپائی * مضبوط جلد * آفسٹ پیپر

شائع ہوگئے ہیں

آج ہی قریبی بک اسٹال سے حاصل فرمائیں

مکتبہ عمران ڈائجسٹ فون 2216361
37 اردو بازار کراچی